# بہارستان

ظفر علی خان

Collection of Prof. Muhammad Iqbal Mujaddidi
Preserved in Punjab University Library.

پروفیسر محمد اقبال مجددی کا مجموعہ
پنجاب یونیورسٹی لائبریری میں محفوظ شدہ

Marfat.com

Marfat.com

# بہارستان

ظفر علی خان

محمد … ذخیرہ

## اردو اکیڈمی پنجاب

لوہاری دروازہ لاہور

سنہ ۱۹۳۷ء

عالمگیر الیکٹرک پریس لاہور میں باہتمام حافظ محمد عالم پرنٹر چھپا اور شیخ مبارک علی تاجر کتب اندرون لوہاری دروازہ لاہور نے شائع کیا۔

Marfat.com

136942

# فہرست مضامین


| نمبر شمار | نظم | نمبر صفحہ | نمبر شمار | نظم | نمبر صفحہ |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | تقریب | ۱ | ۱۸ | صلّو علیہ وآلہ | ۳۲ |
| ۲ | رب اللعالمین | ۳ | ۱۹ | رحمۃ اللعالمین | ۳۳ |
| ۳ | خمستانِ ازل کا ساقی | ۵ | ۲۰ | شبِ معراج | ۳۴ |
| ۴ | حمد ذوالجلال | ۷ | ۲۱ | التجا بحضور سرورِ کائنات | ۳۵ |
| ۵ | لَا اِلٰہ اِلّا اللہ محمد الرسول اللہ | ۱۱ | ۲۲ | نذرِ محقر | ۳۶ |
| ۶ | آوازۂ حق | ۱۳ | ۲۳ | عرضداشتِ اُمت | ۳۸ |
| ۷ | دعا | ۱۹ | ۲۴ | اسلامیانِ ہند کی فریاد | ۴۱ |
| ۸ | مقامِ حیرت | ۲۰ | ۲۵ | نذرِ عقیدت | ۴۳ |
| ۹ | لیس کمثلہٖ شیٔ | ۲۱ | ۲۶ | جشنِ میلاد نبویؐ | ۴۴ |
| ۱۰ | پردہ دارِ پردہ در | ۲۲ | ۲۷ | صاحبِ قابَ قوسین او ادنےٰ | ۴۶ |
| ۱۱ | فریاد | ۲۳ | ۲۸ | عرش سے فرش تک | ۴۷ |
| ۱۲ | وسعتِ آرزو | ۲۴ | ۲۹ | مقامِ محمدؐ | ۴۹ |
| ۱۳ | میدانِ عرفات میں مناجات | ۲۵ | ۳۰ | تاجدارِ عرب وعجم | ۵۰ |
| ۱۴ | کلام اللہ | ۲۶ | ۳۱ | فخرِ رسل | ۵۱ |
| ۱۵ | اشعارِ نعت | ۲۷ | ۳۲ | عشقِ رسول | ۵۲ |
| ۱۶ | عرض حال بدرگاہِ رب العزت | ۲۸ | ۳۳ | نورِ حقیقت | ۵۴ |
| ۱۷ | فریاد بحضور سرورِ کونین | ۳۰ | ۳۴ | نویدِ مسیح | ۵۶ |


Marfat.com

| نمبر شمار | نظم | نمبر صفحہ |
|---|---|---|
| ۳۵ | چشمۂ آبِ بقا | ۵۷ |
| ۳۶ | اللہ والے | ۵۸ |
| ۳۷ | انک انت الاعلیٰ | ۵۹ |
| ۳۸ | عالم و عامل | ۶۰ |
| ۳۹ | اطاعت و استطاعت | ۶۱ |
| ۴۰ | اسلام | ۶۲ |
| ۴۱ | اسلام | ۶۳ |
| ۴۲ | مسلمان کی شان | ۶۵ |
| ۴۳ | دین کی لم | ۶۶ |
| ۴۴ | شیوۂ مسلم | ۶۷ |
| ۴۵ | شہیدِ کربلا | ۶۸ |
| ۴۶ | اسلام کی کامیابی | ۶۹ |
| ۴۷ | چراغِ حرم | ۷۲ |
| ۴۸ | شانِ اسلام | ۷۳ |
| ۴۹ | جہانِ باطن | ۷۵ |
| ۵۰ | مسلمان کا مرتبہ | ۷۶ |
| ۵۱ | حاسّہ | ۷۷ |
| ۵۲ | خانۂ زہرا کی حضوری | ۷۸ |
| ۵۳ | ماہ و پرویں | ۷۹ |
| ۵۴ | حجتِ حق کا اتمام | ۸۰ |
| ۵۵ | انّ اکرمکم عند اللہ | ۸۱ |
| ۵۶ | داستانِ شیخ | ۸۲ |
| ۵۷ | دوائے بے پرہیز | ۸۳ |
| ۵۸ | برکاتِ ماہِ صیام | ۸۴ |
| ۵۹ | توکّل | ۸۵ |
| ۶۰ | مے باقی | ۸۶ |
| ۶۱ | فخر و ننگ | ۸۸ |
| ۶۲ | عبرت | ۹۰ |
| ۶۳ | کانپور | ۹۱ |
| ۶۴ | طاقتِ ایمان | ۹۲ |
| ۶۵ | حقیقت | ۹۳ |
| ۶۶ | زہر اور اُس کا تریاق | ۹۴ |
| ۶۷ | نعرۂ اسلام | ۹۵ |
| ۶۸ | اسلام کی لوری | ۹۶ |
| ۶۹ | اسلام کے کرشمے | ۹۷ |
| ۷۰ | صراطِ مستقیم | ۹۸ |
| ۷۱ | اسلام کی شہنائی | ۹۹ |
| ۷۲ | اسلامی روایات | ۱۰۰ |
| ۷۳ | انسان کی آزادی | ۱۰۱ |
| ۷۴ | اخلاقِ مرتضوی | ۱۰۲ |
| ۷۵ | فسطاط | ۱۰۵ |
| ۷۶ | ہرمزان | ۱۰۷ |
| ۷۷ | آہ فاطمہ کا انجام | ۱۰۹ |
| ۷۸ | قتلِ حسینؓ | ۱۱۰ |


Marfat.com

| نمبر شمار | نظم | نمبر صفحہ | نمبر شمار | نظم | نمبر صفحہ |
|---|---|---|---|---|---|
| ۷۹ | علامہ احمدؒ بن نصر | ۱۱۱ | ۱۰۱ | نازِ طبیب | ۱۳۶ |
| ۸۰ | شانِ اورنگ زیب | ۱۱۲ | ۱۰۲ | پھر وہی تو | ۱۳۷ |
| ۸۱ | ماں باپ کا ادب | ۱۱۳ | ۱۰۳ | امت پر رسول کا احسان | ۱۳۸ |
| ۸۲ | اعظم الجہاد | ۱۱۴ | ۱۰۴ | انتظارِ سحر | ۱۳۹ |
| ۸۳ | حسین ابن علی | ۱۱۵ | ۱۰۵ | خروشِ سروش | ۱۴۰ |
| ۸۴ | ایمان کی شناخت | ۱۱۷ | ۱۰۶ | مومن کی ہمت بلند | ۱۴۲ |
| ۸۵ | فلسفۂ شہادت | ۱۱۸ | ۱۰۷ | ایہا المسلم | ۱۴۴ |
| ۸۶ | سنت حسین | ۱۱۹ | ۱۰۸ | ارغوانی عید | ۱۴۵ |
| ۸۷ | مفتی محبوب علی | ۱۲۰ | ۱۰۹ | سلفِ صالحین | ۱۴۶ |
| ۸۸ | پیغام بقا | ۱۲۱ | ۱۲۰ | خلافت کی بنیاد | ۱۴۷ |
| ۸۹ | بیاد میراں بخش | ۱۲۲ | ۱۱۱ | فرشتہ و حیوان | ۱۴۸ |
| ۹۰ | سرنگاپٹم | ۱۲۳ | ۱۱۲ | حقایق | ۱۴۹ |
| ۹۱ | ساعتِ قدر | ۱۲۵ | ۱۱۳ | حیاتِ جاوید | ۱۵۰ |
| ۹۲ | اسلامی نغمے | ۱۲۶ | ۱۱۴ | اتمام نور | ۱۵۱ |
| ۹۳ | نعرۂ اللہ اکبر | ۱۲۷ | ۱۱۵ | ترک | ۱۵۲ |
| ۹۴ | زمین اکبر | ۱۲۸ | ۱۱۶ | فرض اور قرض | ۱۵۴ |
| ۹۵ | نماز | ۱۲۹ | ۱۱۷ | جگر پارے | ۱۵۵ |
| ۹۶ | سعادتِ ازلی | ۱۳۰ | ۱۱۸ | نفیرِ اسلام | ۱۵۷ |
| ۹۷ | ذوق معرفت | ۱۳۱ | ۱۱۹ | موجِ نور | ۱۵۸ |
| ۹۸ | اسلام کا کوکبۂ خسروی | ۱۳۲ | ۱۲۰ | رسمِ ادب | ۱۵۹ |
| ۹۹ | شرابِ تیز کا ایک جرعہ | ۱۳۳ | ۱۲۱ | آموختہ | ۱۶۰ |
| ۱۰۰ | قسمت کی شوخی | ۱۳۴ | ۱۲۲ | جبر اور صبر | ۱۶۲ |


Marfat.com

| نمبر شمار | نظم | نمبر صفحہ |
|---|---|---|
| ۱۲۳ | سواراج | ۱۶۴ |
| ۱۲۴ | رہتاس | ۱۶۵ |
| ۱۲۵ | سہسرام | ۱۶۶ |
| ۱۲۶ | دستہ گل | ۱۶۷ |
| ۱۲۷ | نقش عید | ۱۶۹ |
| ۱۲۸ | لمعات | ۱۷۰ |
| ۱۲۹ | پنج گنج | ۱۷۱ |
| ۱۳۰ | غزل مرقص | ۱۷۴ |
| ۱۳۱ | مدینہ منورہ | ۱۷۶ |
| ۱۳۲ | مجلس خلافت | ۱۷۷ |
| ۱۳۳ | کفر کے دروازے پر اسلام کی دستک | ۱۷۸ |
| ۱۳۴ | پیام وقت | ۱۸۰ |
| ۱۳۵ | بچہ سقہ کی پشت پر استعمار | |
| | مغرب کا شکیزہ | ۱۸۱ |
| ۱۳۶ | سحر حلال | ۱۸۲ |
| ۱۳۷ | سنتِ اسلاف | ۱۸۳ |
| ۱۳۸ | خزاں میں بہار | ۱۸۴ |
| ۱۳۹ | اٹک پار | ۱۸۵ |
| ۱۴۰ | لاتایئسوا من روح اللہ | ۱۸۶ |
| ۱۴۱ | اعتماد علی النفس | ۱۸۷ |
| ۱۴۲ | قندہار چلو | ۱۸۸ |
| ۱۴۳ | رب کعبہ سے ایک عاجزانہ التجا | ۱۹۰ |

| نمبر شمار | نظم | نمبر صفحہ |
|---|---|---|
| ۱۴۴ | رجز مرقص | ۱۹۱ |
| ۱۴۵ | دُررِ منثور | ۱۹۲ |
| ۱۴۶ | کنارِ اٹک | ۱۹۳ |
| ۱۴۷ | قسمت | ۱۹۵ |
| ۱۴۸ | ناصحِ مدرس | ۱۹۶ |
| ۱۴۹ | مجلس اتحاد و ترقی | ۱۹۸ |
| ۱۵۰ | جیش رضا کاران | ۱۹۹ |
| ۱۵۱ | تابوتِ استعمار | ۲۰۰ |
| ۱۵۲ | طاقتِ ایمان | ۲۰۱ |
| ۱۵۳ | سال نو کا ہنگامہ | ۲۰۲ |
| ۱۵۴ | مصری کی شیرینیاں | ۲۰۳ |
| ۱۵۵ | متصوفین | ۲۰۴ |
| ۱۵۶ | انوارِ معرفت | ۲۰۵ |
| ۱۵۷ | تصوف کی شانِ امامت | ۲۰۶ |
| ۱۵۸ | فلسفہ فرنگ | ۲۰۷ |
| ۱۵۹ | متصوفانہ کنکوے بازی | ۲۰۸ |
| ۱۶۰ | پینگی اور نائی | ۲۰۹ |
| ۱۶۱ | ہمہ اوست کی بانسری | ۲۱۰ |
| ۱۶۲ | دہلوی طریقت | ۲۱۱ |
| ۱۶۳ | خیال آرائی | ۲۱۲ |
| ۱۶۴ | نویدِ فرمایاں | ۲۱۳ |
| ۱۶۵ | ہمہ اوست یا ہمہ از اوست | ۲۱۴ |


Marfat.com

| نمبر شمار | نظم | نمبر صفحہ | نمبر شمار | نظم | نمبر صفحہ |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱۶۶ | الجنۃ تحت ظلال السیوف | ۲۱۵ | ۱۸۸ | سمند النور | ۲۴۶ |
| ۱۶۷ | عار النص با بدیۂ نص | ۲۱۶ | ۱۸۹ | دنیائے توحید | ۲۴۷ |
| ۱۶۸ | تجاہلِ عارفانہ | ۲۱۷ | ۱۹۰ | سرا ڈورڈ گرے | ۲۴۸ |
| ۱۶۹ | اسلام کی مشکلات | ۲۱۸ | ۱۹۱ | سیاسیات عالیہ | ۲۵۰ |
| ۱۷۰ | سیناستاں | ۲۱۹ | ۱۹۲ | مرکزی خلافت کمیٹی | ۲۵۱ |
| ۱۷۱ | تکمیل ایمان | ۲۲۱ | ۱۹۳ | صلائے خاص | ۲۵۳ |
| ۱۷۲ | مغربی تہذیب | ۲۲۲ | ۱۹۴ | نالۂ شبگیر | ۲۵۵ |
| ۱۷۳ | مغربی جادو کے ڈورے | ۲۲۳ | ۱۹۵ | مسلمانانِ ہند | ۲۵۶ |
| ۱۷۴ | قانونِ وقت | ۲۲۴ | ۱۹۶ | خروشِ مسلم | ۲۵۷ |
| ۱۷۵ | مارشل لا | ۲۲۶ | ۱۹۷ | صدر جمہوریہ امریکہ | ۲۵۸ |
| ۱۷۶ | تہذیب | ۲۲۷ | ۱۹۸ | ان اللہ لایغیر ما بقومٍ | ۲۵۹ |
| ۱۷۷ | مغربی تہذیب | ۲۲۸ | ۱۹۹ | کربلا الہ آباد میں | ۲۶۰ |
| ۱۷۸ | سنٹرل جیل لاہور | ۲۲۹ | ۲۰۰ | لاتخف انک انت الاعلٰی | ۲۶۱ |
| ۱۷۹ | ترانۂ جنگ | ۲۳۱ | ۲۰۱ | مدارج ارتقا | ۲۶۲ |
| ۱۸۰ | مشہد مقدس پر روسی گولہ باری | ۲۳۲ | ۲۰۲ | تاجِ سلیمانؑ | ۲۶۴ |
| ۱۸۱ | نئی صلیبی جنگ | ۲۳۵ | ۲۰۳ | سنت سجاد | ۲۶۵ |
| ۱۸۲ | ترک اور اطالوی | ۲۳۷ | ۲۰۴ | عہدنامہ سیوری | ۲۶۷ |
| ۱۸۳ | کارزار طرابلس | ۲۳۹ | ۲۰۵ | صلیب و ہلال | ۲۶۹ |
| ۱۸۴ | نالۂ صبح گاہی | ۲۴۰ | ۲۰۶ | آیۃ اللیل | ۲۷۰ |
| ۱۸۵ | آویزش ہلال و صلیب | ۲۴۱ | ۲۰۷ | بزم و رزم | ۲۷۱ |
| ۱۸۶ | جنگ طرابلس | ۲۴۲ | ۲۰۸ | نشاۃ الثانیہ | ۲۷۲ |
| ۱۸۷ | بادل میں بجلی | ۲۴۴ | ۲۰۹ | مضی ما مضیٰ | ۲۷۴ |


Marfat.com

| نمبر شمار | نظم | نمبر صفحہ | نمبر شمار | نظم | نمبر صفحہ |
|---|---|---|---|---|---|
| ۲۱۰ | مسٹر لائڈ جارج | ۲۷۶ | ۲۳۲ | میر عثمان علی خان | ۳۰۴ |
| ۲۱۱ | شان اسد اللّٰہی | ۲۷۸ | ۲۳۳ | نذر عقیدت بحضور آصفجاہ ہفتم | ۳۰۵ |
| ۲۱۲ | اہل حدیث اور فتنہ فرنگ | ۲۷۹ | ۲۳۴ | دکن کا قومی ترانہ | ۳۰۶ |
| ۲۱۳ | سلاطین اسلام | ۲۸۰ | ۲۳۵ | تقریب سی و چہارم سالگرہ | ۳۰۹ |
| ۲۱۴ | لا الٰہ الا اللہ | ۲۸۱ | ۲۳۶ | سرتاج خواتین ہند | ۳۱۲ |
| ۲۱۵ | ہز امپیریل میجسٹی | ۲۸۳ | ۲۳۷ | غازی امان اللہ خان | ۳۱۵ |
| ۲۱۶ | آصف جاہ ہفتم | ۲۸۴ | ۲۳۸ | غازی امان اللہ خان سے خطاب | ۳۱۶ |
| ۲۱۷ | حضور نظام کی مساوات پسندی | ۲۸۶ | ۲۳۹ | فتنہ چکنور | ۳۱۷ |
| ۲۱۸ | اعلیٰ حضرت میر عثمان علیخان | ۲۸۸ | ۲۴۰ | ہنگامۂ نو | ۳۱۸ |
| ۲۱۹ | آموں کا شکریہ | ۲۸۹ | ۲۴۱ | حجازی ترانہ | ۳۱۹ |
| ۲۲۰ | برار | ۲۹۰ | ۲۴۲ | خطاب بہ مسافر اروپا | ۳۲۱ |
| ۲۲۱ | واپسی برار | ۲۹۱ | ۲۴۳ | اعلیحضرت امیر امان اللہ خان | ۳۲۲ |
| ۲۲۲ | محی الملۃ والدین | ۲۹۲ | ۲۴۴ | افق پر ہلال عید دیکھ کر | ۳۲۳ |
| ۲۲۳ | آصف جاہ سابع | ۲۹۳ | ۲۴۵ | تاجدار افغانستان امان اللہ خان | ۳۲۴ |
| ۲۲۴ | میکدۂ دکن | ۲۹۴ | ۲۴۶ | نغمۂ نورس | ۳۲۵ |
| ۲۲۵ | آصف جاہ ہفتم | ۲۹۵ | ۲۴۷ | کابل کے گلدستہ | ۳۲۶ |
| ۲۲۶ | نظام دولت آصفیہ | ۲۹۸ | ۲۴۸ | قندہار | ۳۲۷ |
| ۲۲۷ | ترانۂ تہنیت | ۲۹۹ | ۲۴۹ | طوفان مغرب | ۳۲۸ |
| ۲۲۸ | مژدۂ بہار | ۳۰۰ | ۲۵۰ | رب کعبہ ایک عاجزانہ التجا | ۳۲۹ |
| ۲۲۹ | دہلی میں تاجدار دکن کی آمد آمد | ۳۰۱ | ۲۵۱ | بچہ سقہ کی مسند نشینی | ۳۳۰ |
| ۲۳۰ | آصف جاہ ہفتم اور جامعہ اسلامیہ | ۳۰۲ | ۲۵۲ | شور بازاری شریعت | ۳۳۲ |
| ۲۳۱ | ستم زدگان مالابار | ۳۰۳ | ۲۵۳ | بچہ سقا کی گرفتاری | ۳۳۳ |


Marfat.com

| نمبر شمار | نظم | نمبر صفحہ |
|---|---|---|
| ۲۵۴ | زخمۂ چنگ رودکی | ۳۳۴ |
| ۲۵۵ | جلال آباد | ۳۳۶ |
| ۲۵۶ | غازی امان اللہ خان کے مشکوئے معلّٰے میں مولود مسعود کا تولد | ۳۳۷ |
| ۲۵۷ | الوداع | ۳۳۸ |
| ۲۵۸ | ڈوبے ہوئے بیڑے کے اُچھلنے کی تمنا | ۳۳۹ |
| ۲۵۹ | ترانۂ تہنیت فتح کابل | ۳۴۰ |
| ۲۶۰ | عیدی | ۳۴۱ |
| ۲۶۱ | نوید غیب | ۳۴۲ |
| ۲۶۲ | الپ ارسلانِ وقت | ۳۴۳ |
| ۲۶۳ | اسلام کا مہرِ رخشان | ۳۴۴ |
| ۲۶۴ | امان اللہ خان غازی | ۳۴۵ |
| ۲۶۵ | نسیم حجاز کی شمیم | ۳۴۶ |
| ۲۶۶ | شہسوار نجد | ۳۴۷ |
| ۲۶۷ | امیر المومنین ابن سعود | ۳۴۸ |
| ۲۶۸ | منصب خلافت | ۳۵۰ |
| ۲۶۹ | شعلۂ فسردہ | ۳۵۱ |
| ۲۷۰ | عہدِ سلف کی رونقیں | ۳۵۲ |
| ۲۷۱ | مستقبل حجاز | ۳۵۳ |
| ۲۷۲ | ہر مردے و ہر کارے | ۳۵۴ |
| ۲۷۳ | خادم حرمین الشریفین | ۳۵۵ |
| ۲۷۴ | تطہیر یثرب | ۳۵۶ |

| نمبر شمار | نظم | نمبر صفحہ |
|---|---|---|
| ۲۷۵ | انگورہ | ۳۵۷ |
| ۲۷۶ | غازی محمد عبدالکریم | ۳۵۸ |
| ۲۷۷ | زمیندار | ۳۵۹ |
| ۲۷۸ | زمیندار اسٹیم پریس | ۳۶۰ |
| ۲۷۹ | زمیندار کی ضبطی ضمانت | ۳۶۱ |
| ۲۸۰ | احیاء زمیندار | ۳۶۲ |
| ۲۸۱ | ضبطی | ۳۶۴ |
| ۲۸۲ | زمیندار کے شہید نمبر کی ضبطی | ۳۶۵ |
| ۲۸۳ | زمیندار کا نیا دور | ۳۶۶ |
| ۲۸۴ | سیاسیات ہند | ۳۶۷ |
| ۲۸۵ | مسلمانانِ ہند کا سیاسی زاویۂ نگاہ | ۳۶۸ |
| ۲۸۶ | ناٹال اور ہندوستان | ۳۶۹ |
| ۲۸۷ | ہندوستان | ۳۷۲ |
| ۲۸۸ | ہندوستان کے مسلمان کا گناہ | ۳۷۳ |
| ۲۸۹ | کینیا | ۳۷۴ |
| ۲۹۰ | نہرو اور نہرو | ۳۷۵ |
| ۲۹۱ | محفلِ رقص و سرود | ۳۷۷ |
| ۲۹۲ | نئی نئی فرقتیں | ۳۷۸ |
| ۲۹۳ | خطابِ برطانیہ | ۳۷۹ |
| ۲۹۴ | فریادِ جرس | ۳۸۰ |
| ۲۹۵ | عوارف | ۳۸۱ |
| ۲۹۶ | جستجو | ۳۸۲ |
| ۲۹۷ | پاپ کی ناؤ | ۳۸۳ |
| ۲۹۸ | حزب العمال | ۳۸۴ |
| ۲۹۹ | اسیرانِ فرنگ | ۳۸۵ |
| ۳۰۰ | نغمۂ حریت | ۳۸۸ |
| ۳۰۱ | سائمن کمیشن | ۳۸۹ |
| ۳۰۲ | فحش اشتہار | ۳۹۰ |
| ۳۰۳ | تخت یا تختہ | ۳۹۱ |


Marfat.com

| نمبر شمار | نظم | نمبر صفحہ | نمبر شمار | نظم | نمبر صفحہ |
|---|---|---|---|---|---|
| ۳۰۴ | غلاموں کا مذہب | ۳۹۲ | ۳۲۶ | مغل پورہ | ۴۱۶ |
| ۳۰۵ | شکوہ | ۳۹۳ | ۳۲۷ | فرمانروائے کشمیر کا اعلان | ۴۱۷ |
| ۳۰۶ | انتخابِ جُداگانہ | ۳۹۴ | ۳۲۸ | خدا کی بے آواز لاٹھی | ۴۱۸ |
| ۳۰۷ | شہیدانِ حریت | ۳۹۵ | ۳۲۹ | احرارِ پنجاب | ۴۱۹ |
| ۳۰۸ | جمعیتہ العلماء | ۳۹۶ | ۳۳۰ | قانون انتقال اراضی | ۴۲۰ |
| ۳۰۹ | سائمن کمیشن کا خیر مقدم | ۳۹۷ | ۳۳۱ | اتحاد بین الہنود والمسلمین | ۴۲۱ |
| ۳۱۰ | نویدِ امن | ۳۹۸ | ۳۳۲ | دسہرا | ۴۲۲ |
| ۳۱۱ | دو سائے | ۳۹۹ | ۳۳۳ | بین الاقوامی الجھنیں | ۴۲۳ |
| ۳۱۲ | چگونگیٔ آمد و شد سائمن | ۴۰۰ | ۳۳۴ | گوکل کی بانسری کی گونج | ۴۲۴ |
| ۳۱۳ | مشقِ ناز | ۴۰۱ | ۳۳۵ | ہندوؤں کی تہذیب | ۴۲۵ |
| ۳۱۴ | سر جان سائمن کا دوسرا مقاطعہ | ۴۰۲ | ۳۳۶ | سر میلکم ہیلی کے ملفوظات | ۴۲۶ |
| ۳۱۵ | پرانی شراب نئی بوتل میں | ۴۰۳ | ۳۳۷ | دسہرہ اور محرم | ۴۲۷ |
| ۳۱۶ | فریاد | ۴۰۵ | ۳۳۸ | خلافت اور ہنود | ۴۲۹ |
| ۳۱۷ | روزنامۂ مساوات | ۴۰۶ | ۳۳۹ | مینا اور طوطا | ۴۳۰ |
| ۳۱۸ | ہیکل تفریح کے پرستار | ۴۰۷ | ۳۴۰ | تہذیب ہنود | ۴۳۱ |
| ۳۱۹ | جشن آزادئ کشمیر | ۴۰۸ | ۳۴۱ | مقتل ننکانہ | ۴۳۲ |
| ۳۲۰ | انقلابِ ہند | ۴۰۹ | ۳۴۲ | خالصہ کا پیغام | ۴۳۴ |
| ۳۲۱ | فرزندانِ سرحد | ۴۱۰ | ۳۴۳ | شہیدی جتھا | ۴۳۵ |
| ۳۲۲ | پرچم ہند کی [illegible] | ۴۱۱ | ۳۴۴ | گیانی کا ترانہ | ۴۳۷ |
| ۳۲۳ | کانگرس اور [illegible] کی صلح | ۴۱۳ | [illegible] | [illegible] | ۴۳۹ |
| ۳۲۴ | آزادی کا [illegible] | [illegible] | ۳۴۶ | [illegible] | ۴۴۰ |
| ۳۲۵ | شہیدانِ وطن | ۴۱۵ | ۳۴۷ | [illegible] | ۴۴۱ |


Marfat.com

| نمبر شمار | نظم | نمبر صفحہ |
|---|---|---|
| ۳۴۸ | نئی زندگی اور نیا پیغام | ۴۴۲ |
| ۳۴۹ | کانگرس کیلئے ایک نیا عقدہ | ۴۴۳ |
| ۳۵۰ | اصلی مجرم | ۴۴۴ |
| ۳۵۱ | فانوس ہند کا شعلہ | ۴۴۶ |
| ۳۵۲ | جنگ آزادی | ۴۴۷ |
| ۳۵۳ | سیواجی اور شوکت علی | ۴۴۸ |
| ۳۵۴ | پٹیل کا پیغام | ۴۴۹ |
| ۳۵۵ | مہاتما گاندھی کا ترانہ | ۴۵۰ |
| ۳۵۶ | پیام آزادی | ۴۵۱ |
| ۳۵۷ | مغربی بگولا | ۴۵۲ |
| ۳۵۸ | مالوی جی کی سیوا میں نویدان | ۴۵۳ |
| ۳۵۹ | لاجپت رائے کی یاد میں | ۴۵۴ |
| ۳۶۰ | شراب خانہ ساز | ۴۵۵ |
| ۳۶۱ | انسانیت کبرے کا مقام | ۴۵۶ |
| ۳۶۲ | شیخ و برہمن | ۴۵۷ |
| ۳۶۳ | گاندھی | ۴۵۸ |
| ۳۶۴ | منیم جی | ۴۶۱ |
| ۳۶۵ | نوید امن | ۴۶۲ |
| ۳۶۶ | ہنوز دہلی دور است | ۴۶۳ |
| ۳۶۷ | نوشتۂ تقدیر | ۴۶۴ |
| ۳۶۸ | پریم کا چاؤ | ۴۶۵ |
| ۳۶۹ | خانم جسم | ۴۶۶ |
| ۳۷۰ | دعوت عمل | ۴۶۷ |
| ۳۷۱ | سال نو کا ہنگامہ | ۴۶۸ |
| ۳۷۲ | شدھی اور سنگھٹن | ۴۶۹ |
| ۳۷۳ | شدھی اور سنگھٹن کے چار رتن | ۴۷۰ |
| ۳۷۴ | کھری کھری باتیں | ۴۷۲ |
| ۳۷۵ | فتنۂ ارتداد اور علمائے کرام | ۴۷۳ |
| ۳۷۶ | ہیموں بقال کی فوج | ۴۷۵ |
| ۳۷۷ | گاندھی اور مالوی | ۴۷۶ |
| ۳۷۸ | شرارت کی جڑ | ۴۷۷ |
| ۳۷۹ | مالوی جی کی یاد میں | ۴۷۸ |
| ۳۸۰ | مالوی جی کا بھٹہ | ۴۷۹ |
| ۳۸۱ | شدھی کی برات | ۴۸۰ |
| ۳۸۲ | مالوی جی اور ان کے سمدھی | ۴۸۱ |
| ۳۸۳ | لٹھ اور طپنچہ | ۴۸۲ |
| ۳۸۴ | خطاب چہار گانہ | ۴۸۳ |
| ۳۸۵ | لالہ کی مہک | ۴۸۴ |
| ۳۸۶ | ہاتھی کے دانت | ۴۸۵ |
| ۳۸۷ | جان بل کا حشر | ۴۸۸ |
| ۳۸۸ | لاہور میں مہارانہ نصر اللہ | ۴۸۹ |
| ۳۸۹ | حدی را تیز تر بر خواں | ۴۹۱ |
| ۳۹۰ | اسلام کا بیباک بیڑا | ۴۹۲ |
| ۳۹۱ | کیا پدی اور کیا پدی کا شوربہ | ۴۹۳ |


Marfat.com

| نمبر شمار | نظم | نمبر صفحہ |
|---|---|---|
| ۳۹۲ | اسلام کی بجلی | ۴۹۴ |
| ۳۹۳ | شدھی کی آنکھ | ۴۹۶ |
| ۳۹۴ | شدھی کی قاتلانہ دھمکیاں | ۴۹۷ |
| ۳۹۵ | سلسبیل کی چند بوندیں | ۴۹۸ |
| ۳۹۶ | حریفوں سے دو دو باتیں | ۴۹۹ |
| ۳۹۷ | فاعتبروا یا اولی الابصار | ۵۰۰ |
| ۳۹۸ | ناموس نبی | ۵۰۱ |
| ۳۹۹ | سودائے خادم | ۵۰۲ |
| ۴۰۰ | تاجدار دکن کو سنگھٹن کی دھمکی | ۵۰۳ |
| ۴۰۱ | موتمر شملہ کی گفت و شنید | ۵۰۵ |
| ۴۰۲ | اسلام کا کوکبۂ خسروی | ۵۰۶ |
| ۴۰۳ | اختلافات | ۵۰۷ |
| ۴۰۴ | پردہ داران پردہ در | ۵۰۸ |
| ۴۰۵ | آئیں بائیں شائیں | ۵۰۹ |
| ۴۰۶ | امام تسبیح | ۵۱۰ |
| ۴۰۷ | شیعی اور بریلوی | ۵۱۱ |
| ۴۰۸ | بابائے خلافت | ۵۱۲ |
| ۴۰۹ | علمائے اُمت | ۵۱۳ |
| ۴۱۰ | فسانۂ اسلام کی ایک عبرت اندوز فصل | ۵۱۴ |
| ۴۱۱ | اسلام کا جواب لکڑوں کو | ۵۱۵ |
| ۴۱۲ | فتنہ کے درخت کی دو ٹہنیاں | ۵۱۶ |
| ۴۱۳ | اپنا ہی سینہ اور اپنے ہی تیر | ۵۱۷ |
| ۴۱۴ | آل انڈیا مسلم لیگ | ۵۱۸ |
| ۴۱۵ | آزادی ضمیر | ۵۱۹ |
| ۴۱۶ | انقلاب | ۵۲۰ |
| ۴۱۷ | حاجی ظفر علی خاں ہندوزئی نہروانی | ۵۲۱ |
| ۴۱۸ | وہ بھی دیکھا یہ بھی دیکھ | ۵۲۲ |
| ۴۱۹ | لاہور مسلم لیگ | ۵۲۳ |
| ۴۲۰ | قزول باغی فتنہ | ۵۲۴ |
| ۴۲۱ | کلکتہ | ۵۲۶ |
| ۴۲۲ | مولینا شوکت علی اور احرار پنجاب | ۵۲۷ |
| ۴۲۳ | پاپائے خلافت | ۵۲۸ |
| ۴۲۴ | ڈھگے اور گاؤدی | ۵۲۹ |
| ۴۲۵ | علی برادران اور ابوالکلام آزاد | ۵۳۰ |
| ۴۲۶ | بابائے خلافت | ۵۳۱ |
| ۴۲۷ | انقلاب لے انقلاب | ۵۳۲ |
| ۴۲۸ | قصور کی بیٹھی کابل کے سر دے | ۵۳۳ |
| ۴۲۹ | اخبار لوڈی کی آمد آمد | ۵۳۵ |
| ۴۳۰ | فن لابہ گری کے امام | ۵۳۶ |
| ۴۳۱ | نونیوں کی جناب میں | ۵۳۷ |
| ۴۳۲ | گلی بابا کی لٹس | ۵۳۸ |
| ۴۳۳ | سر عبداللہ ہارون اور سندھ دردی | ۵۳۹ |
| ۴۳۴ | بدعہدی کا آسمانی تازیانہ | ۵۴۰ |
| ۴۳۵ | حق اور باطل کی آویزش | ۵۴۱ |


Marfat.com

| نمبر شمار | نظم | نمبر صفحہ | نمبر شمار | نظم | نمبر صفحہ |
|---|---|---|---|---|---|
| ۴۳۶ | قادیانی خرافات | ۵۴۳/۵۴۴ | ۴۵۸ | سطوت کبریٰ کے حریفوں کا انجام | ۵۷۴ |
| ۴۳۷ | دفترِ قادیاں | ۵۴۵ | ۴۵۹ | پیغمبرِ قادیان کا ترانہ | ۵۷۵ |
| ۴۳۸ | الفضل قادیان | ۵۴۷ | ۴۶۰ | حضرت بابائے قادیان کے حضور میں | ۵۷۶ |
| ۴۳۹ | قادیانی اینٹ کا جواب | ۵۴۸ | ۴۶۱ | قادیان کی نبوت | ۵۷۷ |
| ۴۴۰ | متنبئ قادیان اور زار روس | ۵۵۱ | ۴۶۲ | بارِیش بابا ہم بازی | ۵۷۸ |
| ۴۴۱ | ذالک مبلغہم من العلم | ۵۵۳ | ۴۶۳ | علمی اور اخلاقی نظمیں | ۵۷۹ |
| ۴۴۲ | بھوہر کے دودھ کی کھیر | ۵۵۴ | ۴۶۴ | پیغامِ سحر | ۵۸۰ |
| ۴۴۳ | قادیان کا تھیٹر | ۵۵۶ | ۴۶۵ | غزل | ۵۸۱ |
| ۴۴۴ | سیّد عطا اللہ شاہ بخاری | ۵۵۹ | ۴۶۶ | غزل | ۵۸۲ |
| ۴۴۵ | عروسِ آسمانی | ۵۶۰ | ۴۶۷ | غزل | ۵۸۳ |
| ۴۴۶ | قادیان لنڈن میں | ۵۶۱ | ۴۶۸ | شہر آشوب | ۵۸۴ |
| ۴۴۷ | دورِ جاہلیت کی یاد | ۵۶۲ | ۴۶۹ | صد نقش بیک پردہ | ۵۸۶ |
| ۴۴۸ | فحاشِ زماں میر قاسم علی | ۵۶۳ | ۴۷۰ | "کتنے سے پڑھو سبق وفا کا" | ۵۸۷ |
| ۴۴۹ | شبیر کشمیر | ۵۶۴ | ۴۷۱ | اپنا نظم | ۵۹۱ |
| ۴۵۰ | علمائے اُمت سے شکوہ | ۵۶۵ | ۴۷۲ | انجمن اصلاح تمدن حیدرآباد دکن | ۵۹۴ |
| ۴۵۱ | حدیث قادیان | ۵۶۷ | ۴۷۳ | غریب الوطن شاعر کا خطاب | ۵۹۶ |
| ۴۵۲ | قادیانی پراپیگنڈا | ۵۶۸ | ۴۷۴ | انجمن حمایت اسلام | ۵۹۸ |
| ۴۵۳ | الحذر | ۵۶۹ | ۴۷۵ | اسلامی یونیورسٹی | ۶۰۰ |
| ۴۵۴ | زمیندار بزبان انگریزی | ۵۷۰ | ۴۷۶ | عیدِ رمضان | ۶۰۴ |
| ۴۵۵ | مداری کی پٹاری | ۵۷۱ | ۴۷۷ | عید الضحیٰ | ۶۰۹ |
| ۴۵۶ | قادیانی بھٹیاری | ۵۷۲ | ۴۷۸ | لنڈن | ۶۱۰ |
| ۴۵۷ | فتنۂ آخر زمان | ۵۷۳ | ۴۷۹ | سنگھم | ۶۱۵ |


Marfat.com

| نمبر شمار | نظم | نمبر صفحہ | نمبر شمار | نظم | نمبر صفحہ |
|---|---|---|---|---|---|
| ۴۸۰ | مبارکباد عید صیام | ۶۱۶ | ۵۰۲ | اُردوئے معلّٰے | ۶۴۸ |
| ۴۸۱ | زمینداری | ۶۱۷ | ۵۰۳ | سیرِ کہسار | ۶۴۹ |
| ۴۸۲ | چند حسرت آفرین حقیقتیں | ۶۱۹ | ۵۰۴ | دیوا استبداد | ۶۵۰ |
| ۴۸۳ | حالی کے چند ابیات پر تضمین | ۶۲۱ | ۵۰۵ | سہانا وقت | ۶۵۱ |
| ۴۸۴ | ستارہ صبح | ۶۲۲ | ۵۰۶ | سخنورانِ عہد سے خطاب | ۶۵۲ |
| ۴۸۵ | صورت و سیرت | ۶۲۳ | ۵۰۷ | ریل | ۶۵۴ |
| ۴۸۶ | ابدی زندگانی کا راز | ۶۲۴ | ۵۰۸ | ہلال عید سے دو دو باتیں | ۶۵۵ |
| ۴۸۷ | رزم گاہِ صحافت | ۶۲۵ | ۵۰۹ | محبت کی راہ | ۶۵۷ |
| ۴۸۸ | ترشی ملا نشہ | ۶۲۷ | ۵۱۰ | آزادی کی راہ | ۶۵۸ |
| ۴۸۹ | سوز و ساز | ۶۲۹ | ۵۱۱ | یتیم خانہ کا ٹکٹ | ۶۵۹ |
| ۴۹۰ | سرمائیکل اوڈوائر کے احسانات | ۶۳۰ | ۵۱۲ | جواہر پارے | ۶۶۰ |
| ۴۹۱ | نیبالستان | ۶۳۳ | ۵۱۳ | لاتقنطو من رحمۃ اللہ | ۶۶۱ |
| ۴۹۲ | تشنگی و سیرابی | ۶۳۴ | ۵۱۴ | اورنگ زیب کی زنارہ بندیوں کا افسانہ | ۶۶۳ |
| ۴۹۳ | منصور | ۶۳۵ | ۵۱۵ | یوم المستضعفین | ۶۶۴ |
| ۴۹۴ | صفیر سروش | ۶۳۶ | ۵۱۶ | نکاہات | ۶۶۵ |
| ۴۹۵ | ہندوؤں کی محکومی کے اسباب | ۶۳۸ | ۵۱۷ | معبود وقت کی پرستش | ۶۶۶ |
| ۴۹۶ | شریعتِ اسلامی اور یورپ | ۶۴۰ | ۵۱۸ | علم پریکٹس | ۶۶۷ |
| ۴۹۷ | محفل نشاط | ۶۴۱ | ۵۱۹ | ٹام راج | ۶۶۸ |
| ۴۹۸ | علامہ اقبال کی گائے | ۶۴۲ | ۵۲۰ | پرانی روشنی | ۶۷۰ |
| ۴۹۹ | تصویر آرزو | ۶۴۳ | ۵۲۱ | دوش | ۶۷۱ |
| ۵۰۰ | عید الفطر | ۶۴۵ | ۵۲۲ | گورا رنگ | ۶۷۲ |
| ۵۰۱ | عید | ۶۴۶ | ۵۲۳ | تبدیل ہفت رنگ | ۶۷۳ |


Marfat.com

| نمبر شمار | نظم | نمبر صفحہ |
|---|---|---|
| ۵۲۴ | سرکار کا نظر بٹو | ۶۷۹ |
| ۵۲۵ | محمد علی | ۶۸۰ |
| ۵۲۶ | راون پرستی | ۶۸۱ |
| ۵۲۷ | "چھو" کی لفظی تحقیق | ۶۸۲ |
| ۵۲۸ | رائے گنج بہاری تھاپر | ۶۸۴ |
| ۵۲۹ | حکمت جدیدہ | ۶۸۶ |
| ۵۳۰ | حکمت قدیمہ | ۶۸۷ |
| ۵۳۱ | مسٹر ایسکویتھ | ۶۸۸ |
| ۵۳۲ | پردہ اور ایروپلین | ۶۸۹ |
| ۵۳۳ | الٹی میٹم | ۶۹۰ |
| ۵۳۴ | کلیسائے عیسوی | ۶۹۱ |
| ۵۳۵ | خواجہ امرتسر | ۶۹۲ |
| ۵۳۶ | جنرل ڈائر کی یاد میں | ۶۹۳ |
| ۵۳۷ | مولوی بخاری | ۶۹۴ |
| ۵۳۸ | ڈیڑھ سو سال کی وفاداری کا صلہ | ۶۹۵ |
| ۵۳۹ | کابل کے درزی | ۶۹۶ |
| ۵۴۰ | اذا زلزلۃ الارض زلزالھا | ۶۹۷ |
| ۵۴۱ | صوبہ آگرہ و اودھ کی اندر سبھا | ۶۹۹ |
| ۵۴۲ | پٹواری | ۷۰۰ |
| ۵۴۳ | علامہ طرزی کی غزل کے انتظار میں | ۷۰۱ |
| ۵۴۴ | کلو تا گلو | ۷۰۲ |
| ۵۴۵ | سول اینڈ ملٹری گزٹ | ۷۰۳ |
| ۵۴۶ | گلچیں کی لٹس کا فسانہ | ۷۰۴ |
| ۵۴۷ | کسی صاحبزادہ کی یاد میں | ۷۰۵ |
| ۵۴۸ | بین الاقوامی الجھنیں | ۷۰۶ |
| ۵۴۹ | جشن صلح لوزان | ۷۰۷ |
| ۵۵۰ | حجامت | ۷۰۸ |
| ۵۵۱ | خر عیسےٰ | ۷۰۹ |
| ۵۵۲ | محتاط سائنس | ۷۱۰ |
| ۵۵۳ | سپاسنامہ | ۷۱۱ |
| ۵۵۴ | حدیث آرزومندی | ۷۱۳ |
| ۵۵۵ | عشائے ربانی | ۷۱۴ |
| ۵۵۶ | دار التکفیر بریلی | ۷۱۵ |
| ۵۵۷ | لیڈر کی نوعیت | ۷۱۶ |
| ۵۵۸ | بونر لا کی منطق | ۷۱۸ |
| ۵۵۹ | آنریبل حسینی مہتر | ۷۱۹ |
| ۵۶۰ | متکلم کی ضمیر کا متصوفانہ مرجع | ۷۲۰ |
| ۵۶۱ | مغربی بجلی اور مشرقی بھونچال | ۷۲۱ |
| ۵۶۲ | طاہر دباغ | ۷۲۲ |
| ۵۶۳ | ثیاق ملی | ۷۲۳ |
| ۵۶۴ | انگریز کا حسن مذاق | ۷۲۵ |
| ۵۶۵ | بریلویات | ۷۲۶ |
| ۵۶۶ | پیغمبر کی شفاعت پر میرا حق | ۷۲۷ |
| ۵۶۷ | لارڈ لارنس کا بت | ۷۲۸ |


Marfat.com

| نمبر شمار | منظم | نمبر صفحہ | نمبر شمار | نظم | نمبر صفحہ |
|---|---|---|---|---|---|
| ۵۶۸ | ریل اور تیل | ۶۲۹ | ۵۹۰ | لڈو | ۶۵۵ |
| ۵۶۹ | علی ابن حسین شریف مکہ | ۶۳۰ | ۵۹۱ | سمسر | ۶۵۶ |
| ۵۷۰ | نل کی اوٹ میں ہمالہ | ۶۳۱ | ۵۹۲ | آزادی اور غلامی | ۶۵۷ |
| ۵۷۱ | چند اچھوتی تشبیہیں | ۶۳۲ | ۵۹۳ | بچہ اور اس کی انا | ۶۵۸ |
| ۵۷۲ | شیعی اور بریلوی | ۶۳۳ | ۵۹۴ | گوری بلا | ۶۵۹ |
| ۵۷۳ | چٹنی | ۶۳۴ | ۵۹۵ | داڑھی ہے تو غم کیا ہے | ۶۶۰ |
| ۵۷۴ | ڈاکٹر کچلو | ۶۳۵ | ۵۹۶ | رجعت پسندان لاہور | ۶۶۱ |
| ۵۷۵ | نمدا | ۶۳۶ | ۵۹۷ | وطن پرست اور سائمن پرست | ۶۶۲ |
| ۵۷۶ | میرزا ہادی علی بیگ | ۶۳۸ | ۵۹۸ | لاہور کی سائمن نواز خاتونیں | ۶۶۳ |
| ۵۷۷ | شدھی کی بدھی | ۶۴۱ | ۵۹۹ | ٹوڈیوں کی ترکیب | ۶۶۴ |
| ۵۷۸ | وہ چلی | ۶۴۲ | ۶۰۰ | مشیر حسین قدوائی | ۶۶۵ |
| ۵۷۹ | الصلح خیر | ۶۴۳ | ۶۰۱ | پردہ اور نہرو رپورٹ | ۶۶۶ |
| ۵۸۰ | سائمن کمیشن | ۶۴۵ | ۶۰۲ | مسلم اوٹ لک کا پیغام | ۶۶۷ |
| ۵۸۱ | کونسلوں کے شیدائی | ۶۴۶ | ۶۰۳ | لاہور میں جان سائمن کا استقبال | ۶۶۸ |
| ۵۸۲ | بصائر | ۶۴۷ | ۶۰۴ | جواہر لعل نہرو کی گرفتاری | ۶۶۹ |
| ۵۸۳ | گیسو دراز ولیوں کی کرامتیں | ۶۴۸ | ۶۰۵ | پنڈت نانک چند کی سائمن پوجا | ۶۷۰ |
| ۵۸۴ | ہفت خوان ہند | ۶۴۹ | ۶۰۶ | لاجپت رائے کی آخری فرمائش | ۶۷۱ |
| ۵۸۵ | گوش ہوش کو صلائے عام | ۶۵۰ | ۶۰۷ | بچہ سقہ | ۶۷۲ |
| ۵۸۶ | گیمٹی تھیئٹر لاہور | ۶۵۱ | ۶۰۸ | [illegible] | ۶۷۳ |
| ۵۸۷ | آیہ اخباروں کے مسلمان قلم کاروں کا ترانہ | ۶۵۲ | ۶۰۹ | آئینہ | ۶۷۴ |
| ۵۸۸ | رازہائے سربستہ | ۶۵۳ | ۶۱۰ | بُرست دان | ۶۷۵ |
| ۵۸۹ | اُلٹتا ہوا ٹاٹ | ۶۵۴ | ۶۱۱ | ملا نے شور بازار | ۶۷۶ |


Marfat.com

| نمبر شمار | نظم | نمبر صفحہ | نمبر شمار | نظم | نمبر صفحہ |
|---|---|---|---|---|---|
| ۶۱۲ | مطائبات | ۷۷۷ | ۶۳۲ | مرثیہ آنریبل سید محمود مرحوم | ۸۰۳ |
| ۶۱۳ | باباۓ خلافت اور کامریڈ شوکت عثمانی | ۷۷۸ | ۶۳۳ | گرامی مغفور | ۸۰۴ |
| ۶۱۴ | پبلک سیفٹی بل | ۷۷۹ | ۶۳۴ | قطعہ تاریخ وفات | ۸۰۵ |
| ۶۱۵ | کیا ابوالکلام آزاد اسلام فروش ہیں | ۷۸۰ | ۶۳۵ | متفرقات | ۸۰۶ |
| ۶۱۶ | خدا اور بت | ۷۸۱ | ۶۳۶ | ملکۂ وکٹوریہ | ۸۰۷ |
| ۶۱۷ | فن لابہ گری کے امام | ۷۸۲ | ۶۳۷ | قصیدہ | ۸۰۹ |
| ۶۱۸ | مارننگ پوسٹ لنڈن | ۷۸۳ | ۶۳۸ | تاریخ مولود مسعود سر کشن پرشاد | ۸۱۲ |
| ۶۱۹ | محافظین حقوق اسلام | ۷۸۵ | ۶۳۹ | خیابان فارس | ۸۱۴ |
| ۶۲۰ | چوتے کی بوری | ۷۸۶ | ۶۴۰ | بدنصیب ہرکور کی فریاد | ۸۱۷ |
| ۶۲۱ | کنایات وتصریحات | ۷۸۷ | ۶۴۱ | آفتاب | ۸۱۸ |
| ۶۲۲ | گنگا اور زمزم | ۷۸۸ | ۶۴۲ | احرار لدھیانہ | ۸۲۰ |
| ۶۲۳ | لالہ ونافرمان | ۷۸۹ | ۶۴۳ | مولانا عبدالقادر قصوری | ۸۲۱ |
| ۶۲۴ | سفینۂ اسلام | ۷۹۰ | ۶۴۴ | سر علی امام | ۸۲۲ |
| ۶۲۵ | شملوی سہرا | ۷۹۱ | ۶۴۵ | مولوی سید محمد داؤد غزنوی | ۸۲۳ |
| ۶۲۶ | پھلجھڑی | ۷۹۲ | ۶۴۶ | چودھری افضل حق اور "انقلاب" | ۸۲۴ |
| ۶۲۷ | نوحے | ۷۹۳ | ۶۴۷ | چودھری افضل حق | ۸۲۵ |
| ۶۲۸ | خلد آشیاں سراج الدین احمد خاں | ۷۹۴ | ۶۴۸ | مولینا حبیب الرحمان لدھیانوی | ۸۲۶ |
| ۶۲۹ | حبیب نور علیہ الرحمۃ | ۷۹۶ | ۶۴۹ | احرار | ۸۲۷ |
| ۶۳۰ | داغ مرحوم | ۷۹۷ | ۶۵۰ | درس عبرت | ۸۲۸ |
| ۶۳۱ | محمد اکبر خان مرحوم | ۷۹۹ | | ........ | ... |


Marfat.com



Marfat.com

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# تقریب

چکیدہ کلکِ حسان الہند علامہ الطاف حسین صاحب حالیؔ نور اللہ مرقدہٗ

اے مالکِ دفترِ زمیندار — اے نازشِ قوم و فخرِ اقراں
اے رُوحِ رواں جمعِ احباب — اے چشم و چراغِ بزمِ اخواں
اے دین کے امتحاں میں جانباز — اے نصرتِ حق میں تیغِ عریاں!
اے صدق و صفا کی زندہ تصویر — اے شیردل اے ظفر علی خاں
قدرت نے بھرے تھے تجھ میں جو گُن — جب تک وہ رہے نظر سے پنہاں
فوقیت و برتری پہ تیری — قائم کوئی ہو سکی نہ برہاں
پر وقت کی تاک میں برابر — ہمّت تیری گِن رہی تھی گھڑیاں
بلقان و طرابلس میں ناگاہ — اُٹھا ستم و جفا کا طوفاں!
ہمدردیٔ اہلِ دین نے آخر — جوہر ترے کر دیئے نمایاں

Marfat.com

جمعیت و صبر کا سراسر | دامن ہوا چاک تا گریباں
پھیلے وہ بشکل سیل آتش | دل میں ترے جو شرر تھے پنہاں
ڈالا یہ تری پکار نے غُل! | جی اُٹھے وہ مُردے جو تھے بیجاں
جو دل غمِ قوم سے تھے بیحس | جلنے لگی اُن دلوں پہ چھُریاں
وہ بن گئے آپ اپنے رہزن | جو مال کے اپنے تھے نگہباں
اسلام کی سمجھے اب صداقت | جو نام کے تھے فقط مُسلماں
ہاں اس میں نہیں مبالغہ کچھ | سُنتا بھی ہے اے ظفر علی خاں!
نازاں ہے وہ درس گاہ تجھ پر | تعلیم پہ جس کی تو ہے نازاں
کاش ایسے جنے سدا وہ فرزند | جو قوم کے درد کے ہوں درماں
سوزِ غم دینِ حق سے جن کے | سینے ہوں کباب دل ہوں بریاں
جو ملک و وطن کے ہوں فدائی | جو قوم کے نام پر ہوں قرباں
مشرق میں ہوں درد دل سے بیچین | مغرب میں سُنیں جو رنج اخواں
پنجاب کو تجھ پہ ہو اگر فخر | ہے اس کو یہ فخر و ناز شایاں

زندہ ہے وہ ملک اور ملّت
ہوں زندہ دل ایسے جس میں انساں

---

Marfat.com

# ربُ العالمین

بنائے اپنی حکمت سے زمین و آسماں تو نے
دکھائے اپنی قدرت کے ہمیں کیا کیا نشاں تو نے

تری صنعت کے سانچے میں ڈھلا ہے پیکرِ ہستی
سمویا اپنے ہاتھوں سے مزاجِ جسم و جاں تو نے

نہیں موقوف خلاقی تری اس ایک دُنیا پر
کئے ہیں ایسے ایسے سینکڑوں پیدا جہاں تو نے

ترے ادراک میں ہے عقل حیراں اور سرگرداں
ہمیں چکر میں ڈالا بخش کر وہم و گماں تو نے

بہارِ عارضِ گل سے لگا کر آگ گلشن میں
طیورِ صبح خواں کو کر دیا آتش بجاں تو نے

جوانی میں جسے بخشی دل آرائی و رعنائی!
بڑھاپے میں اسی عارض پہ ڈالیں جھریاں تو نے

کسی کو تاکہ اپنی سربلندی پر نہ غرہ ہو
ازل سے کی نگوں ساری نصیبِ آسماں تو نے

دلوں کو معرفت کے نور سے تو نے کیا روشن
دکھایا بے نشاں ہو کر ہمیں اپنا نشاں تو نے

نہ ہوتی گر خودی ہم میں تو جو تو تھا وہی ہم تھے
یہ پردہ کس لئے ڈالا ہے یا رب درمیاں تو نے

بلا طاعت بھی ہم بندے ترے تھے پھر پرستش کی
ہمارے پاؤں میں کیوں ڈال دی ہیں بیڑیاں تو نے

Marfat.com

کشائش عقدۂ زلف چلیپا کی جو مشکل تھی — لیا کیوں دل سے پھر دار و رسن کا امتحاں تونے
ہم اب سمجھے کہ شاہنشاہ ملک لامکاں ہے تو — بنایا اک بشر کو سرورِ کون و مکاں تونے
محمد مصطفےٰ کی رحمت للعالمینی سے — بڑھائی یا رب اپنے لطف و احساں کی شاں تونے
نمک پروردہ تیری شرم کی ہیں لغزشیں میری — گنہ بخشے ہیں میرے ہو کے اکثر مہرباں تونے
حرم اور دیر میں بازار تیرا گرم رہتا ہے — ہر اک بستی میں کر رکھی ہے قائم اک دکاں تونے
چلے ہم نقد عصیاں لے کے آمرزش کے سودے کو — کہ نرخ اس جنس کا کچھ بھی نہیں رکھا گراں تونے
اثر تیری عطاؤں پر نہیں پڑتا خطاؤں کا — جسے پیدا کیا اس کو دیا ہے آب و ناں تونے
دیا اپنے کرم سے ریزہ مور ناتواں کو بھی! — لگائے گر سلیماں کے لئے نعمت کے خواں تونے
ترے دربار سے مجھ کو یہی انعام کیا کم ہے — کیا اپنی ستائش میں مجھے رطب اللساں تونے

مئے لا تقنطوا کے نشے میں سرشار رہتا ہوں
سیہ مستوں کو بخشی ہے حیات جاوداں تونے!

Marfat.com

# خمستانِ ازل کا ساقی

پہنچتا ہے ہر اک میکش کے آگے دورِ جام اُس کا
کسی کو تشنہ لب رکھتا نہیں ہے لطفِ عام اُس کا

گواہی دے رہی ہے اُس کی یکتائی پہ ذات اُس کی
دُوئی کے نقش سب جھوٹے ہے سچا ایک نام اُس کا

ہر اک ذرّہ فضا کا داستاں اُس کی سُناتا ہے
ہر اک جھونکا ہوا کا آکے دیتا ہے پیام اُس کا

نظام اپنا لئے پھرتا ہے کیا خورشید نور افشاں
ہزاروں ایسی دُنیاؤں کو شامل ہے نظام اُس کا

میں اُس کو کعبہ و بُت خانہ میں کیوں ڈھونڈنے نکلوں
مرے ٹوٹے ہوئے دل ہی کے اندر ہے مقام اُس کا

سراپا معصیت میں ہوں سراپا مغفرت وہ ہے!
خطا کوشی روش میری خطا پوشی ہے کام اُس کا

Marfat.com

مری افتادگی بھی میرے حق میں اُس کی رحمت تھی
کہ گرتے گرتے بھی مَیں نے لیا دامن ہے تھام اُس کا

وہ خود بھی بے نشاں ہے زخم بھی ہیں بے نشاں اُسکے
دیا ہے اُس نے جو چرکا نہیں ہے التیام اُس کا

عبودیت کو بھی کیا کیا مدارج اُس نے بخشے ہیں
جہاں میں بن کے آتا ہے رسُول اُس کا غلام اُس کا

ہُوئی ختم اُس کی حجت اس زمیں کے بسنے والوں پر
کہ پہنچا یا ہے اُن سب تک محمدؐ نے کلام اُس کا

بجھاتے ہی رہے پھُونکوں سے کافر اُس کو رہ رہ کر
مگر نور اپنی ساعت پر رہا ہو کر تمام اُس کا

نہ جا اُس کے تحمل پر کہ ہے بے ڈھب گرفت اُس کی
ڈر اُس کی دیر گیری سے کہ ہے سخت انتقام اُس کا

---

Marfat.com

# حمد ذوالجلال

سپیدۂ دم کہ ہُوا میں شریکِ راز انام
سنا سروش سے فَلْيَعْبُدُوا کا میں نے پیام

کیا خلوص سے مَیں نے جبینِ طاعت کو
رہینِ بارگہِ ذُوالجَلَالِ وَالاِکْرَام

ہوا میں صرفِ طوافِ حریمِ ذکر اللہ
نیاز و عجز و نیایش کا باندھ کر احرام

رواقِ دل میں ہُوئی شمعِ معرفت روشن
چمک اُٹھے مرے قصرِ شعور کے در و بام

دکھایا پیکِ نگہ نے سوادِ عالمِ نور
کہ اعتدال پہ تھا نفس اور اس کا قوام

خمارِ بادۂ پندار سر سے دُور ہوا
مجھے مرے نظر آنے لگے عیوب تمام

نقابِ چہرۂ دل بیخودی نے اُلٹا تھا
بنی تھی آئینۂ جاں لطافتِ اندام

قویٰ سبھی مرے کام اپنا اپنا دینے لگے
کہ آگیا تھا مرے بس میں نفسِ نافرجام

کُھلا تھا مجھ پہ درِ فیضِ بینشِ ثانی!
بسا تھا گلشنِ عرفاں کی بو سے میرا مشام

فضائے قدس میں تھا جمگھٹا فرشتوں کا
بڑے ادب سے کیا جن کو مَیں نے جُھک کے سلام

Marfat.com

جلال و طنطنہ اس بزم کا بیاں کیا ہو
کہ زہرا سمیں کنیزک تھی اور زحل تھا غلام

مئے الست کا محفل میں چل رہا تھا دور
چھلک رہی تھی صُراحی چھلک رہا تھا جام

لب ملائکہ پر تھا ترانۂ توحید
مٹا یا رُوح کے نیّر سے جس نے زنگ ظلام

یہ نغمہ ہائے نشاط آفریں و شور انگیز
سُنے جو مَیں نے تو جاتا رہا مرا آرام

غرلو و ولولۂ حمد حضرت باری
مرے بھی دل میں بپا ہو گیا بجوش تمام

کرینگے اہل سخن جہل و عجب سے تعبیر
قلم اُٹھانے کا بھُولے سے بھی جو لوں میں نام

اُس امتحان میں جس میں گئے ہوں توڑ قلم
ظہیر و غالب و فیضی و سعدی و خیام

مگر یہ سوچ کے بڑھتا ہے حوصلہ دل کا
یہاں تو ہے کف نیت میں ہر عمل کی زمام

یہ آستانہ ہے ایسا جہاں گڈریئے کو
ملا ہے حضرت موسیٰ سے کچھ سوا انعام

ٹٹولتے ہیں یہاں حال گوشۂ دل
یہاں نہیں ہے حکایت سے اور قال سے کام

عجب نہیں کہ شرف خلعت قبول کا پائے
مری یہ ہرزہ درائی مرا یہ سادہ کلام

---

شہنشہوں کے شہنشہ خدایگان انام
خدائے جل و علا ذوالجلال والاکرام

ہر ایک چیز ہے ممکن مگر نہیں ممکن
کہ تیری حمد کا ایک شمہ ہو سکے ارقام

جلیں قیاس کے پر قصد اگر کرے اس کا
تری صفات سے ہے اس قدر بعید افہام

Marfat.com

طلوعِ صبحِ ازل سے ترا قدیم خلود
غروبِ شامِ ابد سے ترا مدید قیام

نہ جاننا ترا رکھتا ہے حکم جاننے کا
یقیں سے مرتبہ رکھتا سوا ہے یہ ابہام

نہ کسرِ شان تری کفر و بُت پرستی سے
نہ وجہ کبر و تفاخر ترے لئے اسلام

نہیں ہم اسکے ہیں قائل کہ لامکاں میں ہے تو
ہے اپنے بندوں کے ٹوٹے دلوں میں ترا مقام

تیری نظر میں ہیں شیخ اور برہمن یکساں
تری صلائے کرم ہے زمانہ کے لئے عام

بشر کو غرہ اگر ہے تری خلافت پر
تو نخل کو بھی ہے وجہ شرف ترا الہام

مکیں ہے ایک مکاں ہیں کئی آٹھی تو
خدا ہے اہلِ حرم کا تو اہلِ دیر کا رام

ہے جلوہ گاہ تری صنعتوں کا کرۂ ارض
کرشمہ ہے تری قدرت کا چرخ نیلی فام

نظر فلک پہ اگر ڈالیئے ذرا تو ہمیں
دکھائے شعبدہ بازئ لیالی و ایام

نجوم لامعہ کی بے حساب دُنیائیں
شموس بازغہ کے زائد از شمار نظام

جنہیں سمجھنے کی کوشش میں آج کے دن تک
فلاسفہ بھی ہیں مثلِ عوام کالانعام

نگاہ عقل ہوئی خیرہ جن کی عظمت سے
پھرا خیال بھی جن کی حدود سے ناکام

قیاس کر لو اسی سے کہ خود وہ کیا ہوگا
مظاہر ایسے ہیں جسکے ہے جس کا ایسا کام

زمیں کے صحن پہ دوڑایئے اگر اُس کو
تو پھر بھی واہمہ رہ جائے چل کے چند ہی گام

اداشناس نے پوچھا ہے سچ کہ لالہ و گل
کہاں سے آئے ہیں کیا ہے نسیم کیا ہے غمام

حقیقتِ شکنِ زلفِ عنبریں کیا ہے
دیا ہے کیا نگہِ چشمِ سُرمہ سا نے پیام

Marfat.com

نتیجہ یہ کہ خدایا تری خدائی میں  سمندِ فکر رسا ہے مثالِ کُرّۂ خام

مجال چوں و چرا کی تری حضوری میں
نہیں کسی کو وہ جاہل ہو یا کہ ہو علّام

Marfat.com

# لَا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ مُحمّد رّسُول اللّٰہ

زباں ہے وقفِ ثنائے خدائے عزّ وجل
خدا ہی ہے جو یہ عقدہ ہو زورِ نطق سے حل

نہ نثر ہی کا سلیقہ نہ نظم ہی کا شعور
نہ میں سنائی ثانی نہ ہمسرِ اخطل

سخنوری سے نہیں ہے مجھے کوئی سروکار
نہ لکھ سکوں میں قصیدہ نہ کہہ سکوں میں غزل

خود اپنی قدر سے میں بے خبر نہیں کہ مجھے
ہے یاد اچھی طرح سے ایاز والی مثل

یہی سبب ہے کہ جب قصدِ حمد میں نے کیا
قلم گیا ہے ٹھہر اور زباں گئی ہے مچل

نرالی سب سے ہے لیکن یہ انجمن کہ یہاں
بھری سبو چہ نیت میں ہے شرابِ عمل

پسند آئی ہے لکنت یہاں بسا اوقات
گیا ہے پاؤں فصاحت کا بار بار پھسل

اسی خیال سے تو بہرہ عرضِ سجدۂ شکر
سروشِ خامہ اگر سر کے بل چلا ہے تو چل

---

خدائے واحد و قہار لاشریک لہٗ
ہو القدیر ہو الآخر ہو الاول

ہے سورج اُس کی عنایت سے ذرّۂ ناچیز
ہے پربت اُس کی توجہ سے دانۂ خردل

قدم سے ہے متقدم اُسے صدِ حدوث
ابد سے ہے متاخر اُسے مرورِ ازل

Marfat.com

خدا کی ذات ہے دریا تو قطرہ کون و مکاں — اگر ہے عین مفصل تو ہے اثر مجمل
چمک چمک کے شہادت خدا کی دیتے ہیں — عطارد و قمر و شمس و مشتری و زحل
ازل کی صبح سے بے وقفہ چل رہی ہے یونہی — خدا کے ایک اشارہ پہ کائنات کی کل
نظام دہر میں تحریف ہو نہیں سکتی — محال ہے کہ ہو اس قاعدہ میں رد و بدل
یہ منتہائے نظر نام ہے فلک جس کا — ازل سے ڈالے ہے کاندھے پہ نیلگوں کمّل
یہ چشمہ نور کا کہتے ہیں آفتاب جسے — ہمیشہ سے اسی انداز پر رہا ہے ابل
نشانیاں ہیں یہ ایسی کہ ذات باری کے — ثبوت میں انہیں سمجھیں گے قول ہم فیصل
طلب کرے کوئی اس سے بھی گر زیادہ ثبوت — تو ہم کہینگے کہ اس کے حواس ہیں مختل
سراغ ڈھونڈنے اس کا چلی ہے عقل ضعیف — یہ خوف ہے کہیں ایماں میں آ نہ جائے خلل
وجود ملت اولیٰ سے بحث تو جب ہو — کہ ہو یہ عقل (جو معلول ہے) محیط علل
نہیں ہے ذات زبونی کش ثبوت صفات — عرض کے رنگ سے خالی ہے جوہر اکمل
مذاق تلخی و شیرینی اعتباری ہے — مریض کے لئے ہوتا ہے انگبیں حنظل
فروغ حسن سے اپنے جناب باری نے — جلائی محفل ہستی میں روح کی مشعل
وہ روح جو ہوئی مجبور بھی مخیر بھی — کبھی فلک پہ ہے جس کا کبھی زمیں پہ عمل
صعود میں ہوئی عرش بریں سے بھی اعلیٰ — ہبوط میں ہوئی گاؤ زمیں سے بھی اسفل
اگر ہو خیر پہ مائل فرشتہ سے اشرف — کرے جو شر سے گرائش تو دیو سے ارذل

Marfat.com

علو مرتبہ کو جس کے ناز ہے اس پر — کہ زینت اس کی ہوئی ذات احمدؐ مرسل

وہ ذات پاک نبی جو خلاصۂ مقدور — خدا کے بعد ہوئی کائنات میں افضل

بہار باغ رسالت کی آمد آمد ہے! — خدائے پاک کی رحمت کے چھائے ہیں بادل

عرب سے اُٹھ کے زمانہ پہ یہ گھٹا برسی — درخت سبز ہوئے پھوٹنے لگی کونپل

جہان و اہل جہاں کی پلٹ گئی کایا — کھلا دریچۂ رحمت کھلے دلوں کے کنول

حضور سرور کون و مکاں کو لازم ہے — کہ دیجے نذر تحیات احسن و اکمل

بشر کہ اس کو خدا نے کہا ظلوم و جہول — بنا ہے انؐ کے تصدق میں اعلم و اعدل

نتیجہ تھا یہ رسولؐ خدا کی غیرت کا — حرم سے چشم زدن میں اُٹھا بتوں کا عمل

کرشمہ سنج محمدؐ ہوئے تو ٹوٹ گیا — طلسم نائلہ و حیت و نسر و لات و ہبل

بجا زمانہ میں نقارخانہ وحدت کا — خدا کے نام سے گونجا سواد دشت و جبل

جہاں میں ملتِ بیضا کی روشنی پھیلی — نکال جس نے دیئے ساری ظلمتوں کے بل

نبیؐ نے درسِ تمدن دیا زمانے کو — بتایا رازِ اخوت بشر کو پہلے پہل

علم محبت و اخلاق کا بلند ہوا — کیا رسولؐ نے ملک نفاق مستاصل

عطا ہوئی ہمیں دنیا بھی دین کے ہمراہ — لگے تھے فقر کی ڈالی میں سلطنت کے پھل

وہ بخشوانے ہمیں آئیں گے قیامت میں — اگرچہ قابلِ بخشش نہیں ہمارے عمل

فقط یہ بات کہ ہم اُن کے نام لیوا ہیں — کریگی امت عاصی کی مشکلات کو حل

Marfat.com

# آوازۂ حق

## (۱)

ہم کو دیا پیغام عرب نے ایک خدا اور ایک رسولؐ
اب نہیں ایسی کوئی دعا جو آتے ہی لب پہ ہو نہ قبول

نام ہے ایک اللہ کا سچا باقی باطل سب معبود
مختصر اس قصہ کو سمجھئے ناحق اس کو نہ دیجئے طول

اس کے سمجھنے کے لئے دل میں ہونا چاہئے ذوقِ سلیم
اس کی حقیقت وہ نہیں جس کو جان سکیں افہام و عقول

مجھ کو بتا دو کوئی خدارا قطرہ کجا اور بحر کجا!
کب یہ ہے اور کیونکر یہ ہے ممکن بندے میں ہو خدا کا حلول

جس نے ہو الکل اس کو بتایا اس سے خدا بیزار ہوا
اِنَّ اللہَ غَنِیٌّ عَنکُم اَمرُ اللہِ ھُوَ المَفعُول

Marfat.com

## (۲)

مجلس کے آداب ہیں باقی عہدِ کہن کا رنگ نہیں
اب نہ وہ اندازِ ہیٔ احسن اور نہ وہ طرزِ قالِ اقول

جیسے حکیم ہیں ویسی امت بئس الاشرف و المشروف
جیسی روح ہے ویسے فرشتے خسئی الفاضل و المفضول

فلسفۂ اشراق یہی ہے اور ہے اس کی شرح یہی
آپ ہی خونِ شرع کریں اور آپ ہی کہلائیں مقتول

میرے قلم کے توڑنے والے وہ ہیں جنہیں ہے دعوئ دیں
ساتھ ہی جن کی ہے یہ تمنا سیف دہنّد ہو مسلول

شانِ خدائے عز و جل ہے بن گئے وہ بھی جادہ شناس
جنکی روش ہے اوٹ پٹانگ اور جنکی دوش ہے اُول جلُول

خانہ برانداز انِ چمن سے ہم فقط اتنا پوچھتے ہیں
باغ میں صاحب رہنے بھی دیں گے آپ کوئی پھل اور کوئی پھول

زاغ و زغن سے آپ کو الفت بلبل و قمری سے ہے عناد
سر لبِ جو کو ہے شکایت اُس کی جگہ لیتا ہے ببُول

Marfat.com

ایک کبھی ہو ہی نہیں سکتے کورا اور بینا ظل و حرور
کرتے ہیں جو قرآں کی تلاوت کیوں گئے وہ اس قول کو بھول

(۳)

ٹھاٹھیں مار رہا ہے سمندر اور رہیں موجیں برق بلا
ہونے لگا ہے ساتھ ہی لیکن رحمت باری کا بھی نزول

دیر سے ہم ساحل پہ کھڑے تھے اور ہمہ تن تھے چشم براہ
دور سے اک کشتی نظر آئی اور بلند اس کا مستول

پھٹ گئے بادل گھٹ گیا طوفاں چھٹ گئی ظلمت کٹ گئی رات
حامل زورق احمد مرسل ملت بیضا ہے محمول

(۴)

منتظران حق کے لئے پھر کحل البصر اسلام بنا
باغ نبی میں آگئی رونق دیدۂ نرگس ہے مکحول

نور امانت پھیل چلا ہے روشن ہو گئے دیر و حرم
اب وہی ہستی بن گئی مسلم کل تک تھی جو ظلوم و جہول

فرش پہ ہے اسلام کا نقشہ عرش پہ ہے اسلام کا رنگ
شش جہت اس میں آگئے سارے دائرہ میں ہے عرض نہ طول

Marfat.com

عیب کجا اسلام کہاں اس سیف میں زنگ ظلام کہاں
عیب ہے مسلم میں تو یہی ہے انّ الصّارم فیہ فلول
یا تو ہو قرآں کی کوئی آیت یا ہو نبی کی کوئی حدیث
بات اسی صورت میں بنے گی یا معقول ہو یا منقول
صبح کی ساعت آئی ہوئی ہے سجدہ میں گر کر مانگ دعا
رحمت سر پر آئی کھڑی ہے مسلم کیوں ہوتا ہے ملول
بگڑی ہوئی بن جائے گی تیری کام سنور جائیں گے تیرے
مضطرب اتنا کس لئے تو ہے بیٹھ ہی جائے گی چول سے چول
دست سعادت کی بھی رسائی دیکھئے ہوتی ہے کہ نہیں
طرۂ اسلام آج بصیرت کو نظر آتا ہے مفتول!
سب سے بڑا انعام یہی ہے خدمت دیں کی ہو توفیق
کام مسلمانوں کے جو آیا بس وہی مسلم ہے مقبول
اک مسکہ پر غور کیا کر ہے یہی راز فوزِ عظیم
بن گئیں اس نکتہ کو سمجھ کر جنّت کی خاتون بتولؑ!
کام رکھ اپنے کام سے مسلم خود اللہ ترا ہے وکیل
مزد سے بالا ہو تری خدمت طاعتِ حق میں رہ مشغول

Marfat.com

## (۵)

مجھ کو رسولؐ اللہ کی الفت لطفِ خدا سے مل ہی گئی
اے دلِ ناداں اس سے زیادہ تجھ کو ہو کس دولت کا حصول

ناشِئَۃَ الّلیل آج سے دے گا میری رُوح کو نشو و نما
اَقْوَمُ قِیلا آج سے ہو گا میری اقامت کا معمُول

دین بھی ہو جائے مجھے حاصل دُنیا کی بھی مُراد ملے
گوشۂ چشم عنایت مجھ پر ہو جو پیمبرؐ کا مبذول

آنکھ اُٹھا کر بھی نہ میں دیکھوں دولت مشرق و مغرب کو
سرورِ عالم اگر فرمالیں نذرِ محقر میری قبول

Marfat.com

# دُعا

الٰہی برقِ غیرت کی تڑپ مجھکو عطا کر دے
مجھے آتش زیرِ پا کو ساتھ ہی آتش نوا کر دے

میری تقریرِ سحر آلود میں کر وہ اثر پیدا
کہ اہلِ درد کے حلقوں میں اک محشر بپا کر دے

دیا ہے علم اگر تُو نے تو ساتھ اسکے عمل بھی ہو
کہ شرحِ لَیْسَ لِلْاِنْسَانِ اِلَّا مَا سَعٰی کر دے

بتادُوں گا کہ خاکِ ہند یُوں اکسیر بنتی ہے
میری پلکوں کو جاروبِ حریمِ مصطفیٰ کر دے

Marfat.com

# مُقامِ حیرت

مرے کس کام میری دانش مشکلکشا آئی — سمجھ تیری ذرا مجھ کو نہ اے میرے خدا آئی

زمیں میں آسماں میں چاند میں سورج میں تاروں میں — نظر صُوفی کو اور عارف کو شانِ کبریا آئی

مگر جب عقل نے چاہا کرے حل اس مُعمّے کو — نعم کے ساتھ پیش اس کو ہمیشہ شق لا آئی

یہ وہ ہے جو درِ میخانۂ علمِ حصولی پر — گئی اور بادۂ حکمت کے خم کے خم لنڈھا آئی

تصوّر میں بھی چھُو سکتے نہ تھے ہم جس کے دامن کو — یہ کھول اُس دلربا کا عقدۂ بندِ قبا آئی

کبھی تا کا فلک اس نے کبھی جھانکی زمیں اس نے — کبھی پہنچی ثریّا پر کبھی سوئے ثریٰ آئی

کیا اس نے مسخر آب و خاک و باد و آتش کو — نظر چاروں طرف پھیلی ہوئی اس کی ضیا آئی

کیا یہ سب کچھ اس نے پر جو ڈھونڈا جا کے خالق کو — تو جو کچھ لے گئی تھی ساتھ اس کو بھی گنوا آئی

چمکتا نیرِ اعظم نہ ہم پہ گر رسالت کا
خرد سے مرتبہ کچھ بھی نہ کم ہوتا جہالت کا

Marfat.com

# لیس کمثلہٖ شئیٌ

وہ جس کی شان ہے لَیسَ کَمِثلِہٖ شَیءٌ | چھپا بھی ہے تو سراپردۂ ظہور میں ہے

برنگِ دورِ قمر جلوہ اُس کی قُدرت کا | کبھی سنین میں ہے اور کبھی شہور میں ہے

کبھی کبھی ہے وہ اوجِ شعیر پر تاباں | کبھی کبھی وہ خراماں سوادِ طور میں ہے

کہیں فسانہ وہ یعقوب کا ہے کنعاں میں | کہیں ترانہ وہ داؤدؑ کا زبُور میں ہے!

شرارِ جستہ کی شکل اُس کے وہم کا پرتو | تڑپ رہا مری خاکسترِ شعور میں ہے

جو اُس کو صُورتِ اصلی میں دیکھنا چاہو
مُحمّدؐ عربی کی جبیں کے نُور میں ہے

---

Marfat.com

# پردہ دارِ پردہ در

پردہ میں شان رہ نہ سکی مستتر تری
یارب ہر اک طرف ہے ضیا جلوہ گر تری

نازاں ہوں اپنے اس دلِ دیوانہ پہ جسے
مل ہی گئی کسی نہ کسی ڈھب خبر تری

اِس کشمکش میں دیکھئے ہو کامیاب کون
میرے گناہ اِدھر ہیں تو رحمت اُدھر تری

آلودۂ عتاب سہی پر زہے نصیب
محفل میں مجھ پہ پڑ تو رہی ہے نظر تری

مجرم اگر ہوں میں تو ہے تو بھی قصوروار
پہلے ہی دن سے کیوں ہے روش درگزر تری

136942

Marfat.com

# فریاد

خدایا تیرے گھر کی خاک اُڑائی جا رہی کیوں ہے
قیامت وقت سے پہلے ہی آئی جا رہی کیوں ہے

بجائی جا رہی ہے اینٹ سے کیوں اینٹ کعبہ کی
خلیل اللہ کی بُنیاد ڈھائی جا رہی کیوں ہے

جہاں آٹھوں پہر توحید کا نقارہ بجتا تھا
وہاں تثلیث کی گھنٹی بجائی جا رہی کیوں ہے

حرم سے پاسبانی جس کی یا رب تجھ پر لازم ہے
فرشتوں کی محافظ فوج اُٹھائی جا رہی کیوں ہے

اُڑائے جا رہے ہیں کس لئے پُرزے خلافت کے
رسُول اللہ کی دولت لُٹائی جا رہی کیوں ہے

گر انّ الدین عند اللہ الاسلام آج بھی سچ ہو
تو پھر اسلام پر آفت یہ لائی جا رہی کیوں ہے

وہ تیغ اعدا کے سر پر جس کو بجلی بن کے گرنا تھا
ہماری گردنوں پر آزمائی جا رہی کیوں ہے

خدا کے نام پر مر مٹنے والوں کی صفِ ماتم
بلبارا اور سمرنا میں بچھائی جا رہی کیوں ہے

پرستش تیری اب بھی فرض ہے گر ابن آدم پر
رسُول اللہ کی اُمت مٹائی جا رہی کیوں ہے

یہ مانا رحمتیں تیری ہیں شامل دشمنوں کو بھی
مگر یہ قوم یوں سر پر چڑھائی جا رہی کیوں ہے

پتنگ ابلیس کا تارا ہوا جاتا ہے گردُوں کا
خُدایا اس کو ڈور اتنی بڑھائی جا رہی کیوں ہے

تیری غیرت کی بجلی تلملاتی کیوں نہیں یا رب
حریفوں کو جلال اپنا دکھاتی کیوں نہیں یا رب

Marfat.com

# وسعتِ آرزو

خدا اسلام کی دولت اگر دے — تو دامن بھی فراخ اتنا ہی کر دے
اگر ذوقِ مے آشامی دیا ہے — تو ساغر بادۂ بطحا سے بھر دے
بھرے سارے جہاں کا درد اس میں — اگر پہلو کو تکلیف جگر دے
غرض جو کچھ بھی دے اسلامیوں کو — بقدر رحمت خیر البشر دے
عجم جس کا ہو آنگن اور عرب چھت
مسلمانوں کے بسنے کو وہ گھر دے

---

Marfat.com

# میدانِ عرفات میں میری مناجات

## بدرگاہِ باری عزّ اسمہٗ

تجھ پہ ابراہیمیوں کا حق ہے پہلے سے سوا
نار کو پھر نور کر، گلخن کو پھر گلزار کر

صدقہ اپنی کارسازی کا بنا بگڑی میری!
میں ہُوں بیکار اے مرے مولا مجھے باکار کر

پھر لگا یارب میرے دل میں وہ اگلی سی لگن!
میرے سر کو جذبۂ توحید سے سرشار کر

تلخیاں قلبی زمانہ کی ہیں سب سہنی سکھا
جانِ شیریں کو حریفِ لذّتِ آزار کر

سینکڑوں طوفاں ہیں پنہاں جس کی اک اک موج میں
اُس سمندر سے مسلمانوں کا بیڑا پار کر

جو سزا چاہے نہیں دے لے کہ تو مختار ہے
لیکن اپنوں کو نہ غیروں کی نظر میں خوار کر

ہند کو بھی اے خدا قیدِ غلامی سے چھڑا
اپنے گھر کا ہم کو بھی مالک بنا مختار کر

---

Marfat.com

# کلام اللہ

اِن ھُوَ اِلّا وَحیٌ یُوحیٰ جسکی شان میں آیا ہے
رحمتِ عالم ہو کے اک اُمّی اُس مکتوب کو لایا ہے

منکشف اُس نے کر دیئے سارے عَلَّمَ الاسماء کے وہ رموز
جن کو سمجھ کر خاک کے آگے قدس نے سر نیوڑایا ہے

جاءَ الحقّ وَزَھَقَ الباطل اسکی زباں پہ آتے ہی
کفر کے برج سرِ فلک پہ پرچم دیں لہرایا ہے

اِنّ الباطل کان زھوقا کہہ کے دیا ہے حق کو فروغ
پڑھ کے یہ افسوں مُنہ کے بل اُس نے لات و ہبل کو گرایا ہے

بُت کی خدائی لے گئی مکھی ضَعُفَ الطالب والمطلوب
بالِ مگس سے نقشہ توحید اُس نے نیا کھنچوایا ہے

موت سے اُس نے زیست نکالی زیست کو آب و رنگ دیا
قطرہ سے قلزم تپتے سے گلشن پیدا کر کے دکھایا ہے

دامنِ صحرا پہ بھی گماں تھا آنکھ کو دامنِ گلچیں کا
سارے جہاں پہ اُس نے جب اپنا ابرِ کرم برسایا ہے

جن کے مقدر میں تھی غلامی اُس نے انہیں آزاد کیا
نوعِ بشر کی لوحِ جبیں سے اُس نے یہ داغ مٹایا ہے

ابیض و اسود احمر و اصفر عالی و دانی خورد و بزرگ
سب کا بنا کر ایک ہی کنبہ ایک ہی گھر میں بسایا ہے

سطوتِ سیزر حشمتِ خاقاں صولتِ بہمن دولتِ جم
ملتی ہے کیونکر اُس نے یہ نکتہ دیدہ وروں کو سمجھایا ہے

خمِ فلاطوں خشک پڑا ہے ساغرِ جم میں بوند نہیں
تا بہ ابد وہ جام چلے گا اُس نے جسے چھلکایا ہے

کون و مکاں سے آج تک اس کا جلوہ سمیٹا جا نہ سکا
اک نقطہ انساں ہی کا ہے سینہ جس میں یہ نور سمایا ہے

---

Marfat.com

# اشعارِ نعت

# و

# استغاثہ ببارگاہِ شاہِ کونین

Marfat.com

# عرض حال بدرگاہ رب العزۃ

## بتوسط حضور خواجۂ دو جہان صلی اللہ علیہ وسلم

اے کہ ترا جمال ہے زینتِ محفلِ حیات
دونوں جہاں کی رونقیں ہیں ترے حُسن کی زکوٰۃ

تیری جبیں سے آشکار پرتوِ ذات کا فروغ
اور ترے کوچہ کا غبار سُرمۂ چشمِ کائنات

بارگہِ الست سے بخش دیئے گئے تجھے
سب ملکی تصرفات سب فلکی تجلّیات

چہرہ کشا کرم ترا قاف سے تا بہ قیرواں
لُطف ترا کرشمہ سنج کعبہ سے تا بہ سومنات

تیرے سلام کے لئے گلشنِ قدس کے طیور
گھُوم رہے ہیں ڈال ڈال جھُوم رہے ہیں پات پات

دیکھتے ہی ترا جلال کُفر کی صف اُلٹ گئی
جھُک گئی گردنِ ہبل ٹُوٹ گیا طلسمِ لات

آنکھ کے اک اشارہ سے تو نے معاً بدل دیئے
ذہن کے سب تصوّرات قلب کے سب تاثرات

چون و چگونہ و چرا تا بکجا و تا بکے
حل کئے ایک بات میں تو نے یہ سرمدی نکات

غیر کو خویش کر دیا نیش میں نوش بھر دیا
پل میں درُست کر دیئے بگڑے ہُوئے تعلّقات

کیا ہی وہ انقلاب تھا ڈھل گئے جس میں ایک ساتھ
لزبن و پیرس و دمشق پیکن و دہلی و ہرات

از سرِ نو کیا گیا دودۂ آدم ارجمند
اُٹھ گئی قیدِ خون و رنگ مٹ گیا فرقِ نسل و ذات

Marfat.com

شانِ خدائے پاک تھی یثربیوں کی سادگی — جس پہ نثار ہو گئے سب عجمی تعلّقات

تیری ثنا میں تر زباں ہو گیا جو مری طرح — اُس کے قلم میں آ گئی شانِ روانیٔ فرات

پست و بلند کے لئے عام ہیں تیری رحمتیں — عرش سے اور فرش سے تجھ پہ سلام اور صلوٰۃ

اے کہ رواں رواں ترا درد میں ہے بسا ہُوا — کس کو ترے سوا سنائیں جا کے ہم اپنی مشکلات

سر پہ اندھیری رات ہے گھِر گئی ہے بھنور میں ناؤ — موجِ بلا ہے تاک میں دُور ہے ساحلِ نجات

تھام کے پایۂ عرش کا کر بادب یہ التجا — اے کہ ہے مبدِ فیوض ایک فقط تری ہی ذات

بندے بھلے ہوں یا بُرے تُو تو ہے اے خُدا کریم — قطع ہو کیوں کریم کا سلسلۂ نوازشات

موردِ لطفِ خاص پر کس لئے آج یہ عتاب

ہم سے پھرا ہوا ہے کیوں گوشۂ چشمِ التفات!

Marfat.com

# فریاد بحضور سرورِ کونین

اے خاورِ حجاز کے رخشندہ آفتاب
صبحِ ازل ہے تیری تجلی سے فیضیاب

زینت ازل کی ہے تو ہے رونق ابد کی تو
دونوں میں جلوہ ریز ہے تیرا ہی رنگ و آب

چوما ہے قدسیوں نے ترے آستانہ کو
تھامی ہے آسمان نے جھک کے تیری رکاب

شایاں ہے تجھ کو سرورِ کونین کا لقب
نازاں ہے تجھ پہ رحمتِ دارین کا خطاب

برسا ہے شرق و غرب پہ ابرِ کرم ترا
آدم کی نسل پر ترے احساں ہیں بے حساب

پیدا ہوئی نہ تیری مواخات کی نظیر
لایا نہ کوئی تیری مساوات کا جواب

خیر البشر ہے تو تو ہے خیر الامم وہ قوم
جس کو ہے تیری ذات گرامی سے انتساب

مغرب کی دستبرد سے مشرق ہوا تباہ
ایماں کا خانہ کفر کے ہاتھوں ہوا خراب

صد ہا ترے غلام نصاریٰ کی قید میں
دن زندگی کے کاٹ رہے ہیں بصد عذاب

پھر بھی ہے اُن کو لاج ترے نام پاک کی
پروانہ وار حسن پہ تصدق ہیں شیخ و شاب

ہے ان کے ایک ہاتھ میں سیفِ اللہی
اور دوسرے میں ہے تیری لائی ہوئی کتاب

Marfat.com

یُوں کُفر کے ہجوم پہ گرتے ہیں ٹوٹ کر
شیطاں پر آسماں سے گرے جس طرح شہاب

چہرے پہ زخم کھائے مگر مُنہ نہ پھر سکا
گلگونۂ عذار ہے اندیشۂ عقاب

باور نہ تجھ کو آئے تو ہندوستاں میں آ
اور دیکھ لے اُلٹ کے ملیبار کا نقاب

اے قبلۂ دو عالم و اے کعبۂ دو کون
تیری دُعا ہے حضرتِ باری میں مستجاب

یثرب کے سبز پردے سے باہر نکال کر
دونوں دُعا کے ہاتھ بصد کرب و اضطراب

حق سے یہ عرض کر کہ ترے نا سزا غلام
عُقبیٰ میں سرخرُو ہوں تو دنیا میں کامیاب

---

Marfat.com

# صلّوا علیہ وآلہ

وہ شمع اُجالا جس نے کیا چالیس برس تک غاروں میں
اِک روز جھلکنے والی تھی سب دُنیا کے درباروں میں
گر ارض و سما کی محفل میں لَوْلاکَ لَمَا کا شور نہ ہو
یہ رنگ نہ ہو گلزاروں میں یہ نور نہ ہو سیّاروں میں
جو فلسفیوں سے کھُل نہ سکا اور نکتہ وروں سے حل نہ ہُوا
وہ راز اِک کملی والے نے بتلا دیا چند اشاروں میں
وہ جنس نہیں ایمان جسے لے آئے دکانِ فلسفہ سے
ڈھونڈے سے ملے گی عاقل کو یہ قرآں کے سیپاروں میں
ہیں کرنیں ایک ہی مشعل کی بوبکر و عمر عثمان و علی
ہم مرتبہ ہیں یارانِ نبی کچھ فرق نہیں اِن چاروں میں

---

Marfat.com

# رحمۃٌ لِلعالمین

وہ اُٹھا خاکِ بطحا سے سعادت کا امیں ہو کر | علم بردارِ حق بن کر سپہ سالارِ دیں ہو کر
عرب کے واسطے رحمت عجم کے واسطے رحمت | وہ آیا لیکن آیا رحمۃٌ لِلعٰلمین ہو کر
خدا نے اُس کو اپنے حُسن کے سانچے میں ڈھالا ہے | چھپنا ہے اس کا پرتو نورِ صُبحِ اولیں ہو کر
خدا پر تھا یقیں پہلے ہی لیکن اُس کا احساں ہے | کہ آنکھوں میں یقیں پھرنے لگا عینُ الیقیں ہو کر
اسی کا بے حساب احساں ہم پر تھا کہ صدیوں تک | رہا ہندوستان اسلام کے زیرِ نگیں ہو کر
نہ نکلی کوئی بات اُس کی زباں سے تا دمِ آخر | نہ نکلی ہو جو زیبِ نطق جبریلِ امیں ہو کر
خدا کی شان سے رونق ہے موجوداتِ عالم کی | وُہ سب نبیوں کے بعد آیا مگر گیا نہیں ہو کر

نمک پروردہ اُس کی شرم کے ہیں سب گنہ میرے
وہ شرم آئی جو عقبیٰ میں شفیع المذنبیں ہو کر

---

دانم بارڈی

۳۰ اگست ۱۹۲ء

# شبِ معراج

عشق مہماں ہُوا حُسن کے گھر آج کی رات
جذبۂ دل ہے بآغوشِ اثر آج کی رات

بختِ بیدار نے دی دولتِ سرمد کی نوید
کیوں نہ آنکھوں میں کٹے تا بہ سحر آج کی رات

اپنے اللہ سے ملنے کے لئے جاتا ہے
اپنے اللہ کا منظورِ نظر آج کی رات

ماہ و انجم نے سرِ راہ بچھا دیں آنکھیں
کیونکہ ہے ناقۂ اسریٰ کا سفر آج کی رات

کہکشاں جلوہ فشاں ہے کہ اسی رستے سے
ہونے والا ہے محمدؐ کا گزر آج کی رات

چاند کیا چیز ہے سُورج کی حقیقت کیا ہے
پرتوِ نُور سے روشن ہے نظر آج کی رات

اُٹھ گیا چہرۂ ہستی سے نقابِ اسرار
لائی ہے رازِ امانت کی خبر آج کی رات

مل گئی دونوں جہانوں کے خزانوں کی کلید
اپنے معراج کو پہنچا ہے بشر آج کی رات

---

۲۴ر فروری ۱۹۲۵ء

Marfat.com

# التجا بحضورِ سرورِ کائنات

جاگ او یثرب کے میٹھی نیند کے ماتے کہ آج
لُٹ رہا ہے آنکھوں آنکھوں میں تری اُمت کا راج

سر چھپانے کا ٹھکانہ بھی انہیں ملتا نہیں
جنکی ہیبت لے چکی ہے ایک عالم سے خراج

تیرے بچے ہو رہے ہیں ساری دُنیا میں ذلیل
کیا نہیں اے قبلۂ عالم تجھے بچوں کی لاج

ہم ہیں ننگے سر اُٹھا اے شانِ عرب آنِ عجم
اور پہنا دے ہمیں پھر سطوت کبریٰ کا تاج

تشنہ کامانِ خلافت کو خود اپنے ہاتھ سے
بھر کے وہ ساغر پلا ہے انگبیں جس کا مزاج

اب دوا سے کام کچھ چلتا نہیں بیمار کا
اب تو ہے تیری دُعا ہی تیری اُمت کا علاج

---

۲۲ اپریل ۱۹۲۰ء

Marfat.com

# نذرِ محضرِ حضور خواجۂ دو جہاں سرورِ کون و مکاں

## محمد مصطفیٰ احمد مجتبیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

اے کہ ترا شہود ہے وجہ نمود کائنات
اے کہ ترا فسانہ ہے زینت محفل حیات

اے کہ ہیں تیری ذات میں جمع زمانے کے صفات
سب ملکی تصرفات سب فلکی تجلیات

ہم سے پھرا ہوا ہے کیوں گوشۂ چشم التفات

بادۂ معرفت سے جب تو نے بھرا خم الست
بزم میں آ کے جھک پڑے سارے جہاں کے مے پرست

تھا یہ عجیب انتظام تھا یہ عجیب بند و بست
ہو گئے مست ہوشیار بن گئے ہوشیار مست

ہم سے پھرا ہوا ہے کیوں گوشۂ چشم التفات

تیرے غلام ہو گئے سارے جہاں کے شہریار
سرور کائنات تو اور وہ زمیں کے تاجدار

صبح ازل سے ڈھونڈتی تھی جسے چشم انتظار
تیرے قدم کے فیض سے باغ میں آئی وہ بہار

ہم سے پھرا ہوا ہے کیوں گوشۂ چشم التفات

شرق ہے تجھ سے مستفیض غرب ہے تجھ سے فیضیاب
دونوں جہاں کی رحمتیں ہو گئیں تیری ہم رکاب

جو ترے در کی خاک تھے ہو گئے آسماں جناب
لطف ترا ہے بے شمار فیض ترا ہے بے حساب

ہم سے پھرا ہوا ہے کیوں گوشۂ چشم التفات

Marfat.com

تیرے نوال ہیں نہاں مبدء بحر کا مآل
تیرے کمال سے عیاں شانِ خدائے ذوالجلال
قدر تری ہے بے مثال درس ترا ہے لازوال
نور کی فوق کل نور سبک اصوب المقال
ہم سے پھرا ہوا ہے کیوں گوشۂ چشمِ التفات

خلق ہوئی تھی میمنت تیرے قدوم کے لئے
وضع ہوئی تھی معرفت تیرے علوم کے لئے
فیض نہ تھا ترا فقط قوم ظلوم کے لئے
بلکہ ترا خصوص تھا وقف عموم کے لئے
ہم سے پھرا ہوا ہے کیوں گوشۂ چشمِ التفات

گردنِ خلق ایک ساتھ جھک گئی رب کے سامنے
چون و چرا نہ چل سکا اصل سبب کے سامنے
گرد ہوئی ہے کیمیا خاک عرب کے سامنے
تو نے یہ گنج شایگاں رکھ دیا سب کے سامنے
ہم سے پھرا ہوا ہے کیوں گوشۂ چشمِ التفات

چین سے تا بہ اندلس بادہ فروش تو ہی تھا
بادہ کشوں کے واسطے چشمۂ نوش تو ہی تھا
شاہد علم و فضل کا حلقہ گوش تو ہی تھا
سارے جہان کے لئے دیدۂ ہوش تو ہی تھا
ہم سے پھرا ہوا ہے کیوں گوشۂ چشمِ التفات

سارے جہاں کی حکمتیں تیرے کلام پر نثار
سارے جہاں کی دولتیں تیرے نظام پر نثار
ہم تیری ذات پر فدا ہم ترے نام پر نثار
تیری گلی میں ہوں نعیم تیرے مقام پر نثار
ہم سے پھرا ہوا ہے کیوں گوشۂ چشمِ التفات

Marfat.com

# عرضداشتِ اُمّت بحضورِ سرورِ کون و مکاں

اے نشانِ حجتِ حق مظہرِ شانِ جلیل — تو نے کی تکمیلِ آئینِ مسیحا و خلیل!

اولیں برہاں تری فرزندِ آذر کی دُعا — اور نویدِ ابنِ مریم دوسری تیری دلیل

نقطۂ پرکارِ عشقِ کبریا تیرا جمال — تجھ کو اُس سے ہے محبت کیونکہ وہ خود ہے جمیل

تیری چشمِ مست کا صدیقؓ اکبر ہے خراب — تیری تیغِ ناز کا فاروقؓ اعظم ہے قتیل

ختم تجھ پر ہو گیا انسانِ کامل کا لقب — لا نہیں سکتے زمین و آسماں تیرا عدیل

بن گیا قرآں کی ہر ہر سطر ہر ہر لفظ میں — نطق تیرا شانۂ زلفِ پیامِ جبرئیل

تیری روشن زندگی کے کارنامے بن گئے — اہلِ ایماں کے لئے ہر مرحلے میں سنگِ میل

کر دیا تو نے قوامِ دین و دُنیا معتدل — ناخنِ رہبانیت کی جڑ میں ٹھونکی تو نے کیل

لفظِ جنت قیدِ معنی سے رہا ہوتا اگر — تیری رحمت اہلِ عالم کی نہ ہو جاتی کفیل

حشر کے دن جن کو ملتا ساغرِ آبِ حمیم — تُو نے پلوایا انہیں جامِ شرابِ سلسبیل

---

قوم بھی سرمنزلِ ہستی میں ہے مانندِ فرد — عمرِ قسامِ ازل نے دی ہے دونوں کو قلیل

دیکھئے دونوں ہیں بچپن اور جوانی کی بہار — عہدِ پیری کاٹ کر ہونے ہیں سرگرمِ رحیل

Marfat.com

مصر و یوناں لد گئے روما و بابل مٹ گئے — کم جیا کوئی کسی نے زندگی پائی طویل
یا محمدؐ تیری امت مٹ نہیں سکتی مگر — ہو نہیں سکتا فنا جس طرح آبِ رودِ نیل
لوحِ ہستی سے نہ ہوگا محو نقشِ اسلام کا — متفق ہیں اس حقیقت پر زمانے کے عقیل
جلوہ گر پائے گا ہم کو نت نئے انداز سے — رنگ بدلے خواہ کتنے ہی کیوں یہ چرخِ نیل
دولت اور اقبال کر سکتے نہیں ہم سے ابا — آیتِ استخلاف کی ہے اپنے دعویٰ کی دلیل
امتیازِ ملت و مشرب یہاں جائز نہیں — ہے لگی سب کے لئے مکہ کے ساقی کی سبیل

---

ہم ترے احکام پر جب تک عمل کرتے رہے — ہم کو ڈھونڈے سے نہ ملتا تھا کہیں اپنا مثیل
پرچمِ اسلام اک عالم پہ لہراتا رہا — مشوروں میں ہم رہے اقوامِ عالم کے دخیل
سطوتِ اسلام کے ماتھے پہ جب پڑتا تھا بل — سرکشوں کو ایک ساعت کی نہ مل سکتی تھی ڈھیل
جب چمکتا تھا ہمارا خنجرِ خارا شگاف — فتح و نصرت کو نہ ہوتی تھی مجالِ قال و قیل
مشرق و مغرب کے دفتر کو الٹ دیتے تھے ہم — اور ہمارے فیصلہ کی ہو نہ سکتی تھی اپیل

---

چھوڑ دی ہے جب سے لیکن ملتِ بیضا کی راہ — ہم مسلماں ہو گئے دنیا کی قوموں میں ذلیل
ہم کو آج آنکھیں دکھاتے ہیں ہمارے ریزہ چیں — بن گئے شہباز کل تک جن کو ہم سمجھے تھے چیل
ہم میں جو مفلس ہیں وہ زندہ ہیں لیکن مردہ وار — ہم میں جو منعم ہیں وہ یا تو ہیں مسرف یا بخیل

Marfat.com

گر شرافت اور نجابت کا ہو معیار اتقا — ہم مسلمانوں میں کم ہیں جو نہ نکلیں گے رذیل

---

کر رہا ہے یوں ہی دورِ آسماں ہم پر یورش — جس طرح کعبہ پہ چڑھ کر آئے تھے اصحابِ فیل
ہم ابابیلوں سے لیکن کس لئے مانگیں مدد — جب کہ تو خود ہے ہماری فتح و نصرت کی دلیل
تکیہ جس طاقت پہ ہم کو ہے وہ ہے تیری دعا — جو کہ ہے مقبولِ درگاہِ خداوندِ جلیل
تیرے روحانی تصرف نے کیا ہے جس طرح — تندرست اس کو جسے مغرب سمجھتا تھا علیل
درفشاں اے ابرِ رحمت ہند پر بھی ہو یونہی — تا کہ ہوں سیراب اس کشور کے بھی زرع و نخیل
علم کا ہم کو ہو شوق اور ہو عمل کا ہم کو ذوق — قرنِ اول کے ہوں پیدا ہم میں اخلاقِ جمیل
ہم بھلے ہیں یا برے ہیں تیرے آخر ہیں غلام — ہم کو ہمچشموں میں اے آقا نہ ہونے دے ذلیل

اے شفیع المذنبیں اے رحمۃ للعالمیں
اَنْتَ کہفی اَنْتَ ہادی اَنْتَ لی نعم الدلیل

---

Marfat.com

# اسلامیانِ ہند کی فریاد بارگاہِ سرورِ کائنات میں

اے کہ تری نمود ہے غازۂ روئے کائنات
جلوہ فشاں ہیں ہر طرف تیری ہی سب تجلیات

قصد یہ کر رہا ہوں میں نعت تیری رقم کروں
کوزہ میں بھر رہا ہوں میں مایۂ دجلہ و فرات

نور ترا نہ چھیڑتا گر افقِ شہود کو
ختم نہ ہوتی آج تک تیرگیٔ شبِ حیات

فرش میں تیرے ہمہمے عرش میں تیرے زمزمے
بھیج رہی ہے کائنات تجھ پہ سلام اور صلوٰۃ

ہیں عرب و عجم ترے دونوں ہی ہیں کرم ترے
تجھ سے حرم کی آبرو تیرے قدم میں سومنات

بت شکنوں میں آگئی آذریوں کی بت گری
کرنے لگے خدا پرست بندگیٔ منات و لات

بھولے تھے بندے نام حق تو نے دیا پیامِ حق!
جوڑ دیئے قدیم کے ٹوٹے ہوئے تعلقات

وہم و گماں میں بھی نہ تھا ہند کے آسماں تلے
عالمِ ہند کا نیا سلسلۂ تغیرات

آہ وہ عہد ہے کہاں جس میں ہمارے واسطے
روز تو روزِ عید تھا اور تھی شب شبِ برات

آہ وہ باغ کیا ہوا بارہ مہینے کی بہار
ملتی تھی جس میں ڈال ڈال ملتی تھی جس میں پات پات

مرکزِ ثقل سے سنو شرعِ مبیں کا ہٹ گیا
خطرہ میں آکے پڑ گیا دینِ قویم کا ثبات

Marfat.com

ایک طرف ہیں ذات کی زہر بھری عداوتیں
ایک طرف ہیں نسل کے قہر بھرے تعصبات

حکمت و علم کا مطب دینے لگا مریض کو
بے خبری و جہل کے بو قلموں مرکبات

عالم دیں فروش نے صوفی مکر کوش نے
دام ریا بچھا دیا اوڑھ لی دلق سیات

سب سے زیادہ مستحق تیری توجہات کے
ہم ہیں کہ ہم پہ آپڑیں سارے جہاں کی مشکلات

تیری نگاہ مہرباں ہم کو ذریعۂ فلاح
تیری دعائے مستجاب ہم کو وسیلۂ نجات

دور فتادہ ہی سہی تیرے مگر غلام ہیں
ہم سے پھرا ہوا ہے کیوں گوشۂ چشم التفات

---

۷ جنوری ۱۹۲۷ء

Marfat.com

# نذرِ عقیدت

## حضورِ آقائے دوجہاں کی جناب میں

اے کہ آرائش ہماری داستاں کی تجھ سے ہے
اے کہ افزائش ہماری عز و شاں کی تجھ سے ہے

ملتِ بیضا کی رونق تیرے دم سے برقرار
تمکنت اس با تجمل کارواں کی تجھ سے ہے

تیرے آب و رنگ سے رنگیں ہے ایراں کا چمن
جلوہ ریزی گلشنِ ہندوستاں کی تجھ سے ہے

مصطفےٰ کو تیری نسبت سے ہوا حاصل کمال
خوں فشانی اس کے غرب افگن سناں کی تجھ سے ہے

ہے خمیر مایۂ حسنِ عرب تیرا جمال
دلربائی نجد کے بانکے جواں کی تجھ سے ہے

سایہ پرور تیری رحمت کا حرم بھی دیر بھی
سود و بہبود جہان و فلاں کی تجھ سے ہے

کفر اگر پرچم کشا ہے اس کے ہم ہیں سردار
سربلندی دینِ قیّم کے نشاں کی تجھ سے ہے

دولت اک تیری کنیز اقبال اک تیرا غلام
شانِ دارائی امان اللہ خاں کی تجھ سے ہے

امتِ مرحوم کے دردِ جگر کے چارہ ساز
ساری تاثیر اس کی فریاد و فغاں کی تجھ سے ہے

ساری دنیا بن گئی ہنگامہ زارِ کشت و خوں
کچھ اگر امید ہے امن و اماں کی تجھ سے ہے

اس ورق پر پرتو افگن ہے ترا سحرِ حلال
اور بہار اس خامۂ معجز بیاں کی تجھ سے ہے

لاہور
۱۳ جنوری ۱۹۲۷ء

Marfat.com

# جشن میلاد نبویؐ

محمد مصطفےٰ گنج سعادت کے امیں تم ہو
شفیع المذنبیں ہو رحمت للعالمیں تم ہو

ہوئی تکمیل دیں تم سے کہ ختم المرسلیں تم ہو
رسالت ہے اگر انگشتری اس کے نگیں تم ہو

نہ ہوتے تم تو عرش و فرش کا نقشہ نہ جم سکتا
یہ دنیا اعتباری تھی حقیقت آفریں تم ہو

مبرّا کر دیا تم نے خدا کو ذمہ داری سے
کہ ختم حجت حق کی نشانی بالیقیں تم ہو

نمکداں خوان ہستی کا تمہارا حسن دلکش ہے
خدا جس پر ہوا سو جاں سے شیدا وہ حسیں تم ہو

اگر پروردگار انس و جاں کو ہم نے پہچانا
بلا شبہ و بلا شک اس کی وجہ اولیں تم ہو

دل شکستہ کو بھی اپنے اوپر ناز ہیں کیا کیا
یہ وہ آئینہ ہے جس کے سکندر بالیقیں تم ہو

تمہاری یاد ہو جس دل میں ایسے دل کا کیا کہنا
مکاں ہوگا عجب ہی شان کا جس کے مکیں تم ہو

ہوئی کافور ظلمت کفر کی جس کی شعاعوں سے
زمانہ پر یہ روشن ہے کہ وہ مہر مبیں تم ہو

نشان اِنَّا فَتَحْنَا کا نہ ہو کیوں آشکارا جب
علم بردار حق تم ہو سپہ سالار دیں تم ہو

خدا کیونکر نہ کھینچے معصیت پر مغفرت کا خط
مسلماں مذنبیں ہیں اور شفیع المذنبیں تم ہو

ہوا اسلام کا شرمندۂ احساں جہاں سارا
ہر اک اقلیم پر برسا گئے در ثمیں تم ہو

لقب خیر الامم جس کو دیا تاریخ عالم نے
اس امت کے نگہباں اس زمانہ میں تمہیں تم ہو

Marfat.com

مسلمانو! خدا کا فضل اس سے بڑھ کے کیا ہوگا — رسول اللہ کا خرمن ہے جس کے خوشہ چیں تم ہو

تمہارا عروۃ الوثقیٰ ہے واعتصموا بحبل اللہ — پھر اس رسی کو یارو تھام لیتے کیوں نہیں تم ہو

تمہارا نام ہے اب بھی بڑا دنیا کے حلقوں میں — ابھی تک گلشن دولت کے سرو راستیں تم ہو

اخوت کا سبق تم کو پڑھایا ہے پیمبر نے — مگر دل میں لئے پھرتے نفاق و بغض و کیں تم ہو

بھرا زہر ہلاہل ہے جگر اور دل میں سر تا سر — مگر ہنس ہنس کے ٹپکاتے زباں سے انگبیں تم ہو

سمجھ رکھا ہے حرمت کو مرادف تم نے حلت کا — کہ بھر بھر کر اڑاتے جام آب آتشیں تم ہو

اتروا دیں گے ملا بوٹ دروازہ پہ مسجد کے — خدا کے گھر تک اس خدشہ سے آسکتے نہیں تم ہو

پڑے پتلون میں سلوٹ مبادا کوئی جھکنے ہی — نہیں اس ڈر سے ہو سکتے شریک راکعیں تم ہو

پڑی ہیں مسجدیں ویران اور ہیں مدرسے سونے — قریب از علم دنیا ہو تو دور از علم دیں تم ہو

خدا سے لو لگاتے ہو تو اس کی بھی یہ حالت ہے — کہ وقف آرزو ہائے وصال حور عیں تم ہو

نہیں القصہ اس قابل کہ بخشے جاؤ عقبیٰ میں — خدا سے سرخرو ہو نا بہ خلد بریں تم ہو!

نہ یہ امید بھی گر ہو کہ حضرت بخشوا لیں گے — تو مطلق شک نہیں اس میں کہ جمع خاسریں تم ہو

محمدؐ کے تصدق میں تمہاری مغفرت ہو گی!
اگر وابستۂ دامان ختم المرسلیں تم ہو

---

Marfat.com

# صاحب قاب قوسین او ادنیٰ

دل جس سے زندہ ہے وہ تمنا تمہی تو ہو
ہم جس میں بس رہے ہیں وہ دُنیا تمہی تو ہو

پھوٹا جو سینۂ شب تار الست سے
اُس نورِ اولین کا اُجالا تمہی تو ہو

سب کچھ تمہارے واسطے پیدا کیا گیا
سب غایتوں کی غایتِ اولیٰ تمہی تو ہو

جلتے ہیں جبرئیل کے پر جس مقام پر
اس کی حقیقتوں کے شناسا تمہی تو ہو

جو ماسوا کی حد سے بھی آگے گزر گیا
اے رہ نوردِ جادۂ اسریٰ تمہی تو ہو

پیتے ہی جس کے زندگیٔ جاوداں ملی
اِس جانفزا زلال کے مینا تمہی تو ہو

اُٹھ اُٹھ کے لے رہا ہے جو پہلو میں چٹکیاں
وُہ درد دِل میں کر گئے پیدا تمہی تو ہو

دُنیا میں رحمتِ دو جہاں اور کون ہے
جس کی نہیں نظیر وہ تنہا تمہی تو ہو

گرتے ہُوؤں کو تھام لیا جس کے ہاتھ نے
اے تاجدارِ یثرب و بطحا تمہی تو ہو

بپتا سنائیں جا کے تمہارے سوا کسے!
ہم بے کسانِ ہند کے ملجا تمہی تو ہو

Marfat.com

# عرش سے فرش تک حضورِ سرورِ کونین پر صلوٰۃ وسلام کی بارش!

اِنَّ اللّٰہَ وَمَلٰٓئِکَتَہٗ یُصَلُّوْنَ عَلَی النَّبِیِّ یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَیْہِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا

رونق بزمِ دودۂ آدم صلّے اللہ علیہ وسلّم
خواجہ گیہاں سرورِ عالم صلّے اللہ علیہ وسلّم

جادہ شناس منزلِ وحدت جلوہ نمائے نورِ حقیقت
ہادیٔ اکبر مصلحِ اعظم صلی اللہ علیہ وسلّم

خیر ممثّل فضل مجسّم صورتِ احساں پیکرِ رحمت
آئیہ لطف ربک الاکرم صلی اللہ علیہ وسلّم

ہوگئی اُس پر ختم رسالت دیتے گئے ہیں جس کی شہادت
مُوسیٰ عمران عیسیٰ مریم صلی اللہ علیہ وسلم

خیل ملک تھا اُس کے جلو میں یعنی قضا کا رخش تھا رو میں
تاکہ جہاں ہو درہم برہم صلی اللہ علیہ وسلّم

کہتے ہیں جس کو سطوت کبریٰ تھی وہ اک اس کی مشق سراپا
گردن ہرقل جس سے ہوئی خم صلی اللہ علیہ وسلّم

Marfat.com

تیغ و کفن جب باندھ کے نکلے اُس کے فقشوں قاہر گھر سے
بجھ گئی یورپ میں صفِ ماتم صلّی اللہ علیہ وسلّم

ہے عرب اُس کا اور عجم اُس کا تھامے ہوئے ہیں ہم علم اُس کا
وہ ہے ہمارا اُس کے ہیں سب ہم صلی اللہ علیہ وسلم

وقت پہ دے گا تشنہ لبوں کو ساغرِ کوثر بھی وہی ساقی!
جس نے پلایا ہے انہیں زمزم صلی اللہ علیہ وسلم

جیت گئے اسلام کے غازی ہر گئی آخر کفر کی بازی!
جھک نہ سکا توحید کا پرچم صلی اللہ علیہ وسلّم

اُس کی غلامی نے ہمیں بخشا تاجِ سکندر فرّہ دارا
کو کبۂ کے مرتبہ جم صلی اللہ علیہ وسلم!

سب سے جب اونچا پایہ ہے اُس کا اور ترے سر پہ سایہ ہے اُس کا
ملّتِ بیضا پھر تجھے کیا غم صلّی اللہ علیہ وسلم

عرشِ بریں سے فرشِ زمیں تک فرشِ زمیں سے عرشِ بریں تک
غلغلہ برپا ہے یہی پیہم صلّی اللہ علیہ وسلّم

---

۲۸ دسمبر ۱۹۲۹ء

Marfat.com

# مقامِ محمدؐ

زمانے میں چمکا ہے نامِ محمدؐ
ہوئی روشن صبح شامِ محمدؐ

نہ پہنچے وہاں جبرئیل امیں بھی
بلند اس قدر ہے مقامِ محمدؐ

میرا منہ لیا چوم روح الامیں نے
لیا میں نے جس وقت نامِ محمدؐ

پلایا ہے بھر کے ساقی نے مجھ کو
خدا کے خمستاں سے جامِ محمدؐ

فقط دو حقائق پہ دنیا ہے قائم
بقائے خدا و دوامِ محمدؐ

Marfat.com

# تاجدارِ عرب و عجم

سخن آورم ز کمال او ز شکوہ او ز جلال او — کہ نہ دیدہ چشم مثیل او نہ شنیدہ گوش مثال او

بلغ العلےٰ بجمالہ کشف الدجےٰ بجمالہ
حسنت جمیع خصالہ صلو علیہ و آلہ

ز عرب چکیدہ ملاحتش ز عجم دمیدہ عذوبتش — نمکے کہ ریخت جمال او شکرے کہ بیخت مقال او

بلغ العلےٰ بکمالہ کشف الدجےٰ بجمالہ
حسنت جمیع خصالہ صلو علیہ و آلہ

ہمہ کس فراخور ذوق خود ز ازل گرفتہ مقدرے — تو ز لعل و گوہر و سیم و زر من و دست و دامن آل او

بلغ العلےٰ بکمالہ کشف الدجےٰ بجمالہ
حسنت جمیع خصالہ صلو علیہ و آلہ

---

Marfat.com

# فخر رسل

کہنے کو ہوں آج میں نعت رسول کریم
میری زباں کیوں نہ ہو رشک زبان کلیم!

مایۂ نازش مجھے ہے مری فکر رسا
وجہ تفاخر مجھے ہے میری طبع سلیم

بسکہ ہے لب پر مرے فخر رسل کی ثنا
عیسیٰ گردوں نشیں کا ہوں شریک و سہیم

اے شہ ہر دو جہاں سرور کون و مکاں
تو ہے خدا کا حبیب تو ہے خدا کا ندیم

تو ہے شفیع مناع تو ہے نبی کریم
تو ہے قسیم جسیم تو ہے نسیم وسیم

تجھ سے مزین ہوئی مسند پیغمبری
تجھ سے فروزاں ہوئی بزم الف لام میم!

دیکھ کے تجھ کو گرے لات وہبل سر کے بل!
آتے ہی تیرے فرو ہو گئی نار جحیم

کون سی ایسی ہوئی اس میں تعجب کی بات
تیرے اشارے سے ہو گر مہ کامل دو نیم

تو نے تو زندہ کیا بات میں اس جسم کو
رہ گئی تھیں اک فقط جس کی عظام رمیم

جس کی رگ و پے میں تھا شرک سمایا ہوا
چھائی ہوئی جس پہ تھی ظلمت جہل سقیم

ہو گئے صحرا نشیں صاحب دیہیم و تاج
عامی و جاہل بنے تیری بدولت حکیم

دولت دنیا و دیں قوم کو دی ایک ساتھ
ہے تری بخشش کثیر ہے ترا احساں عظیم

تو نے پلایا انہیں جام شراب طہور
جن کے مقدر میں تھی سوزش آب حمیم

Marfat.com

الغرض احساں ترے قوم پہ ہیں بے شمار | اُٹھ نہ سکے گا کبھی ہم سے یہ بارِ عظیم
جبکہ ہو تو ناخدا کشتیٔ اسلام کا | کیا اسے موجوں سے خوف کیا اسے طوفاں سے بیم
تیری شفاعت کا گر ہم کو سہارا نہ ہو | رحم پہ غالب رہے عدل خدائے عظیم
شافع روز جزا تو نہ ہو گر کارساز | ہم کو میسر نہ ہوں خلد بریں کے نعیم
خسرو خاقاں کا فخر تیرے گدایاں در | صاحب فوز عظیم تیری گلی کے مقیم
تو نے لگایا تھا جو گلشن قدس انتما | لاتی ہے اب تک نسیم اس سے اڑا کر شمیم
تو نے جلائی تھی جو مشعل عالم فروز | قوم کا اب تک بھی ہے اس سے منور حریم
بزم میں لیکن وہ رنگ اب نظر آتا نہیں | باغ میں باقی نہیں رونق عہد قدیم
ہے یہ دعا کا محل اے شہ دنیا و دیں | عرض کر اللہ سے ہے جو خبیر و علیم
بخشے ہمارے گناہ ہم پہ کرے اپنا فضل | پھر ملے اسلام کو عظمت شانِ قدیم

قوم میں ہو اتفاق اور ہو پہلا سا جوش
ہمّت اُدھر ہو بلند عزم اُدھر ہو صمیم

Marfat.com

# عشقِ رسولؐ

پرستارانِ لات و نسر مشکیں زید کی کس کر
جب اس اسلام کے شیدا کو مقتل کی طرف لائے

قریش اپنے جلے تن کے پھپھولے پھوڑنے نکلے
گھروں سے رقصِ بسمل کا تماشا دیکھنے آئے

جبینِ زید پر اس وقت وہ رونق برستی تھی
کہ صبحِ اولیں کے نور کی بارش بھی شرمائے

یہ اطمینانِ کامل دیکھ کر کفر اور جھلّایا
دلوں کی تیرگی نے بدر کے داغ اور چمکائے

ابوسفیاں پکارا کیا ہی اچھا ہو محمدؐ کو
ترے بدلے اگر جلّاد خاک و خوں میں تڑپائے

تڑپ اُٹھتا ہوں جب مجھ کو وہ فقرے یاد آتے ہیں
بوقتِ ذبح اس عاشق نے جو اس طرح دہرائے

مجھے ناز اپنی قسمت پر ہو گر نامِ محمدؐ پر
یہ سر کٹ جائے اور تیرا سراپا اس کو ٹھکرائے

یہ سب کچھ ہے گوارا پر یہ دیکھا جا نہیں سکتا
کہ اُن کے پاؤں کے تلوے میں اک کانٹا بھی چبھ جائے

---

Marfat.com

# نورِ حقیقت

عبث ناز کرتے ہیں ہم ابتدا پر — ہمیں دیکھنا چاہیئے انتہا کو
عمل گر یہی ہیں تو ہم حشر کے دن — دکھائیں گے مُنہ جا کے کیا مصطفےٰ کو
وہ نورِ حقیقت رسولِ خدا نے — مُنوّر کیا جس سے غارِ حرا کو
چمکتا ہوا سارے مشرق میں پھیلا — کیا روشن اُس نے تمام ایشیا کو
پھر اس نے کیا مغربی کشوروں میں — جُدا الغسق وَاللّیل سے وَالضُّحےٰ کو

ضلالت کی شب ہائے غاسق کی ظلمت
نہیں میٹ سکتی ہے اِس انجلا کو

---

۱۴ر اپریل ۱۹۲۸ء

Marfat.com

# صاحب معراج

لعل نگار کی طرح میری حدیث ہے لذیذ
گیسوئے یار کی طرح میرا فسانہ ہے دراز

چاہیئے اہلِ ذوق کو سوز کے ساتھ ساز بھی
نغمہ جو ہو تو جاں نواز نالہ جو ہو تو دل گداز

بادۂ اٰمَنُوا پیوں موت کے بعد میں جیوں
مطلع فجر کی طرح ہو مری زندگی دراز

جھوم کے پی رہا ہوں میں جام مُتِمُّ نُوْرِہٖ
گھوم رہا ہے جام میں نشۂ بادۂ حجاز

دعوت داع ہوگئی درگرو اِذَا دَعَانِ
یا کہ ہے خواب ناز میں چشم سیاہ نیم باز

دین قویم مصطفےٰ رحمت عام ہوگیا
آتے ہی اُس کے اُٹھ گیا شاہ و گدا میں امتیاز

تاجوروں کے رشک کو خاک در نبی ہوئی!
سُرمۂ دیدۂ بلال غازۂ چہرۂ معاذ

جس کی تمہیں خبر نہیں شان رسول ہی تو تھی
جس نے زمین خشک میں آ کے چلا دیئے جہاز

لائے براق جبرئیل کس لئے اُس کے واسطے
ہوتی تھی جس کی رات دن گنبدِ عرش پر نماز

---

۲۵ جنوری ۱۹۲۶ء

Marfat.com

# نویدِ مسیحؑ

دکھا رہی ہے دُعائے خلیل اثر اپنا
ہیں جلوہ ریز نویدِ مسیحؑ کے انوار

جنابِ آمنہ کے پہلوئے مبارک سے
ہُوا ہے رحمت پروردگار کا اظہار

حضورِ سرورِ کون و مکاں ہُوئے پیدا
پیمبری کے گُلستاں میں آئی فصلِ بہار

جہان و اہلِ جہاں کی پلٹ گئی کایا
ہٹائی مہرِ درخشاں نے ظلمتِ شبِ تار

بڑھی سیادت! یہاں گھٹی ظلالتِ کفر
چھٹی سیاہی باطل چھٹا بدی کا غبار

کرشمہ سنج ہوا ساقی عرب ایسا
کہ شرق و غرب مئے حق سے ہو گئے سرشار

جنابِ ختمِ رسل پہ ہزار بار درود
ہے جن سے عالمِ امکاں کی گرمیِ بازار

Marfat.com

# چشمۂ آبِ بقا

معشرِ اسلام ہے خیر الوریٰ کے سامنے
ہیں ستارے جلوہ گر بدر الدجیٰ کے سامنے

حیف ہے لوٹ آئیں پیاسے اب بھی قسمت کے ولی
ہم کھڑے ہیں چشمۂ آبِ بقا کے سامنے

دردمندوں کے دلوں کا چارہ فرما ہے وہی
ہوگئی عاجز قضا جس کی دُعا کے سامنے

جُھک گئی تھیں تاجدارانِ جہاں کی گردنیں
پاسبانانِ حریمِ مصطفٰے کے سامنے!

Marfat.com

# اللہ والے

## مَن کَانَ لِلّٰہِ کَانَ اللّٰہُ لَہٗ

قدموں میں ڈھیر اشرفیوں کا لگا ہوا
اور تین دن سے پیٹ پہ پتھر بندھا ہوا

ہیں دوسروں کے واسطے سیم و زر و گہر
اپنا یہ حال ہے کہ ہے چولہا بجھا ہوا

کسریٰ کا تاج روندنے کو پاؤں کے تلے
اور بوریا کھجور کا گھر میں بچھا ہوا

دستِ دعا انہیں کے لئے عرش تک بلند
ہے جن کی آستین میں خنجر چھپا ہوا

لوٹے ہیں جو رستہ میں کانٹے تمام عمر
پھولوں میں ایک ایک ہے آ کر تلا ہوا

احسان کی نوید سپید و سیاہ کو
سب کے لئے دریچۂ رحمت کھلا ہوا

جن کے یہ سارے کام ہیں اللہ کے لئے
پھر کیوں نہ سب سے رتبہ ہو ان کا بڑھا ہوا

خورشید ماہ و انجم و لیل و نہار پر
ان کی یداللّٰہی کا علم ہے گڑھا ہوا

تیور بدل گئے تو زمیں کانپنے لگی!
ابرو کے اک اشارہ سے محشر بپا ہوا

یثرب سے آج بھی یہ صدا گونجتی سنو
وہ جو خدا کے ہو گئے ان کا خدا ہوا

---

۱۹ر اپریل ۱۹۲۷ء

Marfat.com

# اِنَّکَ اَنۡتَ الاَعلٰی

خُدا کے گھر سے نکل گئے بُت حرم کی رونق ہوئی دوبالا
بدل گئے دن پلٹ گئی رُت نبیؐ نے اُمت کا نام اُچھالا

ہوائی جب وَالضُّحٰی کی چھوٹی تو سب نے اُس کی بہار لوٹی
کرن قُمِ اللَّیل کی جو پھوٹی تو سارے جگ میں ہوا اُجالا

چلے ہیں مکّے سے جب مدینے کہا یہ صدّیقؓ سے نبیؐ نے
کیا جو رخ ثور کا کسی نے تو مکڑیاں پور دیں گی جالا

سوادِ یثرب میں گھومتا ہوں نبیؐ کی دہلیز چومتا ہوں
شراب حق پی کے جھومتا ہوں رہے سلامت پلانے والا

عجم ہے میرا عرب ہے میرا جہاں میں جو کچھ ہے سب ہے میرا
اگر مسلماں لقب ہے میرا تو بول ہوگا میرا ہی بالا

Marfat.com

# عالم و عامل

خُدا سے واصل اور دنیا میں شامل
رسُول اللہ ہیں انسان کامل

محمدؐ مصطفےٰ کا نام لکھ کر
منوّر ہو گئے میرے انامل

خُدا کا قرب ہے گر تجھ کو منظور
رسُولؐ اللہ کی مِلّت سے جا مل

فقط ہے چند حرفوں کا اُلٹ پھیر
وگرنہ جو ہے عالم ہے وہ عامل

---

۱۶ر نومبر ۱۹۱۶ء

Marfat.com

# اطاعت و استطاعت

جب اک دن سرورِ کون و مکاں کے دستِ اقدس پر
سَمِعْنَا اور اَطَعْنَا کہہ کے کچھ لوگوں نے بیعت کی
تو شانِ رحمۃ للعالمینی کا تقاضا تھا
کہ اس بِالسَّمْعِ وَالطَّاعَۃِ میں ہے قید استطاعت کی

——— (حدیث)

Marfat.com

# اسلام

Marfat.com

# اسلام

## فِطْرَتَ اللّٰہِ الَّتِیْ فَطَرَ النَّاسَ عَلَیْہَا

ہے کسی مذہب کی منت کش اگر عقل سلیم
ہے وہ مذہب مذہب اسلام باللہ العظیم

جس شبستاں میں چراغِ عقل بھی خاموش ہے
ہے وہاں اسلام خود ہی شمع اور خود ہی حریم

کوئی دیں نوعِ بشر کے حق میں رحمت ہے اگر
ہے وہ دیں لایا ہے جس کو ایک مکّے کا یتیم

رَحْمَۃٌ لِّلْعٰلَمِیْن پیغمبرِ اسلام ہے
ہے خدا اسلام کا جس طرح رحمان و رحیم

کوئی دین اسلام سے بڑھ کر نہ ہوگا عام فہم
ایک عامی بھی سمجھ سکتا ہے اس کی لام میم

یہ وہ مذہب ہے بشارت جس کی دیتا ہے مسیحؑ
یہ وہ مسلک ہے شہادت جس کی لایا ہے کلیمؑ

ہیں اسی کے نقشِ ثانی جو حقائق ہیں جدید
ہیں اسی کے نقشِ اول جو معارف ہیں قدیم

جس قدر ہیں اگلے اور پچھلے مذاہب بیں ہے
انضباط اس کا فقید اور اعتدال اس کا عدیم

ماسوا کو غنچہ گر کہیے یہ اُس کی ہے چٹک
ارتقا کو نافہ گر کہیے یہ اُس کی ہے شمیم

فطرتِ انساں کو اس نے غوطہ اُس خم میں دیا
جس میں ہے آمیزشِ رنگِ خداوندِ حکیم

پیتے ہی جامِ شرابِ فِطْرَتَ اللّٰہِ الَّتِیْ
ہو گئے مفلس غنی اور بن گئے جاہل علیم

Marfat.com

جو شقی تھے بن گئے اس کے تصدق میں سعید
مل گیا کوثر انہیں تھا جن کی قسمت میں حمیم

قیصر و کسریٰ کی گردن اُن کے آگے جھک گئی
اوڑھ کر نکلے تھے جو دینِ محمد کی گلیم

امتیازِ ابیض و اسود یہاں جائز نہیں
ہیں غلام اس سرزمیں کے تاجداروں کے سہیم

پڑھ نہیں سکتا غرض اول سے آخر تک کوئی
ہے کتابِ اسلام کے احسان کی اتنی ضخیم

ساری دُنیا میں اُجالا ہو گیا توحید کا
شمعِ محفل جب بنیں آیاتِ قرآنِ کریم

بوئے جانِ مصطفےٰ آئی مشامِ خلق میں
باغِ کثرت میں چلی جس وقت وحدت کی نسیم

ہے علیٰ قدرِ سعادت اہلِ ایماں کا یہ فرض
مشرق و مغرب میں پھیلائیں یہ روح افزا شمیم

جو بھٹکتے پھر رہے ہیں تنگنائے کفر میں
رہنما ان کے بنیں سوئے صراطِ مستقیم

راز ہے تبلیغ کا واصبر علیٰ ما میں نہاں
راندہ اروں کے لئے ہے وعدۂ اجرِ عظیم

نصرتِ دیں کا صلہ دنیا میں ہے فتحِ مبین
اور انعام اس کا عقبیٰ میں ہے جنتُ النعیم

Marfat.com

# مسلمان کی شان

تُو نے اے مُسلم کچھ اپنی قدر پہچانی بھی ہے — تو ہے انساں تجھ میں لیکن شانِ یزدانی بھی ہے

فرش پر ہیں پاؤں تیرے عرش پہ ہے سر ترا — نصف تو خاکی ہے لیکن نصف نُورانی بھی ہے

جس تمدّن سے ہُوئی ہے خیرہ چشمِ روزگار — سرمہ اس کا تیرے نقشِ پا کی حیرانی بھی ہے

نیل کی موجیں اگر کرتی ہیں تیری جستجو — ڈھونڈتی پھرتی تجھے گنگا کی طغیانی بھی ہے

مرحمت تجھ کو ہُوا ایمان بھی اور عقل بھی — تیری دانائی میں شامل تیری نادانی بھی ہے ۱

تیرے دل میں درد اگر ہے آنکھ میں آنسو بھی ہیں — آگ سے ڈرتا ہے کیوں جب پاس ہی پانی بھی ہے

ساری دُنیا کے فضائل تجھ کو ترکہ میں ملے — تیری حکمت یثربی ہے اور یونانی بھی ہے

مشرق و مغرب کے گنجینوں سے تو ہے بہرہ ور — تیری الماری میں ملٹن بھی ہے قاآنی بھی ہے

تو چمکتا ہے ہر اک کشور میں بن کر آفتاب — تو اگر ہندوستانی ہے تو برطانی بھی ہے

مرتبہ جس کی بدولت تجھ کو یہ حاصل ہُوا — کوئی اس کا آج کے دن تک ہُوا ثانی بھی ہے

Marfat.com

ڈال رکھی ہے گلیم فقر اُس نے دوش پر
اُس کے سر پر ساتھ ہی تاج جہانبانی بھی ہے

وہ خدا سے دُور بھی ہے اور خدا کے پاس بھی
وہ رسول اللہ بھی ہے اور ظلِّ سبحانی بھی ہے

نظم میں آ جائے حسانؓ ابن ثابت کا جو رنگ
شعر کہنے کا مزا لطف ثنا خوانی بھی ہے!

مدح خواں ہوں میں رسول اللہ کا میرا صلہ
عالم باقی بھی ہے اور عالم فانی بھی ہے

میری نذر گوہریں پہنچے گی اُن تک خود بخود
موتیوں میں گر درخشانی ہے غلطانی بھی ہے!

---

۲۴ر دسمبر ۱۹۱۶ء

# دین کی لِم

پیمبرؐ سے سفیان نے عرض کی
کہ سمجھایئے دین کی مجھ کو لِم!

بھرا کوزہ میں دجلہ یوں آپ نے
قُل اٰمنتُ باللہِ ثُمَّ اسْتَقِم

(حدیث)

Marfat.com

# شیوۂ مسلم

تجھے مُسلم اس کی بھی ہے خبر کہ ہے شیوہ خوش طلبی ترا
ہے زباں اگر عجمی تری تو لقب تو ہے عربی ترا

ترے آگے کیوں نہ جھکیں ملک تجھے سجدہ کیوں نہ کرے فلک
کہ خدا ہے لم یزلی ترا تو نبی ہے مُطلبی ترا

ہے شراب کا تو مزہ وہی مگر اختلافِ مذاق سے
کبھی کوزہ ہے یمنی ترا کبھی شیشہ ہے حلبی ترا

یہ بلائیں جائیں گی آپ ٹل یہ تصرفِ شہ دوسرا
اگر اُن کے کان میں پڑ گیا کبھی نالۂ نیم شبی ترا

Marfat.com

# شہیدِ کربلا

حسینؓ ابنِ علیؓ نے کی ہے قائم اک مثال ایسی
کہ تقلید اُس کی تقدیرِ حیاتِ جاودانی ہے

قناعت ہو تو ایسی ہو نظر ہے آبِ آہن پر
درآں حالیکہ بہتا پاس ہی دریا میں پانی ہے

زمینِ کربلا لائی نہیں میل اس کے تیور پر
کہ یاد اُس کو حنین و بدر کی اب تک کہانی ہے

چمکتی اس حقیقت کی کرن ہے اُسکی آنکھوں میں
کہ زندہ ہے تو اسلام اور جو کچھ ہے وہ فانی ہے

ہوئیں گل سڑ کے چُونہ ہڈیاں اُس کے حریفوں کی
مگر لاکھوں دلوں پر اب تک اُس کی حکمرانی ہے

حسینؓ ابنِ علیؓ کی زندگی قرآن کی صورت
رسُول اللہ کی دُنیا میں اک روشن نشانی ہے

---

Marfat.com

# اسلام کی کامیابی اور مسیحیت کی ناکامی کا راز

کل ملے اک پادری صاحب مجھے بازار میں
خلق شیرینی میں تھا جن کا مثالِ انگبیں

جمع اُن کے گرد تھے کچھ آریہ کچھ مولوی
بن رہے تھے پادری صاحب مدارِ کفر و دیں

معترض سب ہندی الاصل اور وہ انگلش نژاد
ایک ہم رنگ فلک اور ایک ہم سنگ زمیں

آریہ صاحب کبھی کرتے تھے اُن پر اعتراض
مولوی صاحب کبھی ہوتے تھے اُن پر نکتہ چیں

اعتراض اس کا درشت اور نکتہ چینی اُس کی سخت
یہ مجسم خشم و قہر اور وہ سراپا بغض و کیں

ایک کہتا تھا کہ بھارت کو کیا تو نے بھرشٹ
ایک کہتا تھا خرِ دجّال ہے تو اے لعیں

خندہ پیشانی سے سنتے تھے وہ سب کے اعتراض
گالیاں کھا کر بھی ابرو پر نہ لاتے تھے وہ چیں

دیکھ کر یہ شیوہ اُن کا جس نے میری آنکھ میں
کھینچ دی تصویر خلقِ رحمۃ للعالمیں

میں ہُوا اپنوں کی حالت پہ نہایت ہی ملول
اور کہی غیروں کو میں نے بے تامل آفریں

پادری صاحب کی خدمت میں یہ میں نے عرض کی
اے جناب عیسیٰ مریم کی ملت کے امیں

آپ کے اخلاق کی وسعت ہے ، دامن گیرِ دل
آپ کا طرزِ عمل ہے دل پسند و دل نشیں

قاضی الحاجات کی بھی ہے عنایت آپ پر
آپ کی جیبیں ہمیشہ کھنکھاتی ہی رہیں

Marfat.com

آپ کے ہاتھوں سے جب پایا کسی نے انطباع ۔۔۔ کچھ دنوں سیم اور زر کے مینہ کی جھڑیاں لگ گئیں

ڈھنگ جیسے دل لبھانے کے ہیں معلوم آپ کو ۔۔۔ اُن سے واقف کوئی بھی دُنیا کے پردہ پر نہیں

آپ کی داڑھی سے جو عقدہ نہ ہو سکتا ہو حل ۔۔۔ کھول دیتی ہے کسی لیڈی کی زلفِ عنبریں

ہم نوا ہیں آپ کی تبلیغ دیں میں وہ حسیں ۔۔۔ پھول کے مانند کھل کر بھی جو کلیاں ہی رہیں

دیکھ کر حسن کی ادا ہے خارج از امکاں یہ بات ۔۔۔ کھو نہ بیٹھیں مولوی صاحب بھی دل کے ساتھ دیں

آپ کو حاصل حکومت کی بھی ہیں آسانیاں ۔۔۔ ہیں مسیحی دولتیں ساری کلیسا کی معیں!

حُسن کی دولت کی اور طاقت کی تینوں دیویاں ۔۔۔ جھک کے دہلیز کلیسا پر رگڑتی ہیں جبیں!

جب یہ سب کچھ ہے تو پھر کیوں ساری دُنیا میں نظر ۔۔۔ ہم کو لہراتا علم تثلیث کا آتا نہیں

کس لئے ویران ہو جاتی نہیں ہیں مسجدیں ۔۔۔ چشیلوں میں پھیلتا جاتا ہے کیوں دینِ مبیں!

مندروں میں سنکھ کیوں بجتا ہُوا سُنتے ہیں ہم ۔۔۔ بُت پرستوں کو مسیحیت سے کیوں اُلفت نہیں

میری یہ باتیں اُسی اپنی خوش اخلاقی کے ساتھ ۔۔۔ کان دھر کر پادری صاحب نے آخر تک سُنیں

جو جواب ان ساری باتوں کا مگر مجھ کو ملا ۔۔۔ اُس نے میرے حُسنِ ظن کی دونوں آنکھیں کھول دیں

پادری ہے پادری ہو خواہ وہ پاپائے روم ۔۔۔ حضرت پاپا ہیں پاپا گرچہ ہوں رُوح الامیں

تمکنت سے پادری صاحب ہوئے یوں دُر فشاں ۔۔۔ افضلیت کا مسیحیت ہے نقشِ اوّلیں

ہیں مُطابق فہمِ انسانی کے سب اس کے اصُول ۔۔۔ علم و حکمت کے قریب اور عقل و دانش کے قریں

کافروں کی شوخیٔ طابع اسے سمجھو اگر ۔۔۔ آج تک روح القدس کا فیض انہیں پہنچا نہیں

Marfat.com

چھوڑ دی اسلام نے ڈھیلی ہوسناکی کی باگ — کوششیں اس کی جبھی تو ایسی بار آور ہوئیں

---

عرض کی میں نے کہ اے اسپنر کے ڈھانچے کے بروز — مایۂ عار جناب عیسیٰ گردوں نشیں
مجھ سے سنیئے کیوں مسیحیت نہیں ہے کامیاب — کیوں مسخر اس نے عالم کو کیا اب تک نہیں
ایشیا کے دل کو قابو میں نہیں کیوں لا سکی — عیسویت کے خطیبوں کی گرفت آہنیں
گورے کالے میں نہیں رکھا ہے فرق اسلام نے — تل گیا ہے ایک کانٹے میں گروہِ مسلمیں
بھنگیوں کو اس نے رتبہ دے دیا سادات کا — زنگیوں کو کر دیا اس نے امیر المومنیں
اس اخوت کا نہیں ملتا نصاریٰ میں سراغ — اس لئے غیروں کو الفت ان کے مذہب سے نہیں

عیسویت کو نہ ہوگی فتح حاصل حشر تک
گر وہ دنیا کو بنائے گی یونہی معیارِ دیں

---

Marfat.com

# چراغِ حرم

ثابت جب اپنے آپ کو خیر الامم کیا
ہم نے کیا وہ کام کسی نے جو کم کیا

تیغِ جہاں کشا سے جھکایا سرِ عجم
نوکِ سناں سے گردنِ روما کو خم کیا

گھر گھر میں ہم نے حق کی تجلّی بکھیر دی
روشن گلی گلی میں چراغِ حرم کیا

پہنچا دیا پیامِ خدا ہر دیار میں
ہر ملک میں بلند نبیؐ کا علم کیا

بخشی ہمیں غلامیٔ سردارِ کائنات
کتنا بڑا خدا نے یہ ہم پر کرم کیا

Marfat.com

# شانِ اسلام

## ہم مسلمان کون ہیں؟
## ہم خیرِ کثیر کوثر ہیں!

کچھ جانتے بھی ہو ہم نفسو! کس ملک کے ہم سب افسر ہیں
کس دُرج کے ہم سب گوہر ہیں، کس بُرج کے ہم سب افسر ہیں

ہم شانۂ زلفِ امانت ہیں ہم طرۂ رشدِ کہانت ہیں
آبادئ پہلوئے آمنہ ہیں ویرانئ خانۂ آذر ہیں!

فرزند ہم ابراہیمؑ کے ہیں وارث اُس تعظیم کے ہیں
پیراستہ جس سے فسانوں میں القابِ جم و اسکندر ہیں

ایمان کے ہم ایما ہوتے ہیں اور جسد ایماں ہوتے ہیں
ہم خاکِ درِ پیغمبر ہیں یا سرمۂ دیدۂ سرور ہیں

Marfat.com

صدیقؓ ہوئے تصدیق میں ہم فاروقؓ بنے تفریق میں ہم

ایماں طلبی میں بوذر ہیں خیبر شکنی میں صفدر ہیں

ہیں جانِ حیا عثمانؓ کی طرح ہیں آنِ وفا سلمانؓ کی طرح!

اسلام ہے کف ہم خنجر ہیں طاغوت ہے رگ ہم نشتر ہیں

ہم صلّ لِربّک پڑھتے ہیں پروان اسی سے چڑھتے ہیں

کیونکر نہ عدو سب ابتر ہوں ہم خیرِ کثیر کوثر ہیں

Marfat.com

# جہانِ باطن

جس کو اُس زلفِ سیہ تاب کا سودا ہو گا
گر بلالؓ حبشی ہے تو وہ دارا ہو گا!

فرش اُس کے لئے بن جائے گا ہم پایۂ عرش
اور ثریٰ میں ہے تو برتر ز ثریّا ہو گا

اُس کے ہم چشم اُسے سمجھیں گے بے شبہ عدیل
اپنے اقران و اماثل میں وہ یکتا ہو گا

اپنے اندر نظر آئے گا اُسے ایک جہاں!
اس جہاں پر اُسے ہر قسم کا دعویٰ ہو گا

دل میں جلوے اُسے فاران کے آئیں گے نظر
اور دماغ اُس کے لئے سینۂ سینا ہو گا

شیوۂ مصطفوی سیکھ وگرنہ اسلام
تجھ کو مُسلم سببِ نازشِ بے جا ہو گا

خاک چھُو کر تمہیں اکسیر بنا آتی ہے
کس کو اس پر نہ زمانے میں اچنبھا ہو گا

کشورِ ہند میں گنگا کے بہانے والو
کہیں اک چشمۂ زمزم بھی اُبلتا ہو گا

Marfat.com

# مسلمان کا مرتبہ

اے مسلمان جواب آپ ہی اپنا ہے تو — اپنے اللہ کی رحمت کا سراپا ہے تو
جس نے دنیا کو دیا عدل و مساوات کا درس — اس کے احسان کا بہتا ہوا دریا ہے تو
فرش پر پاؤں ہیں اور عرش پہ ہے سر تیرا — علم تاجور یثرب و بطحا ہے تو
تری تلوار کی جھنکار کا دنیا میں ہے شور — حشر اس شور سے کرتا گیا برپا ہے تو
بے پناہوں کیلئے ہے ترے بازو میں پناہ — ناتوانوں کو ہو غم کیا کہ توانا ہے تو
دونوں عالم ترے اک قطرۂ خوں کی قیمت — ہے خدا تیرے لئے کیونکہ خدا کا ہے تو
چومتے ہیں تری دہلیز کو ماہ و خورشید — محفل مشرق و مغرب کا اجالا ہے تو
کشور ہند کے ناموس کو خطرے سے بچا — اے کہ ہنگامۂ توحید کا غوغا ہے تو

زندگی موت سے اسلام نے کی ہے پیدا
اے مسلماں اسی اسلام کا بیٹا ہے تو

Marfat.com

# حمد

السلمت پکاروں گا باندازِ براہیم
مسلم ہوں مرا شیوۂ دیرینہ ہے تسلیم

کی ہے مرے ہادی نے مجھے صبر کی تلقین
دی ہے مرے آقا نے رضا کی مجھے تعلیم

جاہل ہو مخاطب تو میں کہتا ہوں سلاماً
بھولا نہیں میں اپنے پیمبر کی یہ تفہیم

دلجوئیِ اغیار مجھے مدِ نظر ہے
کرتا ہوں میں دنیا کے سب ادیان کی تکریم

لیکن میں پرستار نہیں خاکِ وطن کا
دیتا نہیں اس بت کو کسی شکل میں تعظیم

قائل نہیں میں ہند کے اُن فلسفیوں کا
جو ہم کو دلاتے ہیں یقین از رہِ تحکیم

جب تک کہ نہ ہو تابعِ خاکِ وطن ایمان!
اس ملک میں ممکن نہیں اک قوم کی تنظیم

ایمان تو اک نور ہے دل جس سے ہے روشن
اس نور پہ کب خاک کو ہو سکتی ہے تقدیم

میں پہلے مسلمان ہوں بعد اس کے ہوں کچھ اور
وہ بھی مری تخصیص تو ہے میری تعمیم

ازبسکہ رعیت ہوں میں شاہِ دوسرا کی
بستی ہے مری مشرق و مغرب کی ہر اقلیم

بخشی گئی دنیا بھی ملا دین بھی مجھ کو
جس وقت کہ اسلام کی دولت ہوئی تقسیم

اے دینِ مبیں ہند میں درپیش ہے تجھ کو
آج ایک نیا خوف نیا خطرہ نیا بیم

Marfat.com

توحید کے فرزند ہیں کفار کی زد میں
اور سب سے بڑا حربۂ کافر ہے زر و سیم

ہم کفر کی شب خوں سے ڈرے ہیں نہ ڈریں گے
بڑھتے ہیں جو کفار تو ہم بڑھتے ہیں آگے

مرتا ہوں جو پیاسا بھی تو گنگ اور جمن سے
لب تر نہ کرے جرعۂ کوثر و تسنیم

بدلی ہے نہ بدلے گی مسلمان کی فطرت
اللہ کے قانون میں ہوتی نہیں ترمیم

---

# خانۂ خدا کی حضوری

مسجد کو بسایا بھی اسی شخص نے جس کو
توحید میں اور روزِ جزا میں نہ رہا شک

حاصل ہے حضوری جسے اللہ کے گھر کی
اس مردِ مسلمان کے ایمان میں کیا شک

(حدیث)

Marfat.com

# ماه و پروین

خواجهٔ ما محمد عربی — نقش خاتم النبیین است
مصطفیٰ ماه و امتش پروین — ماه رونق فزائے پروین است
عرب آغوش عالمے باشد — بستهٔ دامنش دل و دین است
مسلم از سجده گنج ها اندوخت — دولت او جبین سیمین است
نعمت حق بما شد ارزانی — شرع ما را شعار و آئین است
هست اسلام خوشترین انجام — خنک آں کس که عاقبت بین است
باده اش تند و شکر افشاں هم — شور در جاں فگند و شیرین است
جوشد اندر خم حجاز ایں مے — جام ایں مے مگر جهاں بین است
پاره اش پرور و مراقش را — جرعه اش ریزش لب چین است

تو ز نیساں توقعے داری
گوهر ساز کان لیسین است

---

۱۸ر نومبر ۱۹۱۷ء

Marfat.com

# حجت حق کا اتمام

مصطفےٰ کو جب ملا پیغام اکملت لکم
گُل ہمیشہ کے لئے شمع نبوت ہو گئی

آسماں نے "حکم" کا انعام "حکمت" کو دیا
حق کی حجت ختم ہو کر حق کی رحمت ہو گئی

مصطفےٰ ہیں گلشن توحید مسلم بوئے گل
خود وہ ہیں خیر البشر خیر ان کی امت ہو گئی

ماہِ نو کی کیا ضرورت بدرِ کامل کی شبیہ!
عجب کلام اللہ کی ایک ایک آیت ہو گئی

پھر یہ ہم سے پوچھتے ہیں آ رہا ہے کیوں عذاب
اللہ اللہ آپ لوگوں کی یہ حالت ہو گئی

---

۱۷ نومبر ۱۹۱۴ء

Marfat.com

# اِنَّ اکرمکم عند اللہ اتقٰکم

گئے وہ دن کہ اکرم کیلئے تھی شرط اتقٰی کی
شرف سب سے بڑا یہ تھا کہ دل میں حرمتِ دیں ہو

اوامر اور نواہی کا ہو سوتے جاگتے کھٹکا
بغل میں ہو اگر سنت تو مصحف زیرِ بالیں ہو

سب اک تسبیح کے دانے ہوں جس کا رشتہ ہو ایماں
مساوات اور اخوت سب مسلمانوں کا آئیں ہو

بڑے ہیں اور چھوٹے میں فقط ہو امتیاز اتنا
وہ قلزم ہو یہ جیحوں ہو وہ ہو ماہ اور یہ پرویں ہو

گھرانا ایک ہو ان کا گھر اُن کا ہو جہاں سارا
مراقش ہو عرب ہو ہند ہو ایران ہو چیں ہو

یہ تقلیدِ ہنود اب تو مگر اپنی یہ حالت ہے
کہ اعلیٰ ذات بالا ہو اور ادنیٰ ذات پائیں ہو

یہ پوچھا جا رہا ہے آج کل خدامِ ملت سے
کہ تم ہو ذات کے رانگھڑ نسب کے یا ارائیں ہو

شعوبیت کے سانچے میں ڈھلے جب بُت تشتت کا
کہ ہر ڈیڑھ اینٹ کی مسجد کی اس لعنت سے تزئیں ہو

تو شتت شملہم کی پھر مساجد میں دُعا کیسی
کہیں کافر کے مُنہ سے ہی بلند اس پر نہ آمیں ہو

---

Marfat.com

# داستانِ شیخ

کتھا برہمن کی تو سُن لی ہے تو نے
ذرا سُن لے اب شیخ کی داستاں بھی

ہم اُس کے ہیں جس نے سکھائی ہیں ہم کو
جہاں بانیاں بھی جہاں بخشیاں بھی

نہیں اک فقط کعبہ ہی کے نگہباں
مُسلماں ہیں بُت خانہ کے پاسباں بھی

محمدؐ کے ناموس پر کٹ مرے ہم
فِدا اُن کی عزّت پہ دل بھی ہے جاں بھی

مُسلماں کی میراث روزِ ازل سے
اگر باختر ہے تو ہے قیرواں بھی!

عرب بھی ہمارا عجم بھی ہمارا
ہماری ہی دولت ہے ہندوستاں بھی

خریدیں گے ہندوستاں کو مسلماں
بِکے خواہ ہستی کی ساری دُکاں بھی!

مُسلمان کا خُوں بہا کون دے گا!
کم اس خُوں کی قیمت ہے دونوں جہاں بھی

سُنا لارڈ اروِن نے گاندھی کا دوہا
سنیں اب ہماری غزل خوانیاں بھی

زمیں شورِ تکبیر سے کانپ اُٹھی
لرزتا ہے اِس نعرہ سے آسماں بھی!

مُسلماں کے آغوشِ رحمت میں آجا
اس آغوش میں امن بھی ہے اماں بھی

Marfat.com

# دوائے بے پرہیز

ہے جستجو دوا کی دلِ دردمند کو
اور پھر دوا بھی وہ جو ہو پرہیز کے بغیر

بے لطف ہے فسانۂ گل و عندلیب کا
شیراز و مرو و مشہد و تبریز کے بغیر

سرمایۂ حیات ہے پیرایۂ نشاط
جینا عبث ہے طبعِ طرب خیز کے بغیر

نثری نثار نثر میں شعری شعار شعر
لاؤں کہاں سے کلکِ گہر ریز کے بغیر

لوں نامِ مصطفےٰ ہی کہ آتا نہیں قرار
اِس قصۂ لذیذ و دل آویز کے بغیر

ظلمت ہے زیبِ نور کہ بزمِ رسولؐ کی
رونق نہیں ہے خسروِ پرویز کے بغیر

خمِ خانۂ حجاز کے مستوں کی زندگی
بیکار ہے ایاغ مئے تیز کے بغیر

دیوانگی نہ ہو تو یہ فرزانگی نہ ہو
مُسلِم ہے ہیچ عقل جنوں خیز کے بغیر

سارے جہاں کی پیاس بجھانی محال ہے
اسلام کے پیالۂ لبریز کے بغیر

---

Marfat.com

# برکاتِ ماہِ صیام

ہُوا شعبان کل شب ختم اور ماہِ صیام آیا
ازل کی صُبح کا نُور آنکھ میں ہو کر تمام آیا

سعادت کے جلو میں رحمتِ پروردگار آئی
مُسلمانوں کے گھر چل کر خُدا کا لطفِ عام آیا

فرشتوں نے جگایا فطرتِ آدم کو سوتے سے
حیاتِ جاوداں کا ابنِ آدم کو پیام آیا

درِ مے خانۂ وحدت کے پٹ جبریل نے کھولے
ترستے تھے جسے میخوار گردش میں وہ جام آیا

وہ حکمت عرش سے اُتری زباں جس کے صدقے ہیں
اُخوت اور مساوات اور آزادی کا نام آیا

مُبارک ہیں وہ اِنساں جن کی خاطر اِس مہینہ میں
کلام اللہ لے کر دولتِ صلح وسلام آیا

مُسلمانو! یہ موتی رول لو جن کے لٹانے کو
عرب کا اور عجم کا خسروِ عالی مقام آیا

وہ آقا جس کی رحمت نے اگر اپنوں کو ڈھانپا ہے
تو اوقاتِ مُصیبت میں پرایوں کے بھی کام آیا

---

Marfat.com

# توکّل

ہے ازبر کلوا بھی تجھے واشربوا بھی
کبھی یاد آیا ہے لاتسرفوا بھی

جہاں غل مچاتا ہے فلیعبدوا کا
لگا ایک تو نعرۂ جاھدوا بھی

اطاعت اُولی الامر کی ہے مسلم
اگر اس میں منکم کی ہو جستجو بھی

یہ مانا کہ ہے بے پنہ عدل اُس کا
مگر شانِ رحمت ہے لاتقنطوا بھی

ویرزقہ من حیث لایحتسب پر
ہے ایماں تو کر لے توکّل کی خو بھی

ہے ناز اپنی تہذیب پر جن کو اتنا
نہیں آدمیت گئی اُن کو چھو بھی

مباح اُن کے مذہب میں مسکیں کی پونجی
حلال اُن کے مشرب میں اُس کا لہو بھی

خُدا اپنے بندوں سے غافل نہیں ہے
نہ بھولا جو تجھ کو نہ بھول اُس کو تو بھی

Marfat.com

# مئے باقی

نو بہار است ساقیا برخیز
مئے باقی بجامِ مسلم ریز

ماسوی سے سوا ہو کم جس کا
کیف جس کا ہو روح برق سے تیز

جس میں ہو نشۂ شرابِ حجاز
جس کے پینے میں ہو نہ کچھ پرہیز

جس کی مستی میں سامنے آجائیں
مرد و شیراز و مشہد و تبریز

ہو گل نو دمیدہ روح اُس کی
یا مگر ایک شاہدِ نوخیز

مطرب اک نغمہ نشاط افروز
ساقی اک جرعہ سرور انگیز

نائے دلکش بہ نوحہ فرعون
جام بنیش بکوری چینگیز

آگئی باغِ مصطفٰے میں بہار
کیوں نہ میرا قلم بھی ہو گلریز

عطر میں بس رہی ہے آج نسیم
اور شمال و صبا ہیں عنبر بیز

کوکبِ صبح جلوہ ریز ہوا
شب نے کی اختیار راہ گریز

عرش پر ایک پل میں پہنچوں گا
آج جولاں ہے فکر کا شبدیز

نامِ مصطفٰے ہے اب تک نقش
مٹ گیا نامِ خسرو پرویز

Marfat.com

دین دولہا ہے اور دُلہن دُنیا — عرش کابین ہے اور فرش جہیز

قطع جنّت کی راہ ہوتی ہے! — علم توسن ہے اور عمل مہمیز

عارض وَالضُّحیٰ وثیقہ مرا — زُلف وَاللَّیل میری دستاویز

صلح اسلام سے ہوئی جس کی
اُس سے کیا کر سکے گا چرخ ستیز

---

Marfat.com

# فخر و ننگ

میں اپنی قوتوں کو اگر منتظم کروں
گردونِ خیرہ چشم کی گردن کو خم کروں

اعلائے حق سے لشکرِ باطل کو دوں شکست
اعدائے حق کو عرصۂ تیغِ دو دم کروں

ٹوٹے طلسمِ شرک ھُوَ اللّٰہ کا نشاں
آئینہ اَنا پہ اگر مرتسم کروں

اِک بات میں شریف گرے ساتھ لات کے
میں سر کے بل جو عزمِ طوافِ حرم کروں

لکھوں اگر خلافتِ عظمیٰ کی داستاں
ہر ہر ورق کو روکشِ صحنِ ارم کروں

گاندھی خود آئے چل کے محمد علی کے گھر
پڑھ کر اگر میں سورۂ اخلاص دم کروں

ہے امرِ خواجۂ دوسرا اَخرجوا الیہود
سارا جہاں ہو پاک جو میں خس کو کم کروں

ہو غلغلہ لقد صدق اللّٰہ کا بلند
فتحِ قریب کی جو بشارت رقم کروں

---

پہلا سبق ملا ہے الف لام میم کا
پھر کیا ضرور ہے کہ میں شرحِ الم کروں

یارب ترے کرم سے شکایت ہو کیا مجھے
میں جانِ ناتواں پہ جو خود ہی ستم کروں

Marfat.com

بٹہ لگاؤں آپ اب وجد کے نام کو
اپنی غرض کو کفر کے مقصد میں ضم کروں

اپنوں سے تاج چھین کر دے دوں پرائے کو
برطانیہ کی نذر عرب اور عجم کروں

اپنا گلا بھی کاٹ لوں اپنے ہی ہاتھ سے
پھر مرثیہ بھی آپ ہی اپنا رقم کروں

ہے میری ذلتوں کا یہ مضمون بہت وسیع
وسعت کہاں کہ اس کو سپردِ قلم کروں

---

Marfat.com

# عبرت

وہ اُمت جو دنیا میں خیر الامم تھی — ارادہ تھا جس کا خدا کی مشیئت
ہٹی ہند میں اپنے مرکز سے ایسی — کہ آج اس کا مذہب ہے لامرکزیت
نہ خوفِ خدا ہے نہ شرمِ پیمبرؐ — شریعت ہے بازیچۂ فضولیت
بنایا تھا حیوان کو جس نے انساں — اس اُمت سے خود گم ہوئی آدمیت
نہ دُنیا کی رفتار کا علم ہم کو — نہ اسرارِ دیں سے ہمیں واقفیت
جیسے بارہا کر چکے خس بدنداں — ہے اب ہم پہ بھاری وہی اکثریت
پرایوں سے پہنچا نہیں رنج اتنا — ملی ہم کو اپنوں سے جتنی اذیت

بدل جائیں جب خود طریقے ہمارے
تو پھر کیوں نہ بدلے حریفوں کی نیّت

---

۲۹ر جنوری ۱۹۲۹ء

Marfat.com

# کانپور

یہ مقناطیس کی دعوت تھی آہن کیسے رد کرتا
میں کلکتہ سے رخصت ہو کے سیدھا کانپور آیا

نظر آئے رضاکارانِ نیلی پوش صف در صف
مرے دل میں سرور اترا مری آنکھوں میں نور آیا

سنائی داستاں لاہور اور اُس کے شہیدوں کی
تو میری پیشوائی کے لئے شورِ نشور آیا

سبیہ مستی کی دیتا ہوں صلا رندانِ مشرق کو
خمستانِ عرب کے نشّہ میں ہو کر میں چور آیا

کیا افسانۂ دنیا کا سپرد خامہ جب میں نے
تو افسوں دینِ قیّم کا نظر بین السطور آیا

مسلمانوں کی جمعیت سے ٹکرانا نہیں آساں
وہ ٹکرائیں تو سمجھو اُن کی عقلوں میں فتور آیا

خدا کی حمد، پیغمبر کی مدح، اسلام کے قصّے
مرے مضموں میں، جب سے شعر کہنے کا شعور آیا

---

کانپور ۱۳ اکتوبر ۱۹۳۶ء

Marfat.com

# طاقتِ ایمان

وطن کو میں چمنستاں بنا کے چھوڑوں گا
اور اس کی صبح کو خنداں بنا کے چھوڑوں گا

ہر ایک وقت کے دارا کو اور سکندر کو
میں اپنے قصر کا درباں بنا کے چھوڑوں گا

میں نام لے کے محمدؐ کا زیر دستوں کو
حریف رستم دستاں بنا کے چھوڑوں گا

ادب نماز کے اوقات کا وہ سیکھے گی
میں کانگرس کو مسلماں بنا کے چھوڑوں گا

لہو شہید کا لوں گا اور اُس کی سُرخی کو
میں غازۂ رُخِ ایماں بنا کے چھوڑوں گا

وہ مشکلیں جنہیں حل جبر کر نہیں سکتا!
بزورِ صبر اُنہیں آساں بنا کے چھوڑوں گا

---

سنٹرل جیل لاہور

۲۰ دسمبر ۱۹۳۱ء

Marfat.com

# حنفیّت

وہ اگلے زمانے کے مسلمان کہاں ہیں — اسلام کی عزّت کے نگہبان کہاں ہیں
جو چھوٹ نہ سکتا تھا وہ سررشتہ ہُوا گیا — جو ٹوٹ نہ سکتے تھے وہ پیمان کہاں ہیں!
وہ آنکھ کدھر ہے جسے کہتے تھے جہاں بیں — حق بات جو سُن لیتے تھے وہ کان کہاں ہیں
جھکتی تھیں جہاں قیصر و کسریٰ کی جبینیں — اُس قصرِ فلک بوس کے دربان کہاں ہیں
جو چھین لیا کرتے تھے اعدا کے دلوں کو — یاروں کے وہ اخلاق وہ احسان کہاں ہیں
پڑ جائے ابھی زلزلہ آفاق میں لیکن — ابرو پہ شکن پڑنے کے سامان کہاں ہیں
ظالم کی بدی کی بھی ہُوئی تھی جو روادار — رحمت بھری اُس فقہ کے عنوان کہاں ہیں

مُنہ پر حنفیت ہے مگر دل میں خرافات
تقلید کریں جن کی وہ نعمان کہاں ہیں

---

۱۶ر دسمبر ۱۹۲۶ء

Marfat.com

# زہر اور اس کا تریاق

کسو گے تم نہ جب تک بیچ پرزے شرع کی کل کے
شکنجہ مغربی تہذیب کا ڈھیلا نہیں ہو گا

خروشِ کفر تھم سکتا نہیں گر دیں کے حلقوں میں
سرودِ رَتِّلِ الْقُرْاٰنَ تَرْتِیلًا نہیں ہو گا

مسلماں تھام لیں گے جب رسولؐ اللہ کا دامن
مؤثر کافروں کا کوئی بھی حیلہ نہیں ہو گا

ڈسیں گے پھر بھی یہ افعی کہ ڈسنا اُن کی فطرت ہے
مگر اس وقت اُن کا ڈنک زہریلا نہیں ہو گا

شجر اسلام کا پھولا پھلا ہو گا خزاں میں بھی
کوئی برگ اس درخت سبز کا پیلا نہیں ہو گا

---

Marfat.com

# نعرۂ اسلام

یہ نظم مُسلم رضاکارانِ خلافت پشاور کے لئے لکھی گئی اور اُنہیں یاد کرائی گئی تاکہ وہ علی الصباح اسے گلی کوچوں میں گاتے پھریں اور مُسلمانوں کو نماز کی دعوت دیں۔

علی الصباح خُدا کو پکارلے مسلم
نکل کے گھر سے رہ کوئے یار لے مسلم
پڑے جو کان میں حَیَّ عَلَی الصَّلوٰۃ کا شور
خُدا کے گھر ہی میں جب کر قرار لے مسلم
اتار پردۂ غفلت کو اپنی آنکھوں سے
اور اُٹھ کے عاقبت اپنی سنوار لے مسلم
ہے چند روز کی یہ زندگی غنیمت جان
خُدا کی یاد میں اُس کو گذار لے مسلم
نماز فرض ہے اس فرض سے نہ ہو غافل
بڑا یہ قرض ہے اُس کو اُتار لے مسلم
ہے سُلطنت کی تمنّا تو ایک سجدہ میں
عراق و ہند و حجاز و تتار لے مُسلم

---

۲۸ ر فروری ۱۹۲۵ء

Marfat.com

# اسلام کی لوری اپنے بچوں کو

میں ترے واسطے پیغامِ بقا لایا ہوں
اور اُسے کشتیٔ ایماں میں لگا لایا ہوں

میں ترے سر کے لئے گنبدِ خضرا جاکر
کلہ سایۂ شاہِ دوسرا لایا ہوں

تیری تاریخ کے اوراق کی زینت کے لئے
بدر سے سُرخیٔ خونِ شہدا لایا ہوں

احتیاطاً ترے لشکر کی کمک کے لئے میں
عرشِ اعظم سے فرشتوں کو بُلا لایا ہوں

موجِ توحید کی طغیانیوں میں کفر کا ڈھڈّھ
خس و خاشاک کی مانند بہا لایا ہوں

قادیاں کے لئے لایا ہوں فنا کا پیغام
اور ترے واسطے فرمانِ بقا لایا ہوں

---

لاہور
۱۳ نومبر ۱۹۳۱ء

Marfat.com

# اِسلام کے کرشمے

اَب نمایاں ہیں جو کچھ کچھ ہم میں آثارِ حیات
یہ مسیحائی کرشمے ہیں فقط اسلام کے

ہو گئے تھے کعبہ میں جس طرح سب بُت سرنگوں
یُوں ہی جُھک جانے کو ہیں کاشی میں اصنام کے

قلعہ ہو جانے کو ہے طاغوتیوں کا پاش پاش
ٹوٹنے والے ہیں کچھ دن میں طلسم اوہام کے

کُفر کا سر بدر میں جس نے کیا تن سے جُدا
کھل رہے ہیں جوہر اُس شمشیرِ خون آشام کے

فرضِ اولیٰ وَاصْبِرُوْا ہے فرضِ اخریٰ فَاقْتُلُوْا
بند دروازے ہوں جب تفہیم اور افہام کے

دشمنانِ دینِ حق کی گالیوں کا کیا جواب
کیونکہ ہم مُسلم ہیں اور خوگر نہیں دشنام کے

خواجۂ یثرب کے حُسنِ خلق کا اعجاز دیکھ
دشمنانِ حق بھی ٹھہرے مستحقِ انعام کے

گالیاں دیتے تھے کافر آپ دیتے تھے دعا
تھے یہ انداز آیۂ رحمت کے لطفِ عام کے

آج پھر روشن نظر آنے لگی پہلے کی طرح
ملّتِ بیضا تلے اِس چرخِ نیلی فام کے

جس کی گردش مُدتوں دُنیا کو چکراتی رہی
ہم ہیں اب چھلکانے والے اُس جہاں بیں جام کے

رشتہ بندوں سے کیا جس نے خُدا کا استوار
ہم سُنانے والے ہیں اُس آخری پیغام کے

تختِ و تاجِ ہند پر بھی ہے مُسلمانوں کا حق
ہم نہیں وارث فقط روم و عراق و شام کے

کَانَ اَمْرُ اللّٰہِ مَفْعُوْلاً کے معنی ہیں یہی!
مُلک مِلک اُن کی ہے جو بندے ہوئے اسلام کے

Marfat.com

# صراطِ مستقیم

لاکھ قرآن کے مقابلہ میں — مدعی لائے ژند اور پاژند
سچ وہی ہے جو ہے رسُول کا قول — حق وہی ہے جو ہے خُدا کو پسند
یہی وہ راہِ راست ہے جس سے — کبھی بھٹکے نہیں سعادت مند
گرچہ باطل پرست چاہتے ہیں — ان کو پہنچائیں ہر طرح کے گزند
پست لیکن وہ ہو نہیں سکتے — مرتبے جن کے ہیں ازل سے بلند
نہیں بھُولا میں قول سعدیؒ کا — شور بختاں بہ آرزو خواہند
مقبلاں را زوال نعمت و جاہ

۸ ار جنوری ۱۹۲۶ء

Marfat.com

# اسلام کی شہنائی

ہیں نوا ریز آج بھی کانوں میں وہ شہنائیاں
جن سے گونجی تھیں کبھی آفاق کی پہنائیاں

آج بھی لاتی ہیں جا کر عرش اعظم کی خبر
نعرۂ اللہ اکبر کی فلک پیمائیاں

آج بھی آنکھوں میں ہیں اسلام کی دہلیز پر
اُمتِ عیسیٰ کی نخوت کی جبیں فرسائیاں

حسنِ اُمت لم یزل ہے چھن رہی ہیں آج بھی
اس کی قامت سے شبابِ فتنہ کی رعنائیاں

نقش ہیں ہندوستاں کی طرح جان پر آج بھی
ملتِ بیضا کی محفل کی نگار آرائیاں

رہنما گم کردہ رہ ہیں ورنہ رہرو بھاند جائیں
آج بھی جبرالٹر جیسی ہزاروں کھائیاں!

پاک قصہ ہو پرایوں کے ستم کا آج اگر
کار فرما ہوں نہ اپنوں کی کرم فرمائیاں

رب اکبر سے ہو گر پیماں ہمارا استوار
پھر وہی گیرائیاں ہیں اور وہی دارائیاں

---

سنٹرل جیل لاہور

۶ جنوری ۱۹۳۱ء

Marfat.com

# اِسلامی روایات

Marfat.com

۷۵۶

# انسان کی آزادی کا اسلامی تصوّر

فِطْرَتَ اللہِ الَّتِی فَطَرَ النَّاسَ عَلَیْہَا

عمرو ابن العاص کے بیٹے نے مارا بے خطا
مصر کے بازار میں اک قبطیٔ ناشاد کو

اپنے گھر کی سلطنت تھی مدعی تھا غیر نسل
ضعف جس کا دے رہا تھا دعوتِ استبداد کو

کوئی طاقت دستگیری اُس کی کر سکتی نہ تھی!
قیصر و پاپا بھی آسکتے نہ تھے امداد کو!

ہاں مگر وہ عدل کا پیکر کہ اُس کے عہد میں
سر چھپانے کی جگہ ملتی نہ تھی بیداد کو

جس کی نظروں میں مسیحی اور مُسلم ایک تھے
جس نے قُرباں کر دیا ایمان پر اولاد کو

جلوہ گر تھا تمکنت سے مسندِ اسلام پر
سُن رہا تھا قبطیٔ مظلوم کی فریاد کو

مدعی سے آپ نے مُلزم کو پٹوا کر وہیں
کر دیا پھر استوار انصاف کی بُنیاد کو

جو نصیحت کی مُسلمانوں کو اُس وقت آپ نے
درسِ عبرت ہے وہ اِس دورِ ستم ایجاد کو

Marfat.com

لوحِ دل پہ نقش ہے فاروقِ اعظم رضؓ کا یہ قول! ہم نہ بھولیں گے کبھی اس آپ کے ارشاد کو
آدمی پیدا ہوا آزاد ماں کے پیٹ سے کب سے تم لوگوں نے سمجھا ہے غلام آزاد کو
کاش یورپ جائے کوئی نکتہ ور اور یہ سبق
اٹھ کے دے تہذیبِ انسانی کے اس استاد کو

Marfat.com

# اخلاقِ مرتضوی رضؓ

روایت ہے کہ اک سرکش یہودی
ہوا جنگ آزما شیرِ خدا سے

نہ تھا اس رمز سے شاید وہ آگاہ
کہ یہ کشتی وہ لڑتا ہے قضا سے

جو اپنی جان کا ہو آپ دشمن
وہی الجھے علیؓ مرتضےٰ سے

ہوا واقف وہ پہلی ہی پکڑ میں
علیؓ کے زورِ مرحب آزما سے

زمیں پر آ رہا گرتا ہے جس طرح!
خزاں کا آخری پتہ ہوا سے

کھڑی تھی موت اس کے سر پہ اس وقت
نہ تھا اس کو مفر سبیلِ فنا سے

برنگِ ذوالفقار اس کے لہو کے
نظر آتے تھے عرش و فرش پیاسے

یہودی نے یہ جب دیکھا کہ ہرگز
نہیں ممکن ہے بچنا اس بلا سے

مقابل چاند تھا تھوکا اسی پر
طبیعت کے برانے اقتضا سے

کہ نکلے آخری نفرت کی حسرت
اسی حیلے دلِ کفر آشنا سے

یہ گستاخانہ اور بے ہودہ حرکت
جونہی سرزد ہوئی اس نا سزا سے

معاً روکا علیؓ نے ہاتھ اپنا
وہ جو دو ہاتھ آگے تھا قضا سے

کیا خوں بھی معاف اور یہ خطا بھی
مئے احساں سے تھے لبریز کاسے

جرائم سے نوازش کچھ سوا تھی
عطائیں بڑھتی جاتی تھیں خطا سے

Marfat.com

یہودی بن گیا تصویرِ حیرت — امیر المومنیں کی اِس ادا سے
لگا کہنے کہ اے سردارِ ذی جاہ — یہ سب کچھ کیوں ہے اور کس مدعا سے
مجھے کیوں آپ نے محروم رکھا — مرے مغلوب ہونے کی سزا سے
کیا کیوں میری اس حرکت سے اغماض — جو ہے مذموم بڑھکر انتہا سے
مکافاتِ عمل کا یہ تصوّر — ہے بالاتر مری فکرِ رسا سے
جواب اِس نکتۂ باریک کا یوں — ملا اُس کو لبِ مشکلکشا سے
جو سچ پوچھے تو غصّہ آگیا تھا — مجھے اِس تیرے فعلِ ناروا سے
مگر یہ غصّہ رکھتا تھا تعلق! — فقط میرے ہی نفسِ فتنہ زا سے
مَیں اس حالت میں تجھ کو قتل کرتا — تو ہوتا سُرخرو کیونکر خُدا سے
کہ مَیں جو کام بھی کرتا ہُوں اس میں — غرض ہوتی ہے مولا کی رضا سے
یہودی سُن چکا اچھی طرح جب — یہ ارشاد انتہا تک ابتدا سے
پکار اُٹھا کہ ہے اِسلام سچّا — ہے دُنیا قائم اس دینِ ھدیٰ سے
تہی داماں رہا ہوں آج تک مَیں — چنُوں گا پھُول اب اس بستاں سرا سے
مرا گھر شعلہ زارِ طور ہوگا — اب اس شمعِ فروزاں کی ضیا سے

نہ سرتابی کروں گا آج کے بعد
خُدا سے اور محمدؐ مصطفےٰؐ سے

Marfat.com

# فسطاط

مصر کا عمرو بن العاص نے جب عزم کیا
نصرتِ حق کا ملک لائے فلک سے پیغام

فوج کے قلب میں ہے جلوہ فگن قائدِ فوج
یا ہے جھرمٹ میں ستاروں کے گھرا ماہِ تمام

جھومتی آتی ہے مستانہ عمرؓ کی تدبیر
چومتی جاتی ہے تقدیر رکابِ اسلام

لانے والے تھے مقوقس کو وہ کب خاطر میں
بات میں جا کے بنا آئے جو کسریٰ کو غلام

اُن کے اندازہ میں تھی مصر کی دولت کیا چیز
جن کی صولت سے ہُوا فیصلۂ قسمتِ شام

نیل پر جا کے غرض ڈال دیا دیں نے پڑاؤ
نصب کچھ دُور ہوئے ریت میں لشکر کے خیام

پہلے ہی دن ہُوئے اس راز سے قبطی آگاہ
مصر سے لوٹ کے جائیں گے نہ مُسلم ناکام

مصر نے جان لڑائی میں لڑا دی لیکن
آچکا تھا نظر آغاز میں اس کا انجام

جنگ اور اس کے تسلسل کی یہ کیفیت تھی
کہ مہینوں کو جُدا ہو گئے شمشیر و نیام

معرکہ جب یہ ہُوا سر تو دیا عمروؓ نے حکم
کہ اب آگے بڑھیں رایاتِ سعادت فرجام

عمروؓ سے آکے یہ خادم نے کہا خیمہ میں
آشیاں بند کئی روز سے ہے ایک حمام

انڈے بچے بھی کبوتر کے ہیں اس گھونسلہ میں
لا کے جو گا وہ کھلاتا ہے انہیں صبح و شام

Marfat.com

حکم اگر ہو تو لیا جائے یہ خیمہ بھی اُکھاڑ
لد چکے دیر کے اونٹوں پہ ہیں لشکر کے خیام

عمرو نے سُن کے یہ بات اپنے ملازم سے کہا
کر دیا خیمہ یہ میں نے کبوتر ہی کے نام

میرے مہمان کو تکلیف نہ ہونے پائے
میرے آرام پہ ہے اس کا مقدم آرام

شہر اک اِسلام نے آباد کیا پُر رونق
تھا کبوتر کا جہاں عمرو کے خیمہ میں قیام

خیمہ کے واسطے نام عربی ہے فسطاط
پڑ گیا اس لئے فسطاط ہی اس شہر کا نام

جان فدا اُس چمن آرائے حجازی پہ مری
جس کے اِخلاق کی نکہت سے معطر ہے مشام

ہو کبوتر سے جب اِسلام کا ایسا برتاؤ
کیوں نہ یہ دین ہو دنیا کے لئے رحمتِ عام

---

۱۶ر دسمبر ۱۹۱۶ء

Marfat.com

# ہرمزان

وہ تیغ جس کی چمک برق طور کے مانند — بنی تھی روشنیٔ دیدۂ جہاں کے لئے!
چلائی سعد نے جب قادسیہ میں آکر — تو فارسیوں نے قدم آکے تیغ زن کے لئے
اس ایک فتح نے ایران کو کیا تسخیر — رہی نہ کوئی کمی دودۂ کیاں کے لئے
مقاومت کے دکھائے عدو نے گر جوہر — یہ فخر وقف تھا بازوئے ہرمزاں کے لئے
گئی عجم کی غنیمت مدینہ کو جس وقت — کہ تھا وہ منتظر اس گنج شائیگاں کے لئے
تو ہرمزان کے بارہ میں سعد نے لکھا — بلا یہ ایک ہے اسلامیوں کی جاں کے لئے
ہوا جناب عمرؓ کا یہ فیصلہ اس پر — سزائے موت ہے اس دشمنِ اماں کے لئے
یہ ہرمزاں نے کہا پہلے قتل سے پانی — پلاؤ مجھ کو خداوند انس و جاں کے لئے
دیا گیا جب اسے آب خوردہ پانی کا — تامل اس نے کیا شاید امتحاں کے لئے
تشفی اس کو جناب عمرؓ نے دی اس طرح — زباں ہے قول کو اور قول ہے زباں کے لئے
نہ تیرے حلق سے جب تک اُتر لے یہ پانی — حرام خوں ہے ترا خنجر رواں کے لئے

Marfat.com

پٹک کے اُس نے پیالہ کہا کہ خوف سے اب　　ملی نجات مجھے عمرِ جاوداں کے لئے
امان مل گئی مجھ کو ہے فرض عہد کا پاس　　حریم احمدِ مُرسل کے پاسباں کے لئے

فدا یہ جان گرامی ہو دینِ احمدؐ پر
بنا ہے آج سے اسلام ہر مژاں کے لئے

---

۱۰ دسمبر ۱۹۱۶ء

Marfat.com

# آہ فاطمہؓ کا انجام

مسلمانوں کے دل میں جذبۂ اسلام باقی ہے
قدح خواروں کے خم میں بادۂ گلفام باقی ہے

رسول اللہ نہ ہوں قرآن تو بیدار ہے اب بھی
نہیں گر خم ہمیں کیا غم کہ جم کا جام باقی ہے

یزیدی اور زیادی یاد بھی آتے نہیں ہم کو
مگر اب تک حسین ابن علی کا نام باقی ہے

وہ مرد مقتل کی سرخی ہے حدیث نامۂ جاں پر
خدا کی طرح اس کا آخری پیغام باقی ہے

سبق اس نے دیا ہم کو حیاتِ جاودانی کا
جنابِ فاطمہؓ کی آہ کا انجام باقی ہے

سناں پر گرچہ اس کا سر نشانِ حجتِ حق تھا
مگر اس حجتِ حق کا ابھی اتمام باقی ہے

زمانہ آئے گا کب یوفیوں (?) کی صبحِ انور کا
ابھی تک کربلا میں کوفیوں کی شام باقی ہے

ہماری آنکھ کے آنسو بنیں گے تاج کے موتی
ابھی تک بخت مغزوں (?) کی یہ حرصِ خام باقی ہے

حسینؓ ابن علیؓ کے قتل کا مطلب نہ ہم سمجھے
یہ ہم پر آج تک اسلام کا الزام باقی ہے

نہ ہو کچھ نام سے مطلب فقط ہو کام سے مطلب
بقول اقبال کے اسلامیوں کا کام باقی ہے

۱۸ اکتوبر ۱۹۱۷ء

Marfat.com

# قتلِ حسینؑ

تڑپاتی ہے پھر یادِ امام الشہدا کی
بے تاب ہے ہر ذرہ مدینہ کی گلی کا!

آنکھوں میں جو آنسو تھے وہ پہلے ہی ہوئے خشک
کیا نوحہ کرے کوئی حسینؓ ابنِ علیؓ کا

خاک اُڑ گئی کوفہ کی زمانہ کی فضا میں
خوں کر کے محمدؐ کے گلستاں کی کلی کا

معدومیٔ باطل کی ہے مظلومیٔ حق شرح
یہ فیصلہ ہے بارگہِ لم یزلی کا!

ہیں زندہ ابھی تک حسنؑ اور حسینؑ
لاتی کا پتہ ہے نہ نشاں ہے ہبلی کا

سرمایہ ہے خونِ شہدا روزِ ازل سے
منشورِ بل احیاءٌ کے عنوان جلی کا

اللہ کے رستے میں کٹاتے ہیں جو گردن
ضامن ہے وہ خود اُن کی بُری اور بھلی کا

ہے معرکۂ کرب و بلا ہند میں بھی گرم
سر دو کہ ملے مرتبہ تم کو بھی ولی کا!

رونے میں بھی حکمت ہے مگر وہ نظری ہے
جاں دو کہ یہ وقت اس کی ہے شانِ عملی کا

---

۸ر جولائی ۱۹۲۷ء

Marfat.com

# علامہ احمد بن نصر محدث بغدادی کی شہادت

تھا پختہ یہ واثق کا عقیدہ کہ ہر اک شخص
گردن زدنی ہے جو نہیں معتزلی ہے

احمدؒ کی یہ حجت تھی کہ قرآن نہیں مخلوق
تصنیف مصنف کی طرح لم یزلی ہے

شایاں نہیں مومن کو کہ ہو منکر رویت
ایماں کی یہ تفسیر بعنوان جلی ہے

اس کلمۂ حق پر انہیں ہونا تھا ہوئے قتل
تقدیر یونہی تھی جو ٹلے گی نہ ٹلی ہے

سر نطع پہ لوٹا تو فرشتوں نے یہ سمجھا
شاید یہ کوئی روضۂ رضواں کی کلی ہے

حوروں نے لیا تھام تو تھا لاش کا یہ رنگ
گویا کہ ابھی نور کے سانچے میں ڈھلی ہے

احمدؒ کا لہو آج بھی دیتا ہے شہادت
قرآں کی ہر آیت ابدی ہے ازلی ہے

ہے سنتِ اسلام اسی خون کی سرخی
یہ فصل اسی خون سے پھولی ہے پھلی ہے

Marfat.com

# شان اورنگ زیب

ہزاروں دولتوں کا اُڑ چکا ہوگا غبار اَب تک / مگر ہے شانِ عالمگیرِ اعظم برقرار اَب تک!
قدم پہنچے ہیں بیگانوں کے خُود اکبر کی تُربت پر / نہیں روندا گیا اُن سے مگر اس کا مزار اَب تک
وہ سویا بھی تو اپنے سایۂ دیوار کے نیچے! / ہے خُود اپنی ہی گھر کی دولت اسکی پردہ دار اَب تک
سُنی جاتی ہے للکار اس کے چاؤشوں کی رستوں میں / گذرگاہوں میں ہے اُس کے نقیبوں کی پکار اَب تک
ابھی تک اس کی چوکھٹ پر جبیں سا اس کی حشمت ہے / بجا لاتے ہیں آداب اُس کو اُس کے صوبہ دار اَب تک
اک آنے والی اسلامی حکومت کے تصوّر میں / لحد میں بھی کھُلی ہے اُس کی چشمِ انتظار اَب تک

وہی ہے اُس کی دارائی وہی اُس کی سُلیمانی
کہ یاد اُس کی دلاتا ہے دکن کا شہریار اَب تک

---

Marfat.com

# ماں باپ کا ادب

اِک دن نبیؐ نے حلقۂ احباب میں یہ لفظ
دہرائے تین بار کہ "ناک اُس کی کٹ گئی"!
اصحاب نے کہا کہ یہ کم بخت کون ہے
توقیر جس کی حضرت باری میں گھٹ گئی
اِرشاد یوں ہُوا کہ وہ فرزند ناخلف
گھر جس کے جنت آئی اور آ کر پلٹ گئی

ماں باپ کا جسے نہ بڑھاپے میں ہو خیال
اُس نا سعید بیٹے کی قسمت اُلٹ گئی

(حدیث)

Marfat.com

# اعظم الجہاد

بے لاگ بات بال برابر لگی نہ رکھ
فرما گئے ہیں حضرتِ خیر البشرؐ یہی
اظہارِ امرِ حق میں نہ ہو خوفِ دار و گیر
ہے اعظم الجہاد بحکمِ خبر یہی!

(حدیث)

Marfat.com

# حسینؑ ابن علیؓ

## شریف مکہ

اِک وہ بھی حسین ابن علی تھا کہ سراُس نے
مر کر بھی نہ فاسق کی حضوری میں جھکایا!

خود چل کے گیا معرکۂ کرب و بلا میں
دُنیا کو قیامت کا سماں جس نے دکھایا

تھا سینہ سپر ایک ہزاروں کے مقابل
باطل کے اُس انبوہ نے اُس کو نہ ڈرایا

اسلام کی حرمت پہ امام الشہدا نے
سر شمر کے خنجر سے بصد شوق کٹایا

دیکھا جو یہ سر نوکِ سناں پر تو فرشتے
سمجھے کہ سوا نیزے پہ سُورج اُتر آیا

مِٹنے نہ دیا نقشِ روایاتِ پیمبرؐ
خود اپنے تئیں سبطِ پیمبرؐ نے مٹایا

---

اِک تو بھی حسینؓ ابن علیؓ ہے کہ ترا ہاتھ
اُس ہاتھ میں ہے جس نے گھر اسلام کا ڈھایا

نسبت ہے ترے نام کو بھی آلِ عبا سے
تُو نے مگر اس نام کو خود بٹہ لگایا

برباد ہوئی خود تری کوشش سے وہ بستی
جس کو ترے اسلاف کی ہمت نے بسایا

Marfat.com

کل تک عرب آزاد تھے لیکن ہیں غلام آج
راعی کو رعایا ترے ہاتھوں نے بنایا

ہیں کعبہ کی دہلیز پہ جس خون کے چھینٹے
خود صحنِ حرم میں ترے خنجر نے بہایا

شام اور عراق اور فلسطین کے اندر
جو فتنہ ہے برپا اسے تو نے ہی جگایا

پیوند عرب تیری ہی مقراض جفا نے
دامانِ اناطولیہ سے قطع کرایا

تو مر نہ گیا کس لئے اس وقت سے پہلے
تثلیث نے جب پرچم توحید گرایا

اس پر ہے یہ خواہش بھی کہ مل جائے خلافت
فیصل ہوں ترے ہاتھ سے امت کے قضایا

خفاش سیہ روز ہو خورشید کا ہم چشم
اندھیر یہ کیسا ہے زمانے میں خدایا

Marfat.com

# ایمان کی شناخت

رکھ لی زباں نے اس دلِ فسق آشنا کی شرم
علم اس کے وسوسوں کا اگر ہے خدا کو ہے!
یہ واردات قلب صحاب کبار کی!
سُن کر کہا نبیؐ نے کہ ایماں یہی تو ہے

(حدیث)

Marfat.com

# فلسفۂ شہادت امامؑ عالی مقام

کیوں ماتمِ حسینؑ میں یہ شور و شین ہے
کیوں گریۂ بکا کے لئے ہے یہ بند و بست

خونِ نابہ بار کس لئے ہے آنکھ آپ کی
کیوں ہمت آپ کرتے ہیں اسلامیوں کی پست

کیا یہ بھی کوئی گریہ و زاری کی بات ہے
قربان ہو گیا رہ دیں میں وہ حق پرست

تم کربلا کی خاک اُڑاتے رہو مگر
ہم خوش ہیں دی حسینؑ نے طاغوت کو شکست

آوازۂ خلیل ز بنیاد کعبہ نیست
مشہور شد ازاں کہ با آتش نکو نشست

---

۲۸ / اکتوبر ۱۹۱۷ء

Marfat.com

# سنّتِ حسینؓ

## قتلِ احمد گل قافلہ سالارِ مہاجرین

فضائے قدس کے اندر مچا ہوا ہے یہ غل
خُدا کی راہ میں مارا گیا ہے احمدؐ گل

ہے اس کے خُون کی قیمت تمام ارضِ فرنگ
اور اس کی جان کا فدیہ ہے کائنات یہ کل!

یہ خُون وُہ ہے ہوا جس سے سُرخرو اسلام
یہ جان وُہ ہے جو ہے یادگارِ ختمِ رسل

شہید ہو کے وہ فردوس کو چلا جس وقت
تو لائے اس کی سواری کو مرتضٰے دُلدُل

یہ اُس کے قتل کی تاریخ رو کے ہاتف نے
کہی کہ "آج ہوا ہے چراغِ احمدِ گُل"

۱۳۳۸ھ

---

۱۴ر جولائی ۱۹۲۰ء

Marfat.com

# مفتی محبوب علی (رض) شہید

تیرے خوں نے جس سے دہلی کی زمیں ہے لالہ رنگ
ہند میں اسلام کو بخشی حیاتِ تازہ ہے

کفر کے حق میں ہے طوفانِ نوح کا اس کا بہاؤ
اس کی سرخی ملتِ بیضا کے رخ کا غازہ ہے

کلمہ پڑھتا تھا نبی کا اس لئے مارا گیا
تیری مظلومی کا فرش و عرش میں آوازہ ہے

خنجرِ قاتل کلیدِ قفلِ جنّت بن گیا
کھل گیا تیرے لئے فردوس کا دروازہ ہے

اینٹ پتھر لٹھ سبھی چلنے لگے ہیں آج کل!
سنگھٹنیوں کے جنوں کا جوش بے اندازہ ہے

ہر طرف سے ہے مسلمانوں پہ اعدا کا ہجوم
جانتے ہیں منتشر اس قوم کا شیرازہ ہے

منزلِ مقصود پر آخر پہنچ ہی جائے گا!
مصطفےٰ جس کے حدی خواں ہیں یہ وہ جمّازہ ہے

---

۱۰ فروری ۱۹۲۷ء

Marfat.com

# پیغامِ بقا

## بیادِ الٰہی بخش شہید رحمتہ اللہ علیہ

مے کشو! مژدہ! کہ یثرب کی شرابِ گلرنگ — ہو کے کشمیر کی بھٹی سے کشید آتی ہے!
منتظر حلقۂ توحید تھا جس ساعت کا — خوش ہو لاہور کہ ساعت وہ سعید آتی ہے
اسی خطے سے جو کل تک تھا غلامی کا نقیب — آج آزادیٔ کامل کی نوید آتی ہے!
قاصدِ احرار کا چنیوٹ گیا خط لے کر — کاغذِ سرخ پہ اس خط کی رسید آتی ہے

کچھ بھی ڈر ملتِ بیضا کو فنا کا نہ رہا
لے کے پیغامِ بقا نعشِ شہید آتی ہے

---

لاہور
۳ نومبر ۱۹۳۱ء

Marfat.com

# بیادِ میراں بخش شہید علیہ الرحمۃ

یہ کس خروش سے گاتا ہوا سروش آیا — کہ مے کشوں کے لئے عہدِ نا و نوش آیا
قبائے دولتِ اسلام جس سے رنگیں تھی — پھر اک زمانہ کے بعد اُس لہو میں جوش آیا!
حنین و بدر سما جائیں گے پھر آنکھوں میں — وہ دیکھ! لشکرِ احرار سرفروش آیا
سیالکوٹ میں باندھے ہوئے کفن سر سے — نظر ہر ایک مُسلمان سُرخ پوش آیا!
ہزار سلطنتیں صدقے اُس مجاہد کے — غزا کے واسطے جو عاقبت بدوش آیا

یہ کس کے خوُن کے چھینٹے کرشمہ سنج ہوُئے
کہ ایک قرن کے سوئے ہوؤں کو ہوش آیا

---

۱۰ نومبر ۱۹۳۱ء

Marfat.com

# سرنگاپٹم

## سلطان ٹیپو کے مزار پر دو آنسو

اے سرنگاپٹم اے گنجِ شہیدانِ کرام
آخری وقت میں اسلام کی غیرت کی نمود

تیری آنکھوں میں ہے اپنوں کا عروج اور زوال
تو نے دیکھا ہے پرایوں کا ہبوط اور صعود

کام میں لا نہ سکی تھی جسے خاکِ دہلی
تیرے ذروں نے بچھا دی وہ حجازی بارود

کشورِ ہند کا رنگ اور ہی ہوتا تجھے آج
مکر کا دام بچھاتا نہ اگر چرخِ کبود

سو رہا ہے ترے پہلو میں وہ میسور کا شیر
مایۂ ناز تھا ملت کے لئے جس کا وجود

قوتِ بازوئے اسلام تھی اُس کی صولت
اُس کی دولت کے دعاگوؤں میں شامل تھے ہنود

کہیں سوتے میں نہ کروٹ یہ مجاہد بدلے
اب بھی ہیں خوف سے [illegible]

اُس کے اُٹھتے ہی مسلمان کا گھر بیٹھ گیا
تھا قیامت کا [illegible] اور قیامت کا ورود

آخری قول یہ اُس کا نہیں بھولے گا
جس سے قائم ہوئیں آئینِ حمیت کی حدود

شیر اچھا ہے جسے مہلت یک روز ملی
یا وہ گیدڑ جسے بخشا گیا صد سالہ [illegible]

Marfat.com

دل حسرت زدہ میرا بھی گیا ساتھ جب آج
اُس کے مرقد پہ گئے پاس ونمنّا کے وفود

پھر گئی آنکھ میں فردوس بریں کی تصویر
ظلِ ممدود میں تھا جلوہ سدر مخضود

اس کی دہلیز سے لپٹی ہوئی تھی رحمت حق
چومتے تھے جسے جھک جھک کے ملائک کے جنود

آئی گنبد سے ندا اے کہ تری پیشانی!
رات دن درگہ دادار پہ ہے وقف سجود

بر سر تربت من چوں گذری ہمت خواہ
کہ زیارت گہ رنداں جہاں خواہد بود

مَیں نے کی عرض کہ اے فطرت آزادی کی رُوح
توڑنی جس نے سکھائی ہیں غلامی کی قیود

بر زمینے کہ نشان کفِ پائے تو بوَد
سالہا سجدۂ صاحب نظراں خواہد بود

---

Marfat.com

# ساعت قدر

شب قدر اُس سہانی رات کا فرخندہ پرتو ہے
بدل دیتی ہے جس کی فرخی ناقص کو کامل سے

بتانا چاہتے تھے ایک روز اُمت کو پیغمبرؐ
کہ باہر کب نکلتی ہے یہ لیلیٰ اپنے محمل سے

ہمارے خاکدانِ تیرہ پر کس وقت اُترتی ہیں
خدا کی رحمتیں اس گنبدِ مینا کی منزل سے

مگر اُمت کو لڑتے دیکھ کر صدمہ ہُوا ایسا،
کہ ساعت کا تعین ہوگیا محو آپ کے دل سے

اسی دن سے وہی ہے ساعت قدر اہل بینش کی
ملیں آپس میں دو توحید کے فرزند جب دل سے

---

Marfat.com

# اسلامی نغمے

Marfat.com

# نعرۂ اللہ اکبر

اے کہ ہے بندوق پر اور توپ پر ایماں ترا
نعرۂ اللہ اکبر کا اثر بھی دیکھ لے

جاں بحق مُسلم ہُوا سُنتے ہی اس آواز کے
مُصطفٰے کو دیکھ اور اُن کا نامہ بر بھی دیکھ لے

وادیٔ تثلیث کی دیکھی ہے تُو نے دوڑ دھوپ
کوئے وحدت میں مُسلماں کا گذر بھی دیکھ لے

شوق ہے تہذیب یُورپ کے تماشے کا تجھے
مڑ کر او گبرِ کلیسائی ادھر بھی دیکھ لے

Marfat.com

# زمینِ اکبر

"پکائیں ہیں کردو روٹیاں تھوڑے سے جو لانا
ہماری کیا ہے اے بھائی نہ مسٹر ہیں نہ مولانا"

زمینِ سنگلاخ اکبر نے کیسی منتخب کی ہے
کہ مشکل ہو گیا اس میں قوافی تو بنولانا

چلی لندن سے اک آندھی چمن میرا اڑانے کو
غضب ہے اس میں کی زن کا بگولا بن کے بولانا

چڑھا کنٹربری کا پادری تو اپنے منبر پر
کدھر ہیں آپ مولانا جو تھے بالفضل اولانا

بجھائی آکر اس بت نے جفاکاری کی چپیسی
لو اس پہ ہم سے کہنا ہے وفاداری کی پولانا

بہایا کفر کو جس نے خس و خاشاک کی صورت
اسی دریا کی ہاں اے ناخدا پھر ایک رو لانا

حریمِ مصطفےٰ کے بام و در جس سے فروزاں تھے
مرے اجڑے شبستاں میں اسی مشعل کی ضو لانا

صلاح الدین نے فصلِ صلیبی جس سے کاٹی تھی
درانتی اس ہلالِ نو کی ہنگام درو لانا

کہیں میں جاہدوا کے نعرے سے تم کو نہ لرزا دوں
میرا خوں گرم ہے پہلے ہی اور اس کو نہ کھولانا

---

سنہ ۱۹۰۸ء

Marfat.com

# نماز

پڑھتے نہیں ہیں قوم کے لیڈر نماز کیوں
کھویا گیا ہے قوم سے یہ امتیاز کیوں
ہوتی نہیں ہے سجدہ فشاں صبح اور شام
درگاہِ کبریا پہ جبینِ نیاز کیوں
ارشادِ ایزدی سے یہ اعراض کس لئے
فرمودۂ رسولؐ سے یوں احتراز کیوں
آقا سے کیوں غلام نے کی ہے یہ سرکشی
محمود سے ہوا ہے عناں تاب ایاز کیوں
ہم کو خبر سلف کی روایات کی نہیں
ناآشنا ہے شانہ سے زلف دراز کیوں

قران پہ جب عمل ہی مسلمان کا نہ ہو
ہو طاقت آزمائے حقیقت مجاز کیوں

---

سرسید آج زندہ جو ہوتے تو پوچھتے
مشہور کر رہے ہو مجھے بے نماز کیوں
تم بے نماز ہو تو بلا سے ہوا کرو
لیکن مجھے بناتے ہو وجہ جواز کیوں

بہتر یہی ہے پردہ تمہارا ڈھکا رہے
دیتے ہو مجھ کو زحمت افشائے راز کیوں

Marfat.com

آنکھیں خُدا نے دی ہیں مگر دیکھتے نہیں
ایسوں سے مُنہ نہ پھیر لے میرِ حجاز کیوں

دُنیا گذشتنی ہے تو دولت گذاشتنی
اس ڈھلتی پھرتی چھاؤں پہ اس درجہ ناز کیوں

ساقی شرابِ غرب سرور آفریں نہیں
دیتا نہیں ہے مجھ کو مے خانہ ساز کیوں

۲ر جون ۱۹۱۴ء

# سعادت ازلی

اللہ کے جوارِ رضا سے کبھی جُدا
رکھتی نہیں شقی کی معیت سعید کو
شیطان ساتھ ساتھ بشکلِ یزید تھا
لیکن یزید کر نہ سکا بایزید کو!

Marfat.com

# ذوقِ معرفت

اگر دل سے خیالِ طاعتِ معبود ہو جائے
تو انساں قدسیوں کا بے گماں مسجود ہو جائے

شہنشاہوں کے سر جھکنے لگیں اُس کی حضوری میں
جبیں گر فقر سے مُسلم کی گرد آلود ہو جائے

غلامِ "احمدِ مرسل" کو سُلطاں کا ملے رتبہ
ایاز اِس امتحاں میں بالیقیں محمود ہو جائے

بہار آئی گلستانِ رسالت میں تعجب کیا
ہر اک پتہ اگر اک جنّتِ مخضود ہو جائے

چلے پھر دورِ صہبائے معارف ہند میں یا رب
قبائے زُہدِ مُسلم بھی شراب آلُود ہو جائے

مہاجن اِن کے پہلے قرض تو پُورے کے ہم دے لیں
اجازت شرع دے دے گی کہ دُگنا سُود ہو جائے

---

۱۲ نومبر ۱۹۱۶ء

Marfat.com

# اِسلام کا کوکبۂ خسروی

آنکھوں کے سامنے ہیں غلامی کی لعنتیں
ہیں آج لومڑی وہ جو کل تک تھے شیر مرد

لیکن خزاں کے بعد عمل ہے بہار کا
پھر سبز ہو رہے ہیں درختوں کے برگِ زرد

اُٹھا ہے پھر حرارتِ اسلام کا اُبال
اُس دیگ میں پڑی تھی بہت دیر سے جو سرد

اسلامیوں کی دھاک بندھی روزگار میں
اُڑنے کو ہر دیار میں ہے آریوں کی گرد

گر ہے سفر وسیلۂ ظفر کا تو ہم نشیں
گرم سفر ہیں جادۂ یثرب کے رہ نورد

Marfat.com

# شرابِ تیز کا ایک جرعہ

اڑے بارود کے مانند خود اور لے اڑے مجھ کو    میرا پیمانہ ساقی اُس شرابِ تیز سے بھر دے
نہ اس سے ڈر کہ ہوگا دُوسرا ساغر خمار آور    اسے اک ورصہبائے جنوں انگیز سے بھر دے
ابھی چھلکا نہیں ہے اور بھی دو چار گھونٹ آئیں    خمستان میری دولت کا خُم انگریز سے بھر دے
اگر خُم خانہ خالی ہو چکا ہے مے سے غالب کا    تو اُٹھ اور ایک کنٹر ٹینی سن کی میز سے بھر دے
اُٹھانا ہے رُخِ دلدار سے پردہ اگر تجھ کو    ملو نی لا کے کچھ شیراز اور تبریز سے بھر دے
پلا کر بادۂ رنگیں مرے سونے شبستاں کو    پری رویان شوخ و شنگ و بے پرہیز سے بھر دے
دلوں پہ سحر چشم نرگسیں کے ڈال کر ڈورے    مشامِ جاں کسی کی زلفِ عنبر بیز سے بھر دے

اگر کرنی ہو گلچینی گلستانِ معانی کی!
تو دامانِ خیال اس خامۂ گلریز سے بھر دے

---

۱۴ / جنوری ۱۹۱۷ء

Marfat.com

# قسمت کی شوخی

کبھی بامِ ثریّا سے بھی اونچی جو عمارت تھی
وہ قصرِ سطوتِ کبریٰ کی رفعت سے عبارت تھی

ہوئی حجت خدا کی ختم آخر نوعِ انساں پر
مگر رد کی گئی جس کی زمانہ کو بشارت تھی

نہ ملتا تاج اُسے کیوں رحمۃ للعالمینی کا
کہ اُس کو دی گئی بزمِ نبوت کی صدارت تھی

اِک اُٹھی ایک ٹھوکر سے کرے سو فلسفی پیدا
نہ بوجھا فلسفہ اس کو یہ اک ایسی بجھارت تھی

---

نمازیں آبِ خنجر سے وضو کر کرکے پڑھتے تھے
اِسی پانی سے مُسلم کی ہُوا کرتی طہارت تھی

وسیلہ اُن کی خوشحالی کا ٹھہری تیغ کی حلّت
جہانداری سے مُسلم کے لئے بڑھ کر تجارت تھی

سمجھ کر وقت کو دولت وہ اِس کو گنواتے تھے
گھڑی اِک بھی نہ اُن کی عُمر کی جاتی اکارت تھی

قبا ہوتی تھی اوپر اور نیچے خرقہ ہوتا تھا
وہ دُنیا دین نہ ہو جس میں ہمیں اس سے حقارت تھی

ہمارا ظاہر و باطن ڈھلا تھا ایک سانچے میں
بصیرت تھی دلوں میں اور آنکھوں میں بصارت تھی

Marfat.com

نہیں ابجد شناس اغیار اب تک ہو سکے اس کے
ہمیں جس علم پر قدرت تھی جس فن میں مہارت تھی

نہ جھکتا تھا ہمارا سر کسی فرعون کے آگے
بدن میں عنفوان تھا اور خون کے اندر حرارت تھی

تجاوز کر نہ سکتے تھے وجادلہم بی احسن سے
کہ حسن خلق کی اوراق قرآں میں اشارت تھی

اگر ہم آج کے دن وہ نہیں ہیں جو کسی دن تھے
تو یہ قسمت کی شوخی تھی مقدر کی شرارت تھی

---

۱۹ مئی ۱۹۱۴ء

Marfat.com

# نازِ طبیب سے بے نیازی

اِتنی ہی آرزو ہے مرے دل میں اے خُدا — اِسلام کو زمانہ میں دیکھوں مَیں سربلند

دُنیا میں سرنگوں علمِ مصطفےٰ نہ ہو — ہم خواہ خود ذلیل ہوں اور خواہ ارجمند

میداں ہو قدسیں سے یا رب روا نہ ہو — پھر قطعِ کائنات کو توحید کا سمند

مُسلم خود اپنے درد کی تجویز کر دوا — نازِ طبیب کا نہ کبھی ہو نیاز مند

ضامن ترا ہے نسخۂ تعویذ مصطفےٰ — پہنچائے پھر زمانہ تجھے کس طرح گزند

خواہی کہ خاکِ پائے رسولؐ خدا شوی — دل را بہ باد خوانیٔ طاغوت در مبند

آئی فلک سے کان میں احسنت کی صدا
یہ نظم دل کشا ہے فرشتوں کو بھی پسند

---

# پھر وہی تو اور وہی تیرا شبستاں غم نہ کھا

امن یجیب المضطر اذا دعاہ ویکشف السوء ویجعلکم خلفاء الارض ءالہ مع اللہ قلیلا ما تذکرون

وہ کون ہے جو مضطربوں کی دُعا قبول کرتا ہے۔ اور بلاؤں کو ٹال دیتا ہے اور تم کو روئے زمین کی خلافت عطا کرتا ہے۔ کیا وہ خدا کے علاوہ کوئی اور خدا ہے۔ تم سوچو تو اِس سوال کا جواب دے سکتے ہو۔ مگر تُم سوچتے ہی کم ہو۔

---

خُدا سے مَیں نے کل شکوہ کیا تھا
کہ چکر کھا رہی ہے میری تقدیر

سحر خیزی مری جاتی ہے بیکار
دُعائیں ہیں مری خالی ز تاثیر

ابھی یہ شکوہ میں کر ہی رہا تھا
ندا آئی کہ کیوں ہوتا ہے دلگیر

بھروسہ رکھ ہماری مکرمت پر
کئے جا ساتھ ساتھ اپنی بھی تدبیر

---

۲۸ اکتوبر ۱۹۱۸ء

Marfat.com

# امّت پر رسولؐ کا احسان

ہم خاک تھے حضورؐ نے اکسیر کر دیا — کتنا بڑا حضورؐ کا احسان ہوگیا
بھر کر دیا وہ جام جہاں میں حضورؐ نے — پی کر گدائے میکدہ سلطان ہوگیا
اسلام کا جو ذکر کیا تو نے ہم نشیں — بجلی گری وہ دل پہ کہ فاران ہوگیا
ہے اک نگار خانۂ حیرت یہ نام بھی — جس کی نظر پڑی وہی حیران ہوگیا

شرق اور غرب منسلک اک سلک میں ہوئے
کتنا دراز رشتۂ قرآن ہوگیا

---

۱۶؍ دسمبر ۱۹۱۶ء

Marfat.com

# انتظارِ سحر

تجھے فکر کیوں ہے اے دل کہ یہ شب بسر بھی ہوگی
ہے ابھی اگر اندھیرا تو کبھی سحر بھی ہوگی

ہے اثر دوا میں پنہاں مگر اس کے ساتھ تجھ کو
اگر اعتقاد ہوگا تو وہ زود اثر بھی ہوگی

یہ سوادِ آفرینش ہے بقدرِ نورِ بینش
تری آنکھ اگر کھلے گی تو جہاں نگر بھی ہوگی

ہو بپا کہیں بھی طوفان وہ یہی گماں کریں گے
کہ ضرور اس میں شامل مری چشمِ تر بھی ہوگی

ہے پھر ابرہہ کی کوشش کہ بنائے کعبہ ڈھا دے
مگر اس میں ہم کو شک ہے کہ مہم یہ سر بھی ہوگی

اگر آج ہم پر آئی شبِ غم پہاڑ بن کر
تو یہ رات یونہی بھاری کبھی آپ پر بھی ہوگی

عرب اور عجم کے ذرے ہوئے آفتاب جس سے
کبھی روز دیکھ لینا وہ نظر ادھر بھی ہوگی

Marfat.com

# خروش سروش

اللہ کا جو دم بھرتا ہے وہ گرنے پر بھی ابھرتا ہے
جب آدمی ہمت کرتا ہے ہر بگڑا کام سنورتا ہے
اُٹھ باندھ کمر کیا ڈرتا ہے
پھر دیکھ خدا کیا کرتا ہے

اے مسلم کیوں دلگیر ہے تو کیوں غم کی بنا تصویر ہے تو
اغیار ہیں خاک اکسیر ہے تو تدبیر ہیں وہ تقدیر ہے تو
اُٹھ باندھ کمر کیا ڈرتا ہے
پھر دیکھ خدا کیا کرتا ہے

ہے راہ نما قرآن ترا اسلام پہ ہے ایمان ترا
پیغمبر ہے ذی شان ترا دل جس پہ ہوا قربان ترا
اُٹھ باندھ کمر کیا ڈرتا ہے
پھر دیکھ خدا کیا کرتا ہے

Marfat.com

تو پرتو ملت بیضا ہے! تو سایہ سطوت کبریٰ ہے
تو سُرمۂ دیدۂ دنیا ہے تو غازۂ عارض عقبیٰ ہے
اُٹھ باندھ کمر کیا ڈرتا ہے
پھر دیکھ خُدا کیا کرتا ہے

تو حامئ شرع پیمبرؐ ہے تو ماحئ شیوۂ آذر ہے
تو غیرت خالق اکبر ہے تو برش تیغ حیدرؓ ہے
اُٹھ باندھ کمر کیا ڈرتا ہے
پھر دیکھ خُدا کیا کرتا ہے

بکھری ہُوئی قوت تیری ہے سمٹی ہُوئی ہمت تیری ہے
ورنہ یہ حکومت تیری ہے عالم کی خلافت تیری ہے
اُٹھ باندھ کمر کیا ڈرتا ہے
پھر دیکھ خُدا کیا کرتا ہے

تو علم کی دولت لایا ہے تہذیب سکھانے آیا ہے
تو جب سے جہاں پر چھایا ہے دُنیا کی پلٹ گئی کایا ہے
اُٹھ باندھ کمر کیا ڈرتا ہے
پھر دیکھ خُدا کیا کرتا ہے

Marfat.com

اُس داغ کا نُور جگر میں ہے　　جو سُورج میں نہ قمر میں ہے
یہ آگ لگی ترے گھر میں ہے　　کس سوچ میں ہے کس ڈر میں ہے
اُٹھ باندھ کمر کیا ڈرتا ہے
پھر دیکھ خُدا کیا کرتا ہے

گلشن میں بہار ہے آئی ہُوئی　　گردُوں پہ گھٹا ہے چھائی ہُوئی
پھرتی ہے صبا اٹھلائی ہُوئی　　تقدیر ہے پلٹا کھائی ہُوئی
اُٹھ باندھ کمر کیا ڈرتا ہے
پھر دیکھ خُدا کیا کرتا ہے

نقارہ بجا پھر شوکت کا　　نظارہ دکھا پھر حکمت کا
چھلکا دے پیالہ اُخوت کا　　چمکا دے ستارہ شریعت کا
اُٹھ باندھ کمر کیا ڈرتا ہے
پھر دیکھ خُدا کیا کرتا ہے

---

Marfat.com

# مومن کی ہمّت بلند

بندہ نواز ہم سے نہیں ہے چھپی ہوئی
پیرِ فلک کی شعبدہ بازی کی بود و ہست

مانا کہ آسمان سے شمس و قمر کی فوج
پیہم اُتر رہی ہے کہ ظلمت کو دے شکست

مانا کہ اُن کو جو نظر آتے ہیں سر بلند
چرخِ ستیزہ کار کرے گا زبون و پست

لیکن نہ قولِ سعدیٔ شیراز بھولیے
چھوٹا نہیں جو ہاتھ سے سر رشتۂ الست

رفتن بہ پائے مردیٔ ہمسایہ در بہشت
حقا کہ با عقوبتِ دوزخ برابر است

---

۲۱ مئی ۱۹۲۰ء

Marfat.com

# ایّها المسلم

رسولؐ اللہ پر قربان ہوجا — خود اپنے درد کا درمان ہوجا

حریفِ دولتِ افرنگ بن کر — حلیفِ دولتِ عثمان ہوجا

ضرورت کیا ہے کابل کے سفر کی — یہیں بیٹھا ہوا افغان ہوجا

امان اللہ خاں بن جائے گا تو — پر اول عاملِ قرآن ہوجا

ڈبو کر کشتیٔ کفر آنسوؤں میں — بغل میں نوحؑ کا طوفان ہوجا

غلامی کر محمد مصطفےٰؐ کی — گدائی چھوڑ دے سلطان ہوجا

مرے سانپ اور لاٹھی بھی نہ ٹوٹے — نظام الملک کا فرمان ہوجا

تزلزل میں ہے ایوانِ خلافت
تو اس ایواں کا پشتیبان ہوجا

---

۱۲ر مئی سنہ ۱۹۲۰ء

Marfat.com

# ارغوانی عید

اِس آبِ سُرخ کا ساقی اِدھر بھی ایک کنٹر لا
لنڈھا کر جس کے خم کے خم ہوئے سرشار بونر لا

سمرنا کی مئے گلرنگ اگر تیزی میں کچھ کم ہو
حرم میں جاکے یورپ کے لیے خونِ کبوتر لا

مے آشامانِ مغرب کو اگر ساغر کی حاجت ہو
کسی مُسلم کا مٹی میں ملا اِک کاسۂ سر لا

مری آغوش میں آئے تو اُس بت سے سمجھ لوں میں
کسی حیلے سے اُس کو گھیر کر اک شب مرے گھر لا

حریفوں کو مٹا جس طرح وہ ہم کو مٹاتے ہیں
بحقِ مصطفٰی یارب مرادِ اسلام کی بر لا

مجھے بچوں کو عیدی جاکے دینی ہوگی کابل میں؟
جگر سے مانگ کر کچھ لعل و گوہر دیدۂ تر لا

میرے اشعار لکھنے چاہیئں سونے کے پانی سے
اگر سونا نہیں ملتا کم از کم کاغذِ زر لا

---

۲۹ جون سنہ ۱۹۲۱ء

Marfat.com

# سلف صالحین

وہ مسلمان کہاں اگلے زمانے والے
گردنیں قیصر و کسریٰ کی جھکانے والے

امتیاز ابیض و اسود کا مٹانے والے
سبق انساں کو اخوت کا پڑھانے والے

بات کیا تھی کہ نہ رُوما سے نہ ایراں سے دبے
چند بے تربیت اونٹوں کے چرانے والے

بھید کیا تھا جو آپس میں ملے تھے نہ کبھی
ہو گئے مشرق و مغرب کے ملانے والے

جن کو کافور پہ ہوتا تھا نمک کا دھوکا
بن گئے خاک کو اکسیر بنانے والے

پیشوائی کو نکل آئی خدائی ساری
گھر سے نکلے جو محمدؐ کے گھرانے والے

خم و خمخانہ بھی ہے مہر و نشاں بھی ہے وہی
نہیں ملتے ہیں مگر خم کے لنڈھانے والے

وہی نیساں ہے گہر ریز ابھی تک لیکن
نظر آتے نہیں گوہر کے لٹانے والے

کیا سکھاتے ہیں تمدن کی حقیقت ہم کو
آج قرآن کی دولت کو چرانے والے

فیض کس کا ہے یہ اس پر بھی کبھی غور کریں
اپنی تہذیب کا افسانہ سنانے والے

بادشاہی میں فقیری کا چلن رکھتے ہیں
دوش پر بار امانت کا اٹھانے والے

نہ دبے ہیں کبھی باطل سے نہ دب سکتے ہیں
گردن اللہ کے رستے میں کٹانے والے

آشنا ذوق اسیری سے ہو میری مانند
شعر کہتے ہوں اگر وجد میں لانے والے

Marfat.com

# خلافت کی بُنیاد

نئی اک وبا کو سلاتے ہوئے — خلافت کی بُنیاد اُکھیڑو گے تم
تو اچھی طرح سے سمجھ لو یہ بات — خود اپنے ہی بخئے ادھیڑو گے تم
عرب اور عجم سے الگ ہی رہو — کہاں تک یہ جھگڑے نبیڑو گے تم
نہ دیں گے تمہیں چین لینے کبھی — ستائے ہوؤں کو جو چھیڑو گے تم

بچا لو گے ہندوستاں کو اگر
ذرا پاؤں اپنے سکیڑو گے تم

---

۷ر جولائی ۱۹۲۰ء

Marfat.com

# فرشتہ و حیوان

آدمی زادہ طرفہ معجون است — از فرشتہ سرشتہ و از حیوان
گر کند میلِ ایں شود بہ از یں — ور کند میلِ آں شود کم از آں"
چو مسلم علمِ دین و زید "فخر الدین رازی" شد — ولے چوں در عمل کوشید "امان اللہ غازی" شد
گہے "طلعت" شد و بر خاک و خوں غلطید در برلن — گہے در "طل" "چو نادر خاں" علم در کیہ تازی شد
بچنگِ ملتِ بیضا گہے زد زخمہ چوں "طرزی" — نوا پیرا بہ بزم اندر بآہنگ حجازی شد
سمر نارا چو یک لک داد آصف جاہِ ہشتم گشت — نوالش رشتۂ اسلام را وجہ درازی شد

چو از یزداں دلش بگرفت و با طاغوتیاں پیوست
گسست از خویش "فیصل" گشت و انگلیسِ مجازی شد

---

۵ اکتوبر ۱۹۲۰ء

Marfat.com

# حقائق

دل ہے پہلو میں تو پیدا شیوۂ ترکانہ کر
جورِ ہفت افلاک کے ہوتے رہیں پروانہ کر

غم کو خود آکر بہالے جائے گی موجِ سرور
دیکھتا کیا ہے اُٹھ اور فکرِ مے و پیمانہ کر

دعوئ الفت جتا کر مفت میں رسوا نہ ہو
دار پر چڑھنے سے پہلے رازِ عشق افشا نہ کر

ظرفِ نیساں چاہتی ہے قلزم آشامی تیری
برگِ گل کی طرح شبنم کے لئے ترسا نہ کر

کام ابراہیموں کا ہے کہ کھیلیں آگ سے
کود پڑ شعلوں میں خوفِ انجام کا اصلا نہ کر

لے کے نام اللہ کا طوفاں میں کشتی ڈال دے
خوفِ بے پایانئ دریائے موج افزا نہ کر

خود عمل تیرا ہے صورت گر تری تقدیر کا
شکوہ کرنا ہو تو اپنا کر مقدر کا نہ کر

سایۂ شمشیر میں پوشیدہ جنت ہے مگر
ناکسوں کے سامنے اس بھید کا چرچا نہ کر

Marfat.com

# حیاتِ جاوید

رحمتِ باری کم اپنا جوش کر سکتی نہیں
یہ چڑھی ندی قیامت تک اُتر سکتی نہیں

زندہ جاوید ہے اللہ والوں کا گروہ
اُمتِ مرحوم سو سکتی ہے مر سکتی نہیں

سرورِ کونین خود ہوں ناخدا جس کے وہ ناؤ
لطمۂ طوفانِ موج افزا سے ڈر سکتی نہیں

ایشیا کی وہ بساطِ کہنہ اُلٹی جا چکی
بازیٔ اسلام اب دُنیا میں ہر سکتی نہیں

میں نے یہ مانا کہ جس پر ہو عتاب انگریز کا
اُس کی دُنیا ہند میں رہ کر سنور سکتی نہیں

لوٹ لے جب تک نہ سر پر اک نیا کوہِ ستم
ایک بھی رات اُس ستم کش کی گذر سکتی نہیں

لیکن ان ایذاؤں پر شیوہ ہے جس کا صبر و شکر
عاقبت بھی کیا اُس انساں کی سدھر سکتی نہیں

میری حرصِ لذّتِ آزار کا عالم نہ پوچھ
سر جب تک جائے نیت میری بھر سکتی نہیں

منزلِ خوفِ خدا ہے مومنِ قانت کا دِل
ہیبتِ قیدِ فرنگ اُس میں اُتر سکتی نہیں

جرم اتنا ہے کہ کیوں حدِ ادب سے بڑھ کے آہ
لب تک آ جاتی ہے اور دل میں ٹھہر سکتی نہیں

رات ہی ایسی تھی جس کا بھول جانا تھا محال
بات ہی ایسی ہے جو دل سے بسر سکتی نہیں

کفر سے مجھ کو ہے لاگ اور دیں سے ہے مجھ کو لگاؤ
کوئی اور الزام دُنیا مجھ پہ دھر سکتی نہیں

پانچ سیپاروں کی دولت ہے مرے سینے میں جمع
جس کو انگریزی حکومت قرق کر سکتی نہیں

میں حرم سے اُڑ کے جا بیٹھوں گا شاخِ سدرہ پر
میرے پر تثلیث کی قینچی کتر سکتی نہیں

Marfat.com

# اتمامِ نور

يُرِيدُونَ لِيُطْفِئُوا نُورَ اللَّهِ بِأَفْوَاهِهِمْ وَاللَّهُ مُتِمُّ نُورِهِ وَلَوْ كَرِهَ الْكَافِرُونَ

نورِ خدا ہے کفر کی حرکت پہ خندہ زن — پھونکوں سے یہ چراغ بجھایا نہ جائے گا
کہہ دو انہیں سنا کے لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ — تقدیر کا نشان مٹایا نہ جائے گا
مسلم ہوں میں غلام ہیں شمس و قمر مرے — اپنا یہ درجہ مجھ سے گھٹایا نہ جائے گا
میں گرچہ ناتواں ہوں مگر بارِ کائنات — میرے سوا کسی سے اٹھایا نہ جائے گا
مجھ سے بجز خدا کے کسی کے حضور میں — اپنا سرِ نیاز جھکایا نہ جائے گا
کرتا ہوں وضو لہو سے ہوں اس کے لئے مگر — اپنوں کا خون مجھ سے بہایا نہ جائے گا
کعبہ خدا کے گھر سے صنم خانہ بن گیا — اس بتکدہ میں مجھ سے تو جایا نہ جائے گا
میں جس شرابِ تیز سے سرشار تھا کبھی — کیا مجھ کو پھر وہ بادہ پلایا نہ جائے گا
میں جس نوائے تلخ سے مدہوش تھا کبھی — کیا مجھ کو پھر وہ نغمہ سنایا نہ جائے گا
ہاں اے مرے نصیب ہوئی صبح آنکھ کھول — اب تو تھپک تھپک کے سلایا نہ جائے گا

Marfat.com

سر پہ پہن کے آئے گا تاجِ شہنشہی
تو مصطفےٰ کے گھر جو گدا یا نہ جائے گا

اب بھی عرب میں اور عجم میں ہے گھر ترا
اِس گھر میں اور کوئی بسایا نہ جائے گا

تثلیث کو یہ جا کے سُنا دو کہ آج سے
تگنی کا ناچ ہم کو نچایا نہ جائے گا

اے کفر ہاتھ پاؤں کٹے تیری راہ میں
سر رہ گیا ہے سو وہ کٹایا نہ جائے گا

اقصائے ہند میں علم حق ہُوا بلند
یہ پرچم اب کسی سے گرایا نہ جائے گا

---

Marfat.com

# تُرک

لیُظہِرَہٗ کے وعدے کے وفا ہونے کا وقت آیا
گدائے بے نوا کے بادشاہ ہونے کا وقت آیا

ظہورِ غلبۂ دینِ مبیں کی ساعت آپہنچی!
جہاں میں حق کے باطل سے جُدا ہونے کا وقت آیا

گھر آیا ابرِ رحمت ہر طرف سے بامِ گردوں پر
سروں پر سایۂ لطفِ خُدا ہونے کا وقت آیا

ھُوَ اللہُ اَحَد کے نغمے کو بیتاب ہے گلشن
قفس سے عندلیبوں کے رہا ہونے کا وقت آیا

پسند آیا کشائش کو کسی کا عقدۂ مشکل
رسول اللہ کے مُشکلکشا ہونے کا وقت آیا

شراب جاں ہوئی گلرنگ مینائے شہادت سے
زلال زندگی کے جانفزا ہونے کا وقت آیا

بنی تیغ آزمائی پاسبانِ شب زندہ داری کی!
خلافت کے نئے سر سے عطا ہونے کا وقت آیا

یہ جا کر دُشمنانِ دینِ حق سے برملا کہہ دو
کہ تُم سب کے زبوں ہو کر فنا ہونے کا وقت آیا

ہے اسلام اک سمندر اور ترک اک قطرہ ہے لیکن
اس اک قطرے سے اک طُوفاں بپا ہونے کا وقت آیا

توانائی پہ کیوں کر ناتواں کو غلبہ ملتا ہے
ان آیاتِ مبیں کے رُونما ہونے کا وقت آیا

اکیلا سارے یورپ سے پچھاڑا جا نہیں سکتا
کسی سے تُرک کا لشکر اکھاڑا جا نہیں سکتا

Marfat.com

# فرض اور قرض

جو مسلم ہے تو جان ناموسِ ملت پر فدا کر دے
خدا کا فرض اور اس کے نبی کا قرض ادا کر دے

بھری محفل میں لا سکتا نہ ہو گر کفر تاب اس کی
تو زنداں ہی میں جا کر روشن ایماں کا دیا کر دے

شہادت کی تمنا ہو تو انگریزی حکومت پر
کسی مجلس کے اندر نکتہ چینی برملا کر دے

تمہارا قافلہ کچھ لٹ چکا اور کچھ ہے لٹنے کو
رسول اللہ کو اس کی خبر بادِ صبا کر دے

ضرورت ہے اب اس ایجاد کی دانائے مغرب کو
جو اہلِ ہند کے دامن کو چولی سے جدا کر دے

نکل آنے کو ہے سورج کہ مشرق میں اجالا ہو
برس جانے کو ہے بادل کہ گلشن کو ہرا کر دے

قفس کی تیلیوں پر آشیاں کا کاٹ کر چکر
فلک سے گر پڑے بجلی کہ بلبل کو رہا کر دے

یہ ہے پہچان خاصانِ خدا کی ہر زمانے میں
کہ خوش ہو کر خدا ان کو گرفتارِ بلا کر دے

Marfat.com

# جگر پارے

وفود بھیج کر اُن سے پیام کر لیں گے ہم آج فیصلۂ روم و شام کر لیں گے
ہمارے خوں کے آنسو ہیں اور دامنِ قوم لہو لگا کے شہیدوں میں نام کر لیں گے
یہ سچ ہے اُس پہ خدا کا چلا نہیں قابو مگر ہم اُس بتِ کافر کو رام کر لیں گے
بجائے کعبہ خدا آج کل ہے لندن میں وہیں پہنچ کے ہم اس سے کلام کر لیں گے
مٹائیں گے بدویت کے تفرقے جا کر اور اس کے واسطے کچھ قرض و ام کر لیں گے
ہمارے مُنہ میں زباں ہے اور اس میں ہے تاثیر اسی کو وجہِ حصولِ مرام کر لیں گے
ہمارے ہاتھ میں ہے اشہبِ قلم کی عناں اسی سمند کو محشر خرام کر لیں گے
رہی مساعدتِ بختِ نارسا سو یہ کام جنابِ حضرتِ خیر الانام کر لیں گے
خلیفہ چاند نبیؐ سورج اور ہم تارے مرتب آپ ہم اپنا نظام کر لیں گے
وہ کام جو نہ ہوا ولیم اور ولسن سے محمدؐ عربی کے غلام کر لیں گے
نسیمِ وادیٔ بطحا جو چل کے ہند میں آئے تو ہم بھی اس سے معطر مشام کر لیں گے
وہ مُہر جو سرِ خُم ہے یہ ٹوٹ جائے تو رند شکستِ توبہ کا آپ اہتمام کر لیں گے
ہزار آپ کے فتوے سہی مگر مسلم حلال چیز کو کیونکر حرام کر لیں گے

Marfat.com

عرب کی خاک اڑی اور عجم ہوا برباد
ہم اب نئے مین کے نیچے مقام کریں گے

وہ خاک جس میں ٹھکانہ ہے غوثِ اعظم کا
سُنا ہے اس میں اجانب قیام کریں گے

خدا کرے کہ وہ اس خاکِ پاک میں نہ رہیں
وگرنہ کام ہم اپنا تمام کریں گے

جو ڈھل کے آگیا خورشیدِ خاوری لبِ بام
تو ہم ستم زدہ بھی سیرِ بام کریں گے

ہمارے دل میں اگر جلوہ گر ہے نورِ خدا
تو سومنات کو بیت الحرام کریں گے

جو مولوی نہ ملے گا تو مالوی ہی سہی
خدا خدا نہ سہی رام رام کریں گے

دکن میں جا نہ سکیں گے تو شہریارِ دکن
یہیں سے تجھ کو بحسرت سلام کریں گے

علی امام نے واپس دلا دیا جو برار
تو پھر انہیں کو ہم اپنا امام کریں گے

کریں جو دین کو رسوا وہ آپ ہوں رسوا
ہم اب دعا میں یہی التزام کریں گے

۱۱ مارچ ۱۹۲۰ء

Marfat.com

# نفیرِ اسلام

بحکم اعدوا لہم ما استطعتم — بڑھے جس قدر اپنی طاقت بڑھاؤ
فراہم کرو جنگ کا ساز و ساماں — نصاریٰ پہ ہیبت کا سکہ بٹھاؤ
بتائید حق اپنی ملت کے بل پر — حریفوں کی کثرت کے چھکے چھڑاؤ
کہانت کی بنیاد جس نے ہلا دی — اُس اللہ اکبر کے نعرے لگاؤ
اُٹھاؤ نہ دریا کی لہروں کے احسان — جہازوں کو پھر خشکیوں پر چلاؤ
مٹا دو عجم اور عرب کی رقابت — جہاں میں بساطِ اخوت بچھاؤ
کرو ہوشیاری پہ مستی کو قرباں — خمستان یثرب کے ساغر لنڈھاؤ
حریفوں سے کہہ دو کہ ہم ہیں مسلماں — نہ باطل کی قوت سے ہم کو ڈراؤ
ہمیں آزمایا ہے سو بار تم نے — کسی اور کو جا کے اب آزماؤ
علم ہاتھ میں لے کے دینِ ہدیٰ کا — سرا چیں کا پھر اندلس سے ملاؤ
بجھا دو خرافات کی مشعلوں کو — حرم کا چراغ از سرِ نو جلاؤ

محمدؐ کے جھنڈے کے سایہ کے نیچے
فلک کے ستائے ہوؤ سر چھپاؤ

Marfat.com

# موجِ نور

توحید کے ترانہ کی تانیں اڑائے جا
مطرب تمام رات یہی نغمہ گائے جا

ہر نغمہ سے خلا میں ملا کو ملائے جا
ہر زمزمہ سے نور کے دریا بہائے جا

ایک ایک تیری تال پہ سر جھومنے لگیں
ایک ایک سُر سے چوٹ جگر پر لگائے جا

ہر زیر و بم سے کرتہ و بالا دماغ کو
ہر گٹکری سے پیچ دلوں کے گھمائے جا

ناسوتیوں سے چھین کے صبر و قرار و ہوش
لاہوتیوں کو وجد کے عالم میں لائے جا

تڑپا چکیں جنہیں تری رنگیں نوائیاں
ان کو یہ چند شعر مرے بھی سنائے جا

اے رہ نوردِ مرحلۂ ہفت خوانِ عشق!
اس مرحلہ میں ہر قدم آگے بڑھائے جا

خاطر میں لا نہ اس کے نشیب و فراز کو
جو سختیاں بھی راہ میں آئیں اٹھائے جا

رکھتا ہے لاکھ سر بھی اگر اپنے دوش پہ
نام محمدِ عربی پہ کٹائے جا!

وہ زخم چُن لیا ہے جنہیں پشتِ غیر نے
حصے میں تیرے آئیں تو چہرے پہ کھائے جا

کرتا رہ استوار اساسِ حریمِ دیں
اور ساتھ ساتھ کفر کی بنیاد ڈھائے جا

چھلکائے جا پیالہ شرابِ حجاز کا
دو چار گھونٹ اس کے ہمیں بھی پلائے جا

سر پر اگر ہو تاج تو ہو دوش پہ گلیم
دنیا کو شان یثربیوں کی دکھائے جا

رکھ مسندِ رسول کی عزت کو برقرار
عثمانؓ کے ہلال کا پرچم اڑائے جا

Marfat.com

# رسمِ ادب

یہ ادب کی شرط تھی بزم میں کہ وہ سر اُٹھا کے گہ صلا
جو کہے الستُ بربکمُ تو میں سر جھکا کے کہوں بلیٰ

پسرِ خلیل کی سیکھ ادا جو ہے ذبح ہونے کی آرزو
کہ چھری رُکے تو رُکے مگر نہ سرکنے پائے ترا گلا

نہ یزید کا وہ ستم رہا نہ زیاد کی وہ جفا رہی
جو رہا تو نام حُسینؑ کا جسے زندہ رکھتی ہے کربلا

وہ جو سو رہا ہے مدینہ میں کوئی جا کے اُس کو یہ خبر دو
چلی آ رہی ہیں وہ آندھیاں کہ چمن حضور کا اُڑ چلا

لقب اُمّتہً وّسطا دیا جنہیں تیرے فضل نے اے خدا
پس و پیش و راس و چپ آج کیوں وہی سختیوں میں ہیں مبتلا

نگہِ کرم تری کس لئے ہے ستم زدوں سے پھری ہوئی
ہم اُسی کے ہیں ترے لطف نے جسے دی نوید وما قلیٰ

Marfat.com

# آموختہ

کیا حکومت نے چند دن کے لئے جو زنداں میں بند تجھ کو
تو شکرِ حق کر کہ راہِ حق میں پہنچ رہا ہے گزند تجھ کو!

تکلیف

جس آزمایش میں پڑنے والے حیاتِ جاوید پا چکے ہیں
اُس امتحان کے لئے کیا ہے ترے خدا نے پسند تجھ کو

جو تجھ کو صیاد چھوڑ دیتا سمجھ کے صیدِ زبوں تو کیا تھا
کشاں کشاں لے گئی حرم تک مگر خود اس کی کمند تجھ کو

حسینؑ کا سر ہے آسماں پر کہ رہ چکا تھا کبھی سناں پر
تو کم سے کم سر بکف تو ہو جا جو سر ہے کرنا بلند تجھ کو

بھرا ہُوا زہر کا پیالہ جو آگے آئے تو اس طرح پی
کہ گھول کر دے رہا ہے گویا حریف ساغر میں قند تجھ کو

زمیں کو لرزا فلک کو چکرا عرب کو گرما عجم کو تڑپا
ملا ہے فطرت کی ارجمندی سے دل اگر درد مند تجھ کو

Marfat.com

وہی ہو انداز بسملی کا جو شیوۂ ترک نیم جاں ہے!
اگر کٹانا پڑے محمدؐ کے نام پر بند بند تجھ کو!

یہ چند نکتے ہیں اس سبق کے جو تو کئی بار پڑھ چکا ہے
وہی سمجھائی ہوئی حقیقت سمجھاؤں پھر نا بچند تجھ کو

Marfat.com

# جبر اور صبر

جھک گئی سکھوں کے آگے کس طرح سرکار دیکھ
دیکھتے کیونکر ہیں نیچا زبردست آزار دیکھ

ڈوبتی ہے کس طرح منجدھار میں ظالم کی ناؤ
کس طرح ہوتا ہے مظلوموں کا بیڑا پار دیکھ

تو نے چلتے دیکھ لی ملت فروشوں کی دکان
سرفروشوں کی بھی آکر گرمئ بازار دیکھ

مالوی جی کے پرانے ہتھکنڈے کس کام کے
خالصہ جی کا نرالا شیوۂ پیکار دیکھ

جبر کی تلوار چلتے چلتے آخر گر گئی
صبر کا ہتھیار کام آیا ہے آخرکار دیکھ

اے کہ تھا بالسمع والطاعت کبھی تیرا شعار
ہو گئے غیر اس حقیقت کے علمبردار دیکھ

اے کہ تیری وضع کو کچھ ضد سی ہے تغییر سے
ابلق ایام کی بدلی ہوئی رفتار دیکھ

تو نے دیکھے ہیں شہنشاہوں کے درباروں کے ٹھاٹھ
اب فقیروں کا بھی جنگل میں لگا دربار دیکھ

کٹ مری سکھوں کی قوم اپنے گرو کے نام پر
تو بھی مسلم اپنی جاں اپنے نبی پر وار دیکھ

Marfat.com

# سواراج

ہے کل کی ابھی بات کہ تھے ہند کے سرتاج — دیتے تھے تمہیں آ کے سلاطینِ زمن باج
یا رنگ زمانہ نے یہ بدلا ہے کہ تم کو — دُنیا کی ہر ایک قوم سمجھتی ہے ذلیل آج
دامانِ نگہ جس کی فضا کے لئے تھا تنگ — وہ باغ ہوا دیکھتے ہی دیکھتے تاراج
محفل میں ضیا بیز نہ ساقی ہے نہ ساغر — گلشن میں نوا ریز نہ صلصل ہے نہ دراج
سوچو تو ذرا تم کہ تمہارا ہی سفینہ — کیوں ہو گیا بازیچۂ ذخارِ امواج
ہر برق جو کوندی ہے گری ہے وہ تمہیں پر — ہر فتنہ جب اُٹھتا ہے تمہیں بنتے ہو آماج
جب تک رہے تم دستِ نگر اپنے خُدا کے — ہونے نہ دیا اُس نے تمہیں غیر کا محتاج
جس وقت مگر ہاتھ سے سر رشتۂ رضا کا — چھوٹا تو نہ تھا تخت [illegible] تاج
جھک جاؤ گے اب بھی اگر اللہ کے آگے — بن جاؤ گے پھر تاجور و صاحبِ معراج
مٹی بھی اُچھالو گے تو ہو جائے گی سونا — کنکر بھی اُٹھا لو گے تو بن جائے گا پکھراج

Marfat.com

جو ہوگئے اُس کے وہ ہوا اُن کا نگہبان
اُسکی ہے جنہیں شرم ہے اُنکی بھی اُسے لاج

تُرکوں ہی کو دیکھو کہ جب اُس پہ ہوئے قرباں
یورپ کی دھری رہ گئی سب کثرت افواج

داتا کی یہ ہے دین ہیں رنگ اُس کے نیارے
مانگے نہ ملی بھیک نہ مانگا تو ملا راج

اک سجدہ میں حاصل ہوئے جاتے ہیں دو عالم
وہ کیوں نہ کرو بات کہ اک پنتھ ہو دو کاج

مٹ جاؤ مگر حق کو نہ مٹتے ہوئے دیکھو
سیکھو یہ روش گر تمہیں لینا ہے سوراج

---

Marfat.com

# رہتاس

آفتاب اسلام کا آیا ہے سمت الراس پر — ہو گئے چودہ طبق روشن عوام الناس پر

زندگی اسلامیوں کی آنکھ سے مخفی نہیں — ظاہر اُن کی برتری ہے خضر اور الیاس پر

کیا لیے پھرتے ہو اپنی توپ اور تلوار کو — جب نہیں قابو ہمارے قلب کے احساس پر

نغمہ گوئی کو ہے میرے خامۂ رنگیں پہ ناز — جس طرح نازاں علمداری ہوئی عباسؓ پر

جا کے لایا آسماں سے یہ زمینِ سنگلاخ
ہو گئی حل میری مشکل قلعۂ رہتاس پر

---

قلعہ رہتاس

۲۹ ستمبر ۱۹۳۵ء

Marfat.com

# سہسرام

گنبد سے آ رہی ہے صدا شیر شاہ کی
ٹکرا رہی ہے عرشِ معلّیٰ کے بام سے

وہ دن نہیں ہے دُور کہ اسلام کا علَم
ہو گا بلند ہند میں پھر اس مقام سے

کافور کفر ہو گا یہاں سے بھی جس طرح
اُکھڑے قدم شریف کے بیت الحرام سے

دے گی خراج ملّتِ بیضا کو کائنات
نکلے گی ذوالفقارِ علی پھر نیام سے

کوندیں گی جس میں سطوتِ کبریٰ کی بجلیاں
اُٹھے گی ایک دن وہ گھٹا سہسرام سے

---

سہسرام
۳۰ ستمبر ۱۹۲۵ء

Marfat.com

# دستۂ گل

کھلنے کو ہیں پنجاب کے گلشن میں نئے پھول
دینے کو پیام آئی صبا اور ہی کچھ ہے

تکبیر کے نعروں نے ہلایا ہے فلک کو
آج آ رہی گنبد سے صدا اور ہی کچھ ہے

پو پھٹنے نہ پائی کہ ہوئی نور کی بارش
لاہور کی گلیوں کی فضا اور ہی کچھ ہے

شوریدہ سری کا تو ہے الزام ہی الزام
اللہ کے بندوں کی سزا اور ہی کچھ ہے

ہے تاج کی خواہش نہ تمنا ہے نگیں کی!
اسلام کا مقصد بخدا اور ہی کچھ ہے

مغرب میں بھی اچھوں کو بُرا کہتے ہیں لیکن
اس جرم کی مشرق میں سزا اور ہی کچھ ہے

فرعون نے بچوں کو نہ تیغ کیا تھا
پر آپ کا اندازِ جفا اور ہی کچھ ہے

مانا کہ ہیں ٹیگور کے اشعار دل آویز
اقبال کے نغموں میں مزا اور ہی کچھ ہے

یہ سچ ہے کہ اٹلی کے حسیں آفتِ جاں ہیں
بنگالہ کے جادو کی ادا اور ہی کچھ ہے

دیتے ہیں قرار آپ نصاریٰ کو اُولی الامر
فرمودۂ شاہِ دوسرا اور ہی کچھ ہے

توحید کے پرچم کو جھکانے وہ چلے ہیں
پر فیصلۂ کلکِ قضا اور ہی کچھ ہے

ہم سنتے ہیں کچھ اور ہی راوی کی زباں سے
یاروں نے اٹک پار کہا اور ہی کچھ ہے۔

Marfat.com

یہ وہم خدا ہی ہے جو زائل ہو دلوں سے | تنظیم کے پردہ میں چھپا اور ہی کچھ ہے
تلوار کا شکوہ ہے نہ جزیہ کی شکایت | کافر کو مسلماں سے گلہ اور ہی کچھ ہے
تم کہتے ہو ہرگز نہیں مرتد کی سزا قتل | ہم نے تو شریعت سے سُنا اور ہی کچھ ہے
ان آریہ پُرشوں کو خدارا کوئی سمجھائے | خود اُن کے منوجی کی کتھا اور ہی کچھ ہے
ویدوں کی ہیو ستھا ہے ادھرمی کو جلا دو | آج آپ یہ کہتے ہیں کہ "لا" اور ہی کچھ ہے

چرخے سے علاج مرض ہند نہ ہو گا
یہ درد وہ ہے جس کی دوا اور ہی کچھ ہے

Marfat.com

# نقشِ عید برنگِ امیّد

یہ عید ہو ہر ایک مسلماں کو مبارک
اور کشورِ اسلام کے سلطاں کو مبارک

نکلی ہوئیں اسلامیوں کے دل سے دعائیں
ناموسِ خلافت کے نگہباں کو مبارک

قفقاز و اناطولیہ سے تا بہ سمرقند
یہ وقت ہو ہر صاحبِ ایماں کو مبارک

ہو خسروِ کابل کے لئے صبح یہ مسعود
اور حضرتِ عثماں علی خاں کو مبارک

یہ عید تو اک زندگیِ نو کی ہے تمہید
وہ زندگیِ نو ہر مسلماں کو مبارک

مستقبلِ اسلام ہے ماضی سے ہویدا
اس آئینہ کی سیر ہو دوراں کو مبارک

آنے کو ہے جو فصلِ بہار اپنے چمن میں
سرو و سمن و سنبل و ریحاں کو مبارک

دنیا کی فضا جس سے ہے اب بھی مترنم
وہ نغمہ ہو مجھ جیسے غزلخواں کو مبارک

میں رہ سپرِ کعبہ ہوا ہوں مگر اے کاش
تلوے ہوں مرے خارِ مغیلاں کو مبارک

اے سیدِ عالی گہر اے فاخرِ مظلوم
ہوں پاؤں ترے حلقۂ جولاں کو مبارک

غافل ہے فَرَقْنَا بِکُمُ الْبَحْرَ سے فرعون
یارب یہ ندا موسیٰ عمراں کو مبارک

ہندی کے لئے شیوہ ظفر کا بھی ہے محمود
طرزی کی اگر طرز ہے افغاں کو مبارک

Marfat.com

# لمعات

میانوں سے نکل آئیں تڑپ کر پھر وہ شمشیریں
پلٹ دی ہیں جنہوں نے مشرق و مغرب کی تقدیریں

وہ شمع وہ سمایا پھر نگار آرائے محفل ہے
ہیں پروانے کی خاکستر میں رقصاں حسن کی تنویریں

پڑا ہے زلزلہ دنیا میں پھر لزبن سے پیکن تک
بلند اک ساتھ ہوتی ہیں مسلمانوں کی تکبیریں

جکڑ سکتیں نہیں زندانیانِ حق کو ہتھکڑیاں
عبث ہیں سب یہ ترکیبیں غلط ہیں سب یہ تدبیریں

جنوں جب کارفرما ہو تو کام آتی نہیں اصلا
یہ تادیبیں یہ تہدیدیں یہ تنبیہیں یہ تعزیریں

دھواں اٹھے تو سمجھو شعلہ بھی ہوگا بلند اس سے
نمایاں خود بخود آہوں سے ہو جاتی ہیں تاثیریں

ادھر انگورہ و کابل ادھر بغداد اور دہلی
وہ سب رحمت پیمبر کی یہ سب امت کی تقصیریں

وہاں توحید کی باتیں یہاں تثلیث کی گھاتیں
وہ سب مومن کی میراثیں یہ سب کافر کی جاگیریں

امان اللہ خاں اور مصطفےٰ کو دیکھ لو جا کر
نہ دیکھی ہوں اگر اسلام کی غیرت کی تصویریں

عجب کیا ہے کہ شردھانند بھی اک دن مسلماں ہو
لہو اسلام کا ٹپکے اگر کافر کا دل چیریں

---

Marfat.com

# پنج گنج

## (۱)

## بتانِ کاشی و لاہور

ہمیں وہ فتنہ کا بانی قرار دیتے ہیں　　مگر خود اپنی روش کو سنوار دیتے ہیں
بتانِ کاشی و لاہور سے خدا کی پناہ　　کہ رنج دیتے ہیں اور بے شمار دیتے ہیں
دروغ کو نہیں حاصل ہُوا فروغ کبھی　　ہم اُن کے جھوٹ کو سچ سے نکھار دیتے ہیں
وہ دھرتے ہیں یہی الزام ہم پہ لے دے کر　　کہ مکّہ لیتے ہیں اور ہر دوار دیتے ہیں!
مدینہ بڑھ کے تمہیں ہے عزیز دہلی سے　　ہمیں وہ طعنہ یہی بار بار دیتے ہیں
دبا ہُوا تھا جو کینے کا جذبہ سینے میں　　یہ کینہ جُو اُسے اُٹھ کر ابھار دیتے ہیں

کبھی رسُولؐ کی توہین شغلہ اُن کا
کبھی خُدا کے خلاف اشتہار دیتے ہیں

Marfat.com

(۲)

# نامسلمانوں اور مسلمانوں کا فرق

ہیں ایک وہ کہ ابٹنا لگا کے شُدھی کا
عروسِ کفر کا جوبن نکھار دیتے ہیں

اور ایک ہم ہیں کہ دینِ رسولِ اکرم کا
خود اپنے ہاتھ سے کھو اعتبار دیتے ہیں

حرم کے راہ نوردوں کی خستہ پائی کو
بشارت خلشِ نوکِ خار دیتے ہیں

حریمِ کعبہ میں تثلیث کا اُٹھے پرچم
یہ لکھنؤ سے نصاریٰ کو تار دیتے ہیں

مراد یہ ہے کہ اُلٹے بساطِ ابنِ سعود
ہم آپ جیت کے بازی کو ہار دیتے ہیں

(۳)

# استرداد برار

دکن رہے جو سلامت یہی غنیمت ہے
وہ کب نظام کو واپس برار دیتے ہیں

وہاں بڑھی ہوئی جتنی ہو منزلت جس کی
یہاں اسی قدر اس کو فشار دیتے ہیں

(۴)

# محمدؐ عربی کا نام سپہر بریں کی لوح پر

خزاں رسیدہ چمن کو طیور زمزمہ سنج
نوید آمدِ فصلِ بہار دیتے ہیں

Marfat.com

زمانہ قید کا برطانیہ کے زندانی
مصیبتوں میں خوشی سے گزار دیتے ہیں
فرشتے ملتِ بیضا کو آسمانوں سے
پیامِ رحمتِ پروردگار دیتے ہیں
خدا نے جس سے محمدؐ کا نام لکھا تھا
ستاروں کو وہ قلم مستعار دیتے ہیں

## (۵)

# طلوعِ صبحِ اُمید کا انتظار

نبی جہاز سے طوفاں میں اپنی اُمّت کو
کنارے پر بسلامت اُتار دیتے ہیں
خدا کی راہ میں جو ہو کے سر بکف نکلے
اُسی کو مسندِ عزّ و وقار دیتے ہیں
زمین جس کی شہادت کے خوں سے ہو سیراب
اُسی کا نام فلک پر پکار دیتے ہیں
وہ تیغ کفر کے پیکر کو جو دو نیم کرے
اُسی کو مرتبۂ ذوالفقار دیتے ہیں
کب اس کے قبضۂ جوہر نگار پر دیکھیں
ہمارے بازوؤں کو اختیار دیتے ہیں

Marfat.com

# غزل مرقص

عجب کیا رب کی اس قدرت پہ گر مسلم کو حال آئے
خلافت پر زوال آئے تو ساتھ اس کے کمال[1] آئے

ستاروں سے بحسرت بدر کامل ہو ادھر رخصت
ادھر پھر اوجِ گردوں پر نظر بن کر ہلال آئے

حکومت کا نشہ اسلامیوں سے جا نہیں سکتا
جو ٹوٹے ساغرِ جم بزم میں جامِ سفال آئے

عروسِ دولتِ کابل کو ہو مشاطہ کی حاجت
تو استنبول سے افشاں کے چننے کو جمال[2] آئے

خدا جانے ہو کیا اس وقت حالت دیں کے اعدا کی
امان اللہ خاں کو بیٹھے بیٹھے گر جلال آئے

خلافت کی کرامت ہے اگر ہندوستاں جاگے
اگر صدیوں کی اس باسی کڑھی میں بھی اُبال آئے

زن و فرزند و جان و مال سب حق ہے خلافت کا
اگر اسلامیوں کو حق شناسی کا خیال آئے

مُسلمانو دُعا پانچوں نمازوں میں یہی مانگو
کہ قسطنطین پر اور اُس کی فوجوں پر وبال آئے

جزا ہند کے احساں کی ہے احساں اور وہ یہ ہے
کرے نیکی مسلماں اور اُسے گنگا میں ڈال آئے

ملی اس کشمکش میں ہم کو آزادی تو سُن لینا
کہ انگریزوں کو ہم بغداد سے جا کر نکال آئے

---

[1] غازی مصطفٰے کمال پاشا [2] غازی جمال پاشا

Marfat.com

تلافی پر جو ہو سرکار کی آمادگی ظاہر
قسم لے لو جو گذری بات کا دل میں ملال آئے

تشدد خود کریں الزام اس کا تھوپ دیں ہم پر
تعجب کیا گر اس منطق پہ ہم کو اشتعال آئے

اسی تہذیب پر کیا اہلِ مغرب ناز کرتے ہیں
یہاں سے کچھ اڑا لائے وہاں سے کچھ چرا لائے

کہیں افیون کی چٹکی کا ڈالا چین کو چسکا
کہیں لے کر مراقش میں شرابِ پرتگال آئے

غرض ہمدردِ انساں بن کے جس اقلیم میں پہنچے
اُسی کو اِس نئی تہذیب کے سانچے میں ڈھال آئے

گُل افشانی مری اس وقت ہوگی سیر کے قابل
خبر جب فتح کی انگورہ سے بادِ صبا لائے

ودیعت تھی مری مژگاں کی خاکِ روضۂ اطہر
کہا جب ہم نشیں نے جا کے تم یثرب سے کیا لائے

ملائک وجد میں آجائیں گر اس نظمِ مرقص کو
سنانے کے لئے خود مسلمِ شیریں مقال آئے

---

# مدینہ منوّرہ

چشمہ اُبل رہا ہے مدینہ میں نُور کا
ہر اس کی موج رقص ہے میرے شعور کا

چھنتا ہے جلوہ اس کی فضائے لطیف سے
صبح ازل کے نورِ سعادت ظہور کا

ایک ایک سنگ ریزہ احد کا مرے لئے
ہم سنگ ہے خدا کی قسم کوہ طور کا

بہتا پگھل پگھل کے ہے آنکھوں کی راہ سے
انجام تھا یہ میرے دلِ ناصبور کا

دہلیز مصطفےٰ سے مرا سر لگا رہے
طالب نہیں میں جنّت و حور و قصور کا

سر خاک پہ ہے اور تصوّر ہے عرش پر
مجھ کو ہوا نصیب مواجہ حضور کا

اے رب کعبہ میری خطا کو معاف کر
نزدیک پر اگر ہے مجھے دھوکا ہو دُور کا

آداب جانتا نہیں شدّ رحال کے
کچھ بھی نہیں سلیقہ مجھے ان امور کا

اس سے مگر نہیں یہ مرا مدعا کہ میں
رکھتا ہوں دل میں شوق طواف قبور کا

ختم رسلؐ پہ بھیج رہا ہوں سلام میں
میرا یہ زمزمہ ہے ترانہ زبور کا

دِل میں جو ہے وہ آ نہیں سکتا زبان پر
خود اعتراف ہے مجھے اپنے قصور کا

Marfat.com

# مجلسِ خلافت پنجاب کا اعلان

رسول اللہ کے ناموس پر قربان ہو جاؤ
مسلمانو! بلالؓ و بوذرؓ و سلمانؓ ہو جاؤ

حنینؔ و بدر کا ہندوستان میں کھینچ دو نقشہ
کہ سر ہو کفر کا گیند اور تم چوگان ہو جاؤ

جھکا دو حق کے آگے گردنیں ابنائے باطل کی
نبیؐ کی آن بن جاؤ خدا کی شان ہو جاؤ

یہی راز آج کل ہے ملتِ بیضا کی وحدت کا
کہ ہفتاد و دو قالب ہو کے بھی یکجان ہو جاؤ

عجم کے دل کو چھینا جس کے ایک آہنگِ شیریں نے
اسی چنگِ حجازی کی رسیلی تان ہو جاؤ

تمہاری ہڈیاں اینٹیں ہوں جس کی اور لہو گارا
نہ جس کو ڈھا سکے دنیا وہی نبیان ہو جاؤ بنیان

بنو غازی کی غیرت جس نے رکھ لی لاج امت کی
عدو اللہ کا ہیبت ربا ایمان ہو جاؤ

نصاریٰ کا طعام اسلام کے بیٹوں کو جائز ہے
بڑے گھر جاؤ اور سرکار کے مہمان ہو جاؤ

یہ سب کچھ ہو چکو جب تم تو کہہ دو جا کے منجی سے
کہ اب ہندو سبھا کے شوق سے پردھان ہو جاؤ

Marfat.com

# کفر کے دروازہ پر اسلام کی دستک

یاد ایام کہ حق کا نظر آتا تھا جلال
ہر طرف لرزہ براندام تھے باطل کے شعوب

بول بالا تھا زمانے میں مسلمانوں کا
جن کی ہیبت سے سب ابنائے زماں تھے مرعوب

جن کے ہاتھوں کو ملی مشرق و مغرب کی عناں
جن کے قدموں میں گرے آکے شمال اور جنوب

اگر اسلام کے ابرو میں شکن پڑتی تھی
بید کی طرح لرزتے تھے حریفوں کے قلوب

ایک یلغار میں اسلام پہنچ جاتا تھا
دجلہ کی وادیوں سے تا بکنار ڈنیوب

تخت سے قیصر و فغفور اتر آتے تھے
جب یہ سنتے تھے کہ توحید کے آئے مندوب

آفتاب آج اسی امت کے شکوہ و شاں کا
آہ ظلمت کدۂ ہند میں ہے رو بہ غروب

کب ان آنکھوں میں سمایا تھا یہ الٹا منظر
کفر غالب ہو اور اللہ کا دیں ہو مغلوب

مجلس وضع قوانین میں بعجز و الحاح
لاجپت رائے سے کہتے ہیں محمد یعقوب

ترک سے سیکھئے اغیار نوازی کی ادا
لالہ جی اپنے تمدن کے بدلئے اسلوب

Marfat.com

دیجئے ہم کو پرایوں ہی کے نزکانہ حقوق ‌ ‌ ‌ ‌ کہ نہیں ان سے زیادہ ہمیں کچھ بھی مطلوب
یہ کہیں حشر کے آنے کے تو آثار نہیں ‌ ‌ ‌ ‌ کفر کا دست نگر دینِ مبیں ہو کیا خوب
علما ہم سے یہ دن رات کہا کرتے ہیں ‌ ‌ ‌ ‌ کہ ہیں گم راہ نصاریٰ تو یہودی مغضوب
بیگماں دونوں سے اس وقت ہیں کس صف میں کم ‌ ‌ ‌ ‌ ہم جو کہلاتے ہیں محبوبِ خدا کے محبوب

اِمتحاں کے یہی انجام ہُوا کرتے ہیں
جمع ہو جاتے ہیں جب اُن میں خُدائی کے عیوب

---

۱۸ مارچ سنہ ۱۹۲۷ء

Marfat.com

# پیامِ وقت

جو کرنی ہے جہانگیری محمدؐ کی غلامی کر
عرب کا تاج سر پر رکھ خداوندِ عجم ہو جا

ہو سرکش سرو کی مانند اگر باطل اٹھائے سر
اگر حق آگے آئے ماہِ نو کی طرح خم ہو جا

صنم خانہ میں گو کلیوں کی رعنائی سے پھیر آنکھیں
دوئی سے کٹ کے نیرنگیوں کی یکتائی میں ضم ہو جا

چراغِ دیر سے جل کر بھی آخر راکھ اڑنی ہو
تو پھر شمعِ حرم سے لو لگا کر ہی بھسم ہو جا

اگر سورج کو شرمانا ہے اپنی ضوفشانی سے
تو بن ابنِ سعود اور ذرۂ خاکِ حرم ہو جا

امان اللہ خاں کا درد اپنے دل میں پیدا کر
کفِ ساقی میں یہ جامِ جہاں بیں دے کے جم ہو جا

سبق اس انکسارِ نفس کا اب ہم کو ملنا ہے
کہ برکن ہیڈ بڑھے جتنا بھی تو اتنا ہی کم ہو جا

کرانا ہے قلم ہاتھوں کو روداد جنوں لکھ کر
تو اس دورِ ستم پرور میں میرا ہم قلم ہو جا

---

پشاور

۲۹ نومبر ۱۹۲۷ء

Marfat.com

# بچۂ سقا کی پشت پر استعمارِ مغرب کا مشکیزہ

عید الفطر ۱۳۴۷ھ

گجر دم آج مسلم کو یہ جاں پرور نوید آئی
کہ کل شب آسماں پر چاند چمکا اور عید آئی

پیوں گا بادۂ لاتقنطوا کے جام بھر بھر کر
خمستانِ عرب کی میرے ہاتھوں میں کلید آئی

دیا پیغامِ نصرت قدسیوں نے عرشِ اعظم سے
اور اس پیغام کی قندھار سے برقی رسید آئی

سنا ہے سیستاں میں اک نیا رستم ہوا پیدا
بسالت جس کی مرگ آسا سرِ دیو سپید آئی

ہے پشتِ سقہ پر مشکیزہ استعمارِ مغرب کا
یہ ہے وہ ماجرا جس کی شہادت چشم دید آئی

کسی کے حصہ میں انعام انزلنا الحدید آیا
کسی کے حق میں مثواہ جہنم کی وعید آئی

شراب آئی وہ بالائے خلافت بھی پئیں جس کو
مگر ہو کر فرنگستان کی بھٹی سے کشید آئی

پشاور سے امان اللہ خاں کی پیشوائی کو
علی گل خاں کی پیہم سعی سے نصرِ مزید آئی

جب آئی عید کی تقریب اک دنیا پکار اٹھی
کہ ان کے واسطے ساعت یہ آئی اور سعید آئی

---

Marfat.com

# سحرِ حلال

دیا ملّت کا روشن باختر سے قیرواں تک ہے
بلند اب بھی مُسلمانوں کا جھنڈا آسماں تک ہے

یہ عزت نقش جس کا جلوہ گستر ہے جبینوں پر
فقط خاکِ حریمِ سرورِ کون و مکاں تک ہے

ہوئی جاتی ہیں آنکھیں خیرہ یثرب کے تمدن سے
جھلکتا ہے فروغ اُس کا نظر اُٹھتی جہاں تک ہے

غلط سمجھے ہیں مفہومِ اخوت جو یہ کہتے ہیں
کہ اس جذبہ کی گیرائی فقط ہندوستاں تک ہے

اس افسانہ کی رنگینی دلوں کو جس نے تڑپایا
پشاور کے فداکاروں کی نعشِ خونچکاں تک ہے

نصیب اچھے ہیں اُس کے ارمغاں جسکی عقیدت کا
پہنچ جاتا دکن کے خسرو صاحبقراں تک ہے

ہے ناز اسلام کو کابل تری خاکِ مقدس پر
مگر امن و اماں تیرا امان اللہ خاں تک ہے

وہ وقت آنے کو ہے جب دیکھ لے گا ایک بیگ روما
کہ فرشِ دیدہ و دل بچھ گیا دارالاماں تک ہے

ملایا برہمن کو شیخ سے اک بات میں جس نے
وہ جادو داں نوں پنجاب میں میری زباں تک ہے

---

Marfat.com

# سُنّتِ اسلاف

کلکتہ میں ناچی ہیں کراچی کی بلائیں!
معشوقۂ لندن کی یہ ہیں تازہ ادائیں
خیبر کو ملا دیں گی ملیبار سے اک روز
پنجاب سے اُٹھی ہیں جو گھنگھور گھٹائیں
اسلاف کی سُنّت کو کریں تازہ مُسلماں
اور خون شہادت کے سمندر میں نہائیں
زنجیر کی جھنکار سے زنداں کو ہلاکر
اُن کو بھی جو فرزانہ ہیں دیوانہ بنائیں
اسلام اور ایمان کی پہلی ہے یہی شرط
میداں میں کفن سر سے لپیٹے ہوئے آئیں
سر پہلے ہتھیلی پہ ہو پھر نوک سناں پر
نظارہ پھر اک بار یہ دُنیا کو دکھائیں
بیداد کی لعنت سے کریں پاک وطن کو
آفاق سے آثارِ غُلامی کے مٹائیں

ہے جن کے لئے رازِ بقا موت میں مضمر
پرچم وہی آزادیٔ کامل کا اُڑائیں

Marfat.com

# خزاں میں بہار

میں طول و عرض کشور میں یہ آج اعلان کر دوں گا
حرم کے ذرّہ ذرّہ پر نچھاور جان کر دوں گا

ہوا اسلام کا اک بال بھی بیکا تو دیکھو گے
ہزار ابنِ سعودِ اسلام پر قربان کر دوں گا

کتاب اللہ متنِ دیں ہے اور سنت ہے شرح اسکی
میں ان دونوں سے ملّت کی دوبالا شان کر دوں گا

چراغِ کعبہ سے جگ میں اُجالا ہونے والا ہے
ہمالہ کو میں اُس کے نور سے فاران کر دوں گا

بہا دوں گا خس و خاشاک کی مانند باطل کو
جہانِ کفر کی سب بستیاں ویران کر دوں گا

ترے رونے سے کچھ بھی بن سکا اب تک اے ناصح
میں جب روؤں گا برپا نوح کا طوفان کر دوں گا

مرے خامہ کی گل ریزی کو موسم کی نہیں حاجت
میں پت جھڑ میں بھی گلشن کو بہارستان کر دوں گا

مسلمانوں کو کیا ڈر اُن کے آقا جب یہ کہتے ہیں
کہ میں اُمت کی ساری مشکلیں آسان کر دوں گا

---

۱۲؍ مارچ ۱۹۲۳ء

Marfat.com

# اٹک پار

سرزمین بے آئیں ہو چلی ہے باآئیں
حق نے سر نکالا ہے پردۂ پشاور سے

بولٹن سے کب دبتا جذبہ اُس اخوت کا
جو ملا ہی دیتا ہے باختر کو خاور سے

پاسِ وضع داری کا اُن کو ہے تو ہم کو بھی
داوری مُسلماں کی ہے خود اپنے داور سے

صدقہ اپنی رحمت کا ایک گھونٹ مجھ کو بھی
ساقی اپنے ساغر کے ظرفِ مستی آور سے

جو نہ نیزنا جانے اے اٹک ڈرا اُس کو
کیوں اُلجھ رہا ہے تو صدیوں کے شناور سے

بھاؤ ہو گیا سستا بائیکاٹ کا اتنا
اب یہ مال ملتا ہے مُفت ہر دساور سے

مغربی سمند اپنی تیزیوں پہ نازاں ہے
شوخیاں ابھی سیکھے مشرقی تگاور سے

حق ہے ہندوؤں کا بھی میری جیبؔ داماں پہ
لُوٹ لیں بچیں جتنے موتی اس نچھاور سے

---

۳۰ نومبر ۱۹۲۷ء

Marfat.com

# لاتایسوا مِن رُوح اللہ

اقبال کے زوال کا پیغام آگیا
یہ آفتاب ڈھل کے لبِ بام آگیا

برطانیہ کو مل گئی دولت عراق کی
اور حصۂ فرانس میں بھی شام آگیا

فرطِ ادب سے جھک گئیں یاروں کی گردنیں
سرجان سائمن کا جہاں نام آگیا

رجعت پسند کو نہ ملی جب کوئی دلیل
جھٹ لے کے اک خریطۂ دشنام آگیا

خوش خوش تھے یہ حریف کہ اتنے میں دفعتہً
لاتقنطوا پکار کے اسلام آگیا

۱۶ فروری ۱۹۲۸ء

Marfat.com

# اعتماد علی النفس

اے مُسلماں غیر کیوں ہوں تیرے حق کے پاسباں
جب کہ طاقت خود ترے بازوئے فولادی میں ہو

کیا حریفوں کا اُنہیں ڈر جن کو ہو خوفِ خُدا
اور پھر اس پر اکثریت جن کی آبادی میں ہو

توڑ ڈالو ایک جھٹکے میں غلامی کی قیود
شیر مردو! تم پلے آغوشِ آزادی میں ہو

بھیج دو پنجاب اُسے اپنی تشفی کے لئے!
شک جسے اسلامیوں کی نکتہ ایجادی میں ہو

---

۱۵ر دسمبر ۱۹۲۹ء

Marfat.com

# قندھار چلو قندھار چلو

چلتی ہے جدھر تلوار چلو
چلتے ہیں جدھر سب یار چلو
بے مایہ ہو یا زردار چلو
دریائے اٹک کے پار چلو

قندھار چلو قندھار چلو

تقدیر عرب کہتی ہے جہاں
تدبیر عجم رہتی ہے جہاں
بل کھاتی ہوئی بہتی ہے جہاں
دُنیا کے لہو کی دھار چلو

قندھار چلو قندھار چلو

پھر فطرت شور مچاتی ہے
اور سوئے ہوؤں کو جگاتی ہے
ہلمند سے کان میں آتی ہے
تلواروں کی جھنکار چلو!

قندھار چلو قندھار چلو

Marfat.com

جذبہ نہ ہو کم آزادی کا ! بھرتے رہو دم آزادی کا
لہراؤ علم آزادی کا اور کرتے ہوئے یلغار چلو
قندھار چلو قندھار چلو

داڑھی میں چھپا اسلام نہیں ٹوپی سے ڈھکا اسلام نہیں
اس طرح ملا اسلام نہیں دم ہے تو مجاہد وار چلو
قندھار چلو قندھار چلو

---

۲۸ر جنوری ۱۹۲۹ء

Marfat.com

# رب کعبہ سے ایک عاجزانہ التجا

کوڑی کے تین تین بکیں گے یہ مولوی
اُٹھ اُٹھ کے لے رہے ہیں جو تثلیث کے قدم

کس کو اِس ابتلا کی خبر تھی کہ ایک دن
ہم پر بچارے ہی علماء ڈھائیں گے ستم

جس کو اُنھوں نے کافر اکفر دیا قرار
جاتے ہی اُس کے کھُل گیا اسلام کا بھرم

دارالامان کے سر پہ قیامت گذر گئی
قہرِ خدا کے پھٹنے لگے آسماں سے بم

وہ گردنیں جو غیر کے آگے جھُکی نہ تھیں
آج اُس کے آستاں پہ نظر آرہی ہیں خم

اے ربِ کعبہ ہم سے کہاں تک یہ بے رُخی
کیوں ہو گئی تری نگہ التفات کم

آخر ترے رسولؐ کے دامن گرفتہ ہیں
جس کے غلام ہوتے ہیں اسکندر اور جم

کب تک رہیں گے دست و گریباں فرنگ سے
کب تک لڑا کریں گے یہ کشتی قضا سے ہم

قندھار کو وہ زور عطا کر کہ عنقریب
پل بھر میں پھر بلند ہو توحید کا علم

---

۹ فروری ۱۹۲۹ء

Marfat.com

# رجز مرقص

شجاعت کے جوہر دکھاتے چلو
حریفوں کے چھکے چھڑاتے چلو

چلے ہو جو کابل کو قندھار سے
تو تیغ دو دم کو چلاتے چلو

پرائے اور اپنے لئے آزما
مقدر کو بھی آزماتے چلو

رہِ حق میں رکھ کر ہتھیلی پہ سر
شہادت کے خوں میں نہاتے چلو

کرو قطع دامانِ صحرا و کوہ
سمندوں کو بگٹٹ اڑاتے چلو

مجاہد ہیں اس وقت خنجر بکف
دل ان غازیوں کے بڑھاتے چلو

زر و سیم کی ہو ضرورت انہیں
تو انبار ان کے لگاتے چلو

جو دیکھو نشاں کفِ پائے شاہ
تو رستہ میں آنکھیں بچھاتے چلو

فرشتے بھی آجائیں گے وجد میں
امان اللّٰہی نغمہ گاتے چلو

جمایا "زمیندار" نے ہے جو رنگ
مری آہ بن کر اڑاتے چلو

Marfat.com

# دُرِّ منثور

نامِ کارندہ نہ بن مفت میں بدنام نہ ہو
ظرف ہی جب نہیں عالی تو مے آشام نہ ہو

نہیں سودائے شہادت تو نہ کہلا مُسلم
ہند میں موجبِ رسوائیِ اسلام نہ ہو

اُس سے کافر مرے نزدیک ہے سو بار اچھا
جس مُسلمان کے پیشِ نظر انجام نہ ہو

آپ کہتے ہیں پرایوں نے کیا ہم کو تباہ
بندہ پرور کہیں اپنوں ہی کا یہ کام نہ ہو

مرغِ دانا سنبھل اور دانہ کے لالچ میں نہ آ
اس کے نیچے کہیں ہم رنگِ زمیں دام نہ ہو

یُوں تو ہے شرم پیمبر کی اُنہیں بھی لیکن
جی میں ڈرتے ہیں کہ ناراض کہیں ٹام نہ ہو

نعمتیں خوانِ صحافت کی ہیں ساری بے لطف
گر اس مائدہ میں لذّتِ دشنام نہ ہو

جب خود اللہ بھی لوگوں کی زباں سے نہ بچا
ہم ہیں پھر کون کہ ہم پر کوئی الزام نہ ہو

نام کالوں کا زمانہ سے مٹا دیں گورے
رحمت اللہ کی دُنیا میں اگر عام نہ ہو

نشاۃ الثانیہ کہتے ہیں جسے کابل کی
کہیں سقے کے لئے موت کا پیغام نہ ہو

رُت جو بدلی ہے تو اس طرح خدایا بدلے
صُبح کی فکر نہ ہو دغدغہ شام نہ ہو

عِلم بخشا ہے تو دے ذوقِ عمل بھی یارب
عزم ہی کیا ہے وہ جس کے لئے اقدام نہ ہو

اُستوار اپنے خُدا سے ہو ہمارا رشتہ
تو کبھی بھی گلۂ گردشِ ایام نہ ہو!

۱۱ مئی ۱۹۲۹ء

Marfat.com

# کنارِ اٹک پر رندانِ لم یزل کی سر مستیاں

اس نظم میں متعدد تلمیحات ہیں گل مست سے گل مست خاں ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ پولیس اور بلبل سے محمد حسین خاں انسپکٹر مراد ہیں جو راقم الحروف اور سید عطاء اللہ شاہ بخاری کو اٹک پار اُتر کر صوبہ سرحد میں داخل ہونے سے روکنے کے لیے منجانب حکومت سرحد مامور ہوئے تھے اور جب تک ہم لوگوں کا اٹک کے اس پار دریا خاں میں ساتھ رہا جہاں اہل ڈیرہ اسمٰعیل خاں جلسہ میں شرکت کے لئے آ گئے تھے۔ یہ دونوں افسرانِ پولیس اپنے فرائض نگرانی انجام دیتے رہے۔ نواب سیف اللہ خاں ڈیرہ اسمٰعیل خاں کے رئیس اعظم ہیں اور مولوی احمد اس علاقہ کے مشہور مکفر مولوی ہیں جنہوں نے شاہ امان اللہ خاں غازی کے خلاف کفر کا فتویٰ دیا تھا جان بُل سے مراد یہاں سر نارمن بولٹن ہیں۔ جو جان بل کے سرحدی نمائندے ہیں اور جنہیں یہ شرف حاصل ہے کہ جس سے چاہیں دستارِ فضیلت چھین لیں اور جسے چاہیں عالم بنا دیں۔

اٹک کی موج کی مے گونیاں دیکھ ہیں دریا خاں میں بلبل مست و گل مست
چڑھا ہے نشہ سیف اللہ خاں کو ظفر مست و بخاری مست و گل مست

Marfat.com

رہے اک مولوی احمد سوان کو — کرے گا قلقل مینائے مُل مست

نچائیں گے اُسے نگنی کا ھسم ناچ — کرے گا رقص ہوکر جان بُل مست

ہلا دیں گے مسیحیت کی بُنیاد — اگر اس بات پر جائیں گے تُل مست

"آلھی حنانہ انگریز گرجا"

مچائیں گے لب دریا یہ غُل مست

---

۱۰ دسمبر ۱۹۲۹ء

Marfat.com

# قسمت

ہند میں بستا ہُوا تیمور کا گھر لٹ گیا
چھین لی انگریز نے دِلی چلو چھٹی ہوئی
ملک کی پھوٹی ہوئی قسمت کو اب کیا روئیے
ایک ٹھوکر میں پھٹی تِلّی چلو چھٹی ہوئی

Marfat.com

# ناخنِ مدراس اور عقدۂ بھوپال

کھنڈر اسلام کے مشرق کے ہر ساحل پہ بکھرے ہیں
قیامت بن گیا تثلیث کے بھونچال کا جھٹکا

یہ سمجھے بھی! کہ چھلکے گی وہی گاگر جو ادھ جل ہو
خرد افروز ہے نظارہ کاشی جی کے پنگھٹ کا

سما جائے کلیسا کی پری میری ان آنکھوں میں
مگر دل میں اُترنے کو خدارا یوں نہ لٹ چھٹکا

میں اے شیخِ طریقت تیرے مکروفن سے واقف ہوں
تصوّف کا بتا کر بھاؤ کولے کو نہ یوں مٹکا!

شراب خانہ ساز آئی ہے یثرب کے خمستاں سے
ہے اک حوضِ کوثر قطرہ قطرہ جس کی تلچھٹ کا

دھمک اُس پاؤں کی پھر کان میں پڑنے ہی والی ہے
کمونڈا تھا کبھی شورِ قیامت جس کی آہٹ کا

Marfat.com

وہی تکبیر جو خیبر سے مالا بار تک گونجی!
کراچی سے ملایا چاہتی ہے رشتہ سلہٹ کا
کیا مدراس نے حل عقدۂ بھوپال تنگ آکر
تماشا کب تک آخر دیکھتا آپس کی کھٹ پٹ کا
حیاتِ جاوداں اُس "وقت کے منصور" کا حق ہے
انا الحق کہہ کے جو ہنستا ہوا پھانسی پہ جا لٹکا

---

۷ر جولائی ۱۹۳۱ء

Marfat.com

# مجلس اتحاد و ترقی کوچین کے رضاکاروں کا ترانہ

کوچین میں توحید کا نقارہ بجا دو
اک ضرب میں سوئی ہوئی بستی کو جگا دو

پہنچاؤ ہر اک گوشہ میں اسلام کا پیغام
اور شرک کے اوہام کی بنیاد ہلا دو

اسلاف کے اخلاق کا بن جاؤ نمونہ
گالی تمہیں دے کوئی تو تم اُس کو دعا دو

سب سے یہ بڑا فرض ہے اس وقت تمہارا
جو تفرقے آپس کے ہیں ان سب کو مٹا دو

چھوٹوں میں اطاعت ہو تو شفقت ہو بڑوں میں
اس رشتہ سے ان دونوں کو آپس میں ملا دو

مومن ہو جھکو اک فقط اللہ کے آگے
مُسلم ہو سر اسلام کی عزت پہ کٹا دو

دُنیا کو دکھا دو کہ ہو تم عزم کے پیکر
رستہ میں ہمالا ہو تو ٹھوکر سے ہٹا دو

زینت جو مدارس کی ہے اور اس کو بڑھا کر
رونق جو مساجد میں ہے چاند اس کو لگا دو

میراث میں تہذیب عرب تم کو ملی ہے
آفاق میں دھوم اپنے تمدن کی مچا دو

پھر زندہ کرو شیوہ رسول عربی کا
باطل کے اُبھرتے ہوئے جذبوں کو دبا دو

دل جیت لو دُنیا کا محبت کے عمل سے
سیلاب مساوات و اخوت کا بہا دو

آزاد غلامی سے کرو اپنے وطن کو
اور مرتبہ اقوام میں پھر اس کا بڑھا دو

Marfat.com

# جیشِ رضاکاران کوچین

ہم دانش و حکمت کے انبار لگا دیں گے
کوچین کو مشرق کا غرناطہ بنا دیں گے

ہم قوم کے میمن ہیں دولت کے نشیمن ہیں
اللہ کے رستہ میں دولت یہ لٹا دیں گے

توحید کے بیٹے ہیں کس بات میں ہیٹے ہیں
ہم شرک کی رسموں کو بستی سے مٹا دیں گے

ایماں کے حقائق میں شامل ہیں فرائض بھی
ہم طبقۂ نسواں کو حق اس کا دلا دیں گے

اوقاف کو لے آئے جو اپنے تصرف میں
قرآں کی وعید اُن کو مسجد میں سنا دیں گے

اسراف کے شیدائی شیطان کے ہیں بھائی
اللہ سے خود اس کی تصدیق کرا دیں گے

خوشنودیٔ پیغمبرؐ ہر شے سے مقدم ہے
ہم اپنے بزرگوں کو یہ نکتہ سجھا دیں گے

ناموسِ شریعت کا پاس آپ کو گر ہوگا
ہم آپ کے رستہ میں آنکھوں کو بچھا دیں گے

لیکن اگر ہے منظور تحقیر کھلی اس کی
ہم جنگ کی سیٹی بھی فی الفور بجا دیں گے

ہر گھر میں جہاں ہوگا اسلام کا استخفاف
اُٹھیں گے نہ وہ پھر سے ہم جن کو بٹھا دیں گے

ہم حق کے سپاہی ہیں باطل کی تباہی ہیں
اک حملہ میں دشمن کو میدان سے بھگا دیں گے

جسموں میں اگر خوں ہے اور خوں میں حرارت ہے
ہم قیدِ غلامی سے ملت کو چھڑا دیں گے

Marfat.com

# تابوتِ استعمار کی آخری میخ

جس مئے گلرنگ سے سرمست تھے احرارِ ہند
اور بھی ساقی کے جادو سے نشیلی ہوگئی

پیچ گاندھی کی لنگوٹی کا چلے تھے کھولنے
کشمکش میں اپنی ہی پتلون ڈھیلی ہوگئی

تھی کمی جس میخ کی تابوتِ استعمار میں
ہم مسلمانوں کی ضربوں سے نکیلی ہوگئی

گھٹ گیا سونے کا نرخ اور بڑھ گیا چاندی کا بھاؤ
گوری گوری اُن کی رنگت آج پیلی ہوگئی

میرے مینا میں جھلکتا ہے مزاجِ زنجبیل
اور مرے ساغر کی فطرت سلسبیلی ہوگئی

جب اُڑائی رَتِّلِ القُرآنَ ترتیلا کی تان
جبرئیلی ساز تھا گت بھی سُریلی ہوگئی

قافیہ تنگ اور زمین سخت اس فضا میں بھی یہ نظم
میرے خامہ کی زباں پر تھی سُریلی ہوگئی

---

۱۲ ستمبر سنہ ۱۹۳۱ء

Marfat.com

# طاقتِ ایمان

وطن کو میں چمنستاں بنا کے چھوڑوں گا
اور اُس کی صبح کو خنداں بنا کے چھوڑوں گا

ہر ایک وقت کے دارا کو اور سکندر کو
میں اپنے قصر کا درباں بنا کے چھوڑوں گا

میں نام لے کے محمدؐ کے زیر دستوں کا
حریف رستم دستاں بنا کے چھوڑوں گا

ادب نماز کے اوقات کا وہ سیکھے گی
میں کانگرس کو مسلماں بنا کے چھوڑوں گا

لہو شہید کا لوں گا اور اس کی سرخی کو
میں غازۂ رخ ایماں بنا کے چھوڑوں گا

وہ مشکلیں جنہیں حل جبر کر نہیں سکتا
بزور صبر انہیں آساں بنا کے چھوڑوں گا

---

سنٹرل جیل لاہور
۲۸ دسمبر ۱۹۳۱ء

Marfat.com

# سالِ نو کا ہنگامہ

سنہ ۱۹۳۲ء

برطانیہ کی چھڑ گئی ہندوستاں سے جنگ — حالانکہ اس سے جنگ ہے سارے جہاں سے جنگ

گیتا سے اور گرنتھ سے زور آزمائیاں — قرآں کی آیتوں کے قشونِ گراں سے جنگ

ارجن کے اور بھیم کے گھر سے مقابلہ — پھر خاندانِ سرورِ کون و مکاں سے جنگ

توحید کے علم کو جھکانے کے حوصلے — جو قدسیوں کے ہاتھ میں ہے اس نشاں سے جنگ

سرحد کے غازیوں کو کچلنے کی نیتیں — بچے سے جنگ بوڑھے سے جنگ اور جواں سے جنگ

صلح و سلام و امن و اماں جس کی ہے متاع — غارتگروں کی ٹھن گئی اس کارواں سے جنگ

برق اور دخاں پہ کیوں نہ ہو ایمان خندہ زن — کرنے چلی ہے آج زمیں آسماں سے جنگ

ہے زیر دستیوں پہ زبردستیوں کی تاخت — موران نیم جان کی ہے پیل دماں سے جنگ

دھاوا سپاہ جبر کا ہے خیلِ صبر پر — توپ اور تفنگ کی ہے قلم اور زباں سے جنگ

ہم ناتواں سہی ہے خدا تو ہمارے ساتھ — اب بھی وہ کرتے ہیں تو کریں ناتواں سے جنگ

ذرہ کے ساتھ جنگ ہے جنگ آفتاب سے
خفاش کی عبث ہے شہ خاوراں سے جنگ

سنٹرل جیل لاہور

Marfat.com

# سرحد کی شیرنیاں

سرحد کی مجاہد خاتونو! اللہ کی تم پر رحمت ہو
وہ غیرت حق کی حرکت تھی جس حرکت کی تم برکت ہو

احسان کی تم تصویریں ہو ایمان کی تم تفسیریں ہو
جنت ہے تمہارے پاؤں تلے تم رازِ حیاتِ اُمت ہو

اے پردگیانِ حجلۂ دیں تم کر گئیں پیدا ذوقِ یقیں
برہان حجاب اس دُنیا میں عقبیٰ میں دلیل رویت ہو

اسلام کا نقشہ کھینچ دیا اس نخل کو خوں سے سینچ دیا
جو دہر کے ہر کافر کے لئے اک پھولتی پھلتی آفت ہو

کوہاٹ میں جو کچھ تم نے کیا لاہور میں ہم سے ہو نہ سکا
یُوں کہنے کو دُنیا کہہ دے گی ہم مرد ہیں اور تم عورت ہو

---

۱۲ / جنوری ۱۹۳۲ء

Marfat.com

# متصوفین

Marfat.com

# انوارِ معرفت

## شعرائے ایمانی کا طلوع

اوڑھنی سالوس کی بردِیمانی ہوگئی　　یہ مثل مشہور شعرا کی زبانی ہوگئی
صوفیوں نے شاعروں کو درسِ قرآں دے دیا　　یاد ان کو یتّبعھم کی کہانی ہوگئی

کوزہ بھی ہے کوزہ گر بھی ہے گلِ کوزہ بھی ہے
بس اسی پر ختم اُن کی لن ترانی ہوگئی

---

۴ نومبر ۱۹۱۷ء

Marfat.com

# تصوف کی شانِ امامت

## مسجد میں تالیاں

آکے مسجد میں طریقت نے بجا دیں تالیاں
اور جب لوٹا کا شریعت نے سنا دیں گالیاں

ڈھونڈتی پھرتی ہے بلبل ڈال ڈال اور پات پات
وہ شجر ہے کس زمیں کا جس کی ہیں یہ ڈالیاں

پھوٹ کر قرآں سے یہ نکلا تھا دریائے صفا
کیوں بہا دیں صوفیوں نے اپنی گدلی نالیاں

کیا ذرا احمر کی تھی کانِ شریعت میں کمی
آپ نے کانوں میں کیوں پہنی ہیں مس کی بالیاں

حشر والے دن جنابِ مصطفیٰ ہوں گے ملول
پیش ہوں گی جب تقشف کی یہ خوش اعمالیاں

منہ چڑاتے آپ ہیں کس واسطے اسلام کا
شرع کو بھاتی نہیں یہ آپ کی نقالیاں

بوڑھے غمزوں میں وہ اب اگلی سی عنائی کہاں
رہ گئیں پیرِ طریقت کے لئے دلالیاں

---

۷ر نومبر ۱۹۱۷ء

Marfat.com

# فلسفۂ فرنگ

قامتِ شرق پر بھی راست آئے تو ایک بات ہے
یوں تو ہے جامہ زیب فلسفۂ فرنگ کا

رشتۂ سوزنِ یقیں در گرو رفو نہیں
علم قلیل ادھیڑ دے بخیہ قبائے تنگ کا

مجھ کو کیا ہے بائیکاٹ صوفیٔ نقشبند نے
کھینچ کے نقشہ رکھ دیا مغربیوں کی جنگ کا

گوہرِ شاہوار کو موج ہزار رنگ سے
گر ہو نکالنے کا شوق خوف نہ کر نہنگ کا

---

۰ر نومبر ۱۹۱۷ء

Marfat.com

# متصوفانہ کنکوے بازی

کر لیا میں نے انتظام ڈور کا اور پتنگ کا
چاہیئے مجھ کو اب فقط ایک پیالہ بنگ کا

حلقہ گردن نیاز بن گئے گیسو دراز
قطع ہوا ہے سلسلہ شرع کے پالھنگ کا

حی علی الفلاح کا حکم ہے مرید کے لئے
پیر کو خود ہے مشغلہ بربط و نائے و چنگ کا

اب نہ وہ "ما صفا" رہا اور نہ وہ "ما کدر" رہا
زمزمیوں کے جام میں رنگ ہے آب بنگ کا

کشور نور پر کیا خیل ظلام نے خروج
ڈال دیا ہے شیشہ سے سنگ نے ڈھنگ جنگ کا

وہم ہوا ہے سرنگوں عقل ہوئی ہے سرفراز
آئینہ کو نہیں رہا وسوسہ کچھ بھی زنگ کا

راہ تو ہے یہ مستقیم ہم ہی نہیں مگر قویم
مرحلۂ نجات کو عذر ہے پائے لنگ کا

---

۸/ نومبر ۱۹۱۷ء

Marfat.com

# پختگی اور خامی

خودکام صوفیوں سے یہ کہہ دو کہ خوش نہ ہوں ‏— دن رات شادکام ہیں ناکامیوں میں ہم
اُمت رسول کی ہیں امانت خدا کی ہیں — ہیں جنّت النعیم کے انعامیوں میں ہم
تم پردۂ جمال میں ننگِ وجود ہو — گر انتخابِ شرع ہیں بدنامیوں میں ہم
بُت خانۂ ممات کے ناقوسیوں میں تم — اور کعبۂ حیات کے احرامیوں میں ہم
سودائے شرع کی سرِ شوریدہ کو نوید — دیکھیں گے پختگی کو انہیں خامیوں میں ہم

---

اسلام امتیازِ نسب کا حریف ہے — کیا کم ہے یہ شرف کہ ہیں اسلامیوں میں ہم
ہندوستاں عرب کے گھرانے میں ہے شریک — کل آریہ تھے آج ملے سامیوں میں ہم

---

دُنیا میں ہے بلند ہمارے نبیؐ کا نام — خود گرچہ ہیں مٹے ہوئے گمنامیوں میں ہم
گردش میں جامِ مصطفویؐ حشر تک رہے — کچھ کرکے نام جائیں مے آشامیوں میں ہم

طاغوتیوں سے جنگ تو یزدانیوں سے صلح
ہیں جنگ اور صلح کے پیغامیوں میں ہم

۱۲ر نومبر ۱۹۱۷ء

Marfat.com

# ہمہ اوست کی بانسری بجانے والے

بدم گفتی و خورسندم عفاک اللہ نکو گفتی
جواب تلخ می زیبد لب لعل شکر خارا

آج دہلی کی ڈاک جب آئی! | تو ملا کھولتے ہی مجھ کو خطیب
نگہِ شوق اس پہ جا ٹھہری | کہ یہ تھا نامۂ حبیب لبیب
واحدی پر نثار ہوتا ہوں | کہ میں بیمار ہوں تو وہ ہیں طبیب
"قند آمیختہ بہ گل" لیکن | نہیں مجھ سے مریض کو بھی نصیب
وہ ہے قسمت حسن نظامی کی | کہ وہ میرے حبیب سے ہیں قریب
یوں ہوں دُور اس لئے مجھے دُشنام | جو ملیں تو نہیں یہ بات عجیب
مگر ان گالیوں میں بھی ہے مزہ | "کتنے شیریں ہیں تیرے لب کہ رقیب
گالیاں کھا کے بد مزا نہ ہوا"

Marfat.com

# دہلوی طریقت

خواجہ سے ایک دزتصوف نے یہ کہا
طامات تا کجا و خرافات تا بہ چند

کیوں واحدی کو درس طریقت دیا گیا
اس سے تو کچھ سوا تھی شریعت ہی سودمند

گفت ایں کرشمۂ نفس مشکبار اوست
پیران پارسا کہ دم از عشق می زنند

---

آئی فلک سے کان میں احسنت کی صدا
یہ نظم دل کشا ہے فرشتوں کو بھی پسند

Marfat.com

# خیال آرائی

نام لیوا شرع کا ہے اور روش آزادہ ہے ۔۔۔ کیوں نہ ہو آغروِلی ہے اور خواہر زادہ ہے
پوچھنا کیا صوفیوں کی بزمِ زنگار رنگ کا ۔۔۔ یہ وہ محفل ہے کہ اس میں سادہ ہے اور بادہ ہے
ہیں تصوف کے زمانے میں یہی اب دو نشاں ۔۔۔ خرقہ رہنِ تاش ہے اور وقفِ مے سجادہ ہے
یہ تصوف بن گیا آکر کہاں سے سنگِ راہ ۔۔۔ رہرووں کو تو فقط اسلام سیدھا جادہ ہے
کتنے پانی میں ہیں صوفی دیکھ لوں گا میں ابھی ۔۔۔ شعر کہنے پر مری طبعِ رواں آمادہ ہے
گیسوؤں والے کی صورت پر مرا دل ہے نثار
آنکھ نرگس ہے دہن شکر ہے لب بیجادہ ہے

---

Marfat.com

# توبہ فرمایاں چرا خود توبہ کمتر می کنند

ہم کو تاکید ہے تصوف کی — کہ بدنیائے دوں خیال مبند
ہمہ ہیچ است کارِ این دنیا — ہیچ را از برائے خود مپسند
بہت اچھا یہ فلسفہ ہے مگر — صُوفیہ خود بھی اس کے ہیں پابند؟
کیا ہماری ہی گردنوں کے لئے — رہ گئی ہے نجات کی یہ کمند
خود ہی جب اُس سے مس نہ ہوں ناصح — ہے عبث آپ کی نصیحت و پند
منع ہم کو ہے گڑ کی بھیلی بھی — آپ پیتے ہیں گھول گھول کے قند
ہم رہیں جھونپڑوں کے اندر اور — آپ کا قصر ہو رفیع و بلند
آپ "فص" بھی پڑھیں تو ہو وہ "نص" — ہم جو "نص" بھی پڑھیں تو ہو "پاژند"
وہی حضرت ہیں پوت چندے کی — جن کی ہے بات بات میں ناچند
کہہ گئے خوب ہی چچا سعدیؔ — ترکِ دُنیا بہ مُردم آموزند

خویشتن سیم و غلہ اندوزند

---

۲۲ر نومبر ۱۹۱۷ء

Marfat.com

# ہمہ اوست یا ہمہ از وست

جو سوراج کے حامی ہیں — سچے انتریامی ہیں
لاج انہیں سے لوگ کی ہے — دیش بھگت جو سوامی ہیں
رام نے رادھا روپ لیا — بن گئے ایشٹر نامی ہیں
کیوں اس رنگ میں خود بھگوان — کر رہے اپنی غلامی ہیں
دیکھئے اس پر کیا اپدیش
دیتے خواجہ نظامی ہیں

Marfat.com

# الجنّۃ تحت ظلال السیوف

کہتے ہیں صوفی کہ ہے فردوس حق اُس کا
جس پہ ہو شکمِ گنج کی دیوار کا سایہ
لیکن ہے پیمبرؐ کا یہ ارشاد کہ جنّت
ملتی ہے اُسے جس پہ ہو تلوار کا سایہ

---

صوفی ہے وہی جس کو خدا سے ہو سروکار
صوفی وہ نہیں جس پہ ہو سرکار کا سایہ
اے گولڑہ کے پیر نہ ڈر دار و رسن سے
جب خود سرِ منصور پہ ہے دار کا سایہ
اللہ کا سایہ ہے "زمیندار" کے سر پہ
پنجاب کے سر پہ ہے "زمیندار" کا سایہ

---

۲۲ ر اکتوبر ۱۹۲۱ء

Marfat.com

# مارا نص باید نہ فص

خیز تا خرقۂ صوفی بہ خرابات بریم

کچھ اے حال والو سمجھتے بھی ہو تم — معمائے راز حیات امم کو
جو قوت ہو بازو میں اور دل میں ایمان — تو ہستی مٹا ڈالے گی نقش عدم کو
سمجھ کر مگر موت کو زندگی تم — تصوّف کی پٹی پڑھاتے ہو ہم کو
بہایا ہے اسلام کا خوں تم نے — پھر اس خوں سے کرتے ہو رنگیں حرم کو
گرایا زمیں پہ ہمیں آسماں سے — بنایا گدا تم نے دارا و جم کو
خدا تم کو شرمائے تم نے بنایا — مرادف الف لام میم اور الم کو
ولایت کو سمجھا رسالت سے افضل — خدا کی جگہ پوجتے ہو صنم کو
طریقت تمہاری شریعت ہماری — مبارک تمہیں نیش اور نوش ہم کو

یہاں آؤ قرآں تم کو پڑھائیں
لئے پھرتے ہو کیا فصوص الحکم کو

---

Marfat.com

# تجاہل عارفانہ

خُدا کیا ہے؟ پوچھا شریعت نے اک دن — تصوّف کڑک کر پُکارا ھُوَ الکُل
وہی باغ ہے اور وہی باغباں ہے — وہ ہے خود ہی گُل اور ہے خُود ہی بُلبُل
مکاں بھی وہی ہے مکیں بھی وہی ہے — صُراحی بھی ہے خود ہی اور خود ہی قلقل
کبھی ہے وہ موسےٰ کبھی سامری ہے — کہیں وہ علی ہے کہیں ہے وہ دُلدُل
ابھی تھا وہ وامق ابھی ہے وہ عذرا — وہ اس کا تضرع یہ اُس کا تجمّل
جل خر بھی ہے خود ہی اور خر بھی خود ہی — وہ اُس کا تذلل یہ اُس کا تحمّل
زمیں بھی وہی ہے زماں بھی وہی ہے — وہ اس کا تکاثف یہ اُس کا تخلخل

---

شریعت نے لاحول پڑھ کر کہا یوں — یہ جا کر کسی اور کو دیجئے جُل
جہالت کو سمجھی تھی میں صوفیانہ — مگر یہ تو ہے عارفانہ تجاہل

خدا کیسے خالق ہو مخلوق بھی ہو
حقیقت سے ہے دُور دورِ تسلسل

۲ر نومبر ۱۹۱۷ء

Marfat.com

# اِسلام کی مُشکلات

پھر شور ہے قبّوں کا اور زور ہے جبّوں کا
طبلہ ہے طریقت کا اور تھاپ ہے افرنجی
"بازم بخروش آور اے ذوق نواسنجی"

جُوتا ہے شریعت کا اسلام کے ہاتھوں میں
اے کُفر تری چندیا پھر ہونے کو ہے گنجی
"بازم بخروش آور اے ذوق نواسنجی"

نجدی نے بچھا دی ہے یثرب کی حویلی میں
سُنّت کی چٹائی پر توحید کی شطرنجی
"بازم بخروش آور اے ذوق نواسنجی"

غیروں کو ہنساتے ہو اپنوں کو رُلاتے ہو
کب تک یہ مُسلمانو! آپس کی شکر رنجی
بازم بخروش آور اے ذوق نواسنجی

---

۱۷ جولائی ۱۹۲۵ء

Marfat.com

# بیناشناں

پیر کی اقتدا میں گر قصر ہو عصر کی نماز — کیا عجب اس سے منکشف مجھ پہ بھی حشر کا ہو راز
بادۂ اَمنُو پیوں موت کے بعد میں جیوں — مطلع فجر کی طرح ہو مری زندگی دراز

---

جھوم کے پی رہا ہوں میں جام مُتِمُّ نُورِہٖ — گھوم رہا ہے جام میں نشۂ بادۂ حجاز
دعوتِ داعِ ہو گئی در گروِ اذَا دَعَان — یا کہ ہے خوابِ ناز میں چشمِ سیاہ نیم باز
دینِ قویم مصطفےٰ رحمتِ عام ہو گیا — آتے ہی اس کے اُٹھ گیا شاہ و گدا میں امتیاز

---

لعل نگار کی طرح میری حدیث ہے لذیذ — گیسوئے یار کی طرح میرا فسانہ ہے دراز
میرے لئے ھُوَ الَّذِی آپ کے واسطے اَنَا — آپ کو مجھ پہ اعتراض آپ سے مجھ کو احتراز

چاہیئے اہلِ ذوق کو سوز کے ساتھ ساز بھی
نغمہ جو ہو تو جاں نواز نالہ جو ہو تو دل گداز

---

Marfat.com

تاجوروں کے رشک کو خاکِ درِ نبی ہُوئی — سرمۂ دیدۂ بلالؓ غازۂ چہرۂ معاذ[1]
جس کی تمہیں خبر نہیں شانِ رسُولؐ ہی تو ہے — جس نے زمینِ خشک پے آ کے چلا دیئے جہاز

---

عالمِ اعتبار ہے سلسلۂ امید و بیم — شرطِ ہبوط ہے صعود وجہ نشیب ہے فراز
مسلم سادہ کا بھی صاد اس پہ ہو گیا ضرور ہے — شوق سے لیجئے نکال کفر کی صُورتِ جواز

---

علتِ اولین ہے وہ علتِ آخریں ہے یہ
غور جو کیجئے تو ہے ایک بروز او ربراز

---

۷ نومبر ۱۹۱۷ء

[1] تبدیل الذال بالزا بقاعدہ سخنورانِ عجم

Marfat.com

# تکمیلِ ایمان

زکوٰۃ اچھی حج اچھا روزہ اچھا اور نماز اچھی
مگر میں باوجود اس کے مسلماں ہو نہیں سکتا

نہ جب تک کٹ مروں میں خواجۂ یثرب کی عزّت پر
خدا شاہد ہے کامل میرا ایماں ہو نہیں سکتا

دل اُن کے خوفِ غیر اللہ سے خالی نہ ہوں جب تک
مسلمانوں کی آزادی کا ساماں ہو نہیں سکتا

وہ ہوگا اور ہی کوئی جو رکھتا ہو لگی لپٹی
میں اپنی صاف گوئی پر پشیماں ہو نہیں سکتا

عتابِ انگریز کا ان سب ہی باتوں کی قیمت ہے
قیامت تک مرا رُخ اس سے ارزاں ہو نہیں سکتا

لگا لیں مجھ پہ فتوے کفر کے یہ پیر سب مل کر
میں اُن کے الٹی میٹم سے ہراساں ہو نہیں سکتا

---

۲۵ مئی ۱۹۲۹ء

Marfat.com

# مغربی تہذیب

Marfat.com

# مغربی جادو کے ڈورے

جدید وضع کے سانچے میں ڈھلتے جاتے ہیں
ہمارے طور طریقے بدلتے جاتے ہیں!

دکھائی ہے ہمیں تہذیبِ مغربی نے جو راہ
ہم آنکھ بند کئے اُس پہ چلتے جاتے ہیں

بھڑک رہا ہے کچھ اس جوش سے تنورِ فرنگ
کہ دیں کی برف کے تودے پگھلتے جاتے ہیں

دیارِ غرب کی مٹی کچھ ایسی چکنی ہے
بڑے بڑوں کے قدم بھی پھسلتے جاتے ہیں

اُگل رہے ہیں جنہیں ریزہ چینِ خوانِ مسیح
مزے سے ہم وہی لقمے نگلتے جاتے ہیں

حرم کے رستے سے کاٹی ہے شیخ نے کتنی
تو بتکدے سے برہمن نکلتے جاتے ہیں

جب اپنے عہد پہ قائم نہ رہ سکے بندے
خدائے پاک کے وعدے بھی ٹلتے جاتے ہیں

محمدؐ عربی کا یہ معجزہ سمجھو
اگر عرب کے مسلماں سنبھلتے جاتے ہیں

Marfat.com

# قانونِ وقت

حق کا نہ کر اظہار کہ قانون یہی ہے
فرماتی ہے سرکار کہ قانون یہی ہے

خود محتسبِ وقت ہے اک رندِ بلا نوش
مے سے نہ کر انکار کہ قانون یہی ہے

ہے جرم یہ جس کا کہ خدا ایک ہے اُس کا
ہوگا وہ گرفتار کہ قانون یہی ہے

ڈھائے جو تیرے سامنے اللہ کے گھر کو
بن نقش بدیوار کہ قانون یہی ہے

پھٹ جائے جو تلی تو نہ ٹھوکر سے گلہ کر
مر کر بھی نہ دم مار کہ قانون یہی ہے

کیڑوں کی طرح پیٹ کے بل رینگ کے ان کو
شکریہ کے دے تار کہ قانون یہی ہے

فتویٰ علما کا ہو کہ گاندھی کی نصیحت
دونوں سے ہو بیزار کہ قانون یہی ہے

ننکانہ کو چل آگ میں جل راکھ کا ہو ڈھیر
رہ پھر بھی وفادار کہ قانون یہی ہے

کرنی ہے تجھے سیر اگر باغِ گرو کی
پٹ جا سرِ بازار کہ قانون یہی ہے

گدی سے اُتر راج کو چھوڑ اور کر اقرار
ہوں میں ہی خطاوار کہ قانون یہی ہے

اس پردہ زنگار میں نغموں کے عوض سن
زنجیر کی جھنکار کہ قانون یہی ہے

Marfat.com

آوازۂ منصور کو کہتے ہوئے لبیک
دوڑے رسن و دار کہ قانون یہی ہے

جینے کی تمنا ہو گر اس عہد میں تجھ کو
مرنے کو ہو تیار کہ قانون یہی ہے

گھر بار لٹانا ہو جسے حق کی طلب میں
بن جائے "زمیندار" کہ قانون یہی ہے

---

۲۹ جولائی ۱۹۲۲ء

Marfat.com

# مارشل لا

حکومت جن دنوں پنجاب میں تھی مارشل لا کی
تو قابل دید کے تھی اوڈوائر کی غضب ناکی

جب امرتسر میں ہم پر گولیاں برسیں تو ہم سمجھے
کہ بوندیں ہیں یہ اہل ہند کے خون تمنا کی

خدا کے قہر کی بجلی گرا کرتی ہے ظالم پر
مگر پنجاب میں اس برق کے مظلوم تھے شاکی

مساوات اس کو کہتے ہیں کہ مشق قطع اعضا میں
نہ بوڑھوں ہی کو دیکھا اور نہ بچوں ہی کی پروا کی

جناب اوڈوائر کی بم اندازی کے کیا کہنے
ثریٰ کے بسنے والے سیر کرتے تھے ثریا کی

ہمارے بازوؤں کی دھجیاں اڑتی تھیں گردوں پر
ہماری ٹانگ کے تسمے خبر لاتے تھے جوزا کی

یہ صورت تھی ہماری خواہ مسلم خواہ ہندو تھے
یہ حالت تھی جناب جارج پنجم کی رعایا کی

---

۲۷ مئی سنہ ۱۹۲۰ء

Marfat.com

# تہذیب

لاش مہدی کی جلادی واہ کیا تہذیب ہے
پھر ہوا میں راکھ اُڑا دی واہ کیا تہذیب ہے

ضد تو اس کو دیں سے تھی لیکن معین الدینؒ کی
قبر پہ گولی چلادی واہ کیا تہذیب ہے

راہزن تو خود ہے لیکن تہمت اپنے پیشہ کی
اولیاؤں پر جمادی واہ کیا تہذیب ہے

کہتے کہتے وعظِ امن اور دیتے دیتے درسِ صُلح
خُون کی ندی بہادی واہ کیا تہذیب ہے

تاکہ اپنے لمپ میں جو تیل ہے وہ گھٹ نہ جائے
آگ موصل میں لگادی واہ کیا تہذیب ہے

گر کسی اخبار نے لکھ دی کوئی بے لاگ بات
اُس کی جھٹ قُرقی کرادی واہ کیا تہذیب ہے

قابلیت کی جب اک شرط پُوری ہو چکی
قید رنگت کی بڑھادی واہ کیا تہذیب ہے

خاکساروں سے اکڑ کر سرپھروں کے سامنے
عجز سے گردن جُھکادی واہ کیا تہذیب ہے

جس نے پیمانِ وفا باندھا اُسی کم بخت کو
اپنے پیماں کی سزا دی واہ کیا تہذیب ہے

یار سے چھینا برارا اور جب کیا کچھ اُس نے عذر
جنگ کی دھمکی سُنادی واہ کیا تہذیب ہے

دوستی کے پردے میں ہر قوم سے کی دشمنی
ایک عالم کو دغا دی واہ کیا تہذیب ہے

---

Marfat.com

# مغربی تہذیب کے پُتلے

سُنو اچھی طرح اے مغربی تہذیب کے پُتلو
کہ ہم اتنا ہی اُبھریں گے دباؤ گے ہمیں جتنا

سنبھل کر ڈالیے گا ہاتھ صاحب صنفِ نازک پر
کہیں محشر نہ بن جائے یہ عورت ذات کا فِتنہ

کچھ کے ان کی سنگینیں کہاں تک دیں گی سینوں میں
ذرا ہم بھی تو دیکھیں اُن کے بازو میں ہے دم کتنا

وہ چنگیزی یہ انگریزی وہ قہریلی یہ زہریلی
ہلاکو اور ویجوڈبن کی فطرت میں ہے فرق اتنا

جئیں گے کب تک آخر بال میں یہ ناچنے والے
چھڑا ہے قاف سے تا قاف آہنگ اِذَا امتنا

---

۱۰ جولائی ۱۹۳۰ء

Marfat.com

# سنٹرل جیل لاہور

## یوم کرسمس

آج جن کی یہ خطا ہے کہ ذرا کالے ہیں
پی رہے ہے اُن کا لہو جیل کے رکھوالے ہیں

کبھی کولہو کی مشقّت کبھی چکّی کا عذاب
جس سے ہاتھوں میں بچاروں کے پڑے چھالے ہیں

گوشت اور خون کے پُرزے ہیں جو انگریزوں نے
قیصریت کی مشینوں کے لئے ڈھالے ہیں

قید گورے بھی ہیں جو ری میں مگر اُن کے لئے
جیل سرکار نے گلزار بنا ڈالے ہیں

ہم کسی بات میں کم اُن سے نہیں ہیں لیکن
اِس کو کیا کیجئے وہ گورے ہیں ہم کالے ہیں

رنگ کے فرق پہ موقوف ہے قانونِ فرنگ
یوں نکلتے نئی تہذیب کے دیوالے ہیں

ہو گئے کس لئے نسل کے سب ارکاں خاموش
وہ بھی کیا ان ستم آرائیوں کے آلے ہیں

اے خدا کیوں نہیں مظلوم کی سنتا فریاد
پڑ گئے کیا ترے دربار میں بھی تالے ہیں

سُرخ پوشوں کی زبانوں پہ ہے تکبیر کا شور
اور سینوں میں دبے نیم شبی نالے ہیں

کملی والے تری اُمّت کو نہ کمل بھی ملے
ٹوپی والوں کو اڑھائے گئے دوشالے ہیں

Marfat.com

بڑے دن کا یہی احرار کو انعام ملا
کہ زد و کوب سے جانوں کے پڑے لالے ہیں

ہو گئیں زندہ روایاتِ اُحد زنداں میں
دانت ٹوٹے ہیں اُنہیں کے جو خُدا والے ہیں

یوں ہی ہوتا رہا اسلام تو یہ نکلیں گے
عرش پر چلنے مکافات کے پرنالے ہیں

نشہ ہو جائے گا دولت کا بہت جلد ہرن
کہہ دو اُن سب سے جو اِس نشہ کے متوالے ہیں

---

سنٹرل جیل لاہور
۲۵ر دسمبر ۱۹۳۰ء

Marfat.com

# ترانہ جنگ

اے ملتِ بیضا تیری شوخی ہے نمودار
ہر راہ میں اب تک ترے نقشِ کفِ پا سے

اے سطوتِ کبریٰ تری تلوار کی جھنکار
سنتے ہیں کان اب بھی دو عالم کی فضا سے

آفاق میں اب تک تری تقدیر کا طغرا
آراستہ ہے سرخیٔ خونِ شہدا سے

یہ سچ ہے کہ دنیائے صلیبی کی عداوت
لپٹی ہوئی ہے بن کے بلا تیرے لوا سے

گردش تری قسمت کی ہیں پطرس کے پڑوتے
بجلی ترے خرمن کی ہیں پاپا کے نوا سے

ہر گوشۂ عالم میں کلیسا کے پرستار
اب تک ہیں بدستور ترے خوں کے پیاسے

لیکن علمِ حق نہ جھکا ہے نہ جھکے گا
باطل کی فضاؤں میں پیمبر کی دعا سے

پھر سر سے لپیٹا اس کفنِ نور کو اک بار
لائے تھے جسے بدر کے میداں میں حرا سے

اعدا کی صفوں کو الٹ اس طرح کہ پیدا
ہو غلغلہ احسنت کا ارض و سما سے

مرنا ہے تو مر جادۂ شاہ دو سرا میں
ڈرنا ہے تو ڈر ایک محمدؐ کے خدا سے

Marfat.com

# مشہد مقدّس پر روسی گولہ باری

## سر ایڈورڈ گرے ناظر صیغۂ خارجیہ برطانیہ سے گلہ

(یہ وہ تاریخی نظم ہے جو راقم الحروف اور روزنامہ "زمیندار" کے عمر بھر کے مصائب و نوایب کی تمہید بن گئی)

## (۱)

امام ثامن ضامن حریمش چوں حرم آمن — زمیں از عزم او ساکن سپہر از عزم او پویا

ہزبر بیشۂ امکاں نہنگ لجۂ امیاں — ولّیِ ایزدِ منّان علّیِ عالیِ اعلا

نہالِ باغ علییں بہارِ مرغزارِ دیں — نسیمِ روضۂ لیلیں شمیمِ دوحۂ طٰہٰ

سحابِ عدل او ژالہ ریاضِ شرع را لالہ — خرد بر چہرِ او والہ رواں از مہرِ او شیدا

رُخش مہر فروزندہ لبش یاقوتِ ارزندہ — ازاں جانِ خرد زندہ ازیں نطقِ سخن گویا

زجودش قطرۂ قلزم ز درویش پرتوے انجم — جنابش قبلۂ مردم رواقش کعبۂ دنیا

ستارہ گوے میدانش ہلالِ عید چوگانش — ز نعلِ سمِ یکرانش غبارے تودۂ غبرا

ثمر رنگے ز رخسارش شکر طعمے ز گفتارش — بشر را مہرِ دیدارش نہاں چوں روح در اعضا

Marfat.com

نظامِ عالمِ اکبر قوامِ شرعِ پیغمبر — فروغِ دیدۂ حیدر سرورِ سینۂ زہرا
رضائے او رضائے حق قضائے او قضائے حق — دلش از ماسوائے حق گزیدہ عزلت عنقا
ردائے قدس پوشیدہ بہضم نفس کوشیدہ — ببزمِ اُنس نوشیدہ مے وحدت ز جامِ لا
مے از مینائے لا خوردہ سبق از ماسویٰ بردہ — وزاں پس سر برآوردہ ز جیب خانۂ اِلّا
زدہ در دشتِ لا خرگہ کہ لا معبود اِلا اللہ — ز کاخ نفی جستہ رہ بخلوت گاہ استثنا

ہمیں نوبادۂ آدم ہمیں پیرایۂ عالم
چو خیر المرسلین محرم بخلوت گاہ اَوْ اَدْنیٰ

## (۲)

ہُوا جس کی ثنا میں تر زباں اس طرح قاآنی — وہ تھا اپنے زمانہ میں بلاشک شانِ یزدانی
ابھی تک یادگار اُن کی ہے باقی مشہدِ سر میں — مُسلمانوں کو پہنچے اُس سے جو فیضِ روحانی
مزار اُس کا ہے مرکز خلق کے حُسنِ عقیدت کا — پہنچتے ہیں وہاں مازندرانی اور خراسانی
عرب سے اور عجم سے مورچھل لے کر ارادت کا — مُسلماں کر رہے ہیں اُس کے مرقد کی نگہبانی
قسم مامونِ عباسی نے کھائی جس کی حرمت کی — نگہباں جس کی تھی عباس اعظم کی جہانبانی
جہاں جبار و سرکش بانکپن کھوئی ہیں کج کلاہوں کی — ادب سے چومتے ہیں جس کو ایرانی و تورانی
وہ مرقد جس کے گنبد کی طلاکاری سکھاتی ہے — فلک پہ قرصِ خورشید درخشاں کو زرافشانی

Marfat.com

اسی مرقد کو ڈھانے آئے ہیں واحسرتا رُوسی
فنا گستر ہے جن کی توپ کے گولوں کی غلطانی

نکل کر اشقیا کا لشکر آیا ہے جہنم سے
ہے بھرتی سسکیاں ایراں میں مُسلم کی گرانجانی

جوان و پیر و طفل و زن ہوئے سب قتل مشہد میں
کہ گذرا سر سے کُلُّ مَنْ عَلَیْھَا فَانٍ کا پانی

وہ روضہ جس کے خادم تھے ملائک آہ کل شب تک
سپُرد ابلیس کے ہوتی ہے اُس کی آج دربانی

سر ایڈورڈ آج آتش زیر پا سارے مسلماں ہیں
پریشاں کیوں نہیں کرتی تمہیں اُن کی پریشانی

مُسلماں ایک ہیں اسواسطے غم ایک ہے اُن کا
حقیقت کس لئے اب تک نہیں تم نے یہ پہچانی

لگایا رُوس نے پہلوئے مسلم میں وہاں چرکا
یہاں لاتی ہے رنگ اس زخم کی خونابہ افشانی

ضعیفوں پر نہیں جو رحم کرتا، بر ملا سُن لے
یہ نکتہ جس میں مضمر ہے حقیقت ایک یزدانی

عجب ناداں ہیں جن کو ہے عجب تاج سُلطانی
فلک بال ہما کو پل میں بخشے ہے مگس رانی

---

سنہ ۱۹۱۲ء

Marfat.com

# نئی صلیبی جنگ

مسیحیوں اور مسلموں میں یہ جنگ جس وقت سے ٹھنی ہے
بدن کو دیتی ہے رُوح دھمکی کہ آگیا وقت جانکنی ہے

سمجھ رہے ہیں یہ اہلِ یورپ کہ ہم مسلماں کو لُوٹ لیں گے
کہ اس میں کس بل نہیں ہے کل کا وہ آج کمزور منحنی ہے

ہُوا ہے ایماں جہاں سے رُخصت اُٹھا ہے انصاف کا جنازہ
جہاں میں چھا جائیگا اندھیرا یہی جو یوُرپ کی روشنی ہے

رہی سہی راستی کا جلوہ ہے ایک انگلینڈ میں نمایاں
مصیبتوں کے سیاہ بادل سے اک فقط یہ کرن چھنی ہے

وہی بھروسہ ہے سب سے بہتر جو اپنے اوپر ہو اور خدا پر
نہ دوست سمجھو کسی کو اپنا کہ دوستی اصل دشمنی ہے

بتا رہی ہے دراز دستی اطالیہ کی طرابلس پر
کہ آج کشورکشا وہی ہے جسے ذرا مشقِ رہزنی ہے

Marfat.com

ڈریں حریفانِ کینہ پرور کہ وار کرنے کو ہیں مسلماں
دعا ہے اسلامیون کا نیزہ اثر اسی نیزہ کی انی ہے

خمیدگی تیغ کی جو دیکھی تو مومنوں کو یہ نکتہ سوجا
کہ ہاتھ رہتا ہے اُن کے میدان شعار جن کا فروتنی ہے

اطالوی مِسّ[1] ہوئی مسلماں ملا اُسے حق سے نورِ ایماں
چراغ پا ہیں جناب پاپا عجب تماشا یہ دیدنی ہے

ہماری کشتی کو ڈوبنے سے بچا لیا ہے تری دعا نے
تری توجہ سے یا محمدؐ ہماری بگڑی ہوئی بنی ہے

---

سنہ ۱۹۱۱ء

[1] یہ وہی مِس صاحبہ ہیں جن کے متعلق اطالوی کونسل متعینہ کلکتہ نے اخبارات میں اعلان کیا تھا۔ کہ مسلمانانِ طرابلس نے ان کو بجبر حلقہ بگوشِ اسلام بنا لیا تھا۔

Marfat.com

# ترک اور اطالوی

خدا کا ہو غضب اٹلی پہ نازل — دیا جس نے مسلمانوں کو چرکا
کیا ہے جس نے خونِ بیگناہاں — لیا ہے جس نے ٹھیکہ شور و شر کا
دیئے ترکوں کو جھوٹے جس نے الزام — بنایا ہے کبوتر جس نے پر کا
گھمنڈ اپنے جہازوں پر ہے جس کو — سبق بھولا ہے جو اَینَ المفر کا

---

دیا اس کو خدا نے طوق زریں — یہ رتبہ ہو گیا عیسیٰ کے خر کا
ہوا پالان میں مجروح ایسا — کہ پھر اسلام کا تازی نہ خر کا
مقدر ہے مرا دھوبی کا کتا — نہ اس کو گھاٹ کا سمجھو نہ گھر کا
یہ دنیا سچ ہے سجن المومنین ہے — یہی ارشاد ہے خیر البشر کا

---

ہوا اٹلی پہ نازل قہر یزداں — نہیں شکوہ دعا کو اب اثر کا
لگے بھونچال سے کشتوں کے پشتے — نمونہ بن گیا روز مستقر کا
جہاز اک غرق اس کا ہو گیا ہے — یہ پہلا وار ہے دورِ قمر کا

Marfat.com

چٹانیں بھی ہوئیں ہمدرد ٹرکی  مزہ ریوٹر نے چکھا اپنی ٹر کا
کیا ہیضے نے اس کا ناک میں دم  ادھر کا اب ہوا ٹلی یا ادھر کا
ہوئی معلوم قدر عافیت جب  پڑا تھپیڑ قضا کا اور قدر کا
ہوا ہے ناطقہ اے مشرکو بند  خدا کے سامنے زور اور زر کا
لڑے گا کیا مسلمانوں سے اٹلی  تقابل کیا شغال اور شیر نر کا
اڑانے کو ہے ٹرکی کوئی دم میں  پھریرا نصرت و فتح و ظفر کا
فرشتے ہیں مددگاران اسلام  یہ لشکر ہے دعا ہائے سحر کا

خدا ترکوں کی فرمائے گا امداد
تصدق احمد مرسل کے سر کا

Marfat.com

# کارزارِ طرابلس

چمک اے تیغِ رُوما کا نشاں ہے تو مٹانے کو
گرج اے توپِ اٹلی کے دُھوئیں ہے تو اڑانے کو

چڑھ اے ایماں اُس چوٹی پہ جس پر کفر قابض ہے
بڑھ اے اسلام اور شوکت دکھا اپنی زمانے کو

ابھی تک گونجتی ہے کان میں آوازِ خالدؓ کی
سنیں گے ہم نشیں سے ہم اُسی اگلے فسانے کو

مُسلماں لاکھ بودے ہوں مگر نامِ محمدؐ پر
خوشی سے اب بھی حاضر ہیں وہ اپنے سر کٹانے کو

خبر لیں خرمنِ اٹلی کی اُٹھ کر حضرتِ پاپا
کہ لشکر تُرک کا ہے برقِ مضطر تلملانے کو

یہ چوتھے آسماں پر جاکے عیسیٰ سے کوئی کہہ دے
کہ نکلی آپ کی اُمّت ہے قصرِ امن ڈھانے کو

تری تعلیم نے اُن کو بنایا گرگِ مردم در
تجھے اے پوپ دیں پطرس نے جو بھیڑیں چرانے کو

یہ ڈاکو وہ بھی اُن سے چھیننے پر ہیں تلے بیٹھے
مُسلمانوں کو رُوکھی سُوکھی جو ملتی ہے کھانے کو

نہ مارا چھاپہ کیوں الجیریا پر اہلِ اٹلی نے
یہیں کیا مشعلِ تہذیب باقی تھی جلانے کو

بنایا ہے خدا نے محتسب تجھ کو زمانے کا
اُٹھ اے برطانیہ امن و اماں قائم کرانے کو

ہماری طرح عالم کے مسلماں جان و دل سے
تجھے حاضر ہیں سر پر اور آنکھوں پر بٹھانے کو

مُسلمانوں کے دل کی آرزو اُس وقت پوری ہو
کہ انگریزی میں سُن لیں جارج پنجم اس ترانے کو

Marfat.com

# نالۂ صبح گاہی

حد بھی ہے کوئی اس ستم بے حساب کی
کب تک بُتوں کی جان کو رویا کریں گے ہم

کیا یوں ہی جاگتی رہے گی قسمتِ فرنگ
اور یوں ہی اس کے سایہ میں سویا کریں گے ہم

بٹہ لگائے جائیں گے مذہب کے نام پر
ملت کی آبرو کو ڈبویا کریں گے ہم

آنکھیں بچھائے جائیں گے غیروں کی راہ میں
کانٹے خود اپنی راہ میں بویا کریں گے ہم

بنیاد ڈھائے جائیں گے ارکانِ شرع کی
جو پا چکے ہیں اُس کو بھی کھویا کریں گے ہم

دل کو پگھلنے کے لئے ایک عمر چاہیئے
جس سے جبیں کے داغ کو دھویا کریں گے ہم

---

Marfat.com

# آویزش ہلال و صلیب

Marfat.com

# جنگِ طرابلس

## ۱۹۱۲ء

کھیل بچوں کا جسے سمجھا تھا اٹلی نے وہ جنگ
کر رہی ہے قافیہ اس کے جوانمردوں کا تنگ

خاک بن کر اڑ گئی روما کے دل کی آرزو
خون ہو کر بہ گئی پاپا کے پہلو کی امنگ

اینٹ وکٹر کی گری پتھر محمد کا چلا
قول سعدی ہے کلوخ انداز را پاداش سنگ

ہیں ترے بیڑے ہمارے آگے اے اٹلی حباب
ہم ترے ایروپلینوں کو سمجھتے ہیں پتنگ

نعرۂ اللہ اکبر جب زباں پر آئے گا
تیرے ہاتھوں سے چھڑا دیں گے ہم اے دغا تفنگ

جھونک دی اٹلی نے چشمِ روشنِ اہلیں میں خاک
چڑھ گیا آئینۂ انصاف پر یورپ میں زنگ

آسماں سے ابنِ مریم آج اتر آئیں اگر
دیکھ کر اخلاقِ روما بے گماں رہ جائیں گے دنگ

دل میں قارونی ہوا اور حرص کا پوشیدہ چور
سر سے فرعونی نمود اور کبر کی ظاہر ترنگ

مدعا یہ ہے کہ مٹ جائے مسلمانوں کا نام
واسطے اس کے تراشے جا رہے ہیں عذر لنگ

ناتواں وقفِ لگدکوب توانا ہو گئے
چھوٹی چھوٹی مچھلیوں کو نگلے جاتے ہیں نہنگ

Marfat.com

کیا اسی شائستگی پر ہے مسیحیت کو فخر　　کیا یہی تہذیب ہے سرمایۂ نازِ فرنگ
آج کل یورپ میں قوت اور تعصب کا ہے زور　　بادشہ ڈنٹر پیلتے ہیں پادری پیتے ہیں بھنگ
کیوں پڑھاتا ہے سبق شاگرد کو ایمان کا　　جبکہ خود ایمان سے عاری ہے استادِ فرنگ

---

بے گناہوں کے لہو کی بہہ رہی ہیں ندیاں!　　خاکِ ایراں خونِ عصمت سے ہوئی ہے لالہ رنگ
آج ایراں ہے تو کل کابل کی باری آئے گی　　گر یہی ہے روسیوں کی چال ڈھال اور رنگ ڈھنگ
آہ! اے انصاف ہم ڈھونڈیں کہاں جا کر تجھے　　سینٹ پیٹرسبرگ جب مضراب اور لندن ہو چنگ
اب بھی سر ایڈورڈ کاش اپنا طریقہ دیں بدل　　ہو گر انگلستاں کا ان کو کچھ بھی پاسِ نام و ننگ

---

یوں ہی مسلم اور ہندو اس دیس میں مل جائیں گے　　مل گئیں پریاگ میں جس طرح جمنا اور گنگ
اتحاد اس ملک کا مشکل نہیں ہے جس میں ہو　　ایک تہذیب ایک بولی ایک صورت ایک رنگ

ناخنوں سے گوشت ہو سکتا نہیں ہرگز جدا
چھوٹ سکتا ہی نہیں ہے چولی اور دامن کا سنگ

---

۱۹۱۲ء

Marfat.com

# بادل میں بجلی

## جنگ طرابلس

ہماری دُعا کا اثر دیکھ لیجے
حریفوں کو زیر و زبر دیکھ لیجے

جہاں ابرِ ظلمت نظر آرہا تھا
وہاں مہر ہے جلوہ گر دیکھ لیجے

خُدا نے جو چاہا تو پاپائیوں کو
مِلے گی نہ راہ مفر دیکھ لیجے

ہلالِ نے کو ہیں آکے اُمت کے سرپر
کوئی دم میں پاپا چنور دیکھ لیجے

خرلنگ رُوما کیا چاہتا ہے
جہنم کا عزم سفر دیکھ لیجے

یہ کہتی ہے اٹنا کی آتش فشانی
سقر میں کسی کا مقر دیکھ لیجے

نہا دیو جی کی تو سُن لی کہانی
اب اللہ کا کرّ و فر دیکھ لیجے

نہ دیکھی کبھی ہو جو بے پر کی اُڑتے
تو ریوٹر کی برقی خبر دیکھ لیجے

نہ ہوں بدگماں آپ ریوٹر سے ہرگز
کہ نائی ہے یہ معتبر دیکھ لیجے

نہ دیکھا ہو انور کو سنّوسیوں میں
تو بجلی کو بادل کے گھر دیکھ لیجے

گرجتے ہوئے رعد کو سُن لیجے
بپھرتا ہوا شیر نر دیکھ لیجے

Marfat.com

کہا ہنس کے پاپا سے اس نازنیں نے　　کہ لونڈی کو بھی اک نظر دیکھ لیجے

اُٹھا سایہ سرکار کا میرے سر سے　　پڑی ہوں میں تیرے کوں کے گھر دیکھ لیجے

جھپٹ کر دبوچا بھی مجھے چاہتا ہے　　کوئی حجت منتظر دیکھ لیجے

کلائی کو دیتا ہے جھٹکا یہ ظالم　　لچکتی ہے میری کمر دیکھ لیجے

میں تم پر تصدق یہ مہر عقیقی

ہے کندہ بنام دگر دیکھ لیجے

Marfat.com

# سمندِ انور

کرے گا کیا وہاں جنرل[1] کنیوا — جہاں بگڑا ہو سب آوے کا آوا

پڑھاتے ہیں انہیں پٹی جفا کی — وہ پاپا جو ہیں ان بچوں کے باوا

گلائی[2] نے ٹریپلی پر صد افسوس — کیا شیطان کی شہ پا کے دھاوا

کیا دجال نے اٹلی میں جا کر — دہانِ ظلمت حرص و ہوا وا

چلا نازی سے لڑنے کو خرِ لنگ — قضا نے اُس کو بھیجا ہے بلاوا

پھٹے گا کوئی دم میں کوہ اٹنا — بہا دے گا تمام اٹلی میں لاوا

لڑائی کی خبر سُن کر ہیں بیکل! — مسلمانانِ ہند و چین و جاوا

شکستوں پر شکستیں کھا رہے ہیں — ہیں رویٹر کی یہ سب خبریں بناوا

ہوئی پتلون ڈھیلی آبرزی[3] کی — دیا گھوڑے کو جب انور نے کاوا

غزا کا شوق اور عشق شہادت
مُسلمانوں کو دیتا ہے بڑھاوا

---

سنہ ۱۹۱۲ء

[1] اطالوی سپہ سالار [2] وزیر اعظم اٹلی [3] اطالوی امیر البحر

Marfat.com

# دُنیائے توحید پر دُنیائے تثلیث کی تاخت

ڈالا کسی نے ڈاکہ مارا کسی نے چھاپا
رٹتے ہیں زار و وکٹر درس جناب پاپا

روتی ہے تجھ کو یورپ افریقہ کی یتیمی
اور تجھ کو پیٹتا ہے ایران کا رنڈاپا

انصاف اور ایماں ہم کو نظر نہ آئے
مغرب کو ہم نے چھانا مشرق کو ہم نے ماپا

گاتے ہیں روس و اٹلی مل کر کھرج کی لے میں
پنچم کی لے میں جو راگ ابلیس نے الاپا

ہر تیر اس کماں کا جوشن گذار ہوگا
لائق نہیں ہنسی کے اسلام کا بڑھاپا

جو چاہے درج کر دے کیا ڈر ہے پائنیر کو
اپنے ہی گھر کی بجلی اپنے ہی گھر کا چھاپہ

مذہب وفا ہمارا مسلک جفا تمہارا
ہم نے تمہیں سراہا تم نے ہمیں سراپا

ہندوستاں کی قومیں کچھ سوکنیں نہیں ہیں
کس واسطے پھر ان کو آپس میں ہو جلاپا

ہیں مسلم اور ہندو ہندوستاں کا زیور
وہ مخلصی سراسر یہ آشتی سراپا

---

Marfat.com

# سر اڈورڈ گرے

## وزیر صیغہ خارجہ برطانیہ

خوب جی بھر کے سر اڈورڈ گرے دیکھ چکے — ہم غریبوں کے سیہ خانے کا ویراں ہونا
اپنے شیرازۂ ہستی کا بکھر جانا — اپنی جمعیت قومی کا پریشاں ہونا
برق تثلیث کا توحید کے گھر پر گرنا — ظلمت کفر میں ایمان کا پنہاں ہونا
ترک کے طرۂ طرار کا جھک جانا — چاک داماں عرب تا بگریباں ہونا
خاک کا درنہ و طبروق کے سر پہ اُڑنا — خون میں مشہد و تبریز کا غلطاں ہونا
مصر کے سینۂ صد چاک کے پرزے اُڑنا — ہند کے دیدۂ نمناک کا طوفاں ہونا
صفِ ماتم اِدھر ایران کے اندر بچھنا — اور مراقش میں اُدھر حشر کا ساماں ہونا
ستم ایجادئ بلقان کی لکھتے ہوئے شرح — بید کی طرح مرے خامہ کا لرزاں ہونا
یہ مسلماں ہیں، اس جرم میں کر دو انہیں قتل — دست بلقان میں یورپ کا یہ فرماں ہونا
خانماں سوختہ مسلم کی تمناؤں کا — دشت غربت میں سراسیمہ و حیراں ہونا

Marfat.com

خانقاہوں سے مشائخ کا گھسیٹا جانا — اور مساجد میں صلیبوں کا نمایاں ہونا
کبھی جن پردہ نشینوں کا نہ اُٹھا تھا نقاب — اُن کے ناموس کا بازار میں عریاں ہونا
یوں تبہ کر کے ہمیں آپ کو اب ہے منظور — جنگ کو روکنا اور صلح کا خواہاں ہونا

"کی مرے قتل کے بعد اس نے جفا سے توبہ
ہائے اُس زود پشیماں کا پشیماں ہونا"

---

قسطنطنیہ ۱۹۱۳ء

Marfat.com

# سیاسیاتِ عالیہ

بسکہ تھا تثلیث عنوانِ دینِ قسطنطین کا
پڑھ گیا آ کر سبق انگورہ میں والتین کا

یک بیک انگورہ کے انگور کھٹے ہو گئے
لومڑی سے رشتہ ہے دیرینہ قسطنطین کا

کہہ دو آغا خاں سے اب لاٹھی ہی کچھ کام آئے گی
بھینس کے آگے ہے بے مصرف بجانا بین کا

وائے ناکامی کہ چشمے تیل کے سوکھے تمام
لے کے لا ئیڈ جارج جب دوڑے کنستر ٹین کا

نام حسرت سے لیا کرتے ہیں کرزن ان دنوں
مرو کا شیراز کا تبریز کا قزوین کا

صوبہ سرحد کہ بے آئین کہتے ہیں اُسے
بن گیا آئینہ دار اسلام کے آئین کا

"وہ تھی ایٹر جس میں "ایکٹر ہوا امان اللہ خاں"
کیوں نہ لطف آئے مسلمانوں کو اس کے "سین" کا

جوش میں غیرتِ رسولِ ہاشمی کی آ گئی
مشرق و مغرب میں اب ڈنکا بجے گا دین کا

جب دُعا مانگی یہ مسلم نے کہ ہو ترکوں کی فتح
مچ گیا غل عرش پر چاروں طرف آمین کا

Marfat.com

# مرکزی خلافت کمیٹی

نقشہ کھینچا جب سے میں نے شوکتِ اسلام کا — گرد میرے سامنے بہزاد اور مانی ہوئے

کی رسول اللہ پر قربان اپنی جان جب — زینتِ اورنگ قسطنطنیہ عثمانی ہوئے

ہے خلافت سے ارادت مایۂ نازش جنہیں — صاحبِ ایماں بروئے نصِ قرآنی ہوئے

اڑ کے آؤ اے ابابیلو! کہ بیت اللہ میں — ابرہہ کے جانشیں وقفِ ستم رانی ہوئے

کیا قیامت ہے کہ خود یثرب میں فرزندانِ کفر — ملتِ بیضا کے آئینہ کی حیرانی ہوئے

برق بن کر اپنے خرمن کو دیا خود ہم نے پھونک — آپ ہم اپنے لئے اسبابِ ویرانی ہوئے

جن کو کہتے ہو شریف اس سے تو اچھے ہیں رذیل — دوست سمجھا تھا جنہیں وہ دشمنِ جانی ہوئے

کفر کی ظلمت میں نورِ اسلام کا مسلم نہ ڈھونڈ — وسوسے تیرے تجھے وجہِ پریشانی ہوئے

ہے تمنا موت کی اسلام میں معیارِ صدق — دہر میں باقی وہی رہتے ہیں جو فانی ہوئے

زندگی کی بھاپ کے بننے میں اب کیا دیر ہے — جب ہمارے دیدہ و دل آگ اور پانی ہوئے

ساحلِ ہندوستان پر کچھ غلامانِ رسولؐ — خاک بوسِ عتبۂ ایوانِ سلطانی ہوئے

Marfat.com

چند مُسلم جن کے دل میں ہے تڑپ اسلام کی
بمبئی میں اس مبارک کام کے بانی ہوئے

بن گئے مخدومِ ملت خدمتِ اسلام سے
اس میں سیٹھ احمدؐ ہوئے یا سیٹھ چھوٹانی ہوئے

چند نکتے ہیں یہ حاضر ورنہ مجھ پہ منکشف
لکھتے لکھتے بے شمار اسرارِ حقانی ہوئے

اور بھی کچھ شعر ہو جاتے مگر آکر مخل
عالمِ اشراق میں آزادؔ سبحانی ہوئے

---

Marfat.com

# صلائے خاص

## ایک انگریز کی صلائے عام کے جواب میں

کام جلسوں سے چلے گا نہ ریزولیوشن سے
ہم نشیں کاٹ ہے آہن کی فقط آہن سے

ہم نے آندھی کبھی چلتی نہیں دیکھی اب تک
خواہ کتنی ہی ہوا دی گئی ہو دامن سے

بو نہ کرمکِ شب تاب کو آتش سمجھا
کیا یہی آگ ہے جو لائے ہو تم گلخن سے

جلوۂ یار کے مشتاق ہیں عشاق مگر
جھلکتے ہیں اسے زنبور بھری ونّن سے

ہفتخواں ہے یہ بلا خیز غنیمت جانو
دولت اسلام کی بچ جائے اگر رہزن سے

غلغلہ گنبدِ افلاک میں ڈالو تم بھی
بلبل آئی ہے یہ پیغام لئے گلشن سے

درخورِ ہمتِ مسلم ہے خدا کی تائید
لازم امداد ہے اسلام کی تن من دھن سے

چاہیے رستے ہوئے زخم کو پھاہا بھی ضرور
مرہمِ لطف لگا دے یہ کہو رگ زن سے

جارجِ پنجم کی دہائی ہے کہ ڈائر نہ رہے
آپ بے وجہ بگڑتے ہیں مرے شیون سے

فقط اللہ کے بندے ہیں مسلمان تمام
کس لئے ضد ہے اک انگریز کو اس قدغن سے

کیا نہیں آپ کی ملت بھی عیال اس کی
خوشہ چیں کیا نہیں انگریز بھی اس خرمن کے

Marfat.com

جارج کو تاج ونگیں کس کی نوازش نے دیا — پوچھئے جا کر یہ نکتہ لبشپ لندن سے

آپ کو اپنی حکومت کی بقا ہے مطلوب — ہم ہیں وابستہ خلافت کے مگر دامن سے

چال وہ چلئے کہ دونوں کو ہو دنیا میں قیام — ہم اتاریں نہ کبھی طوقِ وفا گردن سے

ہند میں آپ سلامت صدسی سال رہیں — خوف ہو آپ کی سطوت کو نہ کچھ لینن سے

مانٹیگو کو یہ پیغام مرا پہنچا دیں — با ادب عرض یہ ہے حضرت میکلیگن سے

کاتبوں کے قلم اس وقت ہیں ہڑتال کی نذر
کام انگیٹھی کا لیا جائے اسی ایندھن سے

---

۱۲ر فروری ۱۹۲۰ء

Marfat.com

# نالۂ شبگیر

خلافت پر فدا ہونے کو سب دیندار بیٹھے ہیں
گئے زنداں میں فاخر ماجد اب تیار بیٹھے ہیں

وہ ہم پر جبر کرتے ہیں ہم اُس پر صبر کرتے ہیں
وہ گر باکار ہیں ہم بھی نہیں بے کار بیٹھے ہیں

خوشی سے کاٹ لیجے شوق سے زیب سناں کیجے
لئے سر ہاتھ میں دیں کے علمبردار بیٹھے ہیں

یہ مانا ہم کبھی جس بزم کی مسند کی زینت تھے
اب اس پر ڈٹ کے با صد کر و فر اغیار بیٹھے ہیں

مگر اسلام ہارے یہ نہ ممکن تھا نہ ممکن ہے
غلط سمجھا ہے یورپ ہم یہ بازی ہار بیٹھے ہیں

ہمارا دردِ دل کس طرح پہنچے جارج پنجم تک
کہ وہ قصرِ بکنگھم میں سمندر پار بیٹھے ہیں

شہنشہ کیوں نہیں اپنی رعایا کی خبر لیتے
کہ سب اپنے وطن کی خاک سے بیزار بیٹھے ہیں

۲۲ مئی ۱۹۲۰ء

Marfat.com

# مُسلمانانِ ہند کی آہِ شرربار

ساعت وہ آرہی ہے کہ اسلامیانِ ہند
یورُپ کو اپنی آہ سے زیر و زبر کریں

گردن جھکی ہوئی ہو خدا کے حضور میں
ناموسِ دیں کے واسطے سینہ سپر کریں

بن جائیں خاکِ پاکِ حریمِ رسولؐ کی
اِس کیمیا گری سے خزف کو گہر کریں

اِسلام کو جو لعل و گہر کی ہو احتیاج
آنکھوں کو ناودانِ گدازِ جگر کریں

پہلے تو مُستعین ہوں بالصّبرِ والصّلوٰۃ
اس سے چلے نہ کام تو جاں کو بدر کریں

دُنیا کو پھر دکھائیں چمک ذو الفقار کی
خیبر کو اس کے بل پہ نئے سر سے سر کریں

آئی ہیں آسمان سے چل کر وہ قوتیں
جو مُسلم اور ہنود کو شیر و شکر کریں

تُم بھی اگر مدینہ میں ہم کو اماں نہ دو
پھر یا نبیؐ بتاؤ کہ رُخ ہم کدھر کریں

کس سرزمیں میں جائیں سر اپنا کہاں چھپائیں
ہندوستاں کی خاک سے ہجرت اگر کریں

وہ تاج جو حضورؐ نے بخشا تھا چھن چلا
اب کون سی کلاہ کو ہم زیبِ سر کریں

ہوتی نہیں ہے ظلم کی بنیاد استوار
اہلِ جفا خود اپنی روش سے حذر کریں

مٹ جائیں گے وہ خود نہ خلافت اگر رہی
یہ لوگ کاش غور اس اک نکتہ پر کریں

Marfat.com

# خروشِ مُسلم

ہے سودا جب سے لیلائے خلافت کا مرے سر کو
جنوں نے حشر کا میداں بنایا ہے مرے گھر کو

مجھے اس وقت دھوکا سا زمیں پر آسماں کا ہے
ستمگاروں نے ڈالا جب سے زنداں میں ہے اختر کو

حرم میں بھی جب اُس کا آشیاں ہو جائے خاکستر
گلہ بجلی سے کیا پھر ہند میں ہوگا کبوتر کو

زمیں تھرا گئی آوازۂ اللہ اکبر سے
خروشِ مُسلمِ شوریدہ شرماتا ہے تندر کو

جلایا اس نے مُردوں کو باذن اللہ قم کہہ کر
جگایا اس نے اک آواز میں ہندوستاں بھر کو

لگا دی سب کے دل میں ایک ساتھ اس نے لگن اُٹھ کر
ملایا اس نے مالابار کی سرحد سے خیبر کو

مسیحیت مُسلمانی سے ٹکرائی تو ہے لیکن
کسی نے آج تک شیشے سے توڑا بھی ہے پتھر کو

میرے دل میں جو دولت ہے وہ اُن کو مل نہیں سکتی
وہ اس عزت سے عاری ہیں جو حاصل ہے مرے سر کو

یہ سر وہ سر ہے جس پر تاج ہے دینِ محمدؐ کا
یہ دل وہ دل ہے جس پر ناز [illegible]

ڈراوے دے رہے ہیں کیا وہ ہم کو طوقِ بلال کا
پہنتا ہے خوشی سے مومن اس ایماں کے زیور کو

---

Marfat.com

# صدر جمہوریہ امریکہ

صدر جمہوریہ امریکہ ولسن ہو گیا
ہم جسے رہبر سمجھتے تھے وہ رہزن ہو گیا

کوئی پوچھے آپ کی چودہ شرائط کیا ہوئیں
سینۂ تہذیب کیا ان سب کا مدفن ہو گیا

نغمۂ نواز جس چمن میں قمریاں اسلام کی
اک ہوا ایسی چلی جنگل وہ گلشن ہو گیا

مدعی کے ہاتھ میں ہے رشتۂ زلف دراز
اے جنوں خوش ہو گریباں آج دامن ہو گیا

برق بن کر آہِ مسلم عرش تک جانے لگی
مصطفٰے کی شمع کا فانوس روشن ہو گیا

تختِ مسلم جب ہوا نیلام بولی کے لئے
کوئی چرچل بن گیا اور کوئی کرزن ہو گیا

اُن کو کیا بغداد کی حاجت جب اے ہندوستاں
وقف ان کے واسطے تیرا اہاابن ہو گیا

---

کھینچتی ہے یوں ہی مسلم کو خلافت کی کشش
جذبِ مقناطیس میں جس طرح آہن ہو گیا

---

ہم یہ کہتے ہیں کہ ہم کو دال بھی ملتی نہیں
وہ یہ کہتے ہیں کہ مہنگا توس مکھن ہو گیا

ہفت خواں ہے اقتصادِ مغرب اور دیو سفید
اس بلا انگیز وادی کا بٹاون ہو گیا

—— ۱۱ر فروری ۱۹۲۰ء

## إِنَّ اللّٰهَ لَا يُغَيِّرُ مَا بِقَوْمٍ حَتّٰى يُغَيِّرُوْا مَا بِأَنْفُسِهِمْ

کچھ اس کی بھی خبر ہے تجھ کو اے مسلم کہ آ پہنچی
وہ ساعت جو نہ بھولے سے بھی لے گی نام ٹلنے کا

بھڑک اُٹھی وہ آگ اسلام پہ جس کی خبر دی تھی
کیا ہے کفر نے ساماں ترے خرمن کے جلنے کا

جمی ہیں پپڑیاں تیرے غبار آلودہ ہونٹوں پر
تماشا دیکھ لے حسرت سے زمزم کے اُبلنے کا

تجھے تہذیب مغرب سبز باغ اپنا دکھاتی ہے
یہ ساماں ہو رہا ہے تیری نیّت کے پھسلنے کا

ترا اخراج قسطنطنیہ سے شاید نشاں ہوگا
امام مہدی برحق کے میداں میں نکلنے کا

اگر قرآں کے وعدے سچ ہیں اور کچھ شک نہیں سچ ہیں
تو وقت آ ہی گیا ہے کفر کے سورج کے ڈھلنے کا

رسول اللہ خود گرتے ہوؤں کو تھام لیتے ہیں
تجھے اے بے خبر ہر وقت موقع ہے سنبھلنے کا

خدا نے آج تک اس قوم کی حالت نہیں بدلی
نہ ہو جس کو خیال آپ اپنی حالت کے بدلنے کا

---

۲۲ اپریل ۱۹۲۰ء

Marfat.com

# کربلا الہ آباد میں

سید عالی گہر حق پر فدا ہو ہی گیا
اے الہ آباد تو بھی کربلا ہو ہی گیا

جرم اتنا تھا کہ کیوں اسلام کی تلقین کی
پا بہ زنجیر اس پہ یہ مردِ خدا ہو ہی گیا

تو ہے اے فاخر حسینؓ ابنِ علیؓ کی یادگار
درد تیرا اب تری ملّت کی دوا ہو ہی گیا

روزہ رکھ اور قید کاٹ اور ساتھ ہی چکّی بھی پیس
فرض اس انداز سے تیرا ادا ہو ہی گیا

---

تیشۂ یورپ سے جڑ انصاف کی کٹ ہی گئی!
انقطاعِ رشتۂ مہر و وفا ہو ہی گیا

خوش ہو اے یورپ بر آئی تیری صدیوں کی امید
مکّہ قسطنطنیہ سے آخر جدا ہو ہی گیا

تختۂ مشقِ جفا توحید والے کیوں نہ ہوں
غلبہ شرق و غرب میں تثلیث کا ہو ہی گیا

کفر نے اسلام کا بیڑا کیا ہے گرچہ غرق
ساتھ ہی اس کا بھی لیکن فیصلہ ہو ہی گیا

موت دیتی ہے مسلماں کو پیامِ زندگی
منکشف اسلام پہ رازِ بقا ہو ہی گیا

خونِ مسلم صرفِ تعمیرِ [illegible] ہونے کو ہے
اک نئی دنیا کا ساماں برملا ہو ہی گیا

اے مسلمانو کرو دار الاماں کا عزم تم
ہم کو حکمِ خواجۂ ہر دو سرا ہو ہی گیا

۲۲ رمئی ۱۹۲۰ء

# لاتخف انک انت الاعلیٰ

نکلا ہے پھر نیام سے خنجر ہلال کا  
چمکا ہے صاعقہ غضبِ ذو الجلال کا

میدان میں جب ہے تیغ بکف مصطفیٰ کمال  
اندیشہ کیوں ہے دینِ مبیں کو زوال کا

اسلام کو ہوئی ہے نہ ہوگی کبھی شکست  
ناحق انہیں تہیہ ہے امرِ محال کا

ہے لاتخف کہیں تو ہے لاتحزنوا کہیں  
قرآن خود جواب ہے میرے سوال کا

---

چربہ اتار لائے ہیں سید علی امام  
شملہ پہ جا کے چرخِ کوکب کی چال کا

شرعِ نبی سے جب اولی الامر ہو خجل  
شرمندہ امر کس لئے ہو امتثال کا

آئی ہوئی بلا مرے خامہ نے ٹال دی  
یہ اک کرشمہ تھا مرے سحرِ حلال کا

کہدو یہ لاٹ پادریوں سے کہ اب لوگ  
بھولے ہوئے ہیں فلسفہ مدت گال کا

اسلامیوں کو عید کی کیا خاک ہو خوشی  
باعث بنی ہوئی ہے خلافت ملال کا

---

Marfat.com

# مدارج ارتقا

مصائب میں گرفتار اہل ایماں ہوتے جاتے ہیں
مسلمانوں کی بیداری کے ساماں ہوتے جاتے ہیں

سکھایا جا رہا ہے نکتہ اُدْعُ اِلٰی سَبِیْلِی کا
حق آگاہانِ اُمت پا بجولاں ہوتے جاتے ہیں

علم تیغِ دو دم اُن کی سرِ تسلیم خم اپنا!
وہ حیواں بنتے جاتے ہیں ہم انساں ہوتے جاتے ہیں

ستم کش کو خدا نے استقامت کا شرف بخشا،
ستم گار اپنی سختی پر پشیماں ہوتے جاتے ہیں

خدا نے غیب سے ساماں پیدا کر دیئے ایسے
کہ وہ عقدے جو لاینحل تھے آساں ہوتے جاتے ہیں

نئی شمعیں فروزاں ہو رہی ہیں بزم گیتی میں
نئے انجم فلک پر جلوہ افشاں ہوتے جاتے ہیں

Marfat.com

نئے محمود پیدا ہو رہے ہیں خاکِ غزنی سے!
نئے طغرل سریر آرائے ایراں ہوتے جاتے ہیں
نہیں تخصیص عہد اس میں محمدؐ کے غلام اب بھی
سکندر بنتے جاتے ہیں سلیماں ہوتے جاتے ہیں
خلافت کے علم داروں کی چتون میں یہ ہیبت ہے
کہ دُنیا بھر کے سرکش خس بدنداں ہوتے جاتے ہیں

Marfat.com

# تاجِ سلیمانؑ

شکستِ اہلِ یوناں اگر کھا رہے ہیں
تو اپنے کیے کی سزا پا رہے ہیں

سنبھل جائیں جنگ آزمایانِ یورپ
کہ ترکانِ احرار گرما رہے ہیں

وہ گرزِ گراں جس سے البرز لرزے
سرِ کفر پہ ترک برسا رہے ہیں

خود اپنے حریفوں کے ہاتھوں سے لرزاں
حلیفوں کا تختہ الٹوا رہے ہیں

ہُوا مصطفےٰ کا جلال آشکارا
حنین اور بدر آج یاد آرہے ہیں

فرشتوں کے جھنڈ آسماں سے اُتر کر
خلافت کو امداد پہنچا رہے ہیں

---

یہ غارت گری ہے کہ افسوں گری ہے
مرا گھر مجھی سے وہ لٹوا رہے ہیں

کہیں ضبط فتوےٰ کہیں بند جلسے
تشدد کی آگ آپ بھڑکا رہے ہیں

مگر لطف یہ ہے کہ خود ہو کے ملزم
سب الزام گاندھی پہ چپکا رہے ہیں

قشقائی جسے اپنے چرخے سے کاتا
وہی سوت شوکت سے بٹوا رہے ہیں

وہ ململ کی ٹوپی ہے تاجِ سلیمانؑ
محمد علی کو جو پہنا رہے ہیں

یہ مہدی کی آمد کے ساماں ہیں سارے
پیمبرؐ کے وعدے قریب آرہے ہیں

Marfat.com

# سنتِ سجاد

زندان کے ہر اک گوشہ کو آباد کریں گے
ہم پیروئ سنتِ سجاد کریں گے

دار و رسن و قید کا ڈر اُٹھ گیا دل سے
اب کیا ستمِ تازہ وہ ایجاد کریں گے

یوں ہندو و مُسلم کی کریں گے جو وہ تذلیل
اور اُن پہ اسی ڈھنگ سے بیداد کریں گے

مٹی میں ملائیں گے وہ توقیر خود اپنی
آپ اپنی حکومت کو وہ برباد کریں گے

ہو جائیں گے ترکی و عرب خود بخود آزاد
جس روز کہ ہم ہند کو آزاد کریں گے

دہلی ہی نکلنے کو ہے جب ہاتھ سے ان کے
کیا لے کے وہ پھر بصرہ و بغداد کریں گے

انگورہ بھی ترکوں سے نہ جب چھین سکا تو
برطانیہ ہم بھی تجھے کیا یاد کریں گے

سُنتے ہیں کہ کرزن کے اشارے پہ سر آغا
آئے ہیں کہ ترکوں کی کچھ امداد کریں گے

وہ لیگ بس بھر میں بدلتی ہے جو کروٹ
اس مرتبہ آپ اس میں کچھ ارشاد کریں گے

خسرو سے چھُڑائیں گے اُدھر دامنِ شیریں
شیریں کو اِدھر مائلِ فرہاد کریں گے

لے جائیں گے اسلامیوں کا ایک نیا وفد
اس کے لئے چرچل سے طلب داد کریں گے

منوائیں گے پھر اس سے بصد منت و الحاح
جو فیصلہ بھی آپ کے اُستاد کریں گے

Marfat.com

کہہ دو یہ سر آغا سے کہ توحید کے فرزند
خود اپنے خدا سے طلب امداد کریں گے

ہرگز نہ گدائی کے لئے جائیں گے لندن
ترک آج سے یہ شیوہ معتاد کریں گے

تھرائے گا عرش اور لرز جائے گی کرسی
مظلوم جب اللہ سے فریاد کریں گے

اسلام کے دربار سے جو فیصلہ ہوگا
انگریز اسی فیصلہ پر صاد کریں گے

---

Marfat.com

# عہد نامہ سیوری

قدیم وضع پہ اندازۂ جہاں نہ رہا
مکیں رہے مگر اُن کا کہیں مکاں نہ رہا

زمین پاؤں تلے سے نکلتی جاتی ہے
سروں پہ سایہ فگن تھا جو آسماں نہ رہا

ہوا اک ایسی یکایک چلی زمانے میں
کہ جس کے ہم تھے عنادل وہ گلستاں نہ رہا

وہ رونقیں نظر آتی نہیں خیاباں پر
فضا وہ پہلی سی اگلا سا وہ سماں نہ رہا

وہ بوئے نسترن و یاسمین و گل نہ رہی
وہ رنگ لالہ و نسرین و ارغواں نہ رہا

خموش ہے چمنستاں کہ شاخساروں میں
خروشِ نالۂ مرغانِ صبح خواں نہ رہا

یہ کہہ رہے ہیں نصاریٰ کہ آج دنیا میں
کہیں بھی سطوتِ اسلام کا نشاں نہ رہا

بچا حرم بھی نہ صید افگنوں کے ہاتھوں سے
سلامت ایک بھی طائر کا آشیاں نہ رہا

بھٹک رہے ہیں اندھیرے میں قافلے والے
کہ رہبری کے لئے میرِ کارواں نہ رہا

دلِ شکستہ کو امیدِ عافیت نہ رہی
زبان بستہ کو یارائے الاماں نہ رہا

کبھی زمانہ میں ڈالا تھا غلغلہ جس نے
وہ نام زینتِ عنوانِ داستاں نہ رہا

زوالِ دولتِ عثماں پہ خوش نہ کیوں ہو رقیب
کہ اک حجاب جو حائل تھا درمیاں نہ رہا

Marfat.com

ہزار سال وہ سر پھوڑتا رہا جس سے — ہزار حیف وہی سنگِ آستاں نہ رہا
گلہ ہے بخت کی نیرنگیوں سے لاحاصل — عبث ہے شکوہ کہ گنبد پہ گردگاں نہ رہا
گئی جو خاتمِ جم ہاتھ سے تو غم کیا ہے — خدا تو سر پہ رہا گر خدائیگاں نہ رہا
فلک نے بادہ کشوں کا اُلٹ دیا ساغر — تو کیا حجاز کا ساقی بھی مہرباں نہ رہا

بیا کہ قاعدہ آسماں بگردانیم
قضا بگردشِ رطلِ گراں بگردانیم

---

Marfat.com

# صلیب و ہلال

جو کشمکش ہے آج صلیب و ہلال میں — گذری نہ تھی کبھی میرے وہم و خیال میں
حق پا بگل ہے باسفرس کے کنارے پر — باطل ہے سربلند درِ دانیال میں
لہرا رہا ہے بام حرم پر لوائے کفر — لپٹا ہوا ہے کعبہ گلیم ضلال میں
اقصائے شرق و غرب میں اک حشر ہے بپا — پھیلا ہوا ہے فتنہ جنوب و شمال میں
وہ زخم دل کشا نئے سر سے ہرے ہوئے — آنے نہ پائے تھے جو ابھی اندمال میں
مسلم کے خوں سے مشرق و مغرب ہیں لالہ زار — گذرے ہیں سات سال جدال و قتال میں
شرعِ نبیؐ ہے دستخوش صولت فرنگ — سب فرق مٹ گیا ہے حرام و حلال میں
یزدانیوں کے صبر و رضا کا ہے امتحان — طاغوتیوں کی درس گہ اشتغال میں
یہ حال اپنے دوست کی اُمت کا دیکھ کر — بل پڑ گیا خدا کی جبینِ جلال میں

پہلے تھی ہم سے کفر کی اب ہے خدا سے جنگ
کچھ شک نہیں رہا ہے اب اس کے زوال میں

---

Marfat.com

# آیۃ اللیل

تباہی ٹھان کر اسلامیوں کی
بڑھا ہر سمت سے کفار کا خیل

قدم گاہ رسول مجتبےٰ پر
مسلط ہو گئے یورپ کے جرنیل

شب کفر اپنی حد سے بڑھ کے اس طرح
گئی جب مطلع اسلام پر پھیل

مجھے یاد آئی قرآں کی عبارت
پڑھا میں نے محونا آیۃ اللیل

کسی دن سرحد دین مبیں سے
یونہی پھر جائیں گے کفار بے نیل

خس و خاشاک کی مانند سب کو
بہالے جائے گی اسلام کی سیل!

---

Marfat.com

# بزم و رزم

سیل کی طرح جو نکلے تھے بیابانوں سے
آب جو بن گئے گذرے جو خیابانوں سے

تھا جو اپنوں سے وہی لطف تھا بیگانوں سے
گردنیں دب گئیں اسلام کے احسانوں سے

وہ خود امّی تھے مگر کون و مکاں کے اسرار
حکما سیکھ گئے اُن کے دبستانوں سے

اب جو آئی ہوئی ہے گلشنِ گیتی میں بہار
رنگ اُڑا لائی ہے اُن کے ہی گلستانوں سے

اس کے پینے کے لئے چاہیئے ظرفِ عالی
یہ شراب آئی ہے توحید کے خمخانوں سے

ہم رہِ سست عناں منزلِ سلمیٰ کی خبر
پوچھنا کیوں نہیں یثرب کے حُدی خوانوں سے

پھر وہی غلغلہ آفاق میں ہوتا ہے بلند
شیر کی گونج پھر اُٹھی ہے نیستانوں سے

ہم نے دیکھا ہے ان آنکھوں سے ادھر طارقؒ کو
نعرۂ خالدؓ کا سنا ہے ادھر ان کانوں سے

لوئے تیغ آتی ہے پہلوئے فلسطیں سے ہنوز
جوئے خوں بہنے کو ہے قدس کے میدانوں سے

سونپ دیں پرچمِ تثلیث کو بغداد و دمشق
نہیں اُمید یہ کعبہ کے نگہبانوں سے

گھورتی ہوئی آتی ہے حریفوں کی نظر
اک طرف ترکوں سے اور اک طرف افغانوں سے

مصر بے تاب ہو یا ہند ہو آتش بجگر
ہے یہ سب گرمیِ ہنگامہ مسلمانوں سے

Marfat.com

# نشاۃ الثانیہ

گر چشم جہاں بیں ہے تو نیرنگِ جہاں دیکھ
آفاق میں اللہ کی قدرت کے نشاں دیکھ

کس قطع سے دامانِ شبِ تار ہُوا چاک
کس وضع سے خورشید ہُوا جلوہ فشاں دیکھ

کس طرح ہری ہوگئیں سُوکھی ہُوئی شاخیں
رخصت ہُوئی کیونکر چمنستاں سے خزاں دیکھ

چڑھتی ہے کس انداز سے اُتری ہُوئی ندی
کس شان سے ہر جزر میں اک مدّ ہے نہاں دیکھ

پھر پاٹ میں پھیلاؤ وہی ہے جو کبھی تھا
توحید کے دریا کو کراں تا بکراں دیکھ

پھر پرچمِ اسلام ہے عالم میں سرفراز
پھر دینِ ہدیٰ کی وہی شوکت وہی شان دیکھ

پھر زمزمۂ نغمہ سرایانِ حرم سُن
پھر قافلۂ یثرب و بطحا کو رواں دیکھ

اللہ کی رحمت کے کرشموں پہ نظر کر
ڈوبے ہُوئے بیڑے کے اُچھلنے کا سماں دیکھ

تفسیر سمجھنی ہو اگر کُن فیکوں کی
تاثیرِ دعا ہائے شہِ کون و مکاں دیکھ

جو تخت پہ تھے تختہ ہے اُلٹا ہُوا ان کا
جو تھے سپر انداز چڑھی اُن کی کماں دیکھ

اِک حملہ میں تُرکوں نے لیا جا کے سمرنا
اِک جست میں پہنچے ہیں کہاں سے وہ کہاں دیکھ

اے نالۂ مظلوم کی تاثیر کے منکر
آتش زدہ یورپ سے جو اُٹھتا ہے دھواں دیکھ

Marfat.com

وہ قصر جو اسلام کے کھنڈروں پہ بنا تھا
اب جاپڑے ہی ہے اُسے شعلوں کی زباں دیکھ
پھر گرم ہے بازار رسُولِ عربی کا
اور جل کے ہُوئی راکھ حریفوں کی دُکان دیکھ

جاروب کشانِ حرمِ مُصطفویؐ کا
اللہ نے کس طرح کیا پلّہ گراں دیکھ

Marfat.com

# مرضِ ماضی

کچھ آج اپنی مصیبت کا ماجرا کہیے / مگر جو کہیے وہ سچ کہیے اور بجا کہیے
ہر اک جفا کی حقیقت الگ الگ لکھیے / ہر ایک ظلم کا قصہ جدا جدا کہیے
کبھی خود اپنے چلن کی برائیاں گنیے / اور اس کو اپنی خرابی کی ابتدا کہیے
درازئ شب فرقت کی داستاں ہیں اگر / کمی رہی ہو تو کوتاہئ قضا کہیے
عرب کی خاک اڑی ہو گیا عجم پامال / ستم ہوئے ہیں وہ اسلام پہ کہ کیا کہیے
یہ کیا غضب ہے کہ گھر کو لگا کے آپ ہی آگ / پھر اس کو شومئ تقدیر نارسا کہیے
کیا ہے حملہ خود اپنی ہی فوج پر ہم نے / ستم ہے اس کو بھی دشمن کی گر خطا کہیے
ہماری تیغ ہمارے ہی خون میں تیر گئی / اسے بھی شوق سے قاتل کی اک ادا کہیے
جھکا ہوا علم اب سربلند ہے تو اسے / حضور خواجۂ کونین کی دعا کہیے
رگ حرم سے بہا ہے جو خون ناب اس کو / عروس بخت کی رنگینئ حنا کہیے
عجم کی خاک ہے گلرنگ خون مسلم سے / اسے قبا تو اسے تکمۂ قبا کہیے
دل عرب کبھی ترکوں سے مل نہ سکتا تھا / ملا تو اس کو خلافت کا خوں بہا کہیے

Marfat.com

برغمِ عیسیٰ مریم لِمَا سَبَقْتَانِیْ
نہ کہئے بلکہ جو کہئے تو مَا قَلیٰ کہئے

برسم مومن وقانت شب بلا سر سے
جو ٹل گئی تو مضیٰ کہہ کے ما مضیٰ کہئے

نہیں رہا ہے در اندازیٔ رقیب کا خوف
اب اُٹھ کے بزم میں جو کہئے برملا کہئے

بقول غالب اگر پار اُتر گئی کشتی
"خدا سے کیا ستم و جورِ ناخدا کہئے"

---

Marfat.com

# مسٹر لائڈ جارج
# صدرِ اعظم برطانیہ کے استعفیٰ کی تاریخ

گلیڈسٹون اور سالسبری کی سب عنایت ہے
وگرنہ اس طرح برطانیہ بدنام کیوں ہوتا

جو کہلاتے ہیں لبرل گر حقیقت میں یہی ہوتے
تو گھر گھر ایشیا میں یوں مچا کہرام کیوں ہوتا

اگر تہذیب انسانی انہیں چھو بھی گئی ہوتی
سمرنا میں مسلمانوں کا قتلِ عام کیوں ہوتا

مسیحیت اُڑاتی خاکِ گلستانِ لطجا کیوں
مسیحی کا گریباں گیرِ خونِ شام کیوں ہوتا

ادھر دہلی کے سر پر اک قیامت کیوں گذر جاتی
اُدھر کابل میں آتش زیرپا اسلام کیوں ہوتا

سکھاتی گر نہ لائڈ جارج کی تلوار خونریزی
تو خنجر مصطفیٰ کا آج خوں آشام کیوں ہوتا

ملوکیت کی زد میں گر نہ استنبول آجاتا
تو پھر انگورہ اُس کی موت کا پیغام کیوں ہوتا

نکلتا گھر سے قسطنطین کیوں بے آبرو ہوکر
وِنیزیلاس خائب خاسر اور ناکام کیوں ہوتا

صلیب آلودۂ خاکِ مذلت کیوں نظر آتی
ہلال آسودۂ گردونِ نیلی فام کیوں ہوتا

سلیقہ گر قدح خواری کا ہوتا کچھ بھی رندوں کو
تو خود ساقی کے ہاتھوں واژگوں یہ جام کیوں ہوتا

نہ ہوتا ابتدا ہی سے اگر اسلام کا دشمن — تو لائڈ جارج کا ایسا بُرا انجام کیوں ہوتا

نہ ضد اس بانیٔ بیداد کو ہوتی خلافت سے — تو مستعفی بصد حسرت یہ نا فرجام کیوں ہوتا

صفت بیداد کی [۲۱] ہوتی نہ گر اس نام میں شامل

تو قول ہاتف اترا شحنۂ [۱۳۲۱] مردک نام کیوں ہوتا

سنہ ۱۳۴۲ھ

---

Marfat.com

# شانِ اسداللّٰہی

ہو دیکھنی جس کو اسد اللہ کی تصویر
شیرانِ مرافش کو بپھرتا ہُوا دیکھے

بگڑی ہوئی تقدیر کے بننے کا تماشا
افریقہ کے صحرا سے گذرتا ہُوا دیکھے

جس جذبہ سے دب جاتی تھیں باطل کی اُمنگیں
پہلو میں پھر آج اُس کو اُبھرتا ہُوا دیکھے

چڑھتی ہوئی توحید کی ندی کے مقابل
تثلیث کے دریا کو اُترتا ہُوا دیکھے

جو مندمل ہنیپ سے عیسےٰ نہیں ہوتا
اس رستے ہُوئے زخم کو بھرتا ہُوا دیکھے

مشاطۂ مغرب کے اُبٹنے کے اثر سے
اِسلام کی رنگت کو نکھرتا ہُوا دیکھے

جاتا ہوا دیکھے چمنستاں سے خزاں کو
گلشن کو بہاراں میں سنورتا ہُوا دیکھے

سرو و سمن و لالہ کے جنگل میں صبا کو
ہر شاخ پہ اٹکھیلیاں کرتا ہُوا دیکھے

---

۸ر اگست ۱۹۲۵ء

Marfat.com

# اہلِ حدیث اور فتنہ فرنگ

سنتا ہوں میں کہ مشرقِ وسطیٰ میں آج کل
برقِ فرنگ تاک رہی ہے حجاز کو

خطرہ ہے شرقِ اردن و طرفِ عراق سے
ابنِ سعود شاہ شریعت نواز کو

یہ اس لئے کہ نجد میں اُس نے کیا ہے فاش
دینِ مبیں کے سیزدہ صد سالہ راز کو

اسلام کو عرب میں جو قرنوں سے ہے نصیب
کھونا وہ چاہتا نہیں اُس امتیاز کو

شیدائیانِ کعبہ نے افسوس رکھ دیا
لندن کی آستاں پہ جبینِ نیاز کو

مل کر برادرانِ علی پوجنے لگے
برطانیہ کی حکمتِ باطل طراز کو

دہلی میں جا کے چھوڑ چکے ساقیانِ ہند
یثرب کے خم کدے کی مئے خانہ ساز کو

تھی ورنہ کب صلیب پرستوں کی یہ مجال
کرتے دراز یوں رسنِ حرص و آز کو

لیکن یہ کیا کہ پی گئے اہلِ حدیث بھی
نصرانیوں کی اس عربی ترکتاز کو

ان کا تو رشتہ ہے وہی دربارِ نجد سے
جو غزنوی سے جوڑ گیا تھا ایاز کو

بے شک پڑھیں نماز بپابندیٔ سنن
رفع یدین شرط ہے جس کے جواز کو

آمین بھی بعد فاتحہ ہو اس قدر بلند
فوراً ہی کان ہوں فلکِ حقہ باز کو

لیکن جو کام آئے نہ ابنِ سعود کے
چاٹیں لگا کے شہد ہم ایسی نماز کو

۱۰ جنوری ۱۹۲۵ء

Marfat.com

# سلاطین اسلام

Marfat.com

# لا اله الا الله محمد رسول الله

بنظرِ انور ملازمان صدر صفۂ شهریاری و مهر سپهر تاجداری خاقان ابن الخاقان سلطان بن سلطان
شهنشاه بحر و بر خادم الحرمین الشریفین امیر المومنین خلیفة المسلمین اعلیٰ حضرت سکندر شوکت
سلیمان حشمت محمد خان خامس مدظله العالی خلد الله ملکه و افاض علی العالمین برّه و احسانه

---

بسلطان از غلامانش همین یک التجا باشد — که ما در پایۂ او مانیم و او در چشم ما باشد
خلافت مدعا جوید که ما از آنِ سلطانیم — اخوت بر ملا گوید که او از آنِ ما باشد
مسلمانانِ عالم را مثال اختران دانیم — محمد خامس اندر اختران بدر الدجیٰ باشد

---

ز دستت رفت اگر رومیلیا دل بد مکن شاها — بدست آوردهٔ ملکے که با جنش آسیا باشد
مسخر کشورِ دل را نمود اقبالِ سلطانی — همی نازیم جانها را که در راهت فدا باشد
بیک جنبش گر ابرویت اشارت می کند ما را — ز مشرق تا بہ مغرب صد قیامت رونما باشد

---

هلال ار بدر شد کاهیدنش لازم بود اما — خوش آں کاهش که صد افزونیش اندر قفا باشد

Marfat.com

حذر اے دشمنانِ ملتِ بیضا ازاں ساعت
کہ در دستِ امیر مالوائے مصطفےٰ باشد
حدیث انتم الاعلون از یادم نخواہد رفت
محال است ایں کہ مغلوب امتِ خیرالوری باشد
اگر خونش حیاتِ تازہ بخشد جسمِ مذہب را
بخون غلطیدنِ ملت بکیشِ ما روا باشد
پیامِ الفت از دہلی بہ استنبول آوردم
مثالِ بوئے گل ہستم کہ بر دوشِ صبا باشد

---

قسطنطنیہ
۲۴ رجب۔ ۱۳۳۱ھ

Marfat.com

# ہز امپیریل میجسٹی اور میجسٹی ہز بی

اے شہنشاہ آفتاب رکاب
اے جہاندار آسماں درگاہ

آصف مدظلہ العالے
جس پہ نازاں ہے مسند او رکلاہ

جو کہ چشم و چراغ مشرق ہے
جس پہ دُنیا کی پڑ رہی ہے نگاہ

وہ تجھے وجہ قوت بازو
تو اُسے موجب فزونی جاہ

ایک سُورج تو دوسرا ہے چاند
چرخ دولت کے تم ہو مہر اور ماہ

ہے یہ تیری دلیل رفعت شاں
کہ شہنشاہ تو ہو وہ ہو شاہ

چال وہ چل شہنشاہ - کہ بڑھے
یُورپ اور ایشیا میں رسم و راہ

چُوم لے ایشیا قدم تیرے
دیں تجھے ہم دُعائیں شام و پگاہ

تو ہز امپیریل میجسٹی ہے
ہز میجسٹی نہ کیوں ہو آصف جاہ

---

۲۴ ستمبر ۱۹۱۱ء

Marfat.com

# آصف جاہ ہفتم کی مسند نشینی کی تاریخ

عروس بہاراں کی ہے آمد آمد
بصد دل ربائی بصد نازنینی

کھلے ہیں ریاحین اقبال و دولت
یہ خوشبو نہیں کی تو ہے بھینی بھینی

مسرت نے وہ رنگ بدلا جہاں کا
کہ زاہد بھی بھولا ہے خلوت گزینی

چھلکنے لگا ہے بلوریں پیالہ
چھلکنے لگی ہے صراحی چینی

لبھانے لگی نکتہ سنجوں کے دل کو
عروس معانی کی ناز آفرینی

اشارہ ہے جس کی رسیلی نظر کا
یہ صہبائے گلگوں تمہیں ہوگی پینی

اُدھر ہے شہنشاہ کی تاجپوشی
اِدھر ہے شہا تیری مسند نشینی

یہ ساعت جسے کہئے جانِ سعادت
زمانہ سے اقبال نے میرے چھینی

سکھائی ہے تاج دکن کو مقدر
ترے سر نے شاہا غرور آفرینی

قسم ہے مجھے تیری ظل الٰہی کی
ہے فخر سلاطیں تری ہم نشینی

ترے عہد دولت میں ہم کو میسر
ہوئیں برکتیں دنیوی اور دینی

ہوئی مردم چشم دولت کو حاصل
ترے سرمۂ عدل سے دوربینی

Marfat.com

جلالت کا مظہر ترا فرّشاہی — عقیدت کی پتلی مری کمتری
جلوس نظام اور تاریخ میری — کرے گا کوئی اس پہ کیا نکتہ چینی
دکن بلکہ ہندوستاں کی طرف سے
مبارک ہو تم کو یہ مسند نشینی

---

۱۳۲۹ھ

لاہور ۲۴ ستمبر ۱۹۱۱ء

Marfat.com

# حضور نظام کی مساوات پسندی

شب معراج وہ شب ہے کہ کھولے رب اکبر نے
رسول اللہ پہ اسرار خلوۃ گاہ اَو اَدنیٰ

یہ وہ شب ہے کہ پیغمبر کے سر پہ اپنے ہاتھوں سے
خدا نے فخر سے رکھا ہے تاج سطوت کبریٰ

یہ وہ شب ہے کہ روشن کر دیے چودہ طبق اس نے
تجلی بن گئی اُس کی فروغ دیدۂ بینا

یہ وہ شب ہے کہ مسلم کو ملی دُنیا بھی اور دیں بھی
وہ تعبیر فترضیٰ اور یہ تفسیر من الاُولےٰ

یہ وہ شب ہے کہ اس کی روشنی سے جگمگا اُٹھے
در و بام و رواق و طاقِ قصر ملت بیضا

اسی دن مکہ مسجد میں جب اگلے دن نظام آئے
تو قدوسی پکار اُٹھے کہ سُبحان الذی اسریٰ

فضا کو چیرتی نکلی جب ان کی برق پا موٹر
تو نقشہ کھنچ گیا اسلام کے سیلاب اعظم کا

غبار راہ کیا تھا کہکشاں کی جلوہ ریزی تھی
گلی کوچوں پہ ہوتا تھا گمان سینۂ سینا

نظام الملک آصف جاہ مسجد میں ہوئے داخل
تو جھرمٹ میں ستاروں کے نظر لوگوں کو چاند آیا

ندیموں نے رعایت تھی جنہیں آداب شاہی کی
کمر میں باندھنا چاہا ادب کی راہ سے پٹکا

وہ رمز آموز دیں جو حامئ شرع پیمبر ہے
کلام اللہ کی آیات کا ست کھینچ کر بولا

Marfat.com

یہ گھر اللہ کا ہے جس میں ہم تم سب برابر ہیں  یہ وہ دربار ہے جس میں گدا ہے شاہ کا ہمتا

کسی کو گر کسی پر کچھ فضیلت ہے تو اتنی ہے  کہ عِندَ اللہِ اکرم ہیں وہی جو ہم میں ہیں اتقےٰ

اُسی معبودِ برحق کو یہاں تعظیم کا حق ہے  خداوندانِ عالم کا یہاں سکہ نہیں چلتا

سُنا جب ان حقائق کو تو مسلم وجد میں آئے

وَصَلَّی اللہُ عَلٰی نُورٍ کزو شد نورہا پیدا

---

رجب ۱۳۳۶ھ

# اعلیحضرت میر عثمان علیخاں کی شریعت نوازی

میں زمیں سے اُڑتے اُڑتے آسماں پر آگیا
حضرت شاہ دکن کے آستاں پر آگیا

ماہ نو کرتا ہے جھک کر جن کو گردوں سے سلام
جن سے قائم ہے مسلمانوں کی دولت کا نظام

دل مسخر کر لیے ہیں جن کے لطف عام نے
گردنیں سب کی جھکی جاتی ہیں جن کے سامنے

جادہ نشناسوں کی تادیب اُن کے دم ہی سے تو ہے
ملّت بیضا کا نقش ان کے قدم ہی سے تو ہے

کس قدر ہم پہ ہے حق اس شاہ حق آگاہ کا
جو سبق ہم کو پڑھائے واسجدوا للہ کا

---

رجب ۱۳۳۶ھ

Marfat.com

# آموں کا شکریہ

بھیجے ہیں مجھ کو آم جلالت مآب نے ‎ ‎ ذرّے کو سرفراز کیا آفتاب نے

ساقی ہے بادشاہ گدا ہے قدح بدست ‎ ‎ کچھ آج ہی تو لطف دیا ہے شراب نے

غالب سے میں نے عالم اشراق میں کہا ‎ ‎ تعریف کی ہے آم کی اچھی جناب نے

کثرت ہو اور مٹھاس ہی گر وصف آم کا ‎ ‎ اس صف میں تو نام اچھالا ہے راب نے

پھر کیوں نہ شیرہ بھیجیے اور رس ہی کھائیے ‎ ‎ جس کے منوں بہائے ہیں کولھو کی داب نے

کہنے لگے سمجھتے ہیں کیا آپ آم اسے ‎ ‎ ترکیب جس کو دی ہو نبات اور گلاب نے

میں نے کہا ہے آم وہی جو لطیف ہوں ‎ ‎ چھانٹا ہو ان کو پھر نظر انتخاب نے

اور انتخاب بھی ہو حضور نظام کا ‎ ‎ شرما دیا ہے چاند کو جن کی رکاب نے

کھائی ہیں میں نے قاشیں ان آموں کی کاٹ کر ‎ ‎ پالا تھا شہد ناب کو کوثر کی آب نے

یہ آم وہ ہیں جن کی لطافت مذاق میں ‎ ‎ گھولی ہے حور عین کے دہن کے لعاب نے

حسرت سے میرزا نے یہ میرا بیاں سنا

خاموش کر دیا انہیں میرے جواب نے

۱۷ جون ۱۹۲۰ء

Marfat.com

# برار

رندوں کو تیری آنکھ کا ساقی اشارہ ہو — پھر کیوں نہ محتسب کی ردا پارہ پارہ ہو
نکلا ہے ڈوب کر جو افق پر بصد فروغ — شاید یہ اے دکن نہ ترا ہی ستارہ ہو
آثار تو یہی ہیں کہ نکلیں اجارہ دار — اور ریک قلم برار کا منسوخ اجارہ ہو
چھینا ہُوا جو حق ہے وہ حقدار کو ملے — کتنا ہی خواہ اس میں کسی کا خسارہ ہو
ہاتھ آئے پھر یہ گم شدہ لولوئے شاہوار — تاج نظام اس سے مکلل دوبارہ ہو

اپنا ہی باغبان جو گلشن کو ہو نصیب
کس درجہ دل فریب پھر اس کا نظارہ ہو

---

Marfat.com

# واپسی برار

کبھی تھا سب سے آگے جرمنی جن کے حریفوں میں
دکن اس وقت تک ہے ان کے تاریخی حلیفوں میں

نظام الملک آصف جاہ اگر ہمت نہ فرماتے
قوی جن کے ہیں بازو وہ جا ملے ہوتے ضعیفوں میں

مگر یا للعجب جب ساعت آئی حق شناسی کی
ہما عنقا بنا منت گذاری کے صحیفوں میں

یکایک ہز مجسٹی بن گئے نیپال کے راجہ
اور اس پر تھیلیاں بھی دی گئیں ان کو وظیفوں میں

نظام اپنا فقط حق مانگتے ہیں حق نوازوں سے
جزا احسان کی احسان ہوتی ہے شریفوں میں

برار اب بھی نہ واپس ہو تو ہم سمجھیں تو کیا سمجھیں
یہ نکتہ آپ کو ہم نے سمجھایا ہے لطیفوں میں

---

۹ ؍فروری ۱۹۲۰ء

Marfat.com

# محی الملۃ والدین کی یادِ عزیز میں

مرادِ من بھرا ہے آج یاقوت اور مرجاں سے
نہیں لایا انہیں لیکن میں عماں اور بدخشاں سے

جگر پگھلا دیا ہے کر دیا ہے دل کو خوں میں نے
نکالے جب کہیں ہیں یہ جواہر معدنِ جاں سے

خدائے پاک بے شک نور ہے سات آسمانوں کا
ان آنکھوں نے مگر اس نور کو دیکھا ہے فاراں سے

چمن پیرائے امکاں گر نہ ذاتِ مصطفےٰ ہوتی
مشامِ جاں معنبر ہو نہ سکتا بوئے عرفاں سے

رسول اللہ کی امت ہے زینت ساری دنیا کی
تمدن کی بھری محفل کی رونق ہے مسلماں سے

ضیائے بزمِ گیتی ملتِ بیضا کے دم سے ہے
فروغِ ملتِ بیضا ہے عثمان علیؓ خاں سے

---

۴ر مئی سنہ ۱۹۲۰ء

Marfat.com

# آصف جاہ سابع اور سمرنا

اے کہ اسلامیوں کے درد سے بیتاب ہے تو
جس کی تعبیر مری زیست ہے، وہ خواب ہے تو

بسملی تیری بھی ہے رقص کناں میری طرح
گرچہ میں ذرہ ہوں اور مہرِ جہاں تاب ہے تو

بے کسی قوم کی آخر تجھے تڑپا ہی گئی
کیوں نہ ہو جوش رگِ دودۂ خطاب ہے تو

اے گدازِ جگرِ خستۂ اربابِ نظر
دلِ ملت ہے اگر کعبہ تو میزاب ہے تو

فرض اپنا یونہی عثماں علی خاں پہچان
اے کہ میرے لئے مستغنی از القاب ہے تو

---

اے سمرنا کی زمیں تجھ پہ خدا کی رحمت
خونِ اسلام کے چھڑکاؤ سے سیراب ہے تو

ارغواں پاش ترے فیض سے ہے دیدۂ تر
ریزشِ اشک کو سرمایۂ عناب ہے تو

عرش تھرائے نہ کیوں فرش لرز جائے نہ کیوں
آہِ تیزاد ہے تو گریۂ بیتاب ہے تو

آلِ عثمان کی عزت کی حفاظت کی طرف
کسی تیمور کی غیرت کی عناں تاب ہے تو

تختۂ یوناں کا الٹ کفر کے بیڑے کو ڈبو
جیسے خود خون کے سیلاب میں غرقاب ہے تو

۲۹ جولائی ۱۹۲۱ء

Marfat.com

# میکدۂ دکن

عمر حیات ہوئے یا علی امام ہوئے
سب اُس کی نرگس مستانہ کے غلام ہوئے

علی امام ہیں اور چمپسفرڈ پلا ہیں
دکن کے میکدہ میں یہ سبو وہ جام ہوئے

---

بہار ہیں چمن مصطفےٰ کی عثمانی
کہ ان کے خون سے گلرنگ روم و شام ہوئے

ہوئے وہ قدس میں چو رنگ جو حرم سے بچے
ہمارے قتل کے کیا کیا نہ اہتمام ہوئے

---

ہماری آنکھ میں نور آئے کیوں نہ آپ سے آپ
کہ شمع محفل خیر الوریٰ نظام ہوئے

---

۹؍ جون سنہ ۱۹۲۰ء

Marfat.com

# آصف جاہ ہفتم کی یادیں

دھلا نہیں ہے گل و لالہ کا غبار ابھی
برس کچھ اور بھی اے ابرِ نو بہار ابھی

زبانِ حال سے کہتا ہے قصرِ زار ابھی
ہیں عنکبوت کے گھر میں بہت سے تار ابھی

نہ ہمسبرگ ہی باقی رہے نہ رومیناف
مٹیں گے اور بھی یورپ کے نامدار ابھی

کیا جنہوں نے محمد کے نام کو رسوا
وہ ہونے والے ہیں خود بھی ذلیل و خوار ابھی

بدل چکا ہے بدلتا ہے اور بدلے گا
بہت سے رنگ یہ چرخِ ستیزہ کار ابھی

عجب نہیں ہے کہ بیدار ہونے والا ہو
نئی ادا سے کوئی فتنۂ تتار ابھی

نقاب الٹ کے تجلی دکھانے والا ہو
سوادِ مشرقِ وسطیٰ کا شہسوار ابھی

بہار سر پہ ہے اے پنجۂ جنوں پھر کیوں
کیا نہ تو نے گریباں کو تار تار ابھی

نہیں کرشمۂ ساقی کی اس میں کچھ تقصیر
کچھ اہلِ بزم جو بیٹھے ہیں ہوشیار ابھی

نگاہِ ناز سے کیا شکوہ بوالہوس کو اگر
نہیں ہوا ہے یہ ناوک جگر کے پار ابھی

ہے اس پہ حیف جو کہلائے مصطفیٰ کا غلام
مگر نہ تاجِ خلافت پہ ہو نثار ابھی

اگرچہ جنگ سے انگریز جی چراتے ہیں
نہیں ہے صلح کا لیکن کچھ اعتبار ابھی

Marfat.com

کہاں سے امن ہو قائم کہ لارڈ کرزن پر / نہیں ہوئی ہے حقیقت یہ آشکارا ابھی
کہ عبدود کو چمک کر کیا تھا جس نے دو نیم / نہیں گری ہے وہ شمشیرِ آبدار ابھی
کمی نہیں اسداللّٰہیوں کی دنیا میں / اور ان کی تیغ ہے ہم رنگِ ذوالفقار ابھی
زمانہ جس کی تجلی سے جگمگا اٹھا / ہے جلوہ ریز وہ خورشید زرنگار ابھی
محمد عربی کے جلال کا پرتو / ہے شکلِ غازیٔ اعظم سے آشکار ابھی
جناب حضرت عبدالمجید خاں کے لئے / کھنچا ہوا ہے وہ آفت ربا حصار ابھی
جسے محاصرۂ کفر سے چھڑانے کو / پڑا ہے لشکرِ اسلام بے شمار ابھی
خدا بھی زندہ ہے اس کا کلام بھی زندہ / اساس سطوتِ کبریٰ ہے استوار ابھی
حیاتِ دہر شہادت کے ساتھ ملتی ہے / فنا کی رمز بقا کی ہے رازدار ابھی
دکن کے باغ میں چھائی ہوئی تھی خاموشی / سنا ہے میں نے مگر نغمۂ ہزار[۱] ابھی
یہ نغمۂ موسمِ گل کی کہیں نہ ہو تمہید / مرے قفس کی فضا کو ہے جس سے عار ابھی
خدا کا سایہ ترے سر پہ آصفِ ہفتم / کہ تو ہے ہند میں ملت کا افتخار ابھی
چھپا سکی نہ زباں تیری رازِ سوزِ دروں / ہے جس سے سینۂ اسلام داغدار ابھی

---

[۱] "یہ کہہ رہی ہے پلٹ کر نگاہِ یار ابھی / زمانہ اور بھی بدلے گا ایک بار ابھی"
(میر عثمان علی خاں)

Marfat.com

سہے یہ بھی رحمتِ پروردگارِ عالمیاں کہیں زمانہ میں تجھ جیسے تاجدار ابھی

ہیں تر زباں تری تعریف میں فرنگیز دبائے بیٹھے ہیں ظالم مگر برار ابھی

دکن بھی دولت کابل کی طرح ہو آزاد

بڑھے کچھ اور بھی اسلام کا وقار ابھی

---

Marfat.com

# نظام دولت آصفیہ اپنے مرکز پر

خبر آئی ہے کہ دہلی میں نظام آتا ہے
فصل گل کا چمنستاں کو پیام آتا ہے

جس کے اک جرعہ میں جھلکے دو جہاں کی بینش
میکشو مژدہ کہ جسم لے کے وہ جام آتا ہے

مسندِ دولت و اقبال کو خالی کردو
آج محفل میں محمدؐ کا غلام آتا ہے

اُس پہ سو جاں سے مسلمان نہ کیوں ہو قرباں
کہ وہ ہر وقت میں اسلام کے کام آتا ہے

چاند جھکتا ہے بصد عجز سلامی کے لئے
میر عثمان علی خاں کا جو نام آتا ہے

دیکھنا یہ ہے کہ خورشید جہان انگلیس
پیشوائی کے لئے کب لبِ بام آتا ہے

---

٢/ نومبر ١٩٢٨ء

Marfat.com

# ترانۂ تہنیت عید صیام

## بملازمان آصف جاہ ہفتم تاجدار دکن

عجم کا فخر تو ہے نازشِ ہندوستاں تو ہے
ہمارے مشرقی خمخانہ کی مہرِ نشاں تو ہے

سریر آرائے دہلی ہے ابھی تک ملتِ بیضا
کہ اب تک یادگارِ دولتِ شاہ جہاں تو ہے

ابھی تک تازہ ہے افسانہ عالمگیرِ اعظم کا
اور اس افسانۂ رنگیں کی سرخیٔ بیگماں تو ہے

ودیعت تیری فطرت میں ہوئی گنجینہ افشانی
گہر خیزی میں دریا ہے تو زر ریزی میں کاں تو ہے

کبھی چھایا فلسطیں پر کبھی برسا سمندر میں
وہ نیسانِ کرم تو ہے وہ ابرِ درفشاں تو ہے

تجھے دیکھا تو گویا دیکھ لی رحمت پیمبرؐ کی
خدا ہو مہرباں تجھ پر کہ ہم پہ مہرباں تو ہے

جزاک اللہ رونق تجھ سے قائم ہے شریعت کی
حماک اللہ ناموسِ نبیؐ کا پاسباں تو ہے

نہ سنگِ راہ کا کھٹکا نہ خوفِ دوریٔ منزل
ہیں بے غم قافلے والے کہ میرِ کارواں تو ہے

مبارک ہو یہ عید اے خسروِ گردوں حشم تجھ کو
مسلماں ہیں اگر انجم تو ماہِ آسماں تو ہے

نگاہیں ڈھونڈتی ہیں تجھ کو اور تیری نوازش کو
خدا وہ دن کرے ہم بھی وہاں پہنچیں جہاں تو ہے

برار آجائے قبضے میں وہاں بھی ہو تری شاہی
دکن کا جس طرح اس وقت عثماں حکمراں تو ہے

Marfat.com

# مژدۂ بہار

بہار مژدہ یہ لے کر دکن میں آئی ہے
کہ پھر وہ گھومتی پھرتی چمن میں آئی ہے

گھٹا مدینہ سے پھر اُٹھ رہی ہے رحمت کی
برس برس کے ہمارے وطن میں آئی ہے

وہ شمع حق جو کبھی زینتِ شبستاں تھی
جھلکنے کے لئے پھر انجمن میں آئی ہے

وہ موج لائی ہے موتی جو سات دریا کے
جناب آصف ہفتم کے من میں آئی ہے

زباں پہ نام تمہارا ہی آگیا ہوگا
وگرنہ کیوں یہ حلاوت سخن میں آئی ہے

گرہ پڑی ہے پھر اسلام تیرے ابرو میں
قیامت آج پھر اس کے شکن میں آئی ہے

بلا کشانِ ازل مژدہ ہو کہ گردن حق
پھر آج حصۂ دار و رسن میں آئی ہے

وفا کی شان ہماری روش سے پیدا تھی
جفا کی آن تمہارے چلن میں آئی ہے

جناب مالوی و لاجپت کی شانِ جلال
بدل کے روپ نیا سنگٹھن میں آئی ہے

معاملہ ہے مرے خامہ کو مضامیں سے
صبا حدیقۂ سرو و سمن میں آئی ہے

۵ مارچ ۱۹۲۵ء

Marfat.com

# دہلی میں تاجدار دکن کی آمد آمد

کبھی المانیہ تھا جن کے پشتینی حریفوں میں
دکن اس وقت تک ہے اُن کے تاریخی حلیفوں میں

اگر آڑے نہ آتی ہمت آصف جاہ ہفتم کی
قوی جن کے ہیں بازو جا ملے ہوتے ضعیفوں میں

مگر یا للعجب! جب ساعت آئی حق شناسی کی
مٹا حق کا نشاں منت گزاری کے صحیفوں میں

یکایک ہز مجسٹی بن گئے نیپال کے راجہ
اور اس پر تھیلیاں بھی دی گئیں اُن کو وظیفوں میں

دکن نے اپنا حق مانگا تو لندن سے جواب آیا
کہ احساں کی جزا احساں نہیں ہوتی شریفوں میں

مدد دیتا ہے جو انگریز کو مٹی ہے خوار اُس کی
یہ نکتہ آپ کو میں نے سمجھایا ہے لطیفوں میں

نوا سنجانِ دہلی کو صلائے عام دیتا ہوں
کہ داد فکر دیں ان قافیوں میں ان ردیفوں میں

---

Marfat.com

# آصف جاہ ہفتم اور جامعہ اسلامیہ علیگڑھ

پس از سی روزہ عید آمد تعالی اللہ چہ عید ستے — کہ عشرت را کلید ستے و دولت را نوید ستے
ہمانا شاہدے باشد ملیح و چابک و رعنا — کہ در بر عالمش در حالت مستی کشید ستے
غلط نبود اگر نامیدش آں قطرہ شبنم — کہ در ایام گل وقت سحر از گل چکید ستے
بہ مسند میر عثمان علی خان جلوہ آرا شد — جہاں تاب آفتابے در دکن دیگر دمید ستے
نظام الملک آصف جاہ ہفتم سایہ یزداں — کہ لیلش لیلۃ القدر است و روزش روز عید ستے
گہر پاش است و زر پاش است دست او بہ نیل اندر — بعہد جود او رنگ از رخ حاجت پرید ستے

نگاہش گر بہ یونیورسٹی افتد عجب نہ بود
کہ وقت چارہ گیری ز شاہنشہ رسید ستے

---

Marfat.com

# ستم زدگانِ مالابار اور آصف جاہ ہفتم

گر اس کشور میں ہے اسلام کے چہرہ پہ کچھ رونق
تو مالابار تیری سرزمین لالہ گوں سے ہے

عرب کا خون تھا دیوانگی میں جوش کھا اٹھا
حمیت کا یہ جذبہ قرنِ اول کے جنوں سے ہے

ہُوا کیا کٹ گئے گر چند سر ہندوستاں میں بھی
زمیں مشرق کی جب گلرنگ خونِ ترکوں کے خوں سے ہے

لِمَن یُّقتَل کے پھندے میں پھنسا دی اس نے خود گردن
الجھنا کس لیے پھر قاتل اس صید زبوں سے ہے

حکومت سے شکایت ہے، نہ شکوہ اس کی سطوت سے
ہمیں گر شکوہ ہے خود اپنے بختِ واژگوں سے ہے

گر آصف جاہ ہفتم بیکسوں کے چارہ فرما ہیں
تو ہمدردی ان کی دل کے سوزِ اندروں سے ہے

عتابِ انگریز کا جس پہ ہو پھر اس کی مدد کیسی
مگر اس سحر کا رشتہ اخوت کے فسوں سے ہے

---

Marfat.com

# میر عثمان علی خاں رح

ذکر آتا ہے جو عثمان علی خاں تیرا
نام لیتے ہیں محبت سے مسلماں تیرا

ہے یہی رشتہ جسے کہتے ہیں تائید خدا
ہاتھ دولت کا ہے اور گوشہ داماں تیرا

جان سو بار چلی جائے مگر آن نہ جائے
اس قدر پختہ ہے اسلام پہ ایماں تیرا

زندہ یثرب کی روایات تری ذات سے ہیں
بھول سکتی نہیں ملت کبھی احساں تیرا

بادشاہی میں فقیرانہ روش ہے جن کی!
ان کی فہرست کا دیباچہ ہے عنواں تیرا

تیرے خرقہ میں لگے دیکھے ہیں میں نے پیوند
گرچہ جم سے نہیں کم کچھ بھی ہے ساماں تیرا

تیری دہلیز کو پرویز سزاوار نہیں
تجھ کو شایاں ہے کہ انگریز ہو درباں تیرا

پاسباں جب کہ ہے اسلام کے ناموس کا تو
کس لئے پھر نہ ہو اللہ نگہباں تیرا

---

۲۹۔ اگست سنہ ۱۹۲۹ء

Marfat.com

# نذر عقیدت بحضور آصفجاہ ہفتم تاجدار دکن

شاہ اسلام کے دربار میں دس سال کے بعد
لعل لایا ہوں نہ یاقوت و گہر لایا ہوں

لعل و یاقوت و گہر کی نہیں اس گھر میں کمی
نذر کے واسطے میں خونِ جگر لایا ہوں

میر عثمان علی خاں کی محبت والا
ایک دل تھا سو اسی جذبہ سے بھر لایا ہوں

عزتِ ملتِ بیضا کی حفاظت کے لئے
اک اشارہ پہ جو کٹ جائے وہ سر لایا ہوں

خیلِ باطل کے مکاید کی ہزیمت کے لئے
حق پرستوں کی دعاؤں کا اثر لایا ہوں

مرتعش جس سے ہوئے تھے کبھی بدر اور حنین
وہی پیغام میں بے خوف و خطر لایا ہوں

حاجت بال ہما کیا اسے جس کی خاطر
بال جبریل امیں کا میں چنور لایا ہوں

وہ دکن جس پہ ہیں سو جان سے مسلماں قرباں
اس کی آزادیٔ کامل کی خبر لایا ہوں

---

۱۹۳۱ء

Marfat.com

# دکن کا قومی ترانہ

جلی محفل جاں میں شمع شعور	ہُوا جس سے پیدا ارادت کا نُور
دکن بن گیا غیرت اوج طور	ہُوا سایۂ حق کا جس پر ظہور

سلامت رہیں بندگانِ حضور

فلک پایہ ہے آستان حضور	ہے لطف خدا سائبان حضور
سکندر سے ملتی ہے آن حضور	نہیں بلکہ بڑھ کر ہے شان حضور
نوا سنج ہیں مدح خوان حضور	کہ پامال ہوں دشمنان حضور

سلامت رہیں بندگانِ حضور

پڑا شمس کا ماند سارا نظام	ہُوا جلوہ گر جب ہمارا نظام
رعایا کی آنکھوں کا تارا نظام	ہمیں دل سے اور جاں سے پیارا نظام
سکندر نظام اور دارا نظام	غرض خسروی کا سہارا نظام

سلامت رہیں بندگان حضور

Marfat.com

خدا نے دیا ہم کو وہ تاجدار | کرم اور شفقت ہے جس کا شعار
ہوا اُس سے قائم ہمارا وقار | وہ آیا تو آئی چمن میں بہار
رعایا ہے سو جاں سے اُس پہ نثار | نکلتی ہے دل سے دعا بار بار

سلامت رہیں بندگان حضور

یہ ہے حاصل داستان دکن | کہ آصف ہے صاحب قران دکن
ہوئے جب سے تم حکمران دکن | دو بالا ہوئی عز و شان دکن
دکن جسم ہے تم ہو جان دکن | نہیں بلکہ روح و روان دکن

سلامت رہیں بندگان حضور

ترے عدل کی گرم بازاریاں | مٹا دیں گی ساری جفا کاریاں
ترے ہاتھ نے کیں گہرباریاں | تو دامن کو پیش آئیں دشواریاں
کریں گی ہماری وفاداریاں | ترے قصر دولت پہ گل کاریاں

سلامت رہیں بندگان حضور

حقیقت ہے آئینہ دار مجاز | خدا کی طرح تم بھی ہو بے نیاز
مگر بے نیازی پہ ہو کارساز | لقب ہے تمہارا رعایا نواز
ہمیں ہے تمہاری حکومت پہ ناز | اگر تم ہو محمود ہم ہیں ایاز

سلامت رہیں بندگان حضور

Marfat.com

یہ بزم جہاں جب تک آباد ہو
شہا تو ہو اور حیدرآباد ہو

نئی شان اگر کوئی ایجاد ہو
تری شوکت و فر پہ ایزاد ہو

قضا کا ترے حکم پر صاد ہو
بقا تیری دولت کی ہمزاد ہو

سلامت رہیں بندگان حضور

---

Marfat.com

# تقریبِ سی و چہارم سالگرہ

## اعلیٰ حضرت آصف جاہ ہفتم تاجدارِ دکن بہ تتبع ذوقؔ دہلوی

مئے عرفان سے جب تک رُوح کا لبریز ساغر ہو
طرازِ صفحۂ توحید تا اللہ اکبر ہو

یم الہام میں کشتیٔ قرآں تا شناور ہو
کفِ ایماں میں جب تک گوہرِ دینِ پیمبر ہو

الٰہی سایۂ آصف جاہ کا ہم سب کے سر پر ہو
وفا پرور رہوں ہم سب بندے اور وہ بندہ پرور ہو

ہے طرۂ تاجِ انگلستاں کا تیری شوکت و حشمت
ہے وجہ افتخار ہند تیری دولت و طاقت

معینِ دینِ پیغمبر ہے تیری صولت و شوکت
نہیں گردن فرازوں کو تری نعمت سے کچھ نسبت

نہ ہووے جا اگر جمشید درباں تیرے در پر ہو
سکندر جس کو کہتے ہیں ترا ادنیٰ سا چاکر ہو

کرے طے دُوربیں بعدِ فضا کا مرحلہ جب تک
ہو ذراتِ جہاں کا خُوردبیں سے تجربہ جب تک

نئے انداز دکھلائے عروسِ تجربہ جب تک
رہے دُنیا میں علم و فن کا باقی مشغلہ جب تک

تری علم و ہُنر کی قدر سے ہر سو فیض گستر ہو
ترا طفلِ دبستاں رشکِ افلاطون و ہومر ہو

Marfat.com

رہے جب تک تجلی سایہ افگن نوع انساں پر　　ہو جب تک لمعہ افگن پر تو تہذیب دوراں پر
فضا جب تک ہے باغ ترقی کے خیاباں پر　　زمیں کے فخر کا ہو پادشا گردونِ گرداں پر
مبارک بادشاہا تجھ کو یہ اورنگ و افسر ہو
دکن تیرے زماں میں خال روے ہفت کشور ہو

ہے جب تک آسماں پر برق خاطف میں درخشانی　　ہے جب تک ابر کا زہرہ گرج سے رعد کے پانی
پہاڑوں میں ہے جب تک زلزلہ اور آتش افشانی　　ہے جب تک بحر میں طوفان اور دریا میں طغیانی
ترا دشمن نہ ان آفات کے صدمہ سے جانبر ہو
بچے ان سے تو اس کا سر تری تیغ دو پیکر ہو

گماں ہو نرگس شہلا پہ جب تک چشم فتاں کا　　مشابہ سنبل رعنا ہو جب تک زلفِ پیچاں کا
حمائل ہو رُخِ دلدار جب تک ماہ تاباں کا　　قدِ جاناں پہ ہو اطلاق جب تک سرو بستاں کا
عروس طبع روشن تیری رشک مہر انور ہو
حسینانِ معانی میں نہ اُس کا کوئی ہمسر ہو

رہے جب تک مرتب چرخ پر بزم مہ و پرویں　　ہوں جب تک غازہ جو رنگ بہاراں سے گل و نسریں
رُخِ دلدار پر بل کھائے جب تک گیسوئے مشکیں　　ہو جب تک دختر رز کے لئے نقدِ خرد کابیں
تری محفل ہو آباد اور ترا گلشن ثمرور ہو
ترا ساقی رہے قائم نہ خالی تیرا ساغر ہو

Marfat.com

ہوں ارماں دل میں جب تک جوش ہو جب تک جوانی میں
تعشق میں نیاز اور ناز ہو نا دلستانی میں

دل و دیدہ کی وہ حالت ہو تا سوز نہانی میں
ہوں جیسے مچھلیاں خشکی میں اور آہو ہوں پانی میں

تمنا ہے تصدق سب سراپا اپنا شہ پہ ہو
فدا ان پہ کہیں دل ہو کہیں جان ہو کہیں سر ہو

گل افشاں باغبان دہر کا جب تک رہے گلشن
رہے گنجینۂ انجم سے پر گردوں کا تا دامن

زمیں میں نقرہ و زر کا رہے موجود تا معدن
در و مرجان کا جب تک بحر میں قائم رہے مخزن

ترے فیض و کرم کا شمہ کان لعل و گوھر ہو
ترے جود و سخا کا قطرۂ قلزم سا سمندر ہو

---

Marfat.com

# سرتاجِ خواتینِ ہند نواب سلطان جہاں بیگم

## فرمانروائے بھوپال

(یہ قصیدہ ۱۴۔۱۰ اکتوبر ۱۹۰۰ء کی صبح کو حضور ممدوحہ کے سامنے پڑھا گیا)

جملہ افروز جہاں ہے تری دولت کا جمال
اس جمالِ نظر آرا پہ ہو تا زاں بھوپال

ہفت اقلیم کا چہرہ ہے اگر کشورِ ہند
تو بلا شبہ ہے اس روئے دلآرام کا خال

کہیئے خوبی کو تیری غازۂ روئے مقصود
لکھیئے رونق کو تری سرمۂ چشمِ آمال

دیجے اک گلشنِ جاں بخش سے تشبیہ تجھے
آئی ہوگی نظر آفاق میں کم جس کی مثال

سرو و شمشاد ہیں جس باغ کے علم و دانش
جس چمن کے سمن و لالہ ہیں فضل اور کمال

سبزہ و گل کو جہاں جود و کرم کہتے ہیں
لطف و احساں ہیں جہاں بادِ صبا اور شمال

مدرسے ہیں ترے آباد مساجد معمور
دین و دنیا کی ترقی پہ روش ہے تری دال

یہ تو سب کچھ ہے مگر ہے تجھے اس کی بھی خبر
کس کا شرمندۂ احساں ہے ترا جاہ و جلال

کس کی انگشت کی زینت ہوئی خاتم تیری
کون ہے جس نے جڑا اس میں نگینِ اقبال

کون ہے جس کی بدولت نظر آیا ہم کو
کہ ہوا رشکِ کلکتہ و پیرس بھوپال

Marfat.com

وہ فلک قدر ہے اس بزم کی وجہ رونق — جس کے اقبال کے سورج کو نہیں خوفِ زوال

وہ جہاں صدر چمن بند ہے اس گلشن کا — نہیں پامالِ خزاں جس کے گلستاں کے نہال

کوکبِ اوجِ جہانبانی و عالی نسبی — صاحبِ تاج و نگیں آمرِ امرا ذی بال

عہدِ فرخندۂ سلطان جہاں بیگم میں — ہے سرافراز اگر عیش تو غم ہے پامال

اے ہماری ملکہ سایہ خدا کا تجھ پر — رحمتیں خاص خدا کی ہوں ترے شاملِ حال

ذاتِ اطہر ہے تری مظہرِ شانِ عظمت — نامِ اقدس ہے ترا مصدرِ آنِ اجلال

دانش آموزِ قضا ہے ترا حکمِ محکم — بینش افروزِ خرد ہے تری عقلِ فعال

بسکہ خورشید نشاں ہے تری شان و شوکت — نہیں منت کشِ پرکار کشائی خیال

جی سی ایس آئی کو سمجھیں گے بصیرت والے — تیرے القاب کی تفصیل کا ادنیٰ سا جمال

قدردانی ہے تری شہرۂ اطرافِ جہاں — آستانہ ہے ترا کعبۂ اربابِ کمال

میرا پروازِ سخن ناسخِ نطقِ افضال — تیرا اندازِ کرم ماحیٔ آئینِ سوال!

نکتہ چیں ہوتے ہیں جو ہند کی خاتونوں پر — نہیں رکھتے وہ مگر پیشِ نظر تیری مثال

ملک اور قوم پہ احسان ہیں بے حد تیرے — ہو زباں تیری ثنا گر نہیں اس کی یہ مجال

پرتوِ عقل و خرد سے تری محفل روشن — دولتِ فضل و ہنر سے ترا گھر مالا مال

تو نے تعلیم کی ڈالی ہے بنائے محکم — تجھ کو ہے طبقۂ نسواں کی ترقی کا خیال

مائیں تعلیم کے زیور سے اگر عاری ہوں — تربیت پا نہیں سکتے کبھی اچھی اطفال

Marfat.com

طعنہ زن ہوگا زمانہ کوئی دن جاتا ہے — ایسی ماؤں کا نہیں دودھ بھی بچوں کو حلال

مرد لیکن یہ اگر چاہیں کہ نسواں کو پڑھائیں — ایں خیال است و جنوں است محال است و محال

مسئلہ مشکل و پیچیدہ یہ کچھ ایسا ہے — کہ کرے گی اسے حل تیری ہی عقل حلّال

صد و سی سال رہے ملک پہ سایہ تیرا

ہوں ترے تابع فرماں شب و روز و مہ و سال

---

Marfat.com

# غازی امان اللہ خان

غمِ امت میں ہے چشمِ پیمبر اشکبار اب بھی
گہر بیزی میں ہے مصروف ابرِ نوبہار اب بھی

ہُوا ہے دامن گل چیں ہی کوتہ ورنہ گلشن میں
وہی ہیں لالہ و گل اور وہی اُن کی بہار اب بھی

دلِ وحشی سے اِس پھندے میں اُلجھا ہی نہیں جاتا
ہے برہم ورنہ پہلے کی طرح زلفِ نگار اب بھی

اگر پہلو میں دل ہو اور تڑپ اسلام کی دل میں
برس سکتا ہے ابرِ رحمتِ پروردگار اب بھی

سلیقہ مے کشی کا ہو تو کر سکتی ہے محفل میں
نگاہِ لُطفِ ساقی مفلسی کا اعتبار اب بھی

گر اپنے خوں سے کر سکتا ہو تو اس کی حنا بندی
عروسِ ملک ہو سکتی ہے تجھ سے ہمکنار اب بھی

فضائے بدر پیدا کر فرشتے تیری نصرت کو
اُتر سکتے ہیں گردُوں سے قطار اندر قطار اب بھی

اچھالی جس نے ہر طوفاں میں کشتی اہلِ ایماں کی
مسلمانوں کا بیڑا کر وہی سکتا ہے پار اب بھی

وہی ہے رشتہ جس نے ترک کا افغان سے جوڑا
وہی ہے اُن کے اعدا کو جو کر سکتا ہے خوار اب بھی

وہی ہے جس کے لطفِ خاص کے دیرینہ صدقے میں
اخوت ہے مسلمانانِ عالم کا شعار اب بھی

مسلمانوں کی پھر منظور تھی اس کو سرافرازی
خُدا نے کر دیا پیدا امان اللہ خاں غازی

۱۹۲۳ء

Marfat.com

# غازی امان اللہ خاں سے خطاب

## بہ تقریب عید اضحیٰ ۱۳۴۷ھ

فرخ آں روزے کہ در جمع اسیرانت شوم
بستۂ فتراک احسان فراوانت شوم

سلطنت دادی و نے دادی دولت ایماں ز دست
اے امان اللہ بلاگردان ایمانت شوم

شہریارا آنکہ بہرش کردۂ دل بد مکن
خود خدا گوید کہ میر ساز و سامانت شوم

اے کہ از پور خلیل آموختی رسم کہن
عید قربان ست دمے خواہم کہ قربانت شوم

خرم آں ساعت کہ کابل را دہی ساز دگر
تو بہ بزم اندر نشینی من غزل خوانت شوم

کوکبت تابندہ باد و دولتت پایندہ باد
تا بمانی بستۂ تارے ز دامانت شوم

---

۲۲۔ مئی ۱۹۲۹ء

Marfat.com

# فتنۂ چکنور

شورِ بازار کی آفت نہ ٹلی تھی سر سے
کہ بپا غلغلۂ فتنۂ چکنور ہوا

آن پہنچے علماء کفر کے فتوے لے کر
دیں سدا پردۂ اوہام میں مستور ہوا

قلم رسم لکھا جب نے زباں تا بہ بناں
تیغۂ عدل چمک اُٹھنے پہ مجبور ہوا

یاد آنے لگی پونے کو روشِ دادا کی
سخت گیری سے جو آفاق میں مشہور ہوا

پڑ گیا گنبدِ افلاک میں قندھار کا غل
خاور و باختر اس شور سے معمور ہوا

چند ہی دن میں یہ سن لو گے کہ مُلّاؤں کے ساتھ
کُفرِ کابل کی مضافات سے کافور ہوا

ٹوٹ ہی جائے گا طاغوت کی ٹولی کا طلسم
غلبۂ حق اگر اللہ کو منظور ہوا !

---

۲۳۔ مارچ ۱۹۲۹ء

Marfat.com

# ہنگامۂ نو

## عید الفطر ۱۳۴۷ھ

اگر جاگا جہانِ ایشیا خوابِ گراں سے ہے
چلا اک تیر اگر اس شوخ کی بانکی کماں سے ہے

اگر پھوٹی ہیں خورشیدِ درخشاں سے نئی کرنیں
اگر چھوٹی یہ نور افشاں ہوائے آسماں سے ہے

اگر ٹپکا ہے جوشِ فصلِ گل رگ ہائے بستاں سے
اگر آلودہ دامن لالہ کا خونِ خزاں سے ہے

اگر چھیڑا ہے مظلومی کی فریادوں نے گردوں کو
مگر اک آہ نکلی سینۂ ہندوستاں سے ہے

اگر آئی ہے عید اور لائی ہے پیغامِ آزادی
اگر یہ غلغلہ مشرق میں گلبانگِ افغاں سے ہے

اگر قندھار میں بجتا ہے آج احرار کا ڈنکا
اور اس کی گونج ٹکرانے لگی دارالاماں سے ہے

تو یہ ہنگامہ ہے مخلوقِ فیضِ خواجۂ یثرب
اور اس ہنگامہ کی رونق امان اللہ خاں سے ہے

Marfat.com

# حجازی ترانہ افغانی لے میں

امان اللہ خاں اسلام کا پرچم اُڑاتا رہ
محمدزائیوں کے نام کا ڈنکا بجاتا رہ

صلاح الدین ایوبی کو بے خود کر دیا جس نے
اسی صہبائے کیف آور کے خم کے خم لنڈھاتا رہ

تری محفل کو جس کے زمزمے تڑپا دیتے ہیں
اُس آزادی کے نغمے سارے مشرق کو سُناتا رہ

بہالے جا چکی ہے جس کی رو کسریٰ و قیصر کو
نئے ریلے اسی سیلاب میں رہ رہ کے لاتا رہ

تری حکمت کے موتی ہم بھی اک دن رول ہی لیں گے
یہ گوہر ہائے غلطاں دونوں ہاتھوں سے لٹاتا رہ

کئے جا خون استعمار مغرب کی تمنا کا!
مسلمانوں سے یوں ہی ہندوؤں کے دل ملاتا رہ

Marfat.com

ڈبئے جاؤ ڈھیل انہیں ٹھہرا رہے ہیں جو تجھے کافر
قیامت تک سر اُن کا شرم کے مارے جُھکا تارہ

تری تلوار کی تیزی کے ہر میداں میں چرچے ہیں
یہ تیزی سرکشوں کی گردنوں پر آزماتا رہ

ہمارا خون جن محلوں کی گل کاری میں کام آئے
اُن اونچے کنگرے والوں کی بُنیادوں کو ڈھاتا رہ

جواں ہے تیری ہمت اور جواں ہے بخت بھی تیرا
دُعائیں ہند کی لے لے کے عمر اپنی بڑھاتا رہ

Marfat.com

# خطاب بہ مسافر اروپا

ترا چوں خلق گوید صاحب تاج و نگیں استی
ہمیں یک حرف برخوانم امیر المسلمیں استی

امان اللہ اسمے بود و تو او را مسمّاے
ہمانا دولت اِنّا عَرَضنا را امیں استی

سرت گردم بکام اندر ترا نوش است و نیشی ہم
سم استی دشمناں را دوستاں را انگبیں استی

نہ تنہا کابل از دارائیت بر خویش مے بالد
کہ فخر جمع اسلام از سر اقدس تا بہ جبیں استی

مراں از گوشۂ خاطر شتر باناں بطحا را
اگر بر پشت قلزم بستہ زینِ آہنیں استی

---

لاہور - ۱۳ - دسمبر ۱۹۲۷ء

Marfat.com

# اعلیٰ حضرت امیر امان اللہ خاں

(امان اللہ خاں برائے دادنِ جاں خود در راہِ اسلام ہمیشہ حاضر است)

خدا ہی دے سکے گا اجر امان اللہ خاں تجھ کو
بنایا جس نے ناموس نبیؐ کا پاسباں تجھ کو

رسولؐ اللہ خود آکر تری عزت بڑھا دیں گے
کہ ذلت ملتِ بیضا کی گزری ہے گراں تجھ کو

دکھا دے چیر کر اسلامیوں کا سینہ یورپ کو
یہ منصب سج رہا ہے کشورِ ہندوستاں تجھ کو

خلافت کی حمایت میں ہمارا نامہ بر ہو جا
بناتے ہیں مسلمانانِ ہند اپنی زباں تجھ کو

نثار اسلام پر ہونے کو تو ہر وقت حاضر ہے
مسلماں دین اور دنیا میں دیکھیں کامراں تجھ کو

Marfat.com

# افق پر ہلالِ عید دیکھ کر

## غازی امان اللہ خاں کی دُعا

اے کہ تیرا لطف ہے وجہِ نمودِ کائنات
اے کہ شامل رحمتیں تیری ہیں خاص و عام کو

اے کہ تیرے نورِ زنگار رنگ نے روشن کیا
قصرِ گیتی کے در و دیوار و سقف و بام کو

اے کہ خلاقی تری نازاں ہے اُس کی ذات پر
جس نے بطحا سے دیا درسِ حیات اقوام کو

بخش پھر ہم ناتوانوں کو توانائی وہی
جس نے دُنیا میں کیا تھا سربلند اقوام کو

رہ چکا ہے نام عالم میں مسلماں کا بلند
اپنی یکتائی کا صدقہ پھر اچھال اس نام کو

جو چلا آتا ہے یثرب میں ابھی تک سر بمہر
پھر اسی خمخانہ سے بھر دے ہمارے جام کو

عید کا یہ چاند لایا ہے نویدِ فرخی
ٹال اس کی روشنی میں گردشِ ایام کو

کشورِ ہندوستاں کے سر پہ رکھ عزت کا تاج
تاکہ آزادی ملے مصر و عراق و شام کو

ایشیا کو نغمۂ توحید سے معمور کر
تاکہ ہم پہنچائیں یورپ تک ترے پیغام کو

---

۲۲۔ مارچ ۱۹۲۸ء

Marfat.com

# تاجدارِ افغانستان امان اللہ خان غازی سے خطاب

## اعلیٰ حضرت کے عزم یورپ کی تقریب پر

اے سایۂ جلالِ خداوند کائنات — ہیں جمع تیری ذات میں اسلام کی صفات

مغرب کے حلقہ حلقہ میں رخشاں ترا فروغ — مشرق کے ذرہ ذرہ میں تیری تجلیات

ہیں زندہ تجھ سے غزنویوں کی روائتیں — اب تک ہے جن سے لرزہ براندام سومنات

کابل میں تیرے طنطنۂ خسروانہ سے — حل ہو رہی ہیں ملت بیضا کی مشکلات

ہندوستان کو بھی تری ہمت بلند — دیتی ہے درس نکتۂ آزادی حیات

یورپ کی سیر کے لئے جا اور خوشی سے جا — اور جاتے جاتے سُن لے ہماری بھی ایک بات

وقت سحر قریب ہے پھٹنے لگی ہے پو — اور ختم ہونے کو ہے سیہ بختیوں کی رات

کر جا کے تُو ہُبُونَ ب ہا کا علم بلند — دیں کا جو ہو حلیف ملا اُس کو اپنے سات

اُس چشم جادوانہ کی افسوں گری سے بچ — اب تک نہ جس سے بابلیوں کو ملی نجات

اسلام رکھ کے ہار دے باقی ہر ایک نرد — پھر تیری جیت ہے زقبیل مسلمات

"شاہا دو رُخ بدہ دل آرام را مدہ
فیل و پیادہ پیش کُن و اسپ کشت مات"

Marfat.com

# نغمۂ نورس

خُدا کی شان اک سقّے کا بچّہ
مقابل ہے محمد زائیوں کے

نہیں دیکھے پٹے کے ہاتھ اُس نے
امان اللہ کے شیدائیوں کے

اُسے اسلامیوں سے کیا سروکار
جو ٹکڑوں پر پلے عیسائیوں کے

سُنے جاتے ہیں کابل میں ترانے
ابھی سے غزنوی شہنائیوں کے

نکل جائیں گے تنکے کی طرح بل
کسی دن کابلی بلوائیوں کے

حریفا اس عہد میں پیر و مُلّا
ہوئے اللہ کی یکتائیوں کے

ہوا میں ایک دن اُڑتے پھریں گے
پہاڑ ان ننّھی ننّھی رائیوں کے

جگر میں جس قدر چرکے لگے ہیں
کچوکے ہیں خود اپنے بھائیوں کے

الٰہی ناپنے والے کدھر ہیں
ہمارے زخم کی گہرائیوں کے

ہے فکر جن کی اک دُنیا سے دن رات
وہ مرہیں کچھ نہیں سودائیوں کے

"مدینہ"[1] کی طرح ہم بھی ہیں حقدار
حکومت کی کرم فرمائیوں کے

۲۲ جنوری ۱۹۲۹ء

---

[1] :- مولوی نورالرحمٰن بی اے مدیر مدینہ اس الزام میں گرفتار کئے گئے کہ انہوں نے ۲۰ دسمبر ۱۹۲۸ء کے مدینہ میں افغانستان کے متعلق ایک قابلِ اعتراض شذرہ تحریر کیا تھا۔

Marfat.com

# کابل کے گدھے

ہُوا کرتے ہیں پیدا رات دن سقّوں کے گھر بچّے
مگر ہر روز امان اللہ خاں پیدا نہیں ہوتے

بہت سے تاجدار اب بھی نظر آتے ہیں دُنیا میں
مگر اس شان کے صاحب قِراں پیدا نہیں ہوتے

رقیبِ رُو سیہ جس سے سر اپنا رات دن پھوڑے
بآسانی وہ سنگِ آستاں پیدا نہیں ہوتے

وہ جب موجود ہے تم میں تو کس منہ سے یہ کہتے ہو
کہ ناموسِ نبیؐ کے پاسباں پیدا نہیں ہوتے

نشاں اپنا مٹایا آپ اور اس پر یہ شکوہ ہے
مُسلمانوں کی عزت کے نشاں پیدا نہیں ہوتے

گدھوں کی آج کل کابل میں ہے ایسی فراوانی
گماں ہونے لگا انساں یہاں پیدا نہیں ہوتے

---

۱۸۔ جنوری سنہ ۱۹۲۹ء

Marfat.com

# قندھار

یک بیک اسلام کی تقدیر پلٹا کھا گئی — رنگ لے آئی نرالا گردشِ لیل و نہار
ایک سقّہ مسندِ کابل کی زینت بن گیا — دیدنی ہے روزگارِ سفلہ پرور کا مدار
پھر تعصّب اور جہالت کا ہوا بازار گرم — پنجۂ باطل سے ہے حق کا گریباں تار تار
ملّتِ بیضا کی رسوائی کے ساماں ہو گئے — بڑھ گیا پھر حلقۂ مشرق میں پیروں کا وقار
دنیوی باتوں میں ہونے لگ گئے مُلّا دخیل — اور سپرد اُن کے ہُوا سب سلطنت کا کاروبار
ہر طرف رجعت پسندی کی گھٹائیں چھا گئیں — ہو گیا قائم مشائخ کا پُرانا اقتدار
اِن کے ہاتھوں مغربی پھندوں میں پھنس کر رہ گئی — تھی جس آزادی کی ہر جانب سے مشرق میں پکار
ٹل ہی جائیں گی یہ گوناگوں بلائیں ایک دن — آ ہی جائے گا وہ دن جس کا ہمیں ہے انتظار
وقت آتا ہے کہ پھر ہوگا امان اللہ خاں — کامیاب و کام بخش و کامران و کامگار

پل رہی ہیں غیب کے آغوش میں وہ طاقتیں
جن کی عالمگیریوں کا نغمہ داں ہے قندھار

---

۲۱ جنوری سنہ ۱۹۲۹ء

# طوفانِ مغرب

بہا کر لے گئی جو موج زنگار رنگ کابل کو
خبر بھی ہے تمہیں اُٹھی وہ کس سیل بلا سے ہے

یہ ہے وہ مغربی طوفان جس کی سہمگیں ٹکر
ہماری ناؤ کے تختوں کی دُشمن ابتدا سے ہے

وہ چنگاری جو شعلہ بن گئی یاروں کے خرمن میں
فروغ اس کا مسیحیت کے دامن کی ہوا سے ہے

شریعت کے نگہباں پیکرِ جہل مرکب ہیں
مصیبت ملتِ بیضا کی اُن کے اقتدا سے ہے

دیا ہے جس پہ فتویٰ کفر کا ان رُوسیاہوں نے
غلامی کی اسے نسبت محمد مصطفےٰ سے ہے

امان اللہ خاں نے زندہ کر دی سطوتِ کبریٰ
بغاوت اس کی دولت سے بغاوت خود خدا سے ہے

وہ قوت جو ودیعت کی گئی ہے اس کے بازو میں
علی مرتضےٰ کے پنجہ زور آزما سے ہے

نہیں اس سر کو جانا تو اب جانیں حریف اس کے
کہ اُس سے قصد آویزش لپٹ جانا قضا سے ہے

نہیں ہندوستاں میں کوئی بھی جو یہ نہ کہتا ہو
کہ آزادی کی امید اُس کی دولت کی بقا سے ہے

یہ چرچے ہو رہے ہیں قدسیوں میں عرشِ اعظم پر
کہ فتحِ اسلام کی پلٹی ہوئی اُس کے لوا سے ہے

۲۹ جنوری ۱۹۲۹ء

Marfat.com

# ربّ کعبہ سے ایک عاجزانہ التجا

کوڑی کے تین تین بکیں گے یہ مولوی
اُٹھ اُٹھ کے لے رہے ہیں جو تثلیث کے قدم

کس کو اس ابتلا کی خبر تھی کہ ایک دن
ہم پر ہمارے ہی علما ڈھائیں گے ستم

جس کو انھوں نے کافر اکفر دیا قرار
جاتے ہی اُس کے کُھل گیا اسلام کا بھرم

دارالاماں کے سر پہ قیامت گذر گئی
قہرِ خدا کے پھٹنے لگے آسماں سے بم

وہ گردنیں جو غیر کے آگے جُھکیں نہ تھیں
آج اُس کے آستاں پہ نظر آرہی ہیں خم

اے ربّ کعبہ ہم سے کہاں تک یہ بے رخی
کیوں ہوگئی تمہاری نگہ التفات کم

آخر تیرے رسولؐ کے دامن گرفتہ ہیں
جس کے غلام ہوتے ہیں اسکندر و جم

کب تک رہیں گے دستِ گریباں فرنگ سے
کب تک لڑا کریں گے یہ کشتی قضا سے ہم

قندھار کو وہ زور عطا کر کہ عنقریب
پل بھر میں پھر بلند ہو توحید کا علم

---

۹ فروری سنہ ۱۹۲۹

# بچّہ سقّا کی مسند نشینی

چُپ ہوئے پاپا چل دیئے پطرس گُم ہوئے مرقس مٹ گئے لُوقا
جاءَ الحق وزھق الباطل اِنّ الباطل کان زھوقا

پرچمِ حق لہرائی جب اُٹھی ملّتِ بیضا خاکِ حرم سے
چشمِ جہاں بیں کو نظر آیا جلوہ عرب کا صحنِ عجم سے

چین سے لے کر تا بہ افرنگ ہونے لگے اسلام کے چرچے
تھا کبھی جن میں کفر کا غوغا شرک کا شور اصنام کے چرچے

باج جو کل تک لیتی رہی تھی سارے جہاں کے تاجوروں سے
آہ نکالی جانے لگی ہے آج وہ ملّت اپنے گھروں سے

فتنۂ محشر سے نہیں کچھ کم حق میں ہمارے فتنہ یہ حقا
مسندِ کابل پہ متمکن ہونے لگا ہے بچّہ سقّا

تم یہ کہو گے خاکِ وطن کو سقّوں کی یلغار نے روندا
میں یہ کہوں گا دینِ نبیؐ کو لشکرِ استعمار نے روندا

Marfat.com

چشمِ بصیرت دیکھ رہی ہے آج وہی نظارہ منقر میں
حشر کے دن طاغوت کی اُمت دیکھنے والی ہے جو سقر میں
کفر کے فتوے ہاتھ میں لے کر آئے ہیں پیر و صُوفی و ملّا
دینِ مبیں کی عظمت و شوکت ہونے لگی ہے غائب غلّا
اے میرے مولا دُور نہیں ہے اُن سے تری تقدیر کا ڈنڈا
گاڑ دے اُن کی قبر پہ یارب غازی امان اللہ کا جھنڈا

---

Marfat.com

# شورِ بازاری شریعت کے پرستاروں کا اسلام

ایک ڈاکو کو دیا مردِ مجاہد کا خطاب
شور بازاری رذالو کیا یہی اسلام ہے

جھوٹی قسمیں کھانے والے کو بنایا بادشاہ
شرع پر مر مٹنے والو کیا یہی اسلام ہے

اپنے محسن کو ڈسا جس افعیِ خوش رنگ نے
آستیں میں اُس کو پالو کیا یہی اسلام ہے

جس نے روندا پاؤں میں ارشادِ اوفوا بالعقود
اُس کو آنکھوں پہ بٹھالو کیا یہی اسلام ہے

دس برس تک جو تمہاری آنکھ کا تارا رہا
آج آنکھ اُس سے چُرالو کیا یہی اسلام ہے

جس کے ایماں کی قسم جبریل کھاتا ہے اُسے
کفر کے سانچے میں ڈھالو کیا یہی اسلام ہے

جس نے افغانوں کی عزت میں لگائے چار چاند
اُس کو یُوں گھر سے نکالو کیا یہی اسلام ہے

پھیر لیں آنکھیں امان اللہ خاں غازی سے کیوں
گوری رنگت والے کالو کیا یہی اسلام ہے

Marfat.com

# بچّہ سقّا کی گرفتاری

دُرّانیوں کی فوج جو میداں میں ڈٹ گئی
سقّے کی مشک ایک ہی ٹھوکر میں پھٹ گئی

ہوتا ہے پھر بلند امان اللّٰہی علم
چوروں کے سرگروہ کی تقدیر اُلٹ گئی

خود کوہ دامنی ہی گرے اُس پہ ٹوٹ کر
اچھّا ہُوا کہ جوتیوں میں دال بٹ گئی

ہر وہ بلا جو عرش سے اُتری تھی فرش پر
دارالامان کے راہ زنوں سے لپٹ گئی

سقّے کا ہاتھ گرچہ بڑا ہاتھ تلا ہوا
قسمت مگر خراب تھی تلوار اچٹ گئی

مانجھا نہ تیز تھا تو لڑایا تھا کیوں پتنگ
پڑتے ہی ایک پیچ کے جھٹ ڈور کٹ گئی

اسلامیوں کا مرتبہ دُنیا میں بڑھ گیا
نصرانیوں کی دہر میں توقیر گھٹ گئی

خوشیوں کی ساعت آ گئی ایام غم گئے
نورِ سحر طلوع ہُوا رات کٹ گئی

---

۱۰ اکتوبر ۱۹۲۹ء

Marfat.com

# زخمہ چنگ رودکی

دیدہ وراں متفق ہستند کہ ہیچکس از سخن سرایانِ عجم بہ پایۂ رودکی نہ رسیدہ حنگ نصیرین احمد را اگر آبِ جیحون تا بمیاں آورد۔ ہماں اثرِ ترانہ اش بود۔ کہ تاج الشعرآ امیرِ معزی ہم از نظیرش عاجز گشت۔ من ہندی نژاد کج لج زبان کہ باشم۔ کہ جوابِ رودکی نویسم۔ ایں چند ابیات کہ از کلکِ من فرو چکید۔ پاسخ آن با۔ بد ترانہ ریز نباشد۔ اما نعرہ ایست مستانہ کہ علی سبیل اضطرار از دل دردمند برجست۔

ساقیا برخیز مے در جام کن — فصلِ گل در بوستاں آید ہمی

بادِ نوروزی وزیدا اندر چمن — نغمہ اش عنبر فشاں آید ہمی

مسلم از خوابِ گراں بیدار شد — انقلاب اندر جہاں آید ہمی

زود بینی و قدما از لوندرہ — شاد کام و کامراں آید ہمی

باش تا برقے درخشد از حجاز — غیرتِ حق درمیاں آید ہمی

باش تا موصل برآرد شعلۂ — تابش اندر استخواں آید ہمی

باش تا از پردۂ مشرق بدر — حجتِ اسلامیاں آید ہمی

کفر را غوغا برآید از نہاد — مہدیِ آخر زماں آید ہمی

باش تا از نالۂ ہندوستاں — محشرِ سنانے عیاں آید ہمی!

Marfat.com

نعرهٔ اللہ اکبر مے زنم
ناتوانا را تواں آید ہمی

آنکہ ہجرت کرد بہر مقدمش
خواجۂ کون و مکاں آید ہمی

ناخدا باشد امان اللہ خاں
کشتیِ ما بر کراں آید ہمی

جانبِ کابل قطار اندر قطار
کاروانِ ہندیاں آید ہمی

رودکی چنگ است و کلکم زخمہ اش
یادِ یارِ مہرباں آید ہمی

مسلم آہنگِ بخارا کردہ است
بوے جوئے مولیاں آید ہمی

Marfat.com

# جلال آباد

جو کڑک کر گر چکی ہے بارہا بغداد پر
آج ٹوٹی ہے وہی بجلی جلال آباد پر

پابگل کابل میں حق ہے اور ہے باطل سربلند
استوار ارکان دیں ہیں جہل کی بنیاد پر

میرے بچوں کو نہ یوں اے ظالمو کافر بناؤ
دیکھئے اٹھتا ہے کون اسلام کی فریاد پر

برملا بے دیں کہا جس نے امان اللہ کو
آفریں تہذیب اسلامی کے اس استاد پر

ان کی آنکھوں میں کبھی کھٹکا نصاریٰ کا بھی کفر
ہے نظر جن کی امان اللہ کے الحاد پر

میں ہوں آزاد اس لیے کافر بھی ہوں ملحد بھی ہوں
حکمتیں صد ہا نثار اس کے اک اس ارشاد پر

غیب سے تائید ہے اس کی مسلمانوں کی طرح
تل رہے ہیں سارے ہندو بھی اگر امداد پر

لاکھ مومن ہو مگر ترجیح پا سکتا نہیں
شور بازاری غلام اک فاسق آزاد پر

حاملان عرش اعظم کی بلاغت ہے نثار
میری طبع نکتہ رس کی بیشری افتاد پر

۹-مارچ ۱۹۲۹ء

Marfat.com

# غازی امان اللہ خاں کے مشکوئے معلی میں

# مولود مسعود کا تولد

ایسے مولود ہوا کرتے ہیں کمتر پیدا
جن کی تعظیم کو ہو فتنۂ محشر پیدا

گرچہ معمورۂ قندھار امرکوٹ نہیں
گھر ہمایوں کے ہُوا ہے مگر اکبر پیدا

باپ ہے مہرِ منیر اور ثریّا ماں ہے
کیوں نہ مولود بھی ہو ماہ منوّر پیدا

اس کے اقبال کا نقارہ بجے عالم میں
اُس کی دولت سے ہوں دارا و سکندر پیدا

اُس پہ اللہ کا اور اُس کے نبیؐ کا سایہ
اُس کی تائید کو ہوں غیب سے لشکر پیدا

---

۲۳ جنوری ۱۹۲۹ء

Marfat.com

# الوداع

از نہادِ مشرق آہے جستہ مانندِ شرار
برقِ غیرت شد امان اللہ خان نامیدش

تا بہ دہلی از بنارس تاخت بر دلہائے خلق
تاجدارِ کشورِ ہندوستان نامیدش

آمد اندر دل بہ آئینے کہ محشر خواندمش
رفت از پہلو بہ تمکینے کہ جاں نامیدش

از جبینش آشکارا شانِ تسلیم و رضا
کاروانِ سالارِ ابراہیمیاں نامیدش

باش تا بینی کہ تیغش باز گردد بے نیام
منکراں را حجتِ آخر زماں نامیدش

---

۲۸-مئی ۱۹۲۹ء

Marfat.com

# ڈوبے ہوئے بیڑے کے اُچھلنے کی تمنّا

امان اللہ خاں بددل نہ ہو وہ دن بھی آتا ہے
کہ پھر چل کر تری دولت ترے گھر سر کے بل آئے

ترا صبر آسماں سے کھینچ لائے حق کی رحمت کو
اور اس رحمت کا چشمہ تیرے قدموں میں اُبل آئے

پھریرا تیرا پھر لہرائے قندھار اور غزنی پر
ترے قبضہ میں کابل آئے اور ساتھ اُس کے ٹل آئے

بکھیرے اپنے جلوے پھر ترا اقبال مشرق میں
یہ سُورج حسبِ عادت پردۂ شب سے نکل آئے

مقدر کو گوارا ہو نہیں سکتا ترا جانا
نظامِ ایشیا میں جس کے جاتے ہی خلل آئے

بھنور میں ناؤ تیری گھر گئی ہے یک بیک لیکن
عجب کیا ہے یہ بیڑا غرق ہو کر پھر اُچھل آئے

"کہ ہم نے انقلابِ چرخِ گرداں یوں بھی دیکھے ہیں"

---

۱۰- جون ۱۹۲۹ء

Marfat.com

# ترانہ تہنیت فتح کابل

عرش پر پھر فرش پر یہ غل ہوا
فاتح کل فاتح کابل ہوا

فتح نادر خاں کو دی اللہ نے
بچۂ سقا کا آخر قتل ہوا

شمع روشن ہے امان اللہ کی
دشمنوں کا جو دیا تھا گل ہوا

تھا نہ کل تک جس کو کچھ بھی اقتدار
آج پھر مختار جزو و کل ہوا

آ گئی اُجڑے گلستاں میں بہار
نغمہ پیرا شاخ پر بلبل ہوا

---

۱۹-اکتوبر ۱۹۲۹ء

Marfat.com

# عیدی

یہ عیدی آبِ زر سے آج لکھی ہے ملائک نے
جسے سُن کر ہر اک افغان کا بچہ شادماں ہوگا

کہ گلشن میں بہار آنے کے ساماں ہونے جاتے ہیں
وہ سامان گل بداماں جس سے مشرق کا جہاں ہوگا

صبا اٹکھیلیاں کرتی ہوئی پھولوں میں گزرے گی
طیورِ صبح خواں کا قافلہ آتش بجاں ہوگا

شرابِ زندگی خمخانۂ یثرب سے اُبلے گی
ملے گی جن کو یہ صہبا نصیب اُن کا جواں ہوگا

نئے جلوے بکھیرے گا ہلالِ عید گردوں پر
اور اُس کے نور میں ڈوبا ہوا دارالاماں ہوگا

ملے گا پھر محمد زائیوں کو تاجِ آبائی
بہت جلد اپنے بندوں پر خدا پھر مہرباں ہوگا

پھر آجائیں گے اقبال اور دولت اپنے مرکز پر
سریر آرائے کابل پھر امان اللہ خاں ہوگا

وطن کو جس کی دارائی نے بخشی تھی توانائی
علم دار اُس کی سطوت کا وہی صاحبقراں ہوگا

جنھوں نے بیوفائی کی ہے شاہنشاہ غازی سے
اب اُن سب کی وفا کا از سرِ نو امتحاں ہوگا

---

۲۰۔ مارچ سنہ ۱۹۳۰ء

Marfat.com

# نویدِ غیب

اُڑتی سی اک خبر ابھی آئی ہے غیب سے
دار الامان میں ایک نئے انقلاب کی

کابل کی خاک لا نہیں سکتی زیادہ تاب
موجودہ دور کے ستم بے حساب کی

یا رب ہو قطع سلسلہ ظالم کے جبر کا
شام و سحر دُعا ہے ہر اک شیخ و شاب کی

پیاسے جو تھے وہ تا بہ سراب آ گئے
اور جاننے لگے ہیں حقیقت سراب کی

یاد آ رہی ہے پھر دلِ احساں شناس کو
آج اپنے تاجدار ثریا جناب کی

ہوتا ہے پھر بلند امان اللّٰہی علَم
دیتی ہے جس کو بوسہ کرن آفتاب کی

Marfat.com

# الپ ارسلانِ وقت

بھری محفل میں پھر اپنی دل آرا داستاں کہیے
پھر اپنے بخت کو اور اپنی دولت کو جواں کہیے

کہاں تک شکوۂ بے مہریِ دورِ فلک کہیے
کہاں تک قصۂ بیدادِ ابنائے زماں کہیے

سپردِ خامہ کیجے ملتِ بیضا کی شوکت کو
اور اس کے زندہ پیکر کو امان اللہ خاں کہیے

جسے لکھے کبھی اورنگ زیب اس دورِ فرخ کا
جسے اپنے زمانہ کا کبھی الپ ارسلاں کہیے

مسلمانانِ مشرق کی امنگیں اس سے قائم ہیں
اُسے ہندوستاں کے بے زبانوں کی زباں کہیے

لگائے چار چاند اسلام کو اُس کی عزیمت نے
اُسے شرعِ نبیؐ کی آبرو کا پاسباں کہیے

سپہرِ علم و حکمت ہے اگر معمورۂ کابل
تو اس کو ماہ کہیے مہر کہیے خاوراں کہیے

مسلماں آج بھی ہیں زندہ جس کا نام لے لے کر
اسے اس سطوتِ کبریٰ کی رفعت کا نشاں کہیے

بہایا کفر کو جس نے خس و خاشاک کی صورت
اسے دینِ حجازی کی وہی سیلِ رواں کہیے

کبھی غرناطہ و غزنی کو جس بجلی نے تڑپایا
وہ چشمک زن ہے خیبر کے سوا اور اب کہاں کہیے

لاہور۔ ۲۵ فروری ۱۹۲۷ء

Marfat.com

# سلام کا مہرِ خشاں غازی امان اللہ خاں

امان اللہ خاں فخرِ سلاطینِ زماں تو ہے / کہ ناموسِ رسولِ ہاشمی کا پاسباں تو ہے

تری دہلیز کو آ کر فرشتے چوم لیتے ہیں / کہ خاکِ آستانِ سرورِ کون و مکاں تو ہے

مسلمانوں کی بیتابی اگر ہے نوح کا طوفاں / تو طوفاں میں برنگِ موج گوناگوں رواں تو ہے

ہمارے دردِ دل کی شرح تیرے نطق نے کر دی / ہمیں کیا ڈر ہو جب ہم بے زبانوں کی زباں تو ہے

ترا نور ایشیا کو مطلعِ انوار کر دے گا / چراغِ ایزد افروزِ آسیا امان اللہ خاں تو ہے

حدی خواں چارہ گر ہے آپ محمل کی گرانی کا / نہیں کچھ کارواں کو غم کہ میرِ کارواں تو ہے

نہیں برطانیہ کو خوف کچھ بھی امن کا جب تک
رفیقِ تاجدارِ کشورِ ہندوستاں تو ہے

Marfat.com

# امان اللہ خاں غازی ربّ کعبہ کے آستانہ پر

اے کہ از خطۂ روما بحجاز آمدۂ
جاں فدائے تو کہ اسلام نواز آمدۂ

بر در کعبہ خروش است کہ صد قافلہ جاں
ہمہ ہت ہست کہ از بہر نماز آمدۂ

میر ساماں تو شد و رزش ایماں بالغیب
بچہ ساماں بچہ برگ و بچہ ساز آمدۂ

سایۂ رحمت سالار دو عالم بہ سرت
اے کہ بر درگہش از راہ دراز آمدۂ

وقت آنست کہ نازت بکشد خاک وطن
کہ جبیں سودہ بدہلیز نیاز آمدۂ

---

۲۵-اپریل ۱۹۳۱ء

Marfat.com

# نسیمِ حجاز کی شمیم

پھر لا رہا ہوں وجد میں دیوار و در کو میں
پھر کر رہا ہوں یاد میں ابنِ سعود کو

پھر تاکتی ہے گردن آہوئے دشتِ نجد
تارِ کمندِ رحمتِ ربِّ ودود کو

پھر وہ شرارِ مجمرِ جاں سے ہوا بلند
جس نے کیا ہے نعل در آتش خرود کو

گر ہے جزیرۃ العرب اسلام کا محیط
موج اس کی جان لیجئے اس کے وجود کو

ابرو کے اک اشارہ سے اس نے دیا بکھیر ،
باطل کی کارگاہ کے تار اور پود کو

ملّت کے اعتدال کو سانچے میں ڈھال کر
آزادیوں کے ساتھ ملایا قیود کو

جس تاجور سے باج نہ لے شرع مصطفےٰ
بے بود جانتا ہے وہ اس کی نمود کو

سر پہ عقالِ سلطنت اور دوش پہ گلیم
بھولا نہیں وہ عہدِ سلف کے عہود کو

شامل ہو اس کے حال کو اللہ کا کرم
ایفا کیا ہے جس نے نبیؐ کے عقود کو

---

۲۴- دسمبر ۱۹۲۷ء

Marfat.com

# شہسوار نجد

جا کے صبا پیام دے نجد کے شہسوار کو
ہم بھی ہیں تیرے منتظر موڑ ادھر مہار کو

چھائی ہوئی ہے خامشی عالمِ حال و قال میں
حشر بپا ہو ہر طرف زخمہ لگا دو تار کو

قافلۂ بنی تمیم یثربیوں سے آملا
آتے نہیں لگی ہے دیر باغ میں نو بہار کو

ابنِ سعود کو ملا مرتبہ ید اللّٰہی
تازہ بہانہ مل گیا رحمتِ کردگار کو

آذریوں کی بزم میں مہلتِ رقص بھی نہ دی
مصطفوی چراغ نے بولہبی شرار کو

ساقیِ دلنواز نے میکدۂ حجاز سے
دی ہے شراب خانہ ساز ہند کے بادہ خوار کو

کج نگہوں کی گم رہی سے تو گلہ فضول ہے
دیدہ ور دل کو کیا کہیں نور جو سمجھے نار کو

موت کی جستجو اُنہیں مجھ کو تلاش زندگی
دیتا ہوں قبر کے عوض بوسہ میں ذوالفقار کو

---

۵۔ اکتوبر ۱۹۲۶ء

Marfat.com

# امیر المومنین ابنِ سعود

جب اُٹھاتا ہے حجابِ آستینِ ابنِ سعود
آنکھ سے لاتا ہے نذرِ گوہریں ابنِ سعود

اپنے مولا سے کرالیتا ہے نذر اپنی قبول!
کعبہ کی دہلیز پر رکھ کر جبیں ابنِ سعود

جس کو دُنیا میں لُٹایا تھا رسول اللہ نے
ہے اسی گنجِ سعادت کا امیں ابنِ سعود

وقت جب آیا کہ فتنوں سے ہو پاک ارضِ حجاز
بن گیا تقدیرِ ربُ العالمین ابنِ سعود

اِک نہ اِک دن ہو گی تطہیرِ عراق و شام بھی
حل یہ مشکل بھی کرے گا بالیقیں ابنِ سعود

اُس کے قدموں پہ چلے گی ساری دنیا ایک روز
ہے محمدؐ کا غلامِ کمتریں ابنِ سعود

دولت اُس کی ہے کنیز اقبال ہے اُس کا غلام
سلطنت انگشتری ہے اور نگیں ابنِ سعود

ایک صف میں سب کھڑے ہو کر نہ پڑھ سکتے نماز
گر نہ ہوتا صاحبِ ذوقِ یقیں ابنِ سعود

تاکتی ہے خرمنِ تاتار کو برقِ فرنگ
لیکن اس کی زد میں آسکتا نہیں ابنِ سعود

لرزہ براندام ہے باطل کہ گونجا نجد میں
بیشۂ اسلام سے شیرِ عریں ابنِ سعود

نجد کی لیلےٰ پہ مرجانے لگے مجنوں نئے
ہند کا محمل ہے اور محمل نشیں ابنِ سعود

Marfat.com

ہے لباس کعبہ کا پیوند زریں اُس کی جیب
جیب میں لایا ہے لولوئے ثمیں ابنِ سعود

ہے دلِ ملّت پہ نقشِ اُس کی ارادت ہر طرف
حکمراں ہے از مراقش تا بہ چیں ابنِ سعود

لکھئے اُس کو حارسِ شرعِ مبیں عبدالعزیز
کہئے اُس کو حامئی دینِ مبیں ابنِ سعود

ہم زباں پھر قدسیوں کا ہو کے کہئے برملا
ہے لقب اُس کا امیر المومنیں ابنِ سعود

---

مکہ مکرمہ ۲۵ مئی سنہ ۱۹۲۸ء

Marfat.com

# منصب خلافت

اگر اسلامیوں کا سیزدہ صد سالہ نظام — اب بھی قائم ہے علی رغم نصاریٰ و یہود
اگر انگورہ کے اعلان کے باوصف اب تک — آپ کی رائے میں لازم ہے خلافت کا وجود
ناگزیر اب بھی اگر ہے کوئی مرکز ایسا — جس میں جاری ہوں محمدؐ کی شریعت کی حدود
کہہ سکیں رابطۂ ملتِ بیضا جس کو — جس میں ہو جلوہ نما سطوتِ کبریٰ کی نمود
تو یہ فرمایئے بطحا کے سوا اور کہاں — پائی جاتی ہیں یہ اسلام کی دیرینہ قیود

جب کہ جاروب کشِ صحنِ حرم بھی ہے وہی
کیوں خلیفہ نہ پھر اسلام کا ہو ابنِ سعود

Marfat.com

# شعلۂ نافسردہ

اب بھی ہے سلامیوں کے سر میں سودائے جہاد
اس انگیٹھی میں دہکتے ہیں کچھ انگارے ابھی

کہہ دو فیصل سے کہ گرمایا اگر ابنِ سعود
بل نکل جائیں گے تنکے کی طرح سارے ابھی

سبز جھنڈا ہاتھ میں لے کر رسول اللہ کا
ہونے والے ہیں مسلماں عرش کے تارے ابھی

کربلا کو اِک نئے ہنگامہ کا ہے انتظار
اور بھی چھوٹیں گے اس میں خوں کے فوارے ابھی

اے تفرنج تیری خوشیاں ساری قبل از وقت ہیں
زندہ ہیں توحید اور سنت کے گہوارے ابھی

---

۱۳ مارچ ۱۹۲۶ء

Marfat.com

# عہد سلف کی رونقیں

جگر اور دل ہی نہیں رہے کہ سموؤں ان کے گداز میں
نہ رہیں وہ پہلی سی لذتیں مری داستانِ دراز میں

نہیں شکوہ مجھ کو نصیب سے گلہ ہے اگر تو نصیب سے
جو چھڑا رہے ہے حبیب سے مگر اُس کی شرح ہے راز میں

کئی سو برس جو دبا رہا نگہ عرب سے چھُپا رہا
پھر اُبھر رہا ہے تتار سے وہی فتنہ رنگ مجاز میں

کوئی ہے جو ترک کو جا کے دے یہ پیام مُسلم ہند کا
کہ وہ لذتیں جو ہیں سوز میں کبھی آسکیں نہیں ساز میں

نہ بچا فریب فرنگ سے کوئی تاجور کوئی باجور
مگر اک حرم کا وہ پاسباں جو ہے سر بسجدہ نماز میں

نہیں فیض ابنِ سعود کا یہ ہے لُطف ربِّ ودود کا
کہ سلف کے عہد کی رونقیں نظر آرہی ہیں حجاز میں

۱۴- اپریل ۱۹۲۸ء

Marfat.com

# مستقبلِ حجاز

ممکن ہے مہر و مہ نہ رہیں آسمان پر
ممکن نہیں کہ حق نہ ہو جاری زبان پر

وہ فوج جبرئیلؑ تھے جس کی کمان پر
پہلا پڑاؤ اُس کا پڑا تھا معان پر

پنہاں تھی جس میں دیدۂ ہرقل کی تیرگی
وہ تیغ تھی چڑھی ہوئی یثرب کی سان پر

واحسرتا بلند ہے طاغوت کا علم
اس عہد میں نبیؐ کے قدم کے نشان پر

کس وقت جانے دیکھئے کھنچتا ہے خطِ نسخ
تثلیث کے عروج کی اس داستان پر

---

کس کو نہیں یہ علم کہ مستقبلِ حجاز
موقوف ہے حجاز کے امن و امان پر

توفیق اس کی دی گئی ابنِ سعود کو
روشن ہے یہ حقیقتِ کبریٰ جہان پر

---

محمل کو کر رہا تھا سبکسار یہ سرود
میں جا رہا تھا جدّہ کو جب [illegible][1] پر

اور آخری یہ شعر رقم کر رہا ہوں میں
بیٹھا ہوا شریفِ علی کے مکان پر

---

جدہ یکم جنوری ۱۹۲۶ء

[1] اونٹ کا نام جس پر میں مہر کے ساتھ سوار تھا۔

Marfat.com

# ہر مردے و ہر کارے

شتربانوں کو بخشی جا رہی ہے پھر جہانبانی
عرب کی ریت کے ذرّے بنے گردوں کے سیّارے

حجاز اور اُس کی تطہیر آئی حصّے نجد والوں کے
کہا سچ کہنے والے نے کہ ہر مردے و ہر کارے

خُدا کی رحمتیں ابنِ سعود اور اُس کی دولت پر
جسے ڈھب یاد ہیں اقبال کی تسخیر کے سارے

اُلٹ جاتی ہے جب تقدیر کام آتی نہیں طاقت
نہ چل سکتی ہیں بندوقیں نہ اُڑ سکتے ہیں طیّارے

علی اور اس کے اعوان ایک بھی میداں نہیں جیتے
سعود اور اس کے اخوان ایک بھی بازی نہیں ہارے

بداوت کو حضارت سے پڑا پالا تو دیکھو گے
دھرے رہ جائیں گے قانون افرنجی کے پشتارے

سکھا سکتے ہیں تہذیب آج بھی صحرا نشیں اُن کو
جو ہیں اس دور کی شائستگی کے عرش کے تارے

حرم کی طرح جدّہ پر بھی اہلِ نجد قابض ہیں
مخاطب کس سے جا کر ہوں اب اہلِ جدّہ بیچارے

سلامت گنبدِ خضرا کو جا کر جب وہ دیکھیں گے
عجب کیا ہے جھکا لیں اپنی گردن شرم کے مارے

اُبلنے لگ گیا پھر چشمۂ نور ان اماکن سے
جو تھے ایامِ سابق میں سیہ مستی کے گہوارے

حجاز اب ملّتِ بیضا کی رعنائی کا گھر ہوگا
بجیں گے اب یہاں اسلام کی شوکت کے نقارے

۲۶۔ دسمبر ۱۹۲۵ء

Marfat.com

# خادم حرمین الشریفین

| | |
|---|---|
| اے کہ ہے تو زینتِ تاج ونگیں | تجھ سے ہے آرائش دنیا و دیں |
| تو اس امانت کا ہے گنجینہ دار | چھوڑ گئے جس کو رسولِ امیں |
| غیب کی تائید ہے حصہ ترا | اِنَّ اللّٰہَ لَمَعَ المُحسِنِین |
| فتح کی تیرے لئے آئی نوید | اُزلِفَتِ الجَنَّۃُ لِلمُتَّقِین |

اَیَّدَکَ اللّٰہُ بِنَصرٍ عَزِیز
وَفَّقَکَ اللّٰہُ بِفَتحٍ مُّبِین

Marfat.com

# تطہیرِ یثرب

داخل ہُوا مدینے میں ابنِ سعود آج
پھر جوش پر ہے رحمتِ ربِّ ودود آج

توحید کا عرب میں علَم سر بلند ہے
قائم ہوئی ہیں شرعِ نبیؐ کی حدود آج

ہیں غازیانِ نجد پیمبرؐ کے پاسباں
یثرب میں خیمہ زن ہیں خدا کے جنود آج

آتے ہی مسجدِ نبویؐ میں پڑھی نماز
کیا لطف دے گیا ہے رکوع و سجود آج

منکر بتائے جاتے تھے جس نام پاک کے
اُس پر یہ لوگ بھیج رہے ہیں درود آج

اِس جھوٹ کا کہ گنبدِ خضرا ہُوا شہید
سُلطان نے بکھیر دیا تار و پود آج

ہم کو ہے پاسِ عہد کہ ابنِ سعود کو
کس کو ہیں یادِ ازل کے عہود و عقود آج

کل جس کے نام سے بھی نہ عالم تھا آشنا
ہم اُس کے پاس لے کے چلے ہیں وفود آج

رگ رگ میں موجِ خونِ سلف دوڑنے لگی
مٹنے لگا ہے تفرقۂ ہست و بود آج

قبرص میں ہے حسین تو فیصل عراق میں
نابود ہے حجاز میں ان کا وجود آج

اک رہ گیا علی سو اسے دیکھ دیکھ کر
یاد آ رہی ہے مجھ کو حدیثِ ثمود آج

جدہ سے رہگرائے فلسطین ہی تو ہو
جو بن رہا ہے جائے پناہِ یہود آج

Marfat.com

# انگورہ

مصطفےٰ قائم نہ کرتا گر نظامِ انگورہ کا
کام کرزن نے کیا ہی تھا تمام انگورہ کا

جا کے یورپ میں اُڑا آیا ملوکیت کی خاک
اپنی ٹاپوں سے سمندِ تیز گامِ انگورہ کا

اپنے جمہوری اصولوں پر جو نازاں ہیں انہیں
محوِ حیرت کر رہا ہے انتظامِ انگورہ کا

اُٹھ کھڑے ہوں اپنے اپنے پاؤں پر سب حق پرست
ساری دُنیا کو یہ پہنچا ہے پیامِ انگورہ کا

ایشیا کا افتخار اس کو کیا اللہ نے
اس سے بھی اونچا ابھی ہوگا مقامِ انگورہ کا

حشر کے دن تک نہیں ہے جس کو خوفِ انفصام
ہے اسی حبل المتیں سے اعتصامِ انگورہ کا

لرزہ ہو جاتا ہے طاری کفر کے اندام پر
اس کے حلقوں میں جب آ جاتا ہے نامِ انگورہ کا

اُس پہ بس چلتا نہیں پھر کیوں نہ کابل ہی سے لیں
دشمنانِ دین پر حق انتقامِ انگورہ کا

ہے امان اللہ خاں بھی لیکن اُس صہبا سے مست
جس کی فغّاری نے چھلکایا ہے جامِ انگورہ کا

آنے والی ہے وہ ساعت جب کریں گے اتباع
کابل و ہند و عراق و مصر و شامِ انگورہ کا

دیکھ لیں گے اپنی ان آنکھوں سے ہم خود ایک دن
دشمنانِ نوعِ انساں کو غلامِ انگورہ کا

Marfat.com

# غازی محمد عبدالکریم قائد مجاہدینِ ریف

اے کہ کھینچے ہوئے اسلام کی صمصام ہے تو
آج کل سب سے بڑا غازیٔ اسلام ہے تو

اپنے اوپر تجھے ہسپانیہ کرتا ہے قیاس
یعنی کہتا ہے کہ خورشید لبِ بام ہے تو

تیری ہیبت سے ہُوا لرزہ براندام فرانس
اس کی سطوت کے لئے موت کا پیغام ہے تو

مصطفےٰ مشرقِ ادنیٰ میں ہے جس پہ نازاں
کر رہا مغربِ اقصیٰ میں وہی کام ہے تو

خالد و طارق و محمود تھے جس سے سرشار
اسی صہبا کا چھلکتا ہُوا اک جام ہے تو

پھر زمانہ کو دکھا شوکتِ اسلاف کا رنگ
اے کہ کھینچے ہوئے اسلام کی صمصام ہے تو

---

۹ مئی ۱۹۲۶ء

Marfat.com

# زمیندار

Marfat.com

# زمیندار اسٹیم پریس

خود اپنے ہی مطبع میں زمیندار چھپا آج
ہوتا ہے غلامی سے یہ اخبار رہا آج

مطبع کے نہ ہونے سے جو تھے روح کو سوہاں
یہ پرچہ اُن افکار سے آزاد ہُوا آج

اپنی ہی کلیں اپنے ہی انجن سے چلی ہیں
دل اور زباں کیوں نہ کرے شکر خدا آج

جس درد کی مدت سے تھی خود ہم کو شکایت
اُس درد کی پیدا ہوئی صد شکر دوا آج

آتے ہیں وُہ اب اس کے پینپنے کے عزیزو
بیمار کو دی شافی مطلق نے شفا آج

پابندیٔ اوقات کی صورت نکل آئی
تاخیر کا احباب کو شکوہ نہ رہا آج

اغیار کے ناز اس نے اُٹھائے ہیں مہینوں
ہے مایۂ نازش اسے خود اپنی ادا آج

صد جلوۂ پنہاں کے تجمل کی ہے تمہید
ہوتا ہے جس انداز سے یہ چہرہ نما آج

آرائش ہم چشم سے مشاطہ ہے فارغ
نازاں نہ ہو پھر شانہ پہ کیوں زلف رسا آج

احباب نے اس وقت تک امداد جو کی ہے
کچھ اس سے اعانت کی ضرورت ہے سوا آج

۲۲- اکتوبر ۱۹۱۲ء

Marfat.com

# زمیندار کی ضبطیِ ضمانت

ہے کھٹکتا نگہِ برق میں خرمن میرا
خواب یہ ہے مگر اب دیکھیے اس کی تعبیر

حوصلے قیس کی دیوانہ سری کے نکلے
نغمہ گوش ہے لیلیٰ کو صدائے زنجیر

آج ہے ناز مجھے اپنی گنہگاری پر
میں کہاں ورنہ کہاں اُن کا خیالِ تعزیر

میں جو وابستۂ فتراک ہوا خوب ہوا
اے خوشا بخت جو کہلاؤں تمہارا نخچیر

کر دیئے قلب کے ٹکڑے یہ کرم تھا اُن کا
اشکِ خوں تھم نہ سکا تھی یہ ہماری تقصیر

فائدہ اس سے اگر ضبط ضمانت کر لی
کاش بتلاتے مجھے ضبطِ فغاں کی تدبیر

---

۲۵ ستمبر ۱۹۱۳ء

Marfat.com

كَيْفَ تَكْفُرُوْنَ بِاللّٰهِ وَكُنْتُمْ اَمْوَاتًا فَاَحْيَاكُمْ

# احیاءِ زمیندار

خوش ہو اے مسلم ہوئی آخر دعا تیری قبول
عرش سے فرمانِ احیاءِ زمیندار آگیا

قدسیوں کو بھی ہوئی فکر پیامِ تہنیت
نور کے تڑکے مبارکباد کا تار آگیا

ملّتِ بیضا کی رونق کا نکلنا ہے جلوس
سطوتِ کبریٰ کی شوکت کا علم دار آگیا

جس کو سچی بات کہنے میں نہیں مطلق ہراس
آج میدانِ صحافت میں وہ اخبار آگیا

اوّل اوّل غلغلہ حق کا کیا جس نے بلند
وہ مساوات اور حریت کا سردار آگیا

بادۂ یثرب کے خم کے خم دیئے جس نے لنڈھا
آج پھر محفل میں وہ رندِ قدح خوار آگیا

پھر بہار آئی رسول اللہ کے گلزار میں
فصلِ گل کے ساتھ ہی ساتھ ابرِ آذار آگیا

باغباں سے گل کو تھے جلنے گلے جاتے رہے
نالۂ بلبل قفس میں تا بہ منقار آگیا

کوئی ذلت سے یہ کہہ دے جس سے حضرت تھے خفا
آپ کے لفظوں میں وہ باغی وہ غدار آگیا

Marfat.com

لیکن اس کو کیجیے گا کیا کہ کہتی ہے یہ خلق
قوم کا خادم حکومت کا وفادار آ گیا

دیکھ لی ملت نے اس کے خواب کی تعبیر آج
رشتہ تسبیح بن کر کام زُنّار آ گیا

ہندو مُسلم کی ہم کیشی کی ساعت آ گئی
کیونکہ خاکِ کعبۂ دل کا پرستار آ گیا

---

۲۱-اپریل ۱۹۲۰ء

Marfat.com

# ضبطی

*زمیندار مورخہ ۱۹ نومبر ۱۹۲۷ء کے تمام پرچوں کی ضبطی پر جس میں نظم بجائے مقالہ افتتاحیہ شائع ہوا تھا۔*

دل ضبط زباں ضبط فغاں ضبط قلم ضبط
دنیا میں ہوئے ہوں گے یہ ساماں کہیں کم ضبط

آنسو مری آنکھوں کے گئے پہلے ہی سے سوکھ
تھے ورنہ وہ اس فکر میں ان کا بھی ہو نم ضبط

پنجاب میں یوں ضبط ہوا آج "زمیندار"
بنگال میں جس طرح ہوا کرتے ہیں بم ضبط

آزادیٔ اسلام کی ضبطی پہ ہے خوش تو
ہو جائے کہیں یوں ہی نہ تیرا بھی دھرم ضبط

برطانیہ کا شیوہ رہا گر یہی کچھ روز
سن لو گے عزیزو کہ ہوئے دیر و حرم ضبط

---

۱۹۔ نومبر ۱۹۲۷ء

Marfat.com

# "زمیندار" کے شہید نمبر اسلام نمبر اور کشمیر نمبر کی ضبطی

دل ضبط جگر ضبط زباں ضبط فغاں ضبط
سب سازِ عیاں ضبط ہے سب سوزِ نہاں ضبط

مظلوم کو فریاد بھی کرنے نہیں دیتے
ڈر ہے کہ نہ ہو جائے یہ سب امن و اماں ضبط

اٹھتی ہے جو سینے سے تو ہو جاتی ہے ضبط آہ
آئے جو دہن پر وہیں ہوتا ہے گماں ضبط

روکیں گے وہ کیونکر مرے مضموں کی روانی
نکلے ہے جبھی موج تو ہے کہیں سیلِ رواں ضبط

وہ ضبط کریں میری دوات اور قلم کو
ہو جائیں گے خود ان کے تفنگ اور سناں ضبط

تم ضبط "زمیندار" کے نمبر نہیں کرتے
کرتے ہو حقیقت میں تمدن کا نشاں ضبط

---

۱۰ دسمبر ۱۹۳۰ء

Marfat.com

# "زمیندار" کا نیا دور

اللہ کی قدرت کا تماشا ہے "زمیندار"
مومن کے لئے ہے یہ تماشا نظر افروز

باطل سے دبا تھا نہ دبا ہے نہ دبے گا
تائید خداوند سے حق پر شرف اندوز

کل ایک کی املاک تھا اور آج ہے سب کی
دیروز سے بہتر ہے "زمیندار" کا امروز

سر غیر کے آگے نہ جھکایا کبھی اس نے
ملت کے لئے ہے روش اس کی سبق آموز

سورج نکل آیا ہے سراپردۂ شب سے
پھر خیرہ ہوا دیدۂ خفاش سیہ روز

اے خرمنِ بیداد کہاں تک نہ جلے گا
ہے آہ "زمیندار" کی ایک ایک جہاں سوز

---

۱۷۔ جون ۱۹۳۲ء

Marfat.com

# سیاسیات ہند

Marfat.com

# مسلمانانِ ہند کا سیاسی زاویہ نگاہ ۱۹۱۲ء میں

تجھ سے اے ٹرکی ہمارا برقرار اعزاز ہے
تو ہمارے واسطے سرمایۂ صد ناز ہے

ہم اگر بے دست و پا ہیں تو ہے خضرِ دستگیر
ہم اگر شکستہ پر ہیں تو پرِ پرواز ہے

گونجتی تھی محفلِ عالم کبھی جس ساز سے
تو اسی سازِ بلند آہنگ کی آواز ہے

سبز گنبد والے آقا کا ہے تو جاروب کش
جس کی رحمت امتِ مرحوم کی دمساز ہے

نام ہے قائم گر اب تک دہر میں اسلام کا
سرورِ کون و مکاں کا یہ بھی اک اعجاز ہے

آئی ہے اٹلی کی شامت موت ہے سر پر سوار
اس لئے کھولے ہوئے اپنا دہانِ آز ہے

عشق لندن دل میں سودا سر میں استنبول کا
ہم مسلمانوں کی ہستی کا یہ اصلی راز ہے

Marfat.com

# ناٹال اور ہندوستان

(راقم نے جس جلسہ میں بمقام لندن یہ نظم پڑھی تھی۔ اس میں گاندھی جی جو جنوبی افریقہ سے آ گئے تھے۔ اپنی بی بی سمیت موجود تھے)

## (۱)

سُنا ہے دردِ دل رکھتا ہے اے ہندوستاں تو بھی
جگر کے خوں کو دے سکتا ہے پلکوں کا نشاں تو بھی

جہاں سر پر اُٹھایا بلبلوں نے اپنے نالوں سے
دکھا اندازِ محشر ہو کے سرگرمِ فغاں تو بھی

ستم ناٹال میں جو جو ترے بچوں پہ ٹوٹے ہیں
بہت کچھ سن چکا ہے اُن کی خونیں داستاں تو بھی

مچا رکھا ہے اودھم کیپ کالونی میں گوروں نے
کر اپنی قوتِ بازو کا کچھ تو امتحاں تو بھی

دکھا اپنے جگر کا داغ جو شرمائے سورج کو
بنا مغرب کو مشرق اور زمیں کو آسماں تو بھی

جُھلس دے سوزِ دل سے ٹیمز کی موجوں کے داماں کو
کہانی اپنی دھرا کر کہ ہے آتش بجاں تو بھی

غلط انداز ہیں صید افگنوں کے بے اماں ناوک
نکال اِک تیر ترکش سے کہ رکھتا ہے کماں تو بھی

سُنی ہے ہم نے ٹن ٹن پال کے گرجا کے گھنٹے کی
بجا مندر میں سنکھ اور دے مساجد میں اذاں تو بھی

لگا ہے کون سا سُرخاب کا پر کیپ والوں میں
قبائے سلطنت وہ ہیں تو ہے تاج جہاں تو بھی

اگر شرمندۂ معنی ذرا بھی ہے شہنشاہی
تو ہے برطانیہ پر ہند کی لازم ہوا خواہی

## (۲)

یہ کیسا دیس ہے جس دیس کے ہم رہنے والے ہیں
گرفتارِ بلا ہیں اور خطا یہ ہے کہ کالے ہیں

غنیمت تھا قفس میں بال و پر کا پھڑپھڑا لینا
مگر صیاد نے افسوس وہ بھی نوچ ڈالے ہیں

Marfat.com

بنی ناٹاں میں یہ گت ہے ہمارے خانہ بدوشوں کی
نہ چولہا ہے نہ ہنڈیا ہے نہ لڑکے ہیں نہ بالے ہیں
پڑے تھے پاؤں میں گاندھی کے جو صحرائے غربت میں
ہمارے یہ درخشاں داغ ہائے دل وہ چھالے ہیں
نچائیں گے اسے اک روز بوئر ناچ تگنی کا
یہ انگلستان نے اپنی آستیں میں سانپ پالے ہیں
وزیرِ ہند ہی سنتے ہیں اونچا کم نصیبی سے
پہنچ سکتے زحل تک ورنہ ہم لوگوں کے نالے ہیں
یہ نو بر تو تغافل اور یہ پیہم سختیاں کب تک
"یہ ظلم آرائیاں تا کے یہ حشر انگیزیاں کب تک"

---

لندن۔ فروری ۱۹۱۴ء

Marfat.com

# ہندوستان

ناقوس سے غرض ہے نہ مطلب اذاں سے ہے
مجھ کو اگر ہے عشق تو ہندوستاں سے ہے

تہذیب ہند کا نہیں چشمہ اگر ازل
یہ موجِ رنگ پھر آئی کہاں سے ہے

ذرّے میں گر تڑپ ہے تو اس خاکِ پاک سے
سورج میں روشنی ہے تو اس آسماں سے ہے

ہے اس کے دم سے گرمیٔ ہنگامۂ جہاں
مغرب کی ساری رونق اسی اک دکاں سے ہے

انگریز کا غلام مسلماں نہ ہے نہ تھا
یہ نسبت اس کو سرورِ کون و مکاں سے ہے

---

۸۔ دسمبر ۱۹۱۶ء

Marfat.com

# ہندوستان کے مسلمان کا گناہ

اُن کی جبیں میں چین ہے اور ابرو میں ہے شکن
چہرہ ہے خشمناک تو آنکھیں ہیں قہر پاش

دیتے خطاب ہیں کبھی مجھ کو شریر کا
مجھ کو پکارتے ہیں کبھی کہہ کے بدمعاش

میں خود ہی اپنے جرم کا ہوتا ہوں معترف
ناحق وہ کر رہے ہیں مرے جرم کی تلاش

بیشک میں بدمعاش بھی ہوں اور شریر بھی
آنکھوں پہ اور سر پہ یہ القاب جاں خراش

میری خطا یہ ہے کہ نہ کیوں میں نے کر دیا
سنگِ وفا سے شیشۂ ایماں کو پاش پاش

میرا قصور یہ ہے کہ اُن کی گلی میں کیوں
گاڑی نہ میں نے دین رسولِ خدا کی لاش

میرا گناہ یہ ہے کہ کیوں میں نے کر دیا
رازِ غلامی صد و پنجاہ سالہ فاش

Marfat.com

# کنیا

وہ جو خود غلام بن کر دیئے جاتے ہیں دہائی — کہ سکھائی جا رہی ہے انہیں بندگی پرائی
جنہیں بندش زباں کا ہے خطر قدم قدم پہ — بقصور حرف گیری بحظائے لب کشائی
یہ ہے جنکی آج عزت کہ خود اپنے گھر کے اندر — کوئی جلسہ کر جو بیٹھے تو پولس کی دوڑ آئی
جنہیں اپنی کونسلوں میں ہے یہ اختیار حاصل — کہ خود اپنے قیدیوں کو نہ دلا سکے رہائی
جنہیں اپنی ہی زمیں پر جنہیں اپنے ہی وطن میں — نہیں مل سکے ہیں اب تک یہ حقوق ابتدائی
کوئی مدعا بھی جن کا نہیں ہو سکا ہے پورا — کوئی آرزو بھی جن کی نہیں آج تک بر آئی
ہے خدا کی شان یہ بھی کہ وہ بت اکڑ اکڑ کر — چلے جا رہے ہیں کنیا کہ وہیں کریں خدائی

بحوالۂ عراقی کوئی جا کے اُن سے پوچھے
"تو درونِ در چہ کردی کہ برونِ خانہ آئی"

Marfat.com

# سیوائے ہوٹل مسوری میں طلبہ پر چھاپ

## نہرو اور مہرو

### (ایک پُرلطف ڈراما)

سی آئی ڈی کی پہلی رُوح

جواہر لال نہرو لکھنؤ سے چل کے آیا ہے — امان اللہ خاں کے نام کچھ پیغام لایا ہے
پٹھانوں اور انگریزوں میں ڈلوانے کو کھنڈت ہے — دبوچا چاہئے اُس کو بڑے ڈھب سے پنڈت ہے
کسی ڈھب سے اُسے سیوائے ہوٹل سے نکلوا دو — نہ نکلے گر تو ٹوپی اس کی ٹیلر سے اچھلوا دو

دوسری رُوح

مگر یہ بھی سمجھ لو اس پہ سب افغان بگڑیں گے — ہمارے ویسرائے کے کابلی مہمان بگڑیں گے

Marfat.com

کہیں گے حضرتِ طرزی یہ اچھی میزبانی ہے — کہ چمچہ بدتمیزی ہے تو کانٹا بدگمانی ہے

تیسری روح:-

سنو دہلی سے ٹیلیفون کی آواز آتی ہے — ہمارے ساتھ یہ بھی شاید اپنا سر ملاتی ہے

چوتھی روح:-

نہیں یہ تو صدا ہے حضرتِ خواجہ نظامی کی — جنہوں نے ہجو لکھی ہے نصاریٰ کی غلامی کی

خواجہ حسن نظامی اپنے حجرہ بن بسیرا سے ٹیلیفون میں:-

اے ہم نفسو! تم کو مبارک ہو مسوری — گر رزم سے اکتائے ہو دل بزم سے بہلاؤ
رقاصی بسمل کا تماشہ جو نہ خوش آئے — محفل میں کسی شوخ پری زاد کو نچواؤ
ملتی نہیں گر کوئی طرح دار پہاڑن — رنڈی کوئی اچھی سی بنارس ہی سے بلواؤ

پہلی روح:-

نہ تھا معلوم خواجہ کو ہم انکی بات سن لیں گے — چمن میں جو پری جائیں گے اور پھول چن لیں گے
اسی حکمت سے ہم عہدہ برآ ہوں گے پٹھانوں سے — لبھانا چاہئے ان کو بنارس کے ترانوں سے
ادھر ہوٹل کے کمروں سے نکالو جا کے نہرو کو — ادھر لے آؤ پچھواڑے سے اک نوخیز مہرو کو

Marfat.com

# محفل رقص و سرود

نغمۂ مبارک باد

مسوری میں طرزی کا آنا مبارک — حضوری میں بندی کا گانا مبارک
ترازو ہوا تیر امان اللّٰہی کا — دلِ ہند کو یہ نشانہ مبارک
مسلمان ہندو گلے مل رہے ہیں — وطن کو یہ اچھا زمانہ مبارک
پٹاری اناروں کی کابل سے آئی — جو بیمار ہیں اُن کو کھانا مبارک
جو ہنستا ہے مغرب تو روتا ہے مشرق — ہنسانے سے بڑھ کر رُلانا مبارک
سلامت رہے جارج پنجم کی دولت — اور اس کا دل آرا فسانہ مبارک
دُعا ہے کہ ہوں ایک دہلی و کابل — محبت کی پینگیں بڑھانا مبارک

سب دھیں ملکر منہ بسورتی ہیں:۔

ایک آفت سے تو مر مر کے ہُوا تھا جینا
پڑ گئی اور یہ کیسی مرے اللہ نئی

---

۲۶۔ مئی سنہ ۱۹۲۰ء

Marfat.com

# نئی نئی ضرورتیں

مجھ کو ہے تعاون نہ تعاول کی ضرورت
میں آپ ہوں دریا مجھے کیا پُل کی ضرورت

اے سایۂ برطانیہ! اُٹھ جا میرے سر سے
اس سر کو ہے اکلیل توکّل کی ضرورت

ژولیدگیٔ گیسوئے مُشکیں کو نہیں ہے
تکلیف گرہ گیریٔ سنبل کی ضرورت

جب اس چمنستاں کی فضا ہی نہیں باقی
مینا کی ضرورت ہے، نہ ہے مل کی ضرورت

کرتی ہے عمل خود تو تشدّد پہ حکومت
اور ہم کو جتاتی ہے تحمّل کی ضرورت

کیا خوب! مرے قتل پہ حیرت بھی ہے اُن کو
عارف کو بھی پیش آئی تجاہل کی ضرورت

میں سوختہ ساماں ہوں مجھے برق سے کیا خوف
بجلی ہی کو پیش آئی تامّل کی ضرورت

کیا وہ بھی نہتا ہے جو ہو صُلح میں تاخیر
دہلی سے مقدم ہوئی کابل کی ضرورت

اس میں نہیں کچھ شک کہ عمل خوب ہے لیکن
ہم کو ہے ابھی اور بھی کچھ غُل کی ضرورت

---

Marfat.com

# خطابہ برطانیہ

نہ سوویٹ سے نہ ایران کے کج کلاہ سے ڈر
مگر ستم زدہ ہندوستاں کی آہ سے ڈر

نہ ڈر فرانس کے نیزوں کی خونفشانی سے
مگر ہماری دُعا ہائے صبح گاہ سے ڈر

نہ ڈر خدا سے اور اُس کے عتاب سے لیکن
نبیؐ کی غصّہ میں ڈوبی ہوئی نگاہ سے ڈر

الگ الگ رہے برسوں ملے ہیں اب آکر
دل اور عقل کی اس تازہ رسم و راہ سے ڈر

جو عقل ہے تو سُن ان مخلصانہ باتوں کو
جو ہوش ہے تو ہمارے اس انتباہ سے ڈر

---

Marfat.com

# فریادِ جرس

کل کہہ رہے تھے ایک محبِّ وطن بزرگ
ہندوستان رہنے کے قابل نہیں رہا

انساں سے چھین لی گئی آزادیٔ ضمیر
لیلیٰ کے ناقہ کے لئے محمل نہیں رہا

تھا دشنۂ حق کا تیز بھی خونریز بھی، مگر
کچھ دن سے درخورِ رگِ باطل نہیں رہا

لندن کی عافیت کبھی جس سے ہوئی تھی تنگ
زنداں میں اب وہ شورِ سلاسل نہیں رہا

سچ اور جھوٹ میں نہیں باقی رہی تمیز
اور امتیاز ناقص و کامل نہیں رہا

ہم آپ اپنی راہ کے سنگِ گراں بنے
رہرو کو فکر دوریٔ منزل نہیں رہا

آزادیٔ حیات کی جس دل میں تھی تڑپ
اب پہلوئے وطن میں وہی دل نہیں رہا

جو کوشش آشتی کی ہوئی رائیگاں گئی
اور کوئی اتحاد کا قائل نہیں رہا

پھر کس لئے یہ شکوہ کہ لطفِ خدائے پاک
ہندوستاں کے حال کو شامل نہیں رہا

ہندو کی آنکھ کاش زمانہ ہی کھول دے
مسلم تو اپنے فرض سے غافل نہیں رہا

Marfat.com

# عوارف

میں اپنے دل کے اندر اک جہاں موجود پاتا ہوں
اسی کی سلطنت اچھی اسی پر اختیار اچھا

اگر دیں سے تمسخر کرنے والے ہی مہذب ہیں
تو ان تہذیب کے پتلوں سے مجھ جیسا گنوار اچھا

نکل جاتی ہو سچی بات جس کے منہ سے مستی میں
فقیہ مصلحت بیں سے وہ رند بادہ خوار اچھا

عراق اچھا اور اس کی آرزو اچھی سہی لیکن
وہ پھر بھی نسیہ ہے جس سے کہیں نقد برار اچھا

جسے یورپ کے چوروں نے بھی دیکھا ہو حقارت سے
قبائے زرفشاں سے اس پھٹی کملی کا تار اچھا

حسینانِ فرنگ اچھے ہیں لیکن آفتِ جاں ہیں
نہ رکھنا ان سے بیر اچھا نہ کرنا ان سے پیار اچھا

مری وضع کی قدر اُس نے میری سرکشی پر بھی
خداوندانِ لندن سے مرا پروردگار اچھا

Marfat.com

# جستجو

خم خانۂ الست کے خمار ہیں کہاں
عہد سلف کے رند قدح خوار ہیں کہاں

اس بادۂ شبینہ کے سرمست ہیں کدھر
پیمانۂ مدینہ کے سرشار ہیں کہاں

جھکنے لگی ہے غیر کی دہلیز پر جبیں
اے ربّ کعبہ تیرے پرستار ہیں کہاں

دُنیا کی لذّتوں سے تو ہیں بہرہ ور سبھی
عقبیٰ کی عزّتوں کے خریدار ہیں کہاں

اسلامیوں کا شوقِ شہادت کدھر گیا
جو سر تھے زینتِ رسن و دار ہیں کہاں

وہ کشتگانِ خنجرِ تسلیم کیا ہوئے
وہ عاشقانِ احمدِ مختار ہیں کہاں

طوفاں زدوں کو جن کی ضیا تھی دلیلِ راہ
یثرب کی روشنی کے وہ مینار ہیں کہاں

برطانیہ کا کوکبہ ہے دیر سے بلند
ہندوستان کے قافلہ سالار ہیں کہاں

دیکھو جسے اسیرِ طلسمِ فرنگ ہے
توڑیں جو یہ طلسم وہ احرار ہیں کہاں

آپس کی پھوٹ ختم ابھی تک نہیں ہوئی
آزادیٔ وطن کے طلب گار ہیں کہاں

مفقود ہے دلوں سے مدارات و آشتی
جن سے لڑیں گے آپ وہ ہتھیار ہیں کہاں

Marfat.com

# پاپ کی ناؤ

تجھے کیا سناؤں میں ہم نشیں مرے غم کا قصّہ طویل ہے
مرے گھر کی لُٹ گئی آبرو ہوا جب سے غیر دخیل ہے

نئے عہد کی ہیں یہ برکتیں کہ ہے بھائی بھائی میں دُشمنی
وطن عزیز اسی لئے تو زمانہ بھر میں ذلیل ہے

ہیں نئی روش کی عدالتیں ہیں نرالے ڈھنگ کے فیصلے
نہ نظیر ہے نہ دلیل ہے نہ وکیل ہے نہ اپیل ہے

ہیں کسی کے پاؤں میں بیڑیاں تو کسی کے گھر کی ہیں قرقیاں
نگہِ عتابِ فرنگ کا جسے دیکھئے وہ قتیل ہے

ابھی وہ دباؤ نہیں پڑا جو ڈبوئے پاپ کی ناؤ کو!
انہیں جا کے کہہ دو اسی لئے تمہیں اتنی دی گئی ڈھیل ہے

Marfat.com

# حزب العمال

اُڑتی سی اک خبر ابھی آئی ہے تار پر
سرمایہ دار چل دیئے مزدور آ گئے

جو مطلق العنان تھے جڑ ان کی کٹ گئی
جو کرتے تھے حمایت دستور آ گئے

ہو مژدہ اعتدال پسندانِ ہند کو
تھے اُن کی دوستی میں جو مشہور آ گئے

اِس انقلاب سے مری آنکھوں کے سامنے
جتنے بھی تھے حقائق مستور آ گئے

قیصر پرانی وضع کے گر مٹ گئے تو کیا
اُن کی جگہ نئے نئے فغفور آ گئے

یہ فرقۂ جدید بھی انگریز ہی تو ہے
خونِ رگِ بریدۂ چنگیز ہی تو ہے

Marfat.com

# اسیرانِ فرنگ

## سرِجانِ میفی کے کُشتگانِ ناز

پیستے ہیں جیل میں چکی اسیرانِ فرنگ — آسیائے گردشِ دوراں ہے زندانِ فرنگ
جو نہ دے ان کو ضمانت قید کاٹے تین سال — کیوں نہ ہو تثلیث ہی ٹھہرا جو ایمانِ فرنگ
پاؤں میں بیڑی گلے میں تختی اور ہاتھوں میں داغ — اُمّتِ مرحوم پہ کیا کیا ہیں احسانِ فرنگ
آسیا کا دستہ حجّت حلقۂ جولاں دلیل — اپنی منطق پر ہیں نازاں نکتہ سنجانِ فرنگ
صبح گو گوبھی کے ڈنٹھل شام کو ابلی مسور — ہم رہے اس شان سے برسوں ہی مہمانِ فرنگ
ہم سیہ بختوں کو روغن بھی ملا ہو کر سیاہ — کیوں کہ ہے روغن کی زردی حصّۂ خوانِ فرنگ
نرخِ گندم نے ہمیں اولادِ آدمؑ کر دیا — ورنہ کھاتے تھے چنے ہم مثلِ گاوانِ فرنگ

چھ چھٹانک آٹے میں مٹھی بھر وہ ہو شملہ کی دھول
ورنہ کیا یاد آئے گا اندازۂ نانِ فرنگ

Marfat.com

ایک دن سرجان میفی سے یہ مُسلم نے کہا
اے کہ اس کشور میں ہے تو مظہر شانِ فرنگ

کچھ خبر اس کی بھی ہے تجھ کو کہ تیرے دور میں
خلق کو ہے شکوۂ جور فراوانِ فرنگ

صوبۂ سرحد کے اندر اک قیامت ہے بپا
غرق اٹک میں ہو گئے سب عہد و پیمانِ فرنگ

لے کے بنوں سے پشاور تک جدھر ڈالی نظر
سب کے سب تھے خستۂ شمشیر و پیکانِ فرنگ

ان کے اندر ہندو و مُسلم ہیں دونوں پائمال
اُن کے خوں سے لالہ گوں ہے سُم یکرانِ فرنگ

تیرے مسلک میں ہے سنگ راہ مغرب کانگرس
تیری نظروں میں خلافت خار دامانِ فرنگ

یہ بھی سوچا تو نے ہوگا اس جفا کا حشر کیا
کب تک آخر یہ خروش و جوش طوفانِ فرنگ

---

حضرتِ میفی نے جب باتیں یہ مُسلم کی سنیں
اس طرح گرجا یہ فخر ضیغمستانِ فرنگ

"دل" تمہارا بات اچھی طرح ہم نے سن لیا
ہم ہیں استاد اور تم طفلِ دبستانِ فرنگ

تم وکالت جن کی کرتا ہے وہ باغی لوگ ہے
ہے وہ سب کا سب حلیفانِ حریفانِ فرنگ

کانگریس کو اور خلافت کو کرے گا ہم تباہ
گر نہ یہ دونوں رہا ہو کر غلامانِ فرنگ

---

یہ جواب صاف مُسلم سن کے شملہ چل دیا
جس کی چوٹی پر ہے اونچی سب سے دکانِ فرنگ

لارڈ ریڈنگ اس دکاں میں بیچنے کو آئے ہیں — ہندیوں کے ہاتھ جنسِ عدل و احسانِ فرنگ

دیکھئے مسلم کو کیا سودا یہاں آتا ہے ہاتھ — وزن قائم کس طرح رکھتی ہے میزانِ فرنگ

لاٹ صاحب نے بھی گر سر جان میفی کی طرح — عدل کے چہرہ پہ ڈالا پردۂ آنِ فرنگ

مسلم شوریدہ کا یہ آخری ہوگا پیام — رب اکبر سے کرو خوف اے خدایانِ فرنگ

یوں ہی گر ہوتا رہا سرحد کی آبادی پہ ظلم
سب دھرا رہ جائے گا یہ سازو سامانِ فرنگ

Marfat.com

# نغمۂ حریت

## جمعیۃ العلمائے ہند کے اجلاس پشاور میں

تازہ انصار کا آئین مواخات کرو — زندہ اسلاف کی دیرینہ روایات کرو

سرنگوں ہونے نہ دو ملتِ بیضا کا علَم — روشن آفاق میں اللہ کی آیات کرو

مسجد و منبر و محراب کا کھینچو نقشہ — محو نقشِ ہبل و نائلہ و لات کرو

لیں اگر نام پیمبر کا ادب سے ہندو — اُن کی دلجوئی کرو اُن سے مواسات کرو

لیکن اس ذاتِ گرامی سے انہیں ہو جو خلش — تو مری طرح انہیں نذرِ زکاہات کرو

صاف کہہ دو نہیں ہم تم سے کسی بات میں کم — کسی انگریز سے جس وقت ملاقات کرو

تم ہو آزاد غلامی نہیں دیتی تمہیں زیب — پارلیمنٹ سے دب کر نہ مولات کرو

آئے لندن سے کمیشن تو اُسے منہ نہ لگاؤ — جس میں اسلام کی عزت ہو وہی بات کرو

مغرب اور اُس کے تمدن پہ مٹے جاتے ہو — دیکھو اپنے عمل اور فکر مکافات کرو

اپنے ہاتھوں سے گلا کاٹ رہے ہو اپنا — دشنۂ غیر کی ناحق نہ شکایات کرو

پاس خیبر بھی ہے اور اس میں علی مسجد بھی — دور کیوں جاتے ہو مرحب سے یہیں بات کرو

دیکھنا چاہتے ہو کفر کو گر سر بسجود
بندگی اپنے خداوند کی دن رات کرو

Marfat.com

# سائمن کمیشن کی نوازشات کا تجربہ

کمیشن سے تعاون کرنے والے یہ تو فرمائیں
کہ آخر اس خوشامد کا صلہ اُن کو وہ کیا دے گا

نئی عزت ملے گی کون سی ان کاسہ لیسوں کو
وہ کس سرخاب کے پر ان کی ٹوپی میں لگا دے گا

وفا کی ناک رگڑیں گے اگر یہ اُس کی چوکھٹ پر
تو کیا وہ بیڑیاں ان کی غلامی کی بڑھا دے گا

مسلماں گر اقلیت میں ہیں مدراس کے اندر
تو کیا وہ ہندوؤں کی اکثریت کو گھٹا دے گا

تناسب ہندوؤں کا کشور پنجاب میں کم ہے
تو کیا اسلام کی خاطر وہ مندر اُن کے ڈھا دے گا

یہ سچ ہے لے مریں گے کچھ نہ کچھ ان سے موالاتی
کسی کو سر کرا دے گا کسی کو جج بنا دے گا

مگر یہ وہ چچوڑی ہڈیاں ہیں خوان مغرب کی
جنہیں وہ پھینک کر مشرق کے کتوں کو لڑا دے گا

مسلمانوں! ہے ناموس وطن اس وقت خطرہ میں
بچاؤ گے جو تم اس کو خدا تم کو جزا دے گا

اگر ٹھکرا دیا تم نے کمیشن کو تو سن لینا
تمہارے نام کا ہندوستاں ڈنکا بجا دے گا

تعاون کر کے انگریزوں سے اب تک کیا لیا تو نے
نہ سمجھے ہو تو سمجھو تم کو جو دے گا خدا دے گا

Marfat.com

# فحش اشتہار

سرکار کے بجٹ میں ہے کس بات کی کمی　　　خرمہرہ بھی ہے سیم بھی ہے اور طلا بھی ہے
ابواب جلب زر کے جہاں اور ہیں وہاں　　　چکلے بھی ہیں شراب بھی ہے اور جوا بھی ہے
سرکار کے خزانہ میں کچھ حصہ ساتھ ساتھ　　　آزادیٔ ضمیر کے جرمانہ کا بھی ہے
"فحش اشتہار" پہلے بھی چھپتے تھے لیکن آج
ان میں ملامقاطعہ کا فلسفہ بھی ہے

Marfat.com

# تخت یا تختہ

نکہتِ گل کے عوض دوشِ صبا پر اب کی بار
بوئے جانِ گلشن میں لائی ہے بہارِ انقلاب

جھومتے آتے ہیں محفل میں وہ رندِ لم یزل
جن کی آنکھوں سے ٹپکتا ہے خمارِ انقلاب

وضعِ عالم میں تغیر کے ہویدا ہیں نشاں
جوش میں ہے جذبۂ بے اختیارِ انقلاب

چھوٹنے والی ہے آزادی کے سورج کی کرن
اٹھ رہا ہے پردۂ شب ہائے تارِ انقلاب

خیرہ ہو جانے کو ہے بینائی استبداد کی
سر پر آ چمکی ہے تیغِ آبدارِ انقلاب

الحذر اے خرمنِ بیدادِ مغرب الحذر
مجمرِ مشرق میں رقصاں ہے شرارِ انقلاب

ہند کے چاکِ گریباں کا ہے کیا اس میں قصور
پنجۂ یورپ ہے خود پروردگارِ انقلاب

سر بکف میداں میں آ پہنچے جوانانِ وطن
جن کی قربانی پہ ہے دار و مدارِ انقلاب

کھیلتے آئے ہیں نل کے وقت سے ہندو جوا
ان کی یہ فطرت ہے اب رہنِ خمارِ انقلاب

گھر سے نکلے ہیں مسلماں بھی کفن باندھے ہوئے
نعرۂ تکبیر ہے مضرابِ تارِ انقلاب

خاک میں مل جائے گا سرمایہ داری کا غرور
گر یہی ہے گردشِ لیل و نہارِ انقلاب

وقت آ پہنچا کہ یا مرجاؤ یا آزاد ہو!
تخت یا تختہ ہے حکمِ تاجدارِ انقلاب

---

Marfat.com

# غلاموں کا مذہب

غیر کے محکوم ہونے سے کہیں اچھی ہے موت
تف ہے ایسی زندگی پر جو غلامی میں کٹے

قدحِ ٹامی شغلِ جلوت ہی سہی لیکن یہ کیا
جتنی خلوت کی ہو مہلت مدحِ ٹامی میں کٹے

تھا بریلی طعنہ زن کل تک تو ہے لاہور آج
دن ہمارے شہرتِ کفرِ دوامی میں کٹے

شوق سے بدنام کرلیں ہم کو یارانِ کہن
یوں ہی شاید اُن کی فرصت نیکنامی میں کٹے

جب تک آزادی نہ ہوگی ہم نہ ہوں گے شاد کام
دیکھئے یہ عمر کب تک تلخ کامی میں کٹے

Marfat.com

# شِکوہ

عرض کر حضرتِ اقبال سے جا کر یہ صبا
اے کہ دُنیائے سخن میں تری تمثال نہیں

ماجرا کیا ہے کہ کچھ رونے سے خاموش ہے تو
گرم پرواز ترا فکرِ سبک بال نہیں

بزم کہتی ہے کہ تو جب سے نہیں زمزمہ سنج
کسی آہنگ میں وہ سُر نہیں وہ تال نہیں

باندھنے کے لئے مضموں نہیں ملتے تجھ کو
یا روانی پہ تری طبع ہی فی الحال نہیں

کونسا دن ہے کہ سر پر کوئی بجلی نہ گری
کون سی شب ہے کہ آیا کوئی بھونچال نہیں

کون سا گوشہ ہے ماتم نہیں جس میں برپا
کون سا خطہ ہے جو مضطرب الحال نہیں

شاہزادے سے عقیدت نہیں کس بستی کو
کشورِ ہند کے کس شہر میں ہڑتال نہیں

یہ مباحث ترے نزدیک ہیں فرسودہ اگر
تو خلافت کے مضامین تو پامال نہیں!

ان معارف ہی سے کر آگے جہادِ اکبر
شرع کو تجھ سے تقاضائے زر و مال نہیں

کب جنوں مصلحت اندیش ہوا کرتا ہے
آج کیوں یاد تجھے اپنے ہی اقوال نہیں

تنت کے وقت میں اپنوں سے نہ منہ پھیر کہ تو
دولتِ اسلام کی ہے کفر کا اقبال نہیں!

Marfat.com

# انتخابِ جُداگانہ

مذہب کی شرط کیا ہے مسلمان کے لئے
جس کے نہ ماننے سے وہ ہے موردِ عذاب

ایمان غیب پر ہو مگر پختگی کے ساتھ
تھا اس سوال کا یہی قرآن میں جواب

اعلان کر رہے ہیں مگر مفتیانِ ہند
اس باب میں ہے تشنہ خود اللہ کی کتاب

ان محرمانِ سرِ ازل کے خیال میں
اسلام کی ہے شرط جُداگانہ انتخاب

یہ شرط اٹھ گئی تو بس اسلام مٹ گیا
ہندوستاں میں خانۂ ملّت ہوا خراب

ہندو سے لیا اگر اسلامیوں نے ووٹ
تھامے ہوئے چلیں گے وہ الحاد کی رکاب

کافر ہی کافر آئیں گے اس ملک میں نظر
وہ ہوں گے اور اُن کے ستم ہائے بے حساب

فطرت میں جو ہیں شیر وہ بن جائیں لومڑی شغال
اے ربّ کعبہ کیا ہے نرالا یہ انقلاب

کیوں ڈرنے لگ گئے ہیں بتوں سے خدا پرست
عصفور سے لرزنے لگا کس لئے عقاب

باطل کی کیا مجال کہ زک حق کو دے سکے
لائی ہے رات بھی کبھی نورِ سحر کی تاب

مخلوط انتخاب کو منظور تو کرو
ہوتے ہی رائج اس کے سب اُٹھ جائیں گے حجاب

تم ظلمتوں کے وہم سے ہو پیچ و تاب میں
اور سامنے ہے حق کا درخشندہ آفتاب

۱۱- اکتوبر ۱۹۲۸ء

Marfat.com

# شہیدانِ حرّیت کی یاد میں

بسکہ سیرِ قدس پر پیکِ خیال آمادہ ہے
کہکشاں کی جلوہ افشانی فروغِ جادہ ہے

میرے مضموں ہیں اچھوتے، میرے نغمے ہیں لطیف
گوشِ معنی پردہ ہائے غیب کا دلدادہ ہے

مَے سے مستغنی ہوں اور معشوق سے ہوں بے نیاز
طبعِ موزوں سادہ ہے اور فکرِ رنگیں بادہ ہے

خاکِ کاکوری میں ہے خونِ شہادت کا یہ رنگ
ذرّہ ذرّہ لعل ہے یاقوت ہے بیجادہ ہے

پھول پھل لانے کو ہے اُگتے ہی آزادی کا بیج
کل وہی استادہ ہوگا آج جو افتادہ ہے

---

۱۷ جنوری ۱۹۲۸ء

Marfat.com

# جمعیۃ العلماء کے فتویٰ کی ضبطی

باقی نہ رہا جب کوئی ڈھنگ اور جفا کا
فتویٰ ہی لیا چھین انہوں نے علماء کا

کر دیکھیں دلِ مسلم ناشاد کو بھی ضبط
اس پر بھی وہ ڈالیں اسی انداز سے ڈاکا

فتویٰ تو پھر اک پرزہ کاغذ ہے کہ اس کو
بازیچہ بنا سکتی ہے سرکار صبا کا

قرآن کی آیات کو کاغذ سے مٹا دو
اور چھاپ لو اس پر سبق اقرار وفا کا

یا اس کو بھڑکتے ہوئے شعلوں میں جلا دو
پھر کام لو اس سے خطِ پاشاں کی ضیا کا

لیکن دلِ مسلم نہیں کچھ آپ کی جاگیر
یہ گوشہ نشیمن ہے رسولِ دوسرا کا

تھامے ہوئے رہتے ہیں اسے عرش کے حامل
یہ پایہ ہے تختِ شہِ لولاک لما کا

لوحِ دلِ مسلم پہ ہے منقوش ابد تک
قرآں کہ خلاصہ ہے وہ منشور قضا کا

مٹتا ہے مٹائے سے کہیں نامہ تقدیر
قانون کہیں ضبط ہوا بھی ہے خدا کا

---

۸ ستمبر ۱۹۲۷ء

Marfat.com

# سائمن کمیشن کا خیر مقدم

جب آئیں سائمن اس طرح استقبال ہو جائے
کہ پہنچیں جس جگہ نازل وہیں ہڑتال ہو جائے

زوال اسلامیوں کا اس سے بڑھ کر اور کیا ہوگا
کہ جو اُن کا تھا وہ انگریز کا اقبال ہو جائے

ہمارا یہ وطن آزاد ہو چٹکی بجاتے میں
ہر اک ہندو اگر پنڈت جواہر لال ہو جائے

خدا کی شان ہے جو سورۂ زلزال رٹتے ہیں
وہ ہوں خاک اور کاشی کا صنم بھونچال ہو جائے

سنبھالیں چونچ برکن ہیڈ اور اُن کے ہمنواطا
ذرا اگر عندلیب اسلام کی چونچال ہو جائے

خلافت، کانگرس اور لیگ کا ایکا یہ کہتا ہے
کہ اُلٹی آسمان پیر کی ہر چال ہو جائے

اگر ہندوستاں کو نعمت آزادی کی حاصل ہو
تو لکھن توس کا برطانیہ میں کال ہو جائے

---

۲۳ جنوری سنہ ۱۹۲۸ء

Marfat.com

# نویدِ امن

لے کر نویدِ امن جب اسلام آگیا ۔۔۔ آزادیٔ حیات کا پیغام آگیا
رندانِ ہند جس کو ترستے تھے دیر سے ۔۔۔ گردش میں پھر وہ رُوح فزا جام آگیا
سرجان سائمن کو ہمارے خروج میں ۔۔۔ اپنے عروج کا نظر انجام آگیا
صیاد پھانسنے ہمیں آیا تھا جال میں ۔۔۔ آتے ہی لیکن آپ تہِ دام آگیا
برطانیہ سے ہم نے موالات ترک کی ۔۔۔ تھا پاس ایک حربہ وہی کام آگیا
پیدا ہوئی وطن میں فضا اتحاد کی ۔۔۔ ہندوستاں بزمرۂ اقوام آگیا

بھُولا جو صبح کا ہو نہ بھُولا کہو اُسے
گر اپنے گھر وہ چل کے سرِ شام آگیا

---

۱۸- فروری ۱۹۲۸ء

Marfat.com

# دو سائے

کبھی ہندوستاں بھی صاحبِ تاج و نگیں ہو گا
سُنیں گے لارڈ برکن ہیڈ ہماری بھی کبھی دھمکی

بدل دے گا الٰہ العٰلمین ذلّت کو عزّت سے
ذلیل اس طرح رہ سکتی نہیں اولادِ آدم کی

علم احرار کا لہرائے گا مینارِ دہلی پر
صفِ استبداد کے حلقوں میں مچ جائے گی ماتم کی

یکایک خیرہ ہوں گی دیوِ استعمار کی آنکھیں
ہماری تیغ جوہر دار عریاں ہو کے جب چمکی

کہاں تک اس کے آگے بند باندھو گے غلامی کا
روانی رُک نہیں سکتی ہے آزادی کے قلزم کی

خوشامد ہو نہیں سکتی محمدؐ کے غلاموں سے
اُن ابن اللّصیوں کی جو ہیں اُمّت ابنِ مریم کی

ہمارے سر پہ دو سائے ہیں، ایک اللہ کا سایہ
اور ایک اس ذاتِ اقدس کا جو رحمت ہے دو عالم کی

---

۲۵۔ فروری ۱۹۲۸ء

Marfat.com

# چگونگی آمد و شد سائمن

## نوحۂ وفاکیشانِ اَزَلی

راجہ نرندر ناتھ۔

سائمن آں کہ بدیں شہر و دیار آمد و رفت — دلبرے بود کہ مارا یکبارہ آمد و رفت
باز لاہور از آفاتِ خزاں شد پامال — حیف در گلشنِ پنجاب بہار آمد و رفت

مسٹر منوہر لال۔

بشنو از چاکِ گریباں کہ چیساں در کفِ ما — تارے از زلفِ سمن بوئے نگار آمد و رفت

## ترانۂ احرار

صبحِ امید کہ از زاویۂ غیب دمید — خبر آورد کہ عہدِ شبِ تار آمد و رفت
اے عزیزانِ وطن ! ابرِ سرِ گنجِ پنجاب — مژدگانے ! کہ زبرطانیہ مار آمد و رفت

باش تا بشنوی از حلقۂ رندانِ جہاں
کہ دگر بار زبوں آمد و زار آمد و رفت

۲۸-مارچ ۱۹۲۸ء

Marfat.com

# مشق ناز

ترا رسد کہ جہانے بہ ترکتازکشی
گہے عراق کشی و گہے حجاز کشی
ہوئی تمام رعایا تباہ اور برباد
کہاں سے سیکھی ہے محمود نے ایاز کشی
یہ کہہ رہے ہیں ملیبار و جلّیاں والہ
"کسے نہ ماند کہ دیگر بہ تیغ ناز کشی
مگر کہ زندہ کنی خلق را و باز کشی"

Marfat.com

# سرجان سائمن کا دوسرا مقاطعہ

سائمن صاحب کے استقبال کا وقت آگیا — جاگ اے لاہور اپنے فرض کو پہچان کر
ان کے رستے میں کئی آنکھیں بچھائی جاچکیں — تو بھی اے خونِ جگر چھڑکاؤ کا سامان کر
چھین خود لیں گے نہ ان کو لینے دیں گے ایک دم — گھر سے اے پنجابیو نکلو یہ جی میں ٹھان کر
ریل سے اتریں تو کالی جھنڈیاں ہوں سامنے — جن کے اندر تم کھڑے ہو سینہ اپنا تان کر
تجھ کو اے پنجاب اگر کچھ بھی ہے پاس آبرو — اپنی اس عزت پر اپنی جان کو قربان کر
طالب العلموں کے خونِ گرم کے کھولاؤ سے — جوشِ آزادی کا برپا آتشیں طوفان کر
نوجوانوں کو پلا جامِ شرابِ زندگی — مشکلیں رندانِ دُرد آشام کی آسان کر
کٹ کے بیگانوں سے مل جانا یگانوں سے سکھا — لارڈ برکن ہیڈ کو نرگس کی طرح حیران کر

ہر قدم پر ہو کمیشن کا مکمل بائیکاٹ
طول و عرض ملک میں ڈنکے کی چوٹ اعلان کر

۱۶ اکتوبر ۱۹۲۸ء

Marfat.com

# پرانی شراب نئی بوتل میں

## مسٹر رمزنے میکڈانلڈ رہنمائے حزب العمال کا دورِ حکومت

### پہلا دور

کس مپرسی کے دنوں میں تو ہمارے نئے صدر — کرتے رہتے تھے بہت عشوۂ غمخوارئ ہند
کہتے رہتے تھے کہ عمال کا ہوتے ہی عروج — ختم ہو جائیں گے ایام نگونسارئ ہند
بے سبب ہم سے نہ تھی آپ کی یہ ہمدردی — آپ بے وجہ نہ کرتے تھے طرفدارئ ہند
آپ واقف تھے اُن اسباب سے جن کے باعث — بڑھتی جاتی تھی ہر انگریز سے بیزارئ ہند
ہم تو کیا چیز ہیں خود آپ کی یہ حالت تھی — کہ نہ ضبط ہی سے بچی آپ کی "بیدارئ ہند"
آپ کو اچھی طرح تھی یہ حقیقت معلوم — کہ گرفتارئ گاندھی ہے گرفتارئ ہند
اب جو ہاتھ آپ کے آئی ہے حکومت کی عناں — تو اس انداز سے فرماتے ہیں دلدارئ ہند
کہ نہ چھوڑی روش ترک موالات اُس نے — تو یہ مشکل ہے کہ آسان ہو دشوارئ ہند

Marfat.com

اُچھی ہے سلف گورنمنٹ کی خواہش لیکن
ہونے پائے متزلزل نہ وفاداریٔ ہند"

"کوئی انگریز نہ تہدید سے ہو گا مرعوب
اس سے ہلکی کبھی ہو گی نہ گرانباریٔ ہند"

ہے یہ وہ قوم جو کل تک تھی ہماری دمساز
آج کرتی ہے مگر وعظ غلط کاریٔ ہند

دل نوازی میں یہی لوگ تھے کل تک مشہور
آج کرتے ہیں جو اس طرح دل آزاریٔ ہند

تہنیت کے اگر اس پر بھی انہیں جائیں پیام
متقاضی ہے کب اس بات کی خودداریٔ ہند

## دُوسرا دَور

اس میں لیبر ہو کہ لبرل ہوں کہ کنسرویٹو
سب کا مقصود ہے ایک اور وہ ہے خواریٔ ہند

باہمی جنگ کا ہے سلسلہ قائم جب تک
علم انگریز کا ہے اور عملداریٔ ہند

ڈیڑھ سو سال کے ہاتھ اور گریباں ہیں گواہ
اسکا کام نہ زور و نہ زر و زاریٔ ہند

جب تک اپنے ہی مسیحانہ معالج ہوں گے
نہیں ممکن کہ کبھی دُور ہو بیماریٔ ہند

---

۶ر جون ۱۹۲۹ء

Marfat.com

# فریاد

ہر دل میں ہے یہ آرزو ہندوستاں آزاد ہو
یہ گھر جو ہے اُجڑا ہؤا اک بار پھر آباد ہو

دنیا میں اس کا مرتبہ ہو ساری قوموں سے بڑا
جو بھی ہو اس کا فیصلہ عالم کا اس پر صاد ہو

سرمایہ داری کا عَلم ہو ایشیا میں سرنگوں
برباد استعمار ہو، نابود استبداد ہو

یہ نور ابھی چھننے لگے بینش اگر ہو آنکھ میں
یہ قصر ابھی بننے لگے اسلام اگر بنیاد ہو

کعبے کی ساری آبرو صرف کلیسا ہو گئی
جب دل ہی پہلو میں نہیں پھر لب پہ کیوں فریاد ہو

۲۵ اکتوبر ۱۹۲۹ء

Marfat.com

# روزنامہ مساوات

بدل جاؤ سنو میری اگر بات — کہ ہیں بدلے ہوئے دنیا کے حالات
فلک پر جلوہ افشاں ہے نیا دن — زمیں پر ظلمت آرا ہے نئی رات
ہوئے ہیں بطن گیتی سے ہویدا — اچھوتے اور نرالے انقلابات
علم داران ناموس شریعت — سکھاتے ہیں نصاریٰ سے موالات
نگہداران آئین طریقت — پڑھاتے ہیں ہمیں درس خرافات
شریفوں پر ہوا ہندوستاں تنگ — زمانہ کے ہیں یہ بھی اتفاقات
صحافت آج ان کے ہاتھ میں ہے — بسر ہے گالیوں پر جن کی اوقات
نکل آئے ہیں اپنے بل سے توڑی — کہ آپہنچا ہے وقت انتخابات
کرو پھر تازہ آئین کہن کو — نہیں بھولے اگر اپنی روایات
بھروسہ ہی جو کرنا ہو کسی پر — تو کیا کافی نہیں اللہ کی ذات
غلامی کے سلاسل کاٹ ڈالو — مٹا کر ہندوؤں سے اختلافات
وطن کے واسطے یثرب سے لاؤ — اخوت اور آزادی کے سوغات
یہی پیغام عالم دے رہا ہے — یہی انعام لایا ہے "مساوات"

Marfat.com

# ہیکلِ تفریح کے پرستار

اس درجہ نصاریٰ کی وہ تعظیم کریں گے
خود اپنی شریعت ہی میں ترمیم کریں گے

رکھیں گے روا دین کے ناموس کی توہین
انگریز کے آئین کی تکریم کریں گے

کہہ دیں گے جو اغیار کہ اسلام ہے ناقص
بے چون و چرا اس کو وہ تسلیم کریں گے

دنیا کے کسی مسئلہ پر ہو گی اگر بحث
قرباں یہ وہاں دین کی تعلیم کریں گے

پاپائیوں سے بھی جو ابھی تک نہ ہوا تھا
وہ کام یہ فرزندِ براہیمؑ کریں گے

مل جائے گی اُن کو جو تفریح کی خرافات
جب علم کی میراث کو تقسیم کریں گے

جس قوم کی فطرت ہی سے آگاہ نہیں ہیں
کیا خاک یہ اس قوم کی تنظیم کریں گے

---

۱۹ر اکتوبر ۱۹۲۹ء

Marfat.com

# جشنِ آزادیٔ کشمیر

گھر سے نکلے ہو پیمبر کے گھرانے والو
تو سر اللہ کے رستے میں کٹاتے جاؤ

نوعِ انساں کو غلامی سے چھڑانے والو
پرچمِ آزادیٔ کامل کا اڑاتے جاؤ

دوش پر بارِ امانت کے اٹھانے والو
درجۂ آدم سے فرشتوں کا گھٹاتے جاؤ

دونوں دنیاؤں کی رحمت کے خزانے والو
دونوں ہاتھوں سے یہ گنجینہ لٹاتے جاؤ

گردنیں قیصر و کسریٰ کی جھکانے والو
یہی زور آج بھی دنیا کو دکھاتے جاؤ

خانۂ ظلم کی بنیاد کے ڈھانے والو
اینٹ سے اینٹ پھر اس گھر کی بجاتے جاؤ

نغمۂ توحید کا ہر بزم میں گانے والو
ناچ تگنی کا حریفوں کو نچاتے جاؤ

شورِ اِن الحکم کا دنیا میں مچانے والو
اپنی ہر شرط کی تعمیل کراتے جاؤ

باندھ کر سر سے کفن جنگ میں جانے والو
ندیاں خونِ شہادت کی بہاتے جاؤ

خیلِ احرار میں نام اپنا لکھانے والو
اپنی گنتی کو ستاروں سے بڑھاتے جاؤ

رسن و دار کو خاطر میں نہ لانے والو
جشنِ آزادیٔ کشمیر مناتے جاؤ

Marfat.com

# انقلابِ ہند

بارہا دیکھا ہے تو نے آسماں کا انقلاب
کھول آنکھ اور دیکھ اب ہندوستاں کا انقلاب

مغرب و مشرق نظر آنے لگے زیر و زبر
انقلابِ ہند ہے سارے جہاں کا انقلاب

کر رہا ہے قصرِ آزادی کی بنیاد استوار
فطرتِ طفل و زن و پیر و جواں کا انقلاب

صبر والے چھا رہے ہیں جبر کی اقلیم پر
ہو گیا فرسودہ شمشیر و سناں کا انقلاب

چٹکلے دو چھوڑ اور چرچل کا قصہ پاک کر
تو نہیں بھولا امان اللہ خاں کا انقلاب

---

گجرات یکم مئی ۱۹۳۰ء

Marfat.com

# فرزندانِ سرحد

ملک الموت کو خاطر میں نہ لانے والے
گولیاں تانے ہوئے سینوں میں کھانے والے

قبر تک صبر کو سہتے ہوئے جانے والے
صبر کا معجزہ دنیا کو دکھانے والے

رنگ اسلام کا محفل میں جمانے والے
اپنے ہی خون شہادت میں نہانے والے

اپنے اقبال کا نقارہ بجانے والے
ناچ طاغوت کو تگنی کا نچانے والے

دل کی بستی کو محبت سے بسانے والے
شیخ کا جوڑ برہمن سے ملانے والے

ہندوؤں کے لئے گھر بار لٹانے والے
شان ایثار زمانہ کو دکھانے والے

کشور ہند کو آزاد کرانے والے
نام مشرق سے غلامی کا مٹانے والے

جانتے بھی ہو کہ کس خاک سے اٹھی ہے یہ قوم
جس کے گن گاتے ہیں اور گائیں گے گانے والے

فخر ہے صوبۂ سرحد کو کہ اس کے ذرّے
ہیں خمیر اس کی شجاعت کا اٹھانے والے

دنگ ہیں دیکھ کے اس قوم کے یہ رنگ ڈھنگ
نارمن بولٹن اور اُس کے گھرانے والے

سجن فرنگ گجرات پنجاب

Marfat.com

# پرچم ہند کی اڑان

میری طرح سڑی نہیں لٹھ وہ پولس کے کھائے کیوں
بیٹھ کے دیسراہ کے ساتھ شیخ پیئے نہ چائے کیوں

قیدِ فرنگ و ہند زیست فرق سے بے نیاز ہیں
موت سے پہلے آدمی جیل سے باہر آئے کیوں

ضبطِ فغاں ہے ہم نفس جبرِ فرنگ کا جواب
دعوئ صبر ہو جسے درد سے تلملائے کیوں

بے گنہوں کے خوں کا داغ پیرہنِ فرنگ پر
پردہ انقلاب میں رنگ قضا نہ لائے کیوں

ٹوڈیوں کی ہر اک دلیل جب کہ ہے خس سے بھی ذلیل
بیٹھ کے گول میز پر دینے لگے وہ رائے کیوں

علتِ مفلسی میں جب ووٹ بھی ہم نہ دے سکیں
جیل میں بھیج کر یہ ناچ آپ نے پھر نچائے کیوں

Marfat.com

مستتر اس حجاب میں شرم ہے ہر گناہ کی
ریش دراز کا حجاب چہرہ سے شیخ اٹھائے کیوں

دودھ پلانے کیلئے بیوی ہے گھر میں حب دو دھیل
لالہ جی پھر خرید کر گاؤں سے لائے گائے کیوں

جس کے قدم کی خاک ہو سارے جہاں کی سجدہ گاہ
غیر کے آستانہ پر جا کے وہ سر جھکائے کیوں

برہمن اور شیخ کے دل ہوں اگر ملے ہوئے
تام نئے نئے ستم آئے دن اُن پہ ڈھائے کیوں

ہے رگ جاں کی شرمسار پرچم ہند کی اڑان
جو نہ پلا سکے یہ ڈور وہ یہ پتنگ اڑائے کیوں

ابر مطیر انقلاب سارے جہاں پہ چھا گیا
ہند پہ بھی یہ ابر تر جھوم کے چھا نہ جائے کیوں

---

گجرات سپیشل جیل
۱۹ دسمبر ۱۹۳۰ء

Marfat.com

# کانگریس اور حکومت کی صلح

ہندوستاں غلام تھا آزاد ہو گیا
اجڑا ہوا یہ باغ پھر آباد ہو گیا

بلبل قفس سے اڑ گئی پر تولتی ہوئی
قید اس قفس میں آج سے صیاد ہو گیا

اہل وطن رہا ہوئے قید فرنگ سے
جس نے سنا یہ مژدہ وہ دل شاد ہو گیا

برطانیہ کا جبر گیا جس پہ تھے صبر
ہندوستاں کے امن کی بنیاد ہو گیا

دہلی میں خون ہو گئی لندن کی آرزو
دفتر اس اقتدار کا برباد ہو گیا

چرچل نے جب سنا کہ ہوئی کانگرس کی جیت
گرم فغاں و نالہ و فریاد ہو گیا

گاندھی کہ سرکشوں کے سر اس نے جھکا دیئے
اس فن میں اس زمانہ کا استاد ہو گیا

نقش وفا بنا شہدائے وطن کا خون
اس خوں سے صلح نامہ پہ جب صاد ہو گیا

Marfat.com

# آزادی کا بگل

بدلی ہے زمانے کی ہوا تم بھی بدل جاؤ
ہاتھ آ نہیں سکتا ہے گیا وقت سنبھل جاؤ

حدت مگر اس درجہ ہے خوش ہیں کہ موسم
گر برف کے سانچے میں بھی ڈھالے تو پگھل جاؤ

محنت کے بلاخیز سمندر کے نہنگو
سرمایہ کی مچھلی کو سموچا ہی نگل جاؤ

آزادئ کامل کا علم ہاتھ میں لے کر
میداں میں بجاتے ہوئے ایماں کا بگل جاؤ

ہے آٹھ پہر سے نئی تہذیب کی بارش
رستہ میں ہے کیچڑ کہیں اس میں نہ پھسل جاؤ

حیران ہیں مغرب کے کفن چھوڑ کے مردے
چلاتے ہیں قبروں میں کہ مشرق سے نکل جاؤ

برطانیہ کی میز سے کچھ ریزے گریں گے
اے ٹوڈیو چننے تم انہیں پیٹ کے بل جاؤ

---

یکم جنوری سنہ ۱۹۳۱ء

Marfat.com

# شہیدانِ وطن

شہیدانِ وطن کے خونِ ناحق کا جو ست نکلے
تو اس کے ذرّہ ذرّہ سے بھگت سنگھ اور دت نکلے

چڑھا ایران میں منصور انا الحق کہہ کے سولی پر
مزا جب ہے کہ تا رہند سے ایسی ہی گت نکلے

مسلمانوں نے کتنے نوجواں اب تک کیے پیدا
جو آزادی کے گہوارے میں پا کر تربیت نکلے

خدا حافظ مسلمانوں کے اقبال اور دولت کا
خدا کے شیر بھی نکلے تو شیر آغا صفت نکلے

حقوقِ مسلمیں کے کچھ محافظ چل دیئے لندن
مگر وہ بھی پرستارانِ کیشِ عافیت نکلے

نثار اُس رندِ عالم سوز پر سو جاں سے ہے محفل
کہ جس کوچہ میں جا نکلے حریفِ مصلحت نکلے

رسول اللہ کا ہم گاڑ دیں جھنڈا ہمالہ پر
ہمارے بازوؤں میں گر ید اللّٰہی سکت نکلے

---

۲؍ اپریل ۱۹۲۱ء

Marfat.com

# مُغل پُورہ

مسلمانوں کی قربانی کا ثمرہ مل گیا اُن کو
حکومت جھک گئی پنجاب میں اسلام کے آگے

ہوئیں تسلیم بے چون وچرا چپکی بجاتے میں
شرائط ہم نے جتنی پیش کیں حکام کے آگے

کیا وہ کام جب ہم نے خدا خوشنود ہو جس سے
ہوئی دنیا کی گردن خم ہمارے نام کے آگے

سپر انگریز نے ہندوستاں میں ڈال دی آخر
بصد زاری خدا کے آخری پیغام کے آگے

---

لاہور
۲۴ ستمبر سنہ ۱۹۳۱ء

Marfat.com

# فرمانروائے کشمیر کا اعلانِ عفوِ عمومی

فرمانے لگے ہنس کے مہاراجہ ہری سنگھ
جنبش مرے خامہ کی ہے اس نکتہ کی تفسیر

تقدیرِ فرنگ اور ہے تقدیرِ خدا اور
وہ نقش ہے پانی کا یہ پتھر کی ہے تحریر

تقدیر مو خدا تو ٹلی ہے نہ ٹلے گی
تقدیرِ مقدم پہ ہے غالب مری تدبیر

دیں گے وہی کچھ داد مری بانکی کماں کی
جن کے جگر و دل میں ترازو ہے مرا تیر

خوش مجھ سے ہو گر میری مسلمان رعایا
پھر خطرۂ اغیار سے آزاد ہے کشمیر

---

۵؍ اکتوبر ۱۹۳۱ء

Marfat.com

# خدا کی بے آواز لاٹھی

سدر لینڈ اور اس کا ظلم اگر نابود ہو جائے
تو کشمیری مسلمانوں کا دل خوشنود ہو جائے

مسلماں کو ملا کر خاک میں کیا اس کی خواہش ہے
کہ ذرّہ ذرّہ اس اقلیم کا بارود ہو جائے

کوئی ان ناخدا ترسوں سے پوچھے کیا قیامت ہے
کہ بچپن تک کا پیراہن بھی خون آلود ہو جائے

بخاری کی زباں سے گر حدیثِ قادیاں سن لو
عجب کیا ہے تمہاری عاقبت "محمود" ہو جائے

خدا کی شان ہے اک ریزہ چینِ خوانِ نصاری کا
گدائی کرتے کرتے مہدیٔ موعود ہو جائے

نکالا جائے گر کشمیر سے ہر قادیانی کو
تو بابِ فتنہ اپنے آپ ہی مسدود ہو جائے

شہیدانِ وطن کے خونِ ناحق کے تصدق میں
عجب کیا ہے غلامی کا نشاں مفقود ہو جائے

خداوندا مسلمانوں کے رسوا کرنے والوں میں
کوئی مخذول ہو جائے کوئی مطرود ہو جائے

خدا کے بھولنے والوں کا حشر اس وقت کیا ہو گا
وہ لاٹھی جو ہے بے آواز اگر موجود ہو جائے

---

لاہور ۲۰ ؍ اکتوبر ۱۹۳۱ء

Marfat.com

# احرارِ پنجاب اور نمائندگانِ کشمیر

ہمارے مشوروں کی قدر کیا کشمیر والوں کو
ہمارا حال ہے جن کی نظر میں عبرت ماضی

وہ کہتے ہیں کہ عیسیٰ آپ ہی محتاج درماں ہو
تو کس کام آئے گی کشمیریوں کے اس کی بیاضی

رعایا ہاتھ کیوں پھیلائے اٹھ کر غیر کے آگے
بروئے کار اگر آنے لگے راعی کی فیاضی

خدا کا حکم ہے تم اپنی حالت آپ ہی بدلو
خدا کی جو رضا ہے بندہ اس سے کیوں نہ ہو راضی

ہمارے گھر کا جھگڑا ہے ہم آپ اس کو چکا لیں گے
میاں بی بی ہوں جب راضی تو پھر کیوں دخل دے قاضی

---

۲۹ اکتوبر ۱۹۳۱ء

Marfat.com

# قانونِ انتقالِ اراضی

قانونِ انتقالِ اراضی سے آج کل — بے حد خفا ہیں صوبۂ پنجاب کے ہنود
ان کو یہ شکوہ ہے کہ جب اس ملک کے لئے — ہر طرح سے مفید ہمارا ابھی ہے وجود
دن رات اگل رہی ہیں ہماری ہی تھیلیاں — سرکار کے خزانہ میں ہیں جس قدر نقود
پھر کیوں ہمیں خریدنے دیتے نہیں زمیں — کیوں ہو گئے حقوق ہمارے ہی غتربود
آزاد کیوں ہے بیع و شری میں کسان ہی — کل کائنات جس کی ہے افلاس کا نمود
انصاف مقتضی ہے کہ اٹھ جائیں یک قلم
اس سلسلہ میں جتنی ہیں قانون کی قیود

---

ہر طرح سے بجا ہیں یہ ساری شکائتیں — بے شک زمیں کی ملک کے حقدار ہیں ہنود
لیکن یہ شرط ہے کہ زمیندار کی طرح
خود ہل چلائیں اور غریبوں سے لیں نہ سود

---

۱۷ دسمبر ۱۹۳۱ء

Marfat.com

# اِتّحاد بین الہنود والمسلمین

Marfat.com

# دُسہرا

## کانگرس کی پرارتھنا

ہر ایک پرش ہو بھارت کا دوسرا اٹاگور　　ہر استری کا تخلص سروجنی ہو جائے
ہر ایک شہر میں ہو ودّیا کا دان اتنا　　کہ دیس بھر میں جو کنگال ہے دھنی ہو جائے
کرشن اور یُدھشٹر بنے ہر اک بالک　　ہر ایک کنیّا سیتا و پدمنی ہو جائے
نہ امتیاز رہے ذات پات کا کچھ بھی
ہر ایک شُدر کی لڑکی برہمنی ہو جائے

۸ ردسمبر ۱۹۱۶ء

---

## مُسلمان کی دُعا

نگاہ لُطف ہے یارب تری اگر ہم پر　　تو بخش ہم کو وہ دولت کہ دل غنی ہو جائے
شراب کہنہ سے بھر دے پیالۂ اسلام　　ترے کرم سے پیالہ بہ دہ منی ہو جائے
صنم کدوں میں جھلکنے لگے فروغ حرم　　ہمارے قلب میں پیدا وہ روشنی ہو جائے
تہمتنی کا وقار اس سے گھٹ نہیں جاتا　　اگر شعار ہمارا فروتنی ہو جائے
محمدؐ عربی کے غلام کو کیا ڈر
زمانہ بھر کو اگر اُس سے دُشمنی ہو جائے

۷ر اکتوبر ۱۹۳۲ء

Marfat.com

# بین الاقوامی اُلجھنیں

روس زخمی ہے تو المانیہ ہے بے پر و بال ❊ رہا اٹلی سو ہے بیچارے کی اُکھڑی ہوئی سانس
پڑ نہیں سکتی بھتیجے پہ چچا شام کی زد ❊ جس سے اندیشۂ ایذا ہے وہ طاقت ہے فرانس
شیرِ برطانیہ اِن سب کو کچل سکتا ہے ❊ نہ جگر میں ہو جو اٹکی ہوئی اسلام کی پھانس
خیلِ نمرود کو ڈر ہے تو فقط اِتنا ہے ❊ کہ کہیں دجلہ کی دلدل سے نکل آئیں نہ ڈانس

پھرتے ہیں اہلِ فلسطین بھی باندھے ہوئے لٹھ
اور بریلی سے چلے جا رہے ہیں بانس پہ بانس

Marfat.com

# گوکل کی بانسری کی گونج

اگر کرشن کی تعلیم عام ہو جائے
تو کام فتنہ گروں کا تمام ہو جائے

بپاس خاطر ہمسایہ ہندوار کی روح
نثار حضرت خیر الانام ہو جائے

مٹائیں برہمن و شیخ تفرقے اپنے
زمانہ دونوں کے گھر کا غلام ہو جائے

بدیسیوں کی برائی کی دھجیاں اڑ جائیں
جہاں یہ تیغ دو دم بے نیام ہو جائے

ہوں رام کرنے کو دہلی کے سورما موجود
سمند لندن اگر بد لگام ہو جائے

وطن کی خاک کے ذروں سے چاند پیدا ہوں
بلند اس قدر اس کا مقام ہو جائے

ملیں لنڈھانے کو توحید کی شراب کے خم
تو ساری بزم ابھی آتش بجام ہو جائے

سلیقہ بادہ کشی کا اگر ہو یاروں کو
شکست توبہ کا بھی اہتمام ہو جائے

ہے اس ترانہ میں گوکل کی بانسری کی گونج
خدا کرے کہ یہ مقبول عام ہو جائے

Marfat.com

# ہندوؤں کی تہذیب

## سری رام چندر سے خطاب

نہ تو ناقوس سے ہے اور نہ اصنام سے ہے ہند کی گرمیِ ہنگامہ ترے نام سے ہے
میں ترے شیوۂ تسلیم پہ سر دھنتا ہوں کہ یہ اک دُور کی نسبت تجھے اسلام سے ہے
ہو وہ چھوٹوں کی اطاعت کہ بڑوں کی شفقت زندہ دونوں کی حقیقت ترے پیغام سے ہے
تیری تعلیم ہوئی نذرِ خرافاتِ فرنگ برہمن کو یہ گلہ گردشِ ایام سے ہے

نقشِ تہذیبِ ہنود اب بھی نمایاں ہے اگر
تو وہ سیتا سے ہے لچھمن سے ہے اور رام سے ہے

Marfat.com

# سر مالکم ہیلی کے ملفوظات

جناب حضرت ہیلی کو یہ غم کھائے جاتا تھا
نہ کر دے سرنگوں مشرق کہیں مغرب کے پرچم کو

چھڑی آزادیٔ ہندوستاں کی بحث کونسل میں
تو ظاہر یوں کیا حضرت نے اپنے اس چھپے غم کو

ہماری بھی وہی غایت ہے جو مقصد تمہارا ہے
خدا وہ دن کرے گردوں کے تارے بن کے تم چمکو

علم بردار ہیں انگریز اس تہذیب کے جس نے
دیا ہے درس آزادی تمام اقوامِ عالم کو

حکومت آج تم کو سونپ کر ہو جائیں ہم رخصت
مگر اندیشہ اس میں ہے فقط اس بات کا ہم کو

ہمارے بعد کون اس ہاتھ کی شوخی کو روکے گا
جو بیکل ہے کہ لا کر ڈال دے گنگا میں زمزم کو

مسلماں ہندوؤں کو ایک حملے میں مٹا دیں گے
اڑا لے جائے گا یہ آفتاب آتے ہی شبنم کو

کسی نے کاش یہ تقریر سن کر کہہ دیا ہوتا
کہ دے سکتے نہیں ہو تم اب ان فقروں سے دم ہم کو

مسلماں بھولے بھالے اور ہندو سیدھے سادے ہوں
نہیں احمق مگر ایسے کہ سمجھیں انگبیں سم کو

نبٹتے آئے ہیں آپس میں اور اب بھی نبٹ لیں گے
اگر تم بن کے ثالث بیچ میں ان کے نہ آدھمکو

Marfat.com

# دُسہرہ اور محرم

کریں تیاریاں ہندو مسلماں خیر مقدم کی
ملیں پھر اب کے تقریبیں دسہرے اور محرم کی

اُدھر ہے موجبِ عیش و مسرت قتلِ راون کا
اِدھر ہے ابنِ حیدر کی شہادت وجہ ماتم کی

اُدھر بجتے ہیں پیہم شادیانے کامیابی پر
اِدھر پہنچی ہے ناکامی سے نوبت حسرت و غم کی

اُدھر جمعیتِ خاطر سے نقشہ بند مٹھی کا
اِدھر دل کی پریشانی سے صورت زلفِ برہم کی

کوئی مسرور رہتا ہے کوئی رنجور رہتا ہے
کبھی اک حال میں دیکھی نہیں اولادِ آدم کی

دسہرے اور محرم میں ہے قدرِ مشترک اتنا
عذوبت وہ ہے شکر کی تو شیرینی یہ ہے سم کی

---

خوشی ہے ہندوؤں کو اس لیے یہ فرض ہے اُن کا
کہ دُنیا کو دکھائیں شان اک دلسوز ہمدم کی

مسلمانوں سے اِس غم میں کریں اظہار ہمدردی
بنیں تصویر اس تقریب پر حسنِ خلق مجسم کی

مسلمانوں کے زخمی قلب کو صدمہ نہ پہنچائیں
جو ممکن ہو کریں اس کے لئے تدبیر مرہم کی

مسلمانوں کے غم میں دخل دینے کی ہے کیا حاجت
کہیں پیدا نہ جنّت میں ہو کیفیت جہنم کی

مسلماں بھی نہ اُن کے عیش و عشرت میں مزاحم ہوں
یہی اک کارگر تدبیر ہے اخلاص باہم کی

---

مسلماں اور ہندو پیشتر تھے متفق دونوں
یہ ناچاقی کہاں سے بیچ میں کمبخت آدھمکی

Marfat.com

اسی نے امن کا شیرازہ درہم کر دیا یکسر　　اسی نے مجلس عیش و طرب یک لخت برہم کی

---

فسانہ رام چندر جی کا سب کو یاد ہے از بر　　انہوں نے کس طرح بنیاد حق و صدق محکم کی
شدائد اور مصائب میں رہے وہ مبتلا برسوں　　کسی تکلیف کی اس راہ میں پروا بہت کم کی
شہید کربلا نے جان دی حق کی حمایت میں　　نہیں باطل کے آگے اپنی گردن عجز سے خم کی

---

رہ حق میں رہیں ثابت قدم ہندو ہوں یا مسلم
یہی تعلیم ہے بس اس دسہرے اور محرّم کی

---

۲۵ اکتوبر ۱۹۱۷ء

Marfat.com

# خلافت اور ہنود

قولِ اکبر ہے کہ خونریزی مٹانے کے لئے
حضرت عیسیٰ کو دنیا میں بلانا چاہیئے

امن کے شہزادہ کا لازم ہے گردوں سے نزول
ظالموں پر بس یہی نزلہ گرانا چاہیئے

بندہ کہتا ہے قیامت کی ابھی ساعت ہے دور
ہم کو یہ پہلو ابھی کچھ دن بچانا چاہیئے

ہمتِ مسلم تو ہے چوتھے فلک سے بھی بلند
اس سے بھی اونچا مسلمانوں کو جانا چاہیئے

ضامنِ امن و اماں ہے مصطفیٰ کا نامِ پاک
بس ہمیں اس نام کا ڈنکا بجانا چاہیئے

روضۂ اقدس پہ جا کر ہم کو با صد درد و کرب
حالِ زار اسلام والوں کا سنانا چاہیئے

وہ جو یثرب میں پڑا سوتا ہے میٹھی نیند اسے
مسلمِ بیکس کے نالوں سے جگانا چاہیئے

ایک ڈبکی مارنی لازم ہے گنگا میں ہمیں
ایک غوطہ آبِ زمزم میں لگانا چاہیئے

گلشنِ اسلام میں فصلِ بہار آنے کو ہے
یہ ترانہ قدسیوں کو مل کے گانا چاہیئے

ہندو و مسلم کے گھر میں ہے چراغاں آج کل
جشن دونوں کو خلافت کا منانا چاہیئے

---

۴ فروری سنہ ۱۹۲۰ء

Marfat.com

# مینا اور طوطا

ہوئی کیا وہ بہار اے آریہ ورت  چمن کی زندگی تھے جس کے انفاس
وہ زنگارنگ پھلواڑی کہاں ہے  دماغوں میں ہے اب تک جس کی بو باس
وہ آزادی کدھر ہے جس سے کٹ کر  نہ آئی کوئی بھی تجھ کو ہوا راس
قفس میں بند ہوتی تھی جو طوطی  تو مینا کو دیا جاتا تھا بن باس

یہ طعنہ بھی سنا تو نے کہ تجھ کو
کبھی بھی تھا نہ آزادی کا احساس

Marfat.com

# تہذیبِ ہنود

وہ تہذیب اے ہندوؤ ہو گئی کیا
بجا جس کا ڈنکا تھا دُنیا کے اندر

ہُوئی کیا وہ دولت کہ شوکت تھی اُس کی
چمکنے میں بجلی گرجنے میں تندر

کدھر چل دیا ہے تمہارا وہ کس بل
بنایا تھا ارجن کو جس نے سکندر

کہاں ہے وہ مشعل کسی وقت جس سے
پڑے جگمگاتے تھے کاشی کے مندر

کدھر گم ہوا ساغر اُس وِدّیا کا
بہا جس سے تھا معرفت کا سمندر

تمہارا دھرم بن گیا کھیل اَب تو
ہنومان بندر ہے اور تم قلندر

جو گیتا ہی چشمِ بصیرت سے پڑھ لو
تو نورِ خدا دیکھ لو دل کے اندر

حقیقت شناسی کی گر جستجو ہے
سبق تم کو دیں گے سری اُمچندر

---

۱۳ر اکتوبر ۱۹۱۷ء

Marfat.com

# مقتلِ ننکانہ

خونِ امرت سر کی سُرخی رونقِ ننکانہ ہے
کس قدر رنگین ہماری بزم کا افسانہ ہے

جنسِ آزادی کی ارزانی مسلّم ہے مگر
خونِ ابنائے وطن اس جنس کا بیعانہ ہے

سر کے بل چل کر اکالی آئے مقتل کی طرف
دل میں ہے شوقِ شہادت اور بے تابانہ ہے

جن کے قتلِ عام کا گھر گھر میں ہے ماتم بپا
زندۂ جاوید ان کی ہمتِ مردانہ ہے

بے بصر سمجھے ہیں اک انبارِ خاکستر جسے
اس کے ہر ذرّے میں رقصاں شوکتِ شاہانہ ہے

بُت گری اس عہد میں ہے عقل و دانش کی دلیل
بُت شکن اس دور میں مجنون ہے دیوانہ ہے

گردواروں پہ مہنتوں کا تسلّط ہو گیا
خانۂ نانک نرائن داس کا بُت خانہ ہے

---

اس کو محفل میں ہے اپنی جلوہ آرائی سے کام
شمع کیا جانے کہ جلنا کس لئے پروانہ ہے

Marfat.com

کیا ہوا اگر ہاتھ پر تم نے لیا ریشم لپیٹ اس کے نیچے تو وہی فولاد کا دستانہ ہے
اک نہ اک دن صورتِ حرفِ غلط مٹ جائے گی
جو حکومت مذہبی قانون سے بیگانہ ہے

---

اس طرف گاندھی کی ہے شوکت علی سے رسم و راہ اُس طرف شیطان سے سرکار کا یارانہ ہے
مُرغِ دانا اب نہ اِن گھاتوں سے پھانسا جائے گا
راز دارِ حیلۂ دام و فریبِ دانہ ہے

---

معرفت کا خم مئے حق سے کبھی خالی نہیں لطفِ ساقی اب بھی صرفِ گردشِ پیمانہ ہے
کیا ہُوا بستی ہماری گر اُجڑ کر رہ گئی
کل وہی آباد ہو گا آج جو ویرانہ ہے

---

Marfat.com

# خالصہ کا پیغام

خالصہ کا قول ہے دم میں تو نہال ہو
گر تری زبان پرست سری اکال ہو

کرتے دے انہیں جفا تو مگر نہ ہاتھ اُٹھا
خواہ کیسی ہی قوی وجہ اشتعال ہو

اِک جہاں کے واسطے صدق کی نظیر بن
اک زمانہ کے لئے صبر کی مثال ہو

برچھیوں کے وار کو روکنا اگر پڑے
کینہ سے دُھلا ہُوا سینہ تیری ڈھال ہو

حق کی جلوہ گاہ میں شان کردگار بن
حق کی شاہراہ پر جا کے پائمال ہو

مسلم برشتہ جاں دیکھ تو کہ یہ کہیں
تیری ہی روش نہ ہو تیری ہی نہ چال ہو

ہم تو سر کے بل گئے قتل گاہ عشق میں
تیز ہو چکی چھری تو بھی چل حلال ہو

Marfat.com

# شہیدی جتھا

کٹے ہیں جس قدر سر گنگ سر کے گُردوارے میں
ہے درج اُن سب کی قربانی جزا کے گوشوارے میں
نہ گھائل کر سکی تھی جن کو ننکانہ میں آنکھ اُن کی!
اُنہیں بھی اُس نے تڑپا کر ہی چھوڑا اِک اشارے میں
بچے جن کی تفنگوں سے نہ ننھے ننھے بچے بھی
ہے کیا تہذیبِ مغرب کا ارشاد ان کے بارے میں
ابھی دیکھا ہی کیا ہے تُم نے اِس خُونی تماشے کو
بہت سے کھیل باقی ہیں مداری کے پٹارے میں
جفا کی گرمیٔ بازارِ مظلومی کی رونق سے!
رہا کرتی ہے ظالم کی تجارت ہی خسارے میں

Marfat.com

پلٹ کر زیرِ دست آزار کو اِک دن اُلٹ دے گی!
یہی گردش جو ہے اس وقت سکھوں کے ستارے میں

بہائے ہیں جنہوں نے بے کسوں کے خون کے دریا
وہ خود بہ جائیں گے تقدیر کی ندی کے دھارے میں

تمہیں بخشا گیا ہے دیدۂ بینا تو دیکھو گے
ہزاروں راکھ کے ڈھیر ایک نابھ کے شرارے میں

---

Marfat.com

# گیانی کا ترانہ

کل شام کے وقت ایک پھٹے حال گیانی — گلیوں میں بجاتا ہوا پھرتا تھا دو تارا
ہر زخمہ سے لگتی تھی نئی چوٹ جگر پر — ہر نغمہ سے کرتا تھا دلوں کو وہ دو پارا
ہر گت سے ملاتا تھا خلا میں وہ ملا کو — اور چھیڑتا جاتا تھا یہ آہنگ دل آرا
کچھ تم کو خبر بھی ہے کہ برطانیہ نے کیوں — گدّی سے ہمارا جیہ نابھہ کو اُتارا
کیوں خالصہ کی ناؤ پڑی آ کے بھنور میں — کیوں ڈوب گیا پنتھ کی قسمت کا ستارا
اُس کی یہ خطا تھی کہ ہے ملّت سے اُسے عشق — اُس کا یہ گُنہ تھا کہ ہے مذہب اُسے پیارا
اِس جرم کی تعزیر میں ہم قید تھے کل تک — اور آج گرفتار ہے سردار ہمارا
ہے کوئی حق آگاہ جو باطل سے نہ جھجکے — ہے کوئی جو انگریز سے پوچھے یہ خدارا
کیوں فلسفہ اپنا ہی کیا تم نے فراموش — کیوں اپنے ہی مکتب کا سبق تم نے بسارا
کیوں تم سے ہے مخفی یہ حقیقت کہ ہمیشہ — بہتا نہیں اک سمت میں تقدیر کا دھارا
ڈھلتی ہوئی پھرتی ہوئی اک چھاؤں ہے دولت — تم کون ہو جن سے نہ کرے گی یہ کنارا
دُنیا میں نہ یُوناں ہے نہ رُوما ہے نہ ایران — باقی نہ سکندر رہے نہ سیزر ہے نہ دارا

Marfat.com

ہم بھی کبھی اس ملک میں تھے صاحبِ دیہیم — مشہور تھے ہم تا بہ سمرقند و بخارا
لیکن کبھی احساں کی روش ہم نے نہ بدلی — جو قول دیا ہم نے وہ مر کر بھی نہ ہارا
اِک ہم تھے کہ ہم نے جسے پکڑا اُسے چھوڑا — اِک تم ہو کہ تم نے جسے تاکا اُسے مارا
کب تک یہ تشدّد یہ مظالم یہ جفائیں — کس دن کے لئے یہ ستم و جور تمہارا
تم کر نہ سکو گے کبھی اُس جذبہ کو پامال — گرتی ہوئی قوموں کو سدا جس نے اُبھارا
وہ خون جو سکھّوں نے بہایا ہے کسی دن — بن جائے گا پنجاب کی تعمیر کا گارا

چین آ نہیں سکتا ہمیں جب تک بٹھا لیں
گدّی پہ مہاراجہ نابھہ کو دوبارا

Marfat.com

# پَند مُول چَند

کل مجھ کو راستے میں ملے رائے مول چند — پہلو میں آپ کے ہے دل اُور وہ بھی دردمند
کہنے لگے کہ گوشِ نصیحت نیوش سے — سُن لیجیے خاکسار کے بھی آج چند پند
مَیں بھی کسی زمانہ میں تھا آگ سر بسر — اور جذبۂ شباب تھا اس آگ کا سپند
اَب تو مگر ہے سُست بڑھاپے میں جوڑ جوڑ — ڈھیلا ہُوا ہے آ کے ضعیفی میں بند بند
لاؤں کہاں سے ولولہ ہائے شباب کو — ممکن نہیں کہ شیر بنے جو ہے گوسفند
ہو پیرِ شصت سالہ میں کیسے نشاطِ عمر — کس طرح تیس سال کی اُلٹی بھرے زقند
چکھا ہے مَیں نے تلخیٔ دوراں کا ذائقہ — کھایا ہے زہر مَیں نے یہ برسوں سمجھ کے قند
ہے میرے تجربے کا بس اِک نکتہ پر مدار — میری طرح جناب بھی ہوں اس پہ کاربند

دِل کا شکار کیجیے لیکن یہ شرط ہے
فتراک انکسار ہو اخلاق ہو کمند

Marfat.com

# بلند شہر کا مجسٹریٹ اور مظلوم مہابیر تیاگی

اِک بھرے انگریز نے جب سرِ اجلاس
لگوائے پیادوں سے مہابیر کو چانٹے

اِتنا بھی نہ ہٹلر کی حکومت سے بن آیا
اِس اپنے نمائندۂ انصاف کو ڈانٹے

جس روز بکھیرے گئے اِنصاف کے یہ پھول
برطانیہ کے رستے میں بوئے گئے کانٹے

اِس ظلم پہ اس جور پہ جو پیکرِ بیداد
عدل اور مساوات کا بھی فلسفہ چھانٹے

اچھا ہے کہیں اس سے تو لندن کا وہ اندھا
پھر پھر کے مٹن چاپ جو اپنوں ہی میں بانٹے

۲۲ اکتوبر ۱۹۳۱ء

Marfat.com

# تقدیر کے گھڑیال کی ٹن ٹن

خدا اگر عقل دے ہندو سبھا کے رہنماؤں کو
تو رخ اپنا بدل لیں دیکھ کر چلتی ہواؤں کو

فضا میں دھجیاں اک روز ان کی اڑنے والی ہیں
ہمارے خوں سے کر دیکھیں وہ سرخ اپنی قباؤں کو

سلامت بچ نکلنا تھا اگر جاتی کو طوفاں سے
تو کی تھی ناؤ کیوں اس نے سپرد ان ناخداؤں کو

بجز اس کے کہ پھوٹے ان کی تقدیر اور ہماری بھی
ہوا حاصل نہ کچھ بھی سنگھٹن کے دیوتاؤں کو

ٹپکتا ہے زباں سے شہد رستا زہر ہے دل سے
سمجھتے خوب ہیں ہم مالوی جی کی اداؤں کو

انہیں ٹھکرائے گا اب کمیشن آ کے لندن سے
کہ ٹھکرایا انہوں نے کانگریس کی التجاؤں کو

اگر کر لیں مسلمانوں سے مل کر کوئی سمجھوتا
تو اب بھی ٹال سکتا ہے خدا ساری بلاؤں کو

---

۱۰ر نومبر ۱۹۲۷ء

Marfat.com

# نئی زندگی اور نیا پیغام

زندگی بخشے جب اغیار کی بیداد مجھے
لاجپت رائے کی موت آئے نہ کیوں یاد مجھے

میری اک آہ سے جل جائے گا ہر حلقۂ دام
پھانستا اس میں ہے بے فائدہ صیاد مجھے

دل کی بستی کو جو ویراں ہے بس آ کر اس میں
اے خدا ہند میں کرنا ہے جو آباد مجھے

وطن اور اُس کی روایات پہ جس سے حرف آئے
باعثِ ننگ ہے وہ شیوۂ فریاد مجھے

جو کسی سے نہ دبی ہے نہ دبے گی ابداً
ہو مبارک یہ مری فطرت آزاد مجھے

خود وہ مٹ جائے گا جو مجھ کو مٹانا چاہے
دے رہی ہے یہ شہادت مری افتاد مجھے

صبر سے جبر کو میدان میں دوں گا میں شکست
جبر سے یوں نہ ڈرائیں ستم ایجاد مجھے

بیڑیاں میری غلامی کی بڑھیں گی کس وقت
خوب معلوم ہے یہ غیب کی میعاد مجھے

اس میں خود جاج ہوں یا اردن و یکوڈ بن ہوں
دینے والے ہیں مرے عزم کی سب داد مجھے

---

۱۶ ر نومبر ۱۹۲۹ء

Marfat.com

# کانگرس کے لئے ایک نیا عقدہ

## مس میو کی روح

اک نیا نکتہ گورنمنٹ کو اب سوجھا ہے
جس کو حل میں نے کیا ہے بڑی دشواری سے

پہلے دیتی تھی یہ الزام وہ اخباروں کو
کہ دکاں ان کی چمکتی ہے دل آزاری سے

گالیاں دے کے کماتے ہیں یہ روزی اپنی
رشتہ ان کا ہے پرانا کسی بھٹیاری سے

جس قدر فاصلہ برطانیہ کا ہند سے ہے
دور اتنے ہی یہ مفسد ہیں رواداری سے

جب اس الزام سے حاصل نہ ہوئی دل کی مراد
اک نیا حیلہ تراشا بڑی عیاری سے

سامنے آگئی سرکار کے مس میو کی روح
نکل آیا یہ گزٹ شملہ کی الماری سے

اشتہارات ہیں سب فحش ان اخباروں کے
خطرہ اخلاق کو ہے ان کی خریداری سے

ایسے اخبار ہیں کس طرح نمائندہ ملک
جو نہیں بڑھ کے کسی شاہد بازاری سے

ست بچنئے کہیں رونا یہ کمیشن میں نہ روئیں
ہے توقع تو یہی ان کی وفاداری سے

کیجے اس اٹھتے ہوئے فتنہ کا جلدی سے علاج
بادب عرض یہ ہے ڈاکٹر انصاری سے

Marfat.com

# اصلی جرم

وہ اعلان آج میں نے بھی پڑھا جس میں حکومت نے
گنایا ہے رضاکارانِ ملّت کے گناہوں کو

خدایانِ فرنگ اس میں یہ فرماتے ہیں جھلّا کر
کہ ہم دم لیں گے سیدھا کر کے ان گم کردہ راہوں کو

انہوں نے جب سے ٹوپی سر پہ گاندھی کی جمالی ہے
اسی دن سے نہیں خاطر میں لاتے کجکلاہوں کو

برس پڑتے ہیں جلسوں میں ہمارے جاں نثاروں پر
سُنا دیتے ہیں صلواتیں ہمارے خیر خواہوں کو

کبھی میخانے میں پیرِ مغاں کو تنگ کرتے ہیں
ستاتے ہیں کبھی بازار کے جادو نگاہوں کو

ہُوا ہڑتال کا وہ زور ان کی کوچہ گردی سے
گذرنا ہو گیا شہروں میں مشکل بادشاہوں کو

Marfat.com

اگر دو چار ہنٹر محتسب ان کو لگاتا ہے
تو پہنچاتے ہیں چوتھے آسماں پر اپنی آہوں کو

کہا اس پر یہ میں نے ہے گنہ اک اور بھی ان کا
سیاہی جس کی شرماتی ہے ان سارے گناہوں کو

یہ اُن کا جُرم اصلی ہے کہ ان کی چیرہ دستی سے
چھٹی کا دودھ یاد آیا ہے لندن کے جلاہوں کو

---

Marfat.com

# فانوسِ ہند کا شعلہ

زندہ باش اے انقلاب اے شعلۂ فانوسِ ہند
گرمیاں جس کی فروغِ منقلِ جاں ہو گئیں

بستیوں پر چھا رہی تھیں موت کی خاموشیاں
تو نے صور اپنا جو پھونکا محشرستاں ہو گئیں

جن بلاؤں سے گھرے رہتے تھے صبح و شام ہم
تیرے آتے ہی وہ انگریزوں کی درباں ہو گئیں

جتنی بوندیں تھیں شہیدانِ وطن کے خون کی
قصرِ آزادی کی آرائش کا ساماں ہو گئیں

مرحبا اے نو گرفتارانِ بیدادِ فرنگ
جن کی زنجیریں خروش افزائے زنداں ہو گئیں

زندگی اُن کی ہے دین اُن کا ہے دنیا اُن کی ہے
جن کی جانیں قوم کی عزت پہ قرباں ہو گئیں

Marfat.com

# جنگِ آزادی میں شامل ہو گیا لاہور بھی

مرد عورت پر اٹھاتا تھا نہ ہاتھ اس دیس میں
آج ان آنکھوں نے دیکھا یہ ستم یہ جور بھی

حجرۂ زنداں کی آرائش ہوں خاتونانِ ہند
آگیا ہندوستاں میں اس جفا کا دور بھی

لاٹھیاں برسیں نہتوں پر تو آ کر جوش میں
چوٹ کی لذت پکار اٹھی کہاں! کچھ اور بھی

جبر دبنے کے لئے ہے صبر ابھرنے کے لئے
اس حقیقت پر کبھی تم نے کیا ہے غور بھی

امن کی تلقیں ہیں اور خود تشدد پر عمل
کیا عجب گر سیکھ جائیں تم سے ہم یہ طور بھی

گرم تھا پنجاب کا خوں کیوں نہ آخر کھولتا
جنگ آزادی میں شامل ہو گیا لاہور بھی

Marfat.com

# سیواجی اور شوکت علی

دل جلے دل کی جلن کا ماجرا کہنے لگے
تھیں جو ان کہنی وہ باتیں برملا کہنے لگے

جس پہ کٹتی تھی زباں منہ پر وہ بات آج آگئی
اے خدا اب تجھ کو ہم اپنا خدا کہنے لگے

مصلحت بیں بیٹھ پڑتے ہیں جن کی جان کو
رند عالم سوز انہیں منہ پر برا کہنے لگے

جی حضوری ہو گئے یا ست بچنیے بن گئے
آپ کیا کہہ کر گئے تھے اور کیا کہنے لگے

کانگریس پر جب سے غالب آگئی ہندو سبھا
مالوی جی کو وہ اپنا دیوتا کہنے لگے

اس پریرو کو جو لندن زا ہے کوئی کیا کہے
دیو نازادوں کو جو "احمق گدھا" کہنے لگے

جب سے سیواجی کو اپنانے لگے شوکت علی
ڈاکٹر منجی انہیں اپنا چچا کہنے لگے

---

۲۷ مئی ۱۹۲۷ء

Marfat.com

# پٹیل کا پیغام

دے رہا ہے ہمیں زنداں سے یہ پیغام پٹیل
منزلِ آزادیٔ کامل کی ہے اس عہد میں جیل

آئے دن اپنوں میں ہوتی جو نہ دانتا کِل کِل
ہونے پاتے نہ وہ اس طرح پرایوں کے ڈبیل

جان بل برہمن و شیخ سے ہے برسرِ جنگ
ایک ہوگا تو پھر ان دونوں میں ہوگا کب میل

سر ہتھیلی پہ لئے جب نکل آیا پنجاب
تو یہ سمجھو کہ منڈھے چڑھ گئی اس دیس کی بیل

پھیلتی جاتی ہے گاندھی کی لگائی ہوئی آگ
کوئی ارون سے یہ کہہ دو کہ نہ اس آگ سے کھیل

ڈیڑھ سو سال تک انگریز شتربان رہا
اب ہم اس اونٹ کی خود ہاتھ میں تھامیں گے نکیل

Marfat.com

# مہاتما گاندھی کا ترانہ

کبھی اپنی آتما سے نہ میں دشمنی کروں گا
نہ بسوں گا جاکے بن میں نہ میں خودکشی کروں گا

مجھے ایسی کیا پڑی ہے کہ ہمالیہ کو جاؤں
یہیں گھر میں بیٹھے بیٹھے میں ہری ہری کروں گا

یہ فرنگیوں سے کہہ دو کہ میں ہوں دھرم کی مورت
جو کریں گے وہ عداوت تو میں آشتی کروں گا

ہے مرا دھرم اہنسا ہے اسی میں سب کی مکتی
مرے پاس ہے جو ہنڈی اسے درشنی کروں گا

مرے من کی کھلبلی ہیں نئی جیوت کی جھلک ہے
نہ ٹھہر سکیں گی آنکھیں میں وہ روشنی کروں گا

کوئی دن میں سبز ہوگا وہ چمن جو جل رہا ہے
میں ان اپنے آنسوؤں سے وہ فسوں گری کروں گا

Marfat.com

# پیامِ آزادی

کھول آنکھ اور دیکھ مقدر کا بندوبست
ہیں آج زیردست جو کل تھے دراز دست

حق سرفگندہ تھا مگر اب سربلند ہے
باطل جو تھا بلند نظر آرہا ہے پست

سرجان سائمن کے پجاری ہوئے ذلیل
کھائی اسمبلی میں گورنمنٹ نے شکست

خمخانۂ فرنگ کے رسیا کدھر گئے
محفل پہ چھائے جاتے ہیں مشرق کے مے پرست

جو ہوشیار ہیں انہیں مستی کی دے نوید
اے جرعہ نوش بادۂ خمخانۂ الست

ہندوستاں غلام ہے آزاد کر اسے
تلقین کر رہا ہے یہی ہر وطن پرست

ہیں مالوی بھی میرے شریک اِس پیام میں
"از یک چراغ کعبہ و بُت خانہ روشن است"

---

۲۲ فروری ۱۹۲۸ء

Marfat.com

# مغربی بگولا

اُڑانے آئی ہے مغرب کی آندھی
بگولا بن کے مشرق کے چمن کو
ہے پیغام ایک اُس کی شوخیوں کا
ہجوم لالہ و جمع سمن کو
کمیشن تازہ کرنا چاہتا ہے
پھر استبداد کی رسم کہن کو
نہیں لاتے ہیں خاطر میں یہ ٹوڈی
مری تنظیم تیرے سنگٹھن کو
مگر ہو جائے سمجھوتا ہمارا
تو بدلیں آج ہی اپنے چلن کو
اب اس میں ہیں ہا لوی یا مولوی ہو
نبٹنا ان سے آخر ہے مدن کو
خدارا اب تو چھوڑو خانہ جنگی
بچانا ہے جو ناموسِ وطن کو

---

لاہور، ۲۱ نومبر ۱۹۲۷ء

Marfat.com

# مالوی جی کی سیوا میں نوید

حکومت التجاؤں سے کبھی حاصل نہیں ہوتی
کوئی اللہ کا بندہ یہ کہہ دے مالوی جی سے

کبھی بھی سیدھی اُنگلی سے نہ نکلا ہے نہ نکلے گا
یہ چیڑنا چاہتے ہیں اپنے پُھلکے آپ جس گھی سے

رزولیوشن کہاں تک پاس کرتے ہم چلے جائیں
یہ چکّی کانگرس بیٹھی ہوئی کس وقت تک پیسے

نہیں ملتی ہے جلسوں اور تقریروں سے آزادی
جو ملتی ہے تو ملتی ہے پچیتی اور لٹھبتی سے

جبھی تو بول بالا ہے جواہر لال نہرو کا
اور اُن سے آ ملا ہے دیس سارا کٹ کے گاندھی سے

وہ گوکل کا گوالا جو ہے بیٹھی بانسری والا
یہ کہتا ہے کہ بھینس اُس کی جو ہانکے اُس کو لاٹھی سے

---

۹ر نومبر ۱۹۲۸ء

Marfat.com

# لاجپت رائے کی یاد میں

مٹا کرتی ہیں جس عزت پہ قومیں — ہے اُس عزت کا ساماں لاجپت رائے
وطن پر جان دو تم بھی اسی طرح — ہُوا جس طرح قرباں لاجپت رائے
بڑی مشکل سے ملتا ہے یہ رتبہ — نہیں ہونا ہے آساں لاجپت رائے
وہ محفل رو رہی ہے اُس کو جس میں — رہا برسوں غزلخواں لاجپت رائے
ہمیں رہ رہ کے یاد آیا کرے گا — ترا ایک ایک احساں لاجپت رائے

ہمارا نامہ ہے آزادیٔ ہند
اور اس نامہ کا عنواں لاجپت رائے

---

۴ دسمبر ۱۹۲۸ء

Marfat.com

# شراب خانہ ساز

آزادیٔ وطن کا پھریرا اُڑائے جا
ہندوستاں کے نام کا ڈنکا بجائے جا
ہندو جو شیر ہوں تو مسلمان ہوں شکر
دونوں میں اتفاق کا رشتہ بڑھائے جا
خاشاک ذلّت صد و پنجاہ سالہ کو
دریائے اتحاد کی رو میں بہائے جا
رُسوائیوں کے داغ سے آلودہ ہے جبیں
عزّت کے چار چاند بھی اس میں لگائے جا
گردش میں لا پیالہ مئے خانہ ساز کا
اور قیمتِ فرنگ کو چکر میں لائے جا

کابل کے تاجدار کو اللہ کی امان
اس بادشہ کی راہ میں آنکھیں بچھائے جا

۹ر فروری ۱۹۲۹ء

Marfat.com

# اِنسانیتِ کبریٰ کا مقام

اپنے آبائی شرف کا گر تجھے احساس ہو
شانِ ابراہیمؑ پیدا کر امام الناس ہو

تو مسلماں زادہ ہے پہچان اپنا مرتبہ
خضر کو رستہ دکھا تاجِ سرِ الیاس ہو

دیکھ لے دُنیا تجھے باندھے ہوئے تیغ و کفن
کچھ بھی گر تجھ کو روایاتِ کہن کا پاس ہو

تیرے خنجر کے لئے خونِ دو عالم ہے مباح
گر یہ تیرا قصد ہو اور اس کو اتنی پیاس ہو

بن نہیں سکتا صلاح الدین ایوبی اگر
ہند کی حرمت پہ مرہٹا اور خجند و داس ہو

---

۲۱ ستمبر سنہ ۱۹۲۹ء

Marfat.com

# شیخ و برہمن

اکثریت اگر اسلام کی پنجاب میں ہو
تو وہ کہتے ہیں کہ خطرے میں ہے تہذیبِ ہنود

اُن کے نزدیک ہے پنجاب فلسطیں گویا
آ گھسے جس میں مسلمان ہیں مانندِ یہود

جن کو لازم ہے کہ بن کر رہیں وہ ان کے غلام
یا کہیں بھی نظر آئیں نہ تہِ چرخِ کبود

جو لہو اُن کے پسینے کی جگہ ٹپکائیں
کیا قیامت ہے کہ اُن کو وہ سمجھتے ہیں حسود

وطنیت یہی ان کی ہے تو ہم سمجھیں گے
کہ وہ ہیں عبد اور انگریز ہے ان کا معبود

جن کو توحید سے ہے سیزدہ صد سالہ عناد
جس کے حق میں ہے خطرناک مسلماں کا وجود

اے خدا برہمن و شیخ کے جھگڑے کو چکا
اور اٹھا ہند کی دیرینہ غلامی کی قیود

---

۲۵ ستمبر ۱۹۲۹ء

Marfat.com

# گاندھی

## بردولی سے پہلے

گاندھی نے آج جنگ کا اعلان کردیا
باطل سے حق کو دست و گریباں کردیا

سر رکھ دیا رضائے خدا کی حریم پر
خنجر کو پھر حوالہ شیطان کردیا

ہندوستاں میں ایک نئی روح پھونک کر
آزادئ حیات کا سامان کردیا

دشمن میں اور دوست میں ہونے لگی تمیز
کتنا بڑا یہ ملک پہ احسان کردیا

دے کر وطن کو ترک موالات کا سبق
ملت کی مشکلات کو آسان کردیا

شیخ اور برہمن میں بڑھایا وہ اتحاد
گویا انہیں دو قالب و یک جان کردیا

اوراق جبر و جور و جفا کو بکھیر کر
شیرازہ سلطنت کا پریشان کردیا

ظلم و ستم کی ناؤ ڈبونے کے واسطے
قطرہ کو آنکھوں آنکھوں میں طوفان کردیا

تن من کیا نثار خلافت کے نام پر
سب کچھ خدا کی راہ میں قربان کردیا

پروردگار نے کہ وہ ہے منزلت شناس
گاندھی کو بھی یہ مرتبہ پہچان کردیا

Marfat.com

# گاندھی

## بردولی کے بعد

گاندھی کے اس بسائے ہوئے گھر کو آہ! آہ
دست فلک نے لوٹ کے ویران کر دیا

خود اس فدائے قوم کو چھ سال کے لئے
سرکار ذی وقار کا مہمان کر دیا

قسمت نے ڈال کر اسے قید فرنگ میں
ہندوستاں کے جسم کو بے جان کر دیا

جاتے ہی اُس کے ملک کی صورت بدل گئی
انساں نے اپنے آپ کو حیوان کر دیا

فتنہ کہیں کیا جو ملیبار کا بپا
پیدا کہیں قضیۂ ملتان کر دیا

جاں سنگھٹن سے ہو گئی خطرہ میں مبتلا
شدھی نے بڑھ کے رخنہ در ایمان کر دیا

---

ایماں نے آ کے شعلۂ غیرت کو دی ہوا
روشن چراغ دودہ عثمان کر دیا

عثمانیوں کے خنجر خارا شگاف نے
یورپ کے کافروں کو مسلمان کر دیا

Marfat.com

دینِ مبیں کے مجد و شرف کے لزوم کو
تمہید عہد نامۂ لوزان کر دیا

مشرق کو زندہ کر نہیں سکتا خدا بھی آج
مغرب کے اس عقیدہ کا بطلان کر دیا

اس فتح نے زمانہ میں جس کی نہیں نظیر
سارے جہاں کی عقل کو حیران کر دیا

پھر ماجرا یہ کیا ہے کہ اپنی ہی فتح نے
اہلِ وطن کو سر بہ گریبان کر دیا

کس سمت سے ہوا یہ چلی جس نے یک بیک
دانشورانِ ہند کو نادان کر دیا

کیا سوچ کر انھوں نے جو تھے مصلحت پسند
ہر مصلحت کو گائے پر قربان کر دیا

اپنے کئے پر آپ پشیمان ہو گئے
اپنے چمن کو آپ بیابان کر دیا

واحسرتا کہ ہند کی آپس کی پھوٹ نے
خالی حریف کے لئے میدان کر دیا

Marfat.com

# منیم جی

ہے اس عقیدے پہ ہند قائم کہ رام بھی ہے رحیم بھی ہے
ادھر الف واؤ میم بھی ہے ادھر الف لام میم بھی ہے

بندھا ہوا پیٹ پر ہے پتھر مگر ہمالہ سے سر ہے اونچا
میں ہوں مسلمان وضع میری جدید بھی ہے قدیم بھی ہے

سزا گناہوں کی دے چکا ہے جزا پشیمانیوں کی دے گا
کہ منتقم ہے خدا ہمارا مگر غفور الرحیم بھی ہے

جب آئے ہم جیل میں تو ہم پر کھلا کہ یورپ ازل کے دن سے
دروغ گو بھی ہے حیلہ جو بھی کمینہ بھی ہے لئیم بھی ہے

اگر ہم آزاد ہیں تو جنت غلام اغیار ہیں تو دوزخ
یہ جاں سے پیارا وطن ہمارا بہشت بھی ہے جحیم بھی ہے

چمن میں فصل گل آ رہی ہے خزاں کے ایام جا رہے ہیں
کرشمہ گستر ہیں لالہ و گل تو نکہت افشاں نسیم بھی ہے

وہ پیسہ پیسہ کا چند دن میں فرنگیوں سے حساب لے گا
لنگوٹی والا ہمارا گاندھی مہاتما بھی منیم بھی ہے

یکم اکتوبر سنہ ۱۹۳۰ء — سجن فرنگ گجرات

Marfat.com

# نوید امن

دہلی سے نوید امن کی لائی ہے صبا آج ہوتا ہے وطن قید مصیبت سے رہا آج
مضبوط ہوا عدل و مساوات کا رشتہ اور قطع ہوا سلسلۂ جور و جفا آج
ہے ناؤ حکومت کے مظالم کی بھنور میں بیڑا یہ تباہی کے قریب آن لگا آج
چرچل کی خرافات کے بکھرے ہوئے پرزے اک پل میں اڑا لے گئی دہلی کی ہوا آج
بیدار ہوئی ہند کی سوئی ہوئی تقدیر کیوں مرتبہ مشرق کا نہ ہو کل سے سوا آج
مظلوم کی فریاد کو بخشی گئی تاثیر اور عرش سے لے آئی اجابت کو دعا آج
برسائے گی پھر دولت و اقبال کے موتی اٹھی ہے پھر اللہ کی رحمت کی گھٹا آج
رندوں کے لئے بادہ سے لبریز ہے ساغر ہر جرعہ ہے اس بادہ کا اندوہ ربا آج
ہر شہر کے ہر کوچہ میں ہے آج چراغاں ہر قریہ کے ہر گھر میں جلا گھی کا دیا آج
گاڑا تھا جسے قوم نے راوی کے کنارے گردوں سے بھی اونچا وہ علم اٹھ کے ہوا آج

آزاد کرو ساری خدائی کو اب اُٹھ کر
اس عہد کی تجدید کریں ما و شما آج

۱۰ مارچ سنہ ۱۹۳۱ء

Marfat.com

# ہنوز دہلی دور است

کشمیر ہے کہیں تو کہیں کان پور ہے
پیدا ہر ایک گوشہ سے شورِ نشور ہے

ہے تار تار پیرہنِ امن و عافیت
زخموں سے جسم ہیگنہی چور چور ہے

زینت ہے اس زمانہ میں نسیاں کے طاق کی
وہ مسلک قدیم جو خیرالامور ہے

ہے شیخ کا دماغ توازن سے بے نیاز
اور برہمن کے عقل کے اندر فتور ہے

لٹکی ہوئی ہیں سر پہ غلامی کی لعنتیں
ہے "ست بچن" کہیں تو کہیں "جی حضور" ہے

آپس کی پھوٹ کر کے رہے گی ہمیں تباہ
سمجھیں یہ نکتہ! کب ہمیں اتنا شعور ہے

لندن کی گول میز کو یاروں نے جا لیا
لیکن یہ قافلہ ابھی دہلی سے دور ہے

اس وقت تک اگر نہیں آزاد ہو سکا
ہندوستان خود یہ ترا ہی قصور ہے

---

۲۹ راگست ۱۹۳۱ء

Marfat.com

# نوشتہ تقدیر

## بھگت سنگھ راج گرو اور سکھ دیو کے حوالہ رسن و دار ہونے پر

تواناؤں کے بس میں ہے سراپائے حقارت سے
کروڑوں ناتوانوں کی تمناؤں کو ٹھکرانا

دبا دینا کسی مظلوم کی آہوں کو سینے میں
کسی بیکس کو ساری عمر آنسو خون کے رلوانا

ہے جن کے دل میں آزادی کی دھن ان نوجوانوں کو
وطن کے عشق کی پاداش میں سولی پہ لٹکانا

بہا دینا کسی کی راکھ کو ستلج کی موجوں میں
کسی کی لاش اٹک کے پار خاک اور خون میں تڑپانا

ملوکیت پرستوں کے لئے یہ سب کچھ آساں ہے
مگر دشوار ہے قانونِ فطرت کا بدل جانا

زوال اس سلطنت کا ٹل نہیں سکتا نہ ٹالے سے
خود اپنی ہی رعایا سے پڑا ہے جس کو ٹکرانا

مکافاتِ عمل سے گر وہ غافل ہیں تو بیشک ہوں
ہمارا کام تھا نیک اور بد کا ان کو سمجھانا!

۲۵ مارچ سنہ ۱۹۳۲

Marfat.com

# پریم کا چاؤ

اِک سربریدہ لاش کے مُنہ سے بوقتِ ذبح
پیغام خالصہ کو یہ پہنچا گرنتھ کا
تجھ کو اگر ہے دعوائے الفت تو سر بکف
نکا نہ چل کے آ کہ یہ رستہ ہے پنتھ کا

---

Marfat.com

# خاتم جم

## بہ تقریب آل پارٹیز کانفرنس الہ آباد

جس نے سو سال کا ٹوٹا ہوا رشتہ جوڑا
یہ وہ طاقت ہے جو پریاگ سے ہم لے کے چلے

مالوی ہو کہ ہو آزاد اسے چلنا ہے اگر
مادرِ ہند کی عزّت کی قسم لے کے چلے

مل گیا دولتِ گم گشتہ کا سنگم میں سراغ
ہم گدایانِ حرم خاتمِ جم لے کے چلے

ناچ تگنی کا جو چرچل کو نچانے لگ جائے
وہی سُر اور وہی تال اور وہی سم لے کے چلے

خالصہ جی کو یہ شکوہ نہ رہے ساقی سے
کہ ہم اس بزم سے اِک بُوند بھی کم لے کے چلے

ساتھ دینا ہے اس احقر کا اگر منجے کو
تو پھر آزادیٔ کامل کا علم لے کے چلے

---

۱۷ر نومبر ۱۹۳۲ء

Marfat.com

# دعوتِ عمل

اگر تم کو حق سے ہے کچھ بھی لگاؤ
تو باطل کے آگے نہ گردن جھکاؤ

حکومت کو تم نے لیا آزما
اب اپنے مقدّر کو بھی آزماؤ

ہو تم جس کے ذرّے وہ ہے خاکِ ہند
چھُپے ہیں جو اس میں وہ جوہر دکھاؤ

فلک پیچ مہ و مہر پڑ جائیں ماند
زمیں پر اس انداز سے جگمگاؤ

ہمالہ بھی آجائے گر راہ میں
تو ٹھکرا کے آگے سے اُس کو ہٹاؤ

کرے تم سے گنگا بھی گر بے رُخی
پلٹ کر الٹ دو تم اُس کا بہاؤ

زمانہ میں روشن کرو نامِ ہند
ہر اقلیم میں اس کا سکّہ چلاؤ

ہر اک ملک کا ہاتھ میں لے کے دل
ہر اک قوم سے اپنی عزّت کراؤ

پسینہ گرے ہندوؤں کا جہاں
وہاں تم مُسلمان کا خوں بہاؤ

زمیں ہو جب اس خون سے لالہ زار
تو اس پر بساطِ اخوت بچھاؤ

بھریں گے یہ برسوں میں جا کر کہیں
مُسلماں کے پہلو کے گہرے ہیں گھاؤ

پُرانا ہوا دفتری اقتدار
سمجھ لو اب اس کا بھی ہے چل چلاؤ

کسی روز خود غرق ہو جائے گی
بہت بہہ چکی ہے یہ کاغذ کی ناؤ

Marfat.com

# سالِ نو کا ہنگامہ

## ۱۹۳۲ء

برطانیہ کی چھڑ گئی ہندوستاں سے جنگ
حالانکہ اس سے جنگ ہے سارے جہاں سے جنگ

گیتا سے اور گرنتھ سے زور آزمائیاں
قرآن کی آیتوں کے فسونِ گراں سے جنگ

ارجن کے اور بھیم کے گھر سے مقابلہ
پھر خاندانِ سرورِ کون و مکاں سے جنگ

توحید کے علم کو جھکانے کے حوصلے
جو قدسیوں کے ہاتھ میں ہے اس نشاں سے جنگ

سرحد کے غازیوں کو کچلنے کی نیتیں
بچے سے جنگ بوڑھے سے جنگ اور جواں سے جنگ

صلح و سلام و امن و امان جس کی ہے متاع
غارتگروں کی ٹھن گئی اس کارواں سے جنگ

برق اور خاک ہیچ کیوں نہ ہو ایمان خندہ زن
کرنے چلی ہے آج زمیں آسماں سے جنگ

ہے زیر دستیوں پہ زبردستیوں کی تاخت
موران نیم جان کی ہے پیلِ دماں سے جنگ

دھاوا سپاہ جبر کا ہے خیل صبر پر
توپ اور تفنگ کی ہے قلم اور زباں سے جنگ

ہم ناتواں سہی ہے خدا تو ہمارے ساتھ
اب بھی وہ کرتے ہیں تو کریں ناتواں سے جنگ

ذرّہ کے ساتھ جنگ ہے جنگ آفتاب سے
خفاش کی عبث ہے شہ خاوراں سے جنگ

Marfat.com

# شُدھی اور سنگھٹن

Marfat.com

# شدھی سنگٹھن کے چار رتن (۴)

## پوجیہ مالوی جی

سنگھاسن پہ بھارت کے بیٹھا اگر میں
تو گوکل میں گاڑوں گا جھنڈا دھرم کا

گھمائے گا اسلام کے سر پہ مونجی
یہاں سے کٹوا کے ڈنڈا دھرم کا

بنارس کے ڈربے میں شدھی کی مرغی
دیئے جائے گی روز انڈا دھرم کا

حفاظت کرے گا ورن آشرم کی
اچھوتوں کے منتر سے گنڈا دھرم کا

ہمالہ سے لنکا تک اک آگ روشن
کروں گا جلا کر میں ہنڈا دھرم کا

مسلماں جہاں ہوں کچل ڈالے جائیں
یہی ہوگا اس وقت اجنڈا دھرم کا

مری راج دھانی میں تم دیکھ لوگے
نہ ہوگا کبھی جوش ٹھنڈا دھرم کا

## مانیہ بپن چندر پال جی

کسی وقت اگر ساری جاتی نے مل کر
کیا مجھ کو تسلیم بھارت کا راجا

Marfat.com

تو سن لے گی دُنیا کہ مسجد کے آگے
بجے گا دھڑلے سے دن رات باجا

## دیوتا سروپ بھائی پرمانند جی

مرے تاج کا سنتری بھیل ہوگا
مرے راج کی منتری گائے ہوگی

چلیں گی جب اک ساتھ کو ٹھوں سے اینٹیں
تو ہمراہ اُن کے مری رائے ہوگی

اذاں کی صدا کی جگہ مسجدوں میں
کہیں ہائے ہوگی کہیں وائے ہوگی

## بھارت بھوشن شری سوامی شردھانند جی

بنا چکر ورتی مہاراج اگر میں
تو پہلے کروں گا یگانوں کی شدھی

اچھوت اور مسلمان سے ہو کے فارغ
مرا فرض ہوگا پٹھانوں کی شدھی

بڑھاپا مرا ایک دن دیکھ لے گا
عجم کے سجیلے جوانوں کی شدھی

مرے عہد کی آخری یادہوگی
حرم کے نئے پاسبانوں کی شدھی

نہ پھر بھی مرا میں تو یورپ میں جاکر
کروں گا مسیحی گھرانوں کی شدھی

Marfat.com

# کھری کھری باتیں

محو ہوئے معاش میں بھول گئے معاد کو
پیش نظر نہ رکھ سکے حشر ثمود و عاد کو

رازِ حیات قوم تھا مستتر اجتماع میں
قوم ذریعۂ نجات سمجھی ہے انفراد کو

محو دلوں سے ہو گئی آیۂ لَا تَفَرَّقُوا
چھوڑ دیا ہے ہاتھ سے رشتۂ اعتضاد کو

حکمتِ نصِ وَلْتَکُنْ پر نہ کیا جنہوں نے غور
بیٹھ کے رو رہے ہیں آج فتنۂ ارتداد کو

کفر ہے دیں کی تاک میں اب تو مٹاؤ تفرقے
حیف ہے اب بھی راہ دو دل میں اگر عناد کو

حکم ہے راجپوت کو سامریانِ ہند کا
گائے کے آگے سر جھکا چھوڑ خدا کی یاد کو

مشعلِ دیں کی سمت میں چل نہ سکی ہزار سال
آج ہے کیوں یہ حوصلہ کفر کی تند باد کو

ہاتھ میں لے کے سنگ و خشت بت شکن اور بت پرست
توڑ رہے ہیں ہند کے شیشۂ اتحاد کو

قوم جو ہو چلی تھی ایک کائی کی طرح پھٹ گئی
آج پہنچ گئے عدو اپنی دلی مراد کو

جلد اگر نہ اس نے کی فتنہ گروں سے باز پرس
کھو کے رہے گی کانگرس ملک کے اعتماد کو

Marfat.com

# فتنۂ ارتداد اور علمائے کرام

شکر ہے حجروں سے نکلے ہیں ہمارے پیشوا
تاکہ دُنیا میں بلند اسلام کا جھنڈا کریں

دھوئیں صدہا سال کے چپکے ہوئے داغِ جمود
ملتِ بیضا کا میلا پیرہن اُجلا کریں

کھینچ لایا تھا جسے ذوقِ عمل اجمیر تک
اپنے اندر وہ مقدس جذبہ پھر پیدا کریں

زورِ حق سے قوتِ باطل کو پہنچا کر شکست
دیں کی رکھ لیں آبرو اور کفر کو رسوا کریں

دعوت اور ارشاد سے توڑیں طلسمِ ارتداد
فتنۂ شدھی کا جو اُٹھا ہے اُسے چلتا کریں

سینہ میں قرآں ہو اور ہو آنکھ کے تل میں جہاں
کوزہ کو دریا میں بھر دیں ذرّہ کو صحرا کریں

مَا طَغیٰ کا لائیں کاجل چشمِ بینا کے لیے
وَالضُّحیٰ سے دیدۂ بدبیں کو نابینا کریں

وَلْتَكُن مِّنكُمْ کے اک افسوں سے بدلیں رنگِ ہند
منظر ایسا ہو کہ بیٹھے مدعی دیکھا کریں

ہیں مبارک عالمانِ دیں کی یہ سرگرمیاں
جن سے ہے ملت کی رونق لیکن اس کو کیا کریں

پڑ گئی ہے ہادیوں کے بیچ میں آکر یہ بحث
پہلے ہم رہبر کو یا گمراہ کو سیدھا کریں

مسئلہ یہ ہے کہ پہلے اپنے گھر کی لیں خبر
سب کے سب یا مل کے شردھانند پر دھاوا کریں

Marfat.com

مشرکوں کو جا کے سکھلائیں الوہیت کے بھید
یا شریک[1] خواجۂ یثرب کے راز افشا کریں

ہے مناسب اقلّ اوّل نشرو توزیع فروغ
یا اصولِ اولیں کا اول استقصا کریں

ہو بریلی قایدِ اس تحریک کا یا دیوبند
اُس کو مانیں مقتدا یا اتباع اس کا کریں

عالمانِ دیں ہی جب ہنگامہ آرا ہوں بہم
اے مسلمانو! یہ بتلاؤ کہ اب ہم کیا کریں

---

[1] متنبی غلام احمد آں جہانی متنبی قادیاں

Marfat.com

# ہیموں تقال کی فوج

سنگٹھن کے صدر دفتر میں بجا جس وقت سنکھ　　گھس گئے چاروں طرف سے آ کے پانی پت میں جاٹ
جس کو دیکھا تھا وہ اِک موٹا سا لٹھ باندھے ہوئے　　ہم تو یہ سمجھے تھے رکھ کر آئیں گے سر پر وہ کھاٹ
ڈٹ گئے آنکھیں بدل کر تعزیوں کے سامنے　　گرچہ اُن کی منزلِ مقصود تھی جمنا کا گھاٹ
چاہتے یہ تھے کہ دھاوا بول دیں اسلام پر　　کر دیا لیکن پولس نے سب کے سب کا ٹین باٹ
شہر کے بنیوں کو بھی خود اپنی اپنی پڑ گئی　　ان کے کام اس ترنگ کے وقت اپنے ہی آئے نہ باٹ

ریت کے تودے سے بڑھ کر پھسپھسی ثابت ہوئی
مالوی جی جس کو تھے سمجھے ہوئے لوہے کی لاٹ

---

۲۴ اگست ۱۹۲۵ء

Marfat.com

# گاندھی اور مالوی

اُدھر گاندھی ہمیں تلقین کرتے ہیں اہنسا کی
کہ مضمر ہے نجات اس مسئلہ میں ساری دُنیا کی

وہ اِٹنا کی طرح گر شعلہ افشاں ہوں تو ہونے دو
مگر تم پیروی چھوڑو نہ خاموشی میں گنگا کی

تشدّد ہو تو دو اُن کو تحمّل سے جواب اس کا
کہ ہیبت یُوں ہی اٹل ہو سکے گی مارشل لاء کی

اسی حربے سے اُلٹا تھا مسیحیت نے رُوما کو
چلن سیزر کا چھوڑو عادتیں سیکھو مسیحا کی

اِدھر سنگھم سے اُٹھ کر مالوی اُپدیش دیتے ہیں
کہ مِٹ جائے گی جاتی گر نہ عامل ہو گی گیتا کی

ابھی تک نسلِ بابر حکمراں اس دیس پر ہوتی
یہ اہنسا ہی کے بل پر زندگی کٹتی جو سانگا کی

تم اِک چانٹے کے بدلے چار چانٹوں کا کرو ساماں
یہی تہذیب ہے، دراصل کاشی اور متھرا کی

کمر میں گوپیاں پستول گھر سے باندھ کر نکلیں
تو اِندر لوک میں خوش آتما ہو گی کنہیّا کی

اگر ہتھیار بے لیسنس مل سکتے نہ ہوں تم کو
تو کر سکتے ہو اینٹوں سے مدارات اپنے اعدا کی

ہر اک چھوٹا بڑا اُس سن کے یہ باتیں ہے دبدھا میں
عجب اس وقت حالت ہو رہی ہے پیر و برنا کی

مقلد مالوی جی کے ہوں یا پیرو ہوں گاندھی کے
سراسر آشتی بن جائیں یا ہوں سر بسر خاکی

Marfat.com

# شرارت کی جڑ

سب تیری سمٹی ہوئی دولت ہوئی غارت
بنتے ہی بگڑ کیوں گئی قسمت تیری بھارت

گاندھی کی بسائی ہوئی بستی ہوئی برباد
دو سال کی محنت ہوئی پل بھر میں اکارت

ہم ڈھونڈنے نکلے ہیں کھنڈر اس کے ثرا میں
تھی بام ثریا سے بھی اونچی جو عمارت

گرما گئے تھے جس سے ٹھٹھرتے ہوئے اعضا
باقی نہ رہی جسم کے اندر وہ حرارت

اُس خون کا اک قطرہ بھی دل میں نہیں موجود
جس سے دم شمشیر کی ہوتی تھی طہارت

رہ رو تو بہت ہیں مگر ایسا کوئی رہبر
ملتا نہیں رکھتا ہو جو آنکھوں میں بصارت

دہلیز حکومت پہ سر عجز جھکا کر
لینا بہت آساں ہے قلمدان وزارت

گرتے ہوؤں کو بھی کوئی تھامے یہ ہے دشوار
پیدا نہیں کرتا کوئی اس فن میں مہارت

کیوں ہند کی تقدیر نے کھایا ہے یہ پلٹا
بوجھی گئی اب تک نہ کسی سے یہ بجھارت

مُسلم کی خطا ہے نہ یہودی ہی کی تقصیر
یہ سب ہے فقط ایک برہمن کی شرارت

---

Marfat.com

# مالوی جی کی یاد میں

دیکھ کے حال ملک کا آ گئے یاد مالوی　　روحِ عناد مالوی جانِ فساد مالوی

جن کو لقب دیا گیا پوجیہ پاد مالوی

تفرقہ کی زمین میں بغض کا بیج ڈال کر　　فتنہ کے کھیت کے لیے بن گئے کھاد مالوی

پوجیہ پاد مالوی پوجیہ پاد مالوی

لاد کے اپنی پیٹھ پر حربہ سنگ و خشت کو　　مسلم خستہ سے چلے کرنے جہاد مالوی

پوجیہ پاد مالوی پوجیہ پاد مالوی

کی ہے کھڑی مہا سبھا تاکہ ہو کانگرس تباہ　　مانگ رہے ہیں قوم سے کام کی داد مالوی

پوجیہ پاد مالوی پوجیہ پاد مالوی

دوست ہے دوست سے الگ بھائی ہے بھائی سے جدا　　ملک میں پھوٹ ڈال کر کیوں نہ ہوں شاد مالوی

پوجیہ پاد مالوی پوجیہ پاد مالوی

نہرو دیدہ ور نے گر بات کوئی کھری کہی　　اس پہ وہیں برس پڑے کور سواد مالوی

پوجیہ پاد مالوی پوجیہ پاد مالوی

گائے کی دُم ہلائیے ماش کی دال کھائیے　　ہم بھی کہیں پھر آپ کو پوجیہ پاد مالوی

پوجیہ پاد مالوی پوجیہ پاد مالوی

یکم اکتوبر ۱۹۲۶ء

Marfat.com

# مالوی جی کا بھٹہ

حویلی بن چکی جب سنگٹھن کی — تو پہنچا مالوی جی کو بلاوا
کہ آ کر ہندوؤں کی ٹھونکیے پیٹھ — اور اُن کو دیجیے بڑھ کر بڑھاوا
اب اس گھوڑے کی چھل بل دیکھ لیجے — دیا کرتے تھے جس کو آپ کاوا
کوئی تقریر گرما گرم کیجیے — پہنچیے لے کے مندر میں چڑھاوا
کھڑی ہے وہ گھڑی سر پر کہ اک ساتھ — مُسلمانوں پہ بولا جائے دھاوا

ہوئے ڈنڑ پیل کر تیار ہندو
پھری گنگا ہے کسرت کے علاوا

کہا یہ مالوی جی نے کہ پہلے — بناؤ ایک اینٹوں کا پزاوا
بہت ہی سخت اس کی کھوپری ہے — ہے اینٹ اسلام کے سر کا مداوا

بہت سی جمع کر لو گھر میں اینٹیں
چڑھا رکھا ہے مَیں نے بھی اِک آوا

---

# شدّھی کی برات

صنم خانہ میں صدیوں سے پڑا تھا قفل غزنی کا
پکار اُٹھا بنارس شدھی اس تالے کی ہے کنجی

کرم کے نام پر دھوتی سنبھالی مالوی جی نے
دھرم کے نام پر لٹھ لے کے دوڑے ڈاکٹر مُنجی

برات آئی ہے شُدھی کی مگر یہ کیا تماشا ہے
کہ نکٹا ہے سُسر لنگڑا ہے دُولہا اور دُلہن لنجی

---

Marfat.com

# مالوی جی اور ان کے سمدھی

مالوی جی گرچہ شدھی کے علم بردار ہیں
پاسیوں کے اور چماروں کے بڑے غم خوار ہیں

بھنگیوں کے ساتھ بھوجن چکھنے سے جن کو ہو عار
آپ ہو جاتے وہیں اس کے گلے کا ہار ہیں

دے چکے ہیں آپ کو درشن کنھیا اور کپل
آپ کی نظروں میں پرمیشر کے سب اوتار ہیں

آپ کو ان دیوتاؤں نے دیا ہے یہ پیام
خوش ہیں ہم ان سب سے جو کرتے دلت اُدھار ہیں

الغرض اٹھے ہیں لے کر آپ جھنڈا "اودّم" کا
منتظر جن کے حرم کے بھی در و دیوار ہیں

لیکن اپنے کنبہ والوں سے ہے الٹا ہی سلوک
اپنے سمدھی تک سے آپ آتے نظر بیزار ہیں

گوت سے باہر کیا داماد کیوں اُس نے پسند
اس خطا پر اُس کو دکھلانے لگے پیزار ہیں

مرتے دم سمدھن کی صورت تک دیکھی آپ نے
آپ کی آنکھوں میں "کھٹکے" اس کے ابھی تک خار ہیں

اُس کی ارتھی لے کے جو شمشان بھومی تک گیا
برہمن بھی تھا تو اس سے جنگ کو تیار ہیں

کیا یہی وہ سنگٹھن ہے جس کا چپو تھام کر
مالوی کرنے چلے جاتی کا بیڑا پار ہیں

اس دھرم سے کیا ڈریں گی رحمتیں اسلام کی
جس کے گھر میں لعنتوں کے اس قدر انبار ہیں

Marfat.com

# لٹھ اور طپنچہ

وہ چھاؤنی چھائی تھی جو اِسلام نے ٹل پر
چھلنے کو ہے اک روز مہا بیروں کے دل پر

اس خطرے سے ہیں لرزہ براندام وہ بچھڑے
جو کودتے ہیں مالوی کے کھونٹے کے بل پر

کہتے ہیں کہ اسلامیوں کو بیس کے رکھ دو
ہو آج ہی یہ کام نہ چھوڑو اسے کل پر

جو بوئیں گے کاٹیں گے نظر کاش وہ ڈالیں
اِس گنبدِ گردوں میں مکافاتِ عمل پر

کہہ دو انہیں اللہ کے گھر والوں کو کیا خوف
اس قوم سے شیدا ہو جو لات اور ہبل پر

لٹھ باندھ کے موںجے نکل آئے ہیں تو ہم بھی
آتے ہیں طپنچہ کو چڑھائے ہوئے کل پر

Marfat.com

# خطاب چہارگانہ

۱۔ ملکانوں سے

ترک کر تقلید آبا بن خلیلؑ اور بت کو توڑ — ماسوا کو چھوڑ رب العالمیں سے رشتہ جوڑ
یاد کر بھولا ہوا والرجز فاھجر کا سبق — شرک کی رسموں سے باز آ کفر کی ریتوں کو چھوڑ
اس نبیؐ کا تھام لے دامن جو ہے ختم رسل — جس کی رحمت ہے دو عالم کی سعادت کا نچوڑ
چشمۂ دین محمد خشک ہو سکتا نہیں — اس کنوئیں سے آکے پانی بھر جو ہے پاتال توڑ

(۲) مذبذبین سے

جا رہا ہے خود حرم کو ناقہ منزل شناس — سارباں پڑ کر تذبذب میں مہار اس کی نہ موڑ

(۳) پرستاران موالات سے

ووٹ لے کونسل میں جا کرسی پہ ڈٹ تقریر کر — اور وہی برسوں کی دہرائی ہوئی ہڈی چچوڑ

(۴) سوامی جی سے

یہ چٹان اسلام کی ہے اس سے ٹکراتا ہے کیوں — اپنے سر پر رحم کر پتھر سے اپنا سر نہ پھوڑ
ہند میں توحید کا جھنڈا نہ ہوگا سرنگوں
خواہ تیرا ساتھ دیں بھارت کے بت ستر کروڑ

Marfat.com

# لالہ کی مہک

"پرتاپ" کی اس تک بندی کے جواب میں کہ

پنجاب کی ہوا ہی سراسر گئی بدل — کچلو نئے نئے ہیں ظفر خاں نئے نئے

---

بھارت میں کھل گئے ہیں دبستاں نئے نئے
جن سے نکل رہے ہیں زباں داں نئے نئے

شدھی و سنگٹھن ہیں مضامیں کی سرخیاں
آرائشِ کلام ہیں عنواں نئے نئے

دہلی میں "تیج" ہے تو ہے لاہور میں "ملاپ"
پیدا ہوئے ہیں دشمنِ ایماں نئے نئے

"پرتاپ" کا دماغ ہے اور ناز کا قلم
پھر کیوں تراشے جائیں نہ بہتاں نئے نئے

ہندوستاں کے باغ کے مالی ہیں مالوی
ویرانیٔ چمن کے ہیں ساماں نئے نئے

ہیں لاجپت کہیں تو کہیں لالہ ہردیال
ہیں قصدِ اتحاد کے درباں نئے نئے

"ہندو" ہے اس طرف تو ادھر "بندے ماترم"
ہیں آندھیاں نئی نئی طوفاں نئے نئے

اسلام اپنے کاسۂ سر کی منائے خیر
باندھے ہیں خشت و سنگ نے پیماں نئے نئے

صبحِ وطن میں شامِ غریباں کی ہے نمود
لائی ہے رنگ گردشِ دوراں نئے نئے

تک سے بھی تک ملانے کا جن کو نہیں شعور
شاعر نئے نئے ہیں غزل خواں نئے نئے

Marfat.com

# ہاتھی کے دانت

سوامی شردھانند کے قتل نے ہندوؤں اور مسلمانوں کے تعلقات میں جو خوفناک کشیدگی پیدا کر دی تھی۔ اُسے دُور کرنے کا دعوےکرتے ہُوئے پنڈت مدن موہن مالوی اور لالہ لاجپت رائے نے ۴ جنوری ۱۹۲۷ء کو اہلِ ہند کے نام حسبِ ذیل پیغام شائع کیا۔

ہم ہندوستان بھر کے اخبارات بالخصوص لاہور اور دہلی کے ہندو اخبار نویسوں کو ہدایت کرتے ہیں کہ وہ سوامی شردھانند جی کے قتل کے متعلق رائے زنی کرنے میں نہایت ضبط اور بردباری سے کام لیں اور چند دن تک اس واقعہ کی سرکاری تفتیش کی نسبت کامل خاموشی اختیار کریں۔

اس ہدایت کی تعمیل "ملاپ" نے اپنی ۶ جنوری کی اشاعت میں یُوں کی :-

آؤ اے ہندو بھائیو! جہاں ہم نے شری سوامی شردھانند جی کا ماتم منایا ہے وہاں ہم اس امر کی کوشش کریں۔ کہ جس سے اُن دشمنوں کے سارے منصوبے خاک میں مل جائیں۔ جنہوں نے شری سوامی شردھانند جی کو شہید کر کے یہ سمجھ لیا ہے کہ اُنہوں نے شدھی اور سنگھٹن کے سرکردہ رہنما کو مار لیا ہے۔ مخالفوں نے ریوالوروں اور پستولوں کے رُوپ میں صاف اور واضح چیلنج دے دیا ہے۔ اب ہمارا فرضِ اولین ہے کہ ہم اس چیلنج کو بے پروائی سے ٹھکراتے ہُوئے مستانہ وار

Marfat.com

آگے بڑھتے جائیں اور اس وقت تک دم نہ لیں جب تک اپنے جملہ گمراہ بھائیوں کو شدھی کا امرت اور آبِ حیات نہ پلالیں۔

لالہ لاجپت رائے کے اخبار "بندے ماترم" میں ۱۶ جنوری والی ہدایت پر یوں عمل کیا گیا۔

کون کہتا ہے سوامی مر گئے ہرگز نہیں!
موت کے پردہ میں مرنا اک بہانہ ہوگیا
ورنہ کرنے کے لئے شدھی گئے افلاک پر
اہل جنّت کی بھی شدھی کا بہانہ ہوگیا
جنّت الفردوس میں شدھی کی لہریں دیکھیو
کھل گیا رستہ ادھر کا آنا جانا ہوگیا
چرخِ ہفتم پر بھی آخر گڑ گئے شدھی کے کیمپ
واں بھی استادہ ہمارا شامیانہ ہوگیا
نت نئی ہو کر مرتب جائے گی شدھی کی فوج
قافلہ سالار پہلے ہی روانہ ہوگیا
عاصی جنّت والے بھی ہندو بنائے جائیں گے
سوامی شردھانند کا واں بھی گھرانہ ہوگیا

اس دل آزار اور جگر خراش خرافات سے متاثر ہوکر اشعار ذیل سپردِ قلم کئے گئے۔

کوئی مالوی جی سے جاکر یہ کہہ دے
ستائے ہوؤں کو اگر تم نے چھیڑا
تو نکلے گا بے اختیار اُن کے منہ سے
کرو غرق گنگا میں شدھی کا بیڑا
انہیں پائیں گے بور کے آپ لڈو
جنہیں آپ سمجھے ہیں متھرا کا پیڑا

Marfat.com

سلاؤ گے جاتی کی چولی کو کس سے
اگر ہم نے ایک ایک ٹانکا ادھیڑا

کدال ایک لائیں گے اچھی سی ہم بھی
گڑا کوئی مردہ جو تم نے اکھیڑا

جہانگیری دینِ برحق کی زد سے
بچے گا نہ بھارت کا کوئی بھی کھیڑا

ہیں ہم تم سے خوش اور ہمارا خدا خوش
اگر چھوڑ دو سنگٹھن کا بکھیڑا

۸ر جنوری ۱۹۲۷ء

---

Marfat.com

# جانُ بُل کا حشر

لگا جب سنکھ بجنے سنگٹھن کا
پھٹے جب کان اس کے شور وغل سے

تو ایوانِ حکومت میں پہنچ کر
کہا بدھو میاں نے جان بل سے

مری اک عرض سن لو بندہ پرور
اگر فرصت ہو تم کو جام مل سے

جسے تم بھیرویں سمجھے ہے دیپک
نہ تم کو بھی کہیں تان اس کی جھلسے

کریں گے مالوی جی تم کو محروم
کسی دن اختیارِ جزو کل سے

پکڑ کر کان شردھانند جی پھر
گزاریں گے تمہیں شدھی کے پل سے

لہکتا دیکھ لو گے لالہ کا باغ
جو پھولے گا تمہاری فصلِ گل سے

ہمیں تو کچھ نہ کچھ پھر بھی ہے امید
نزولِ رحمتِ ختم رسل سے

مگر تم ان مہابیروں کے ہاتھوں
بچو گے کن طرق اور کن سبل سے

Marfat.com

# لاہور میں مہارانا نصر اللہ خاں نو مسلم کا ورود مسعود

اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰہِ وَالْفَتْحُ وَرَأَیْتَ النَّاسَ یَدْخُلُوْنَ فِیْ دِیْنِ اللّٰہِ اَفْوَاجًا

کاٹھیاواڑی نسیم آئی گل و نسریں بدوش
رات کو پنجاب کے صحنِ چمن کے سامنے

سجدہ میں سر ہے مسلمانوں کا اس احسان پر
درگہِ پروردگارِ ذوالمنن کے سامنے

بج رہے ہیں شادیانے جآءَ نَصْرُ اللّٰہ کے
صبح سے اسلامیوں کی انجمن کے سامنے

ہاتھ سے جاتا رہا بلوان ناہر سنگھ سا
جائے کیا منہ لے کے شدھی سنگٹھن کے سامنے

ساری "جاتی" آ کے نصر اللہ خاں کو دیکھ لے
آفتاب آیا ہے پروین و پرن کے سامنے

پانچ لاکھ اسلام کے شیدائیوں کی گردنیں
جھک گئیں اسلاف کی رسمِ کہن کے سامنے

آج کے دن راجپوتوں نے کیا ہے سرخرو
ملتِ بیضا کو ہر کالی چرن کے سامنے

وقت آ پہنچا کہ کٹ کر خوفِ قید و بند سے
جا بئیں یزداں کے پرستار اہرمن کے سامنے

وقت آ پہنچا کہ ہوں تکبیر کے نعرے بلند
بت کدوں کی راہ پر دار و رسن کے سامنے

وقت آ پہنچا کہ ہر دل میں ہو رعب اسلام کا
خس بدنداں کفر ہو دینِ حسن کے سامنے

دیکھنا اس روز جاتی کی پریشانی کا حال
بال جب کھولے گی شدھی سنگٹھن کے سامنے

کیا تماشا ہے کہ نکلے گوکلی باشتیے
یثربی دنگل کے گرو بیلتن کے سامنے

Marfat.com

چیز ہی کیا ہیں تبانِ ہردوار و سومنات
غازیوں کے بازوِ خیبر شکن کے سامنے

دیدۂ خفاش باطل کا ٹھہرنا ہے محال
آفتابِ حق کی چمکیلی کرن کے سامنے

اینٹھتے تھے مالوی جی ہاش کے آٹے کی طرح
سب اکڑ فوں گم ہوئی پہنچے جو رن کے سامنے

گائے کی دُم تھام کر تالاب پار اترے تو کیا
لطف جب ہے ہفت قلزم ہوں لگن کے سامنے

"اوم" کا جھنڈا حرم پر گاڑنا آساں نہیں
شہسوار نجد جیسے تیغ زن کے سامنے

لالہ لہکا تھا مگر جمتا کہاں تک اُس کا رنگ
سرخی خونِ شہادت کی پھبن کے سامنے

برہمن کی ہوشیاری کی لنگوٹی کھل گئی
شیخ کے بے تہمدے دیوانہ پن کے سامنے

آ ملے ہم سے اگر دو چار ناہر سنگھ اور
زمزم ابلے گا اسی گنگ و جمن کے سامنے

---

۱۰ اپریل ۱۹۲۷ء

Marfat.com

# حُدی را تیز تر برخواں چو محمل را گراں بینی

ناداں ہیں جو کرتے ہیں بھروسا رفقا پر
تکیہ وہی اچھا ہے جو ہو اپنے خدا پر

راضی ہو ہر اک حال میں مولا کی رضا سے
رکھ اپنی نظر شیوۂ شاہِ دوسرا پر

محمل جو گراں ہو تو بڑھا شورِ حُدی کا
ہو نغمہ جو کم ذوق تو دے زور نوا پر

مردہ پہ نہیں آنکھ میں رہتی ہے مروت
باطن ہی نہ ہو صاف تو کیوں جائیں صفا پر

کچھ تو نے سنا بھی ہے کہ کیا ہند میں گزری
اندور کی بستی کے اسیرانِ بلا پر

کل بانگِ اذاں دب گئی ناقوس کی لے میں
اُڑتی سی یہ آئی ہے خبر دوشِ صبا پر

وہ سر جو جھکا تھا کبھی اللہ کے آگے
رکھا ہوا ہے کفر کے نقشِ کفِ پا پر

ناموسِ شریعت کے لہو کی ہیں یہ بوندیں
چو تکمہ نہیں لعل کا شدھی کی قبا پر

بگڑی ہے کچھ ایسی کہ بنائے نہیں بنتی
چلتا نہیں کچھ زورِ تدبیر نہ قضا پر

مل سکتی تھی جس سے خبرِ منزلِ مقصود
ہے کوئی دھرے کان جو اس بانگِ درا پر

ہے کوئی کلیجے کو جو تھامے ہوئے نکلے
اسلام کے آفت زدہ بچوں کی صدا پر

رحمت کی گھٹا جھوم کے پھر کوئی اِدھر آئے
رہ رہ کے نگہ اُٹھتی ہے یثرب کی فضا پر

۱۰ / اپریل ۱۹۲۷ء

# اِسلام کا بے باک بیڑا

کُنبھ کی گنگا جمنی گاگر رنگا رنگی ساگر ہے
ہر نر ناری کے ننگے بدن پر جس کے نژ بیڑے پڑتے ہیں
جانی کے نازک ہاتھ کے صدقے! جس کی حنائی شوخی سے
شیخ کے مُنہ پر دل کے لبھانے والے تھپیڑے پڑتے ہیں
مولویوں کو نانِ جویں بھی کعبہ میں ہو کر مل نہ سکی
مالویوں کے حصّہ میں ہر کی پوڑی کے پیڑے پڑتے ہیں
سنگھٹن اور شُدھی کا جھمیلا یہ نہ سمجھیے ختم ہُوا
اور ابھی اس میں دیکھتے رہیے کتنے بکھیڑے پڑتے ہیں
رات ہے کالی دُور ہے منزل ساتھ ہی یاروں کو ہے یہ خوف
رستہ میں ڈاکے ڈالنے والے بیسیوں کھیڑے پڑتے ہیں
مُطلبی ہمت ہو کھویّا ہاشمی غیرت لنگر ہو
یثربیوں کے یوں ہی نہیں منجدھار میں بیڑے پڑتے ہیں

۲۹ر اپریل ۱۹۲۷ء

# کیا پدی اور کیا پدی کا شوربا

سُنا بھی تم نے اے اسلام والو
کہ حال اس وقت ہے اسلام کا کیا
دباتا جا رہا ہے حق کو باطل
بدلتا آسماں ہے رنگ کیا کیا

جہاں دیکھو وہاں بس ہو رہے ہیں
پجاری کیا اور ان کے دیوتا کیا

خدا کا ڈر ہی دل سے اُٹھ گیا جب
نہیں کہہ دو کہ پھر باقی رہا کیا
حکومت ہے نہ حکمت ہے نہ دولت
پھر ایسی زندگانی کا مزا کیا
ہم اپنے آپ دُشمن ہو رہے ہیں
ہے اس میں مالوی جی کی خطا کیا

جہاں ہوں ہر طرف رہزن ہی رہزن
وہ منزل کیا اور اُس کا قافلہ کیا

بہت ہے ہندوؤں کے ووٹ بڑھ جائیں
سوا اس کے ہے شُدھی میں دھرا کیا
مسلمان ہو گئے دس بیس مرتد
تو اے حق کے پرستارو ہوا کیا
یہ شُدھی کیا اور اُس کی کیا حقیقت
یہ پدی کیا اور اس کا شوربا کیا

Marfat.com

جنہیں جگنو پہ سورج کا گماں ہو　　اُن اوندھی عقل والوں سے گلہ کیا
ادھر سے ہم چلے ڈھیلے ادھر سے　　تمہارے سنگٹھن کا پوچھنا کیا

بروں کی جان کو رویا اگر میں
تو بتلاؤ برا میں نے کیا کیا

ہماری راکھ اب بھی ہے شرر خیز　　کرے دے گی اسے ہندو سبھا کیا
بجھا دیں جس کو کافر مار کر پھونک　　حرم کے طاقچہ کا وہ دیا کیا

ہجوم کفر سے کیا خوف ہم کو
نہیں آقا ہمارے مصطفےٰ کیا؟

---

۲۲ جنوری ۱۹۲۷ء

Marfat.com

# اسلام کی بجلی اور شدھی کا خرمن

چڑیں گے کن علف زاروں میں اب اسلام کے گلّے
کہ بھر دیں کفر کے ڈھوروں نے بھارت کی چراگاہیں

اجازت مل گئی ہے آریوں کو مالوی جی سے
کہ حلقہ ڈال دیں شدھی کا جس کے کان میں چاہیں

کسی عورت کو بہکایا کسی بچے کو پھسلایا
دھرم ارتھ اُن کو وظیفے اسی مطلب کی تنخواہیں

کہیں فقر اور ناداری کہیں جہل اور ہوسناکی
حرم کے روزنوں نے بت کدے کی کھول دیں راہیں

ہر اک مسجد پہ جھنڈا اوم کا لہرانے والا ہے
ہر اک مندر میں ہیں گرم ان دنوں ایسی ہی افواہیں

گریں گی بجلیاں اِن سارے منصوبوں کے خرمن پہ
اگر اُبھریں یکایک سینہ سے اسلام کی آہیں

---

لاہور ۱۴ جنوری ۱۹۲۶ء

Marfat.com

# شدھی کی آنکھ اور سنگٹھن کا ہاتھ

## ایں شوخیٔ چشمش ببیں واں دستِ بے باکش نگر

صدا کل شب یہ اُٹھی مالوی جی کی حویلی سے
تمہاری آبرو کا بھاؤ پانی سے بھی سستا ہے

دبائی جائے گی دُکھتی ہوئی رگ حق پرستوں کی
بغل میں سنگٹھن دابے ہوئے شدھی کا بستا ہے

ستائش گر ہیں سیواجی کے بابائے خلافت بھی
جسے سمجھے ہیں راہِ کعبہ وہ پوپا کا رستہ ہے

گرو کل مبتدا ہے اور خبر لاہور ہے اس کی
ادھر بجلی چمکتی ہے ادھر بادل برستا ہے

پڑا ہے سنگٹھن سے اور شدھی سے ہمیں پالا
اِدھر اس بھڑنے کاٹا ہے اُدھر وہ ناگ ڈستا ہے

ہماری آبرو کا خون ہے کاشی کی گردن پر
اور اس کے قتل پر پٹنہ کمر رہ رہ کے کستا ہے

---

۱۳ مئی سنہ ۱۹۲۶ء

Marfat.com

# شدھی کی قاتلانہ دھمکیاں

## اسلام کا جواب

ہو جائے کہیں بھی کوئی مظلوم اگر قتل — سمجھو کہ ہوئی ساتھ ہی سب نوعِ بشر قتل
شدھی کے مہابیر یہ لائے ہیں سندیسہ — اک دن وہ کرے گی مجھے آکر مرے گھر قتل
اے کفر کے خنجر نکل آ اپنی کمیں سے — ہر وقت میں حاضر ہوں مجھے شوق سے کر قتل
میری بھی پیمبرؐ کی طرح ہے یہ تمنا — ہوتا رہوں رہ رہ کے اُدھر زندہ ادھر قتل
دنیا میں مسلمان کی یہی تو ہے نشانی — اللہ کے رستے میں ہو بے خوف و خطر قتل
کٹواتے ہو کیوں سر کو زمین و زر و زن پر — ہونا ہے تو ہو نام خداوندی پر قتل
پیغام دیا ہے یہ حسینؓ ابن علیؓ نے — لاتا ہے نئی زندگی اسلام [illegible] قتل

بھارت کی فضا گونجے گی "اسلام کی جے" سے
جس دن خبر آئی کہ ہوا آج ظفقند قتل

۲۷ مئی سنہ ۱۹۲۷

Marfat.com

# سلسبیل کی چند بوندیں

۴ جون ۱۹۲۷ء کی صبح کو میں ڈلہوزی جانے والا تھا۔ رات کے بارہ بجے تک ملاقاتیوں کا تانتا بندھا رہا۔ ملک لال دین قیصر بھی آئے۔ اور چند اشعار کی فرمائش کی جو چند منٹ میں لکھوا دیئے گئے۔ وہ اشعار یہ ہیں :-

مٹی کی جون میں تحویل ہوئی جاتی ہے
جسم کیا روح بھی تحلیل ہوئی جاتی ہے

میر عثمان علی خان نے بجائی تھی جو کھیر
دیکھتے دیکھتے انبیل ہوئی جاتی ہے

بہ زر و زور بہ زاری و بہ زن شدھی بھی
عمر عیار کی زنبیل ہوئی جاتی ہے

منجی و مالوی نے گانٹھے تھے جو منصوبے
اُن کی لاہور میں تکمیل ہوئی جاتی ہے

لاجپت رائے کو ہم نے بہ حقارت دیکھا
آج شہباز وہی چیل ہوئی جاتی ہے

راجپال آج عدالت سے ہوا صاف بری
شرع اسلام کی تذلیل ہوئی جاتی ہے

ابرہہ لکھنؤ والے ہوئے جاتے ہیں اگر
دولت نجد ابابیل ہوئی جاتی ہے

کبھی گوکل میں بجی تھی جو دل آرا مُرلی
وہی اب صور سرافیل ہوئی جاتی ہے

بھائی سے بھائی جدا دست سے ہے دست الگ
فطرت اسلام کی تبدیل ہوئی جاتی ہے

ہونے والا ہے پھر اسلام کا خورشید طلوع
سنگھٹن گل تری قندیل ہوئی جاتی ہے

مجھ سے قیصر نے کہا تھا کہ کہو کچھ اشعار
اُن کے ارشاد کی تعمیل ہوئی جاتی ہے

۳ جون ۱۹۲۷ء

سلہ با اصلاح دکن حیدرآباد کا دلیا

Marfat.com

# حریفوں سے<sup></sup>(۲) دو دو(۲) باتیں

جن سے مقابلہ ہے وہ ہیں نام کے حریف
میداں میں اب تک آ نہ سکے کام کے حریف

"پرتاپ" اور ملاپ کو ہم کیا جواب دیں
ہم ہیں حریف بذلہ وہ دشنام کے حریف

دشمن ہیں وہ خدا کے اور اس کے رسولؐ کے
اور ہم ہیں ہر دوار کے اصنام کے حریف

کوٹھوں پہ چڑھ کے پھینک لیں اینٹیں تو کیا ہوا
جب ہے مزا کہ رن میں ہوں صمصام کے حریف

وہ اور کوئی ہوں گے جنہیں "بندے ماترم"
تبلا رہا ہے لالہ منی رام کے حریف

تھا بھاؤ ایک ساغرمل کا خراج ہند
اگلے سے اب کہاں وہ مے و جام کے حریف

ہم کو بھی شکوہ ہے کہ مسلمان کیوں ہوئے
شدھی کے آفتاب لبِ بام کے حریف

تاروں کو رکھ کے دیکھ لیں سورج کے سامنے
ہیں برتر از شمار اگر اسلام کے حریف

---

۶ جون ۱۹۲۷ء

Marfat.com

# فاعتبروا یا اولی الابصار

نظر آتے ہیں اب تک بھی مسلمانوں کی محفل میں
کہیں شاعر کہیں بھڑوے کہیں بھانڈ اور کہیں رنڈی

حریف گرم رو گوکل سے چڑھ دوڑا مدینے پر
مگر ان کے لئے ہے با "تُتّی" یا سڑک ٹھنڈی

خدا ان کی آنکھیں مولوی احمد علی کھولیں
دکھا دیں سنگھٹن کی اُن کو لہراتی ہوئی جھنڈی

پھر اُن کو لے چلیں شدھی کے بنبو کی دکانوں پر
چلن جن کا ہے سودا تولنا اور مارنا ڈنڈی

شیخین اور خبیثات آج کل ہیں خوب زوروں پر
اگر ہے سنگھٹن سنڈا تو شدھی بھی ہے مشٹنڈی

جنہیں لینی ہو گالی لے لیں "پرتاپ" ایک آنے میں
کہ سستا کر چکی ہے بھاؤ اپنا کفر کی منڈی

خدا محفوظ رکھے ان دیانندی حریفوں سے
قیامت کی ہے چال ان کی ملاکے ہیں یہ پاکھنڈی

ہر اک بھومی کی مٹی ہیں جدا تاثیر ہوتی ہے
ملا ہندو کو کاشی اور ملی سکھوں کو تلونڈی!

---

۱۰/جون ۱۹۲۷ء

Marfat.com

# ناموسِ نبیؐ

عزت کا تاج کفر کے سر سے اتار کر
ناموسِ خواجۂ دوسرا پر نثار کر

کب تک قضائے غیب کی صرصر کا انتظار
اس کفر کے دیئے کو بجھا پھونک مار کر

جب تک نہیں ہے قوتِ بازو پر اعتماد
بھولے سے بھی نہ ناؤ پہ اعتبار کر

کشتی کو تاکتا ہے بھنور ہردوار کا
خود بن کے ناخدا اسے گنگا کے پار کر

عشقِ رسولؐ خوفِ جہاں سے ہے بے نیاز
خاطر میں لا رسن کو نہ پروائے دار کر

قرآں جو سینہ میں تھا سفینہ میں رہ گیا
خود تو نے اپنا کام بگاڑا سنوار کر

کسریٰ کا تخت جس نے پلوں میں الٹ دیا
اٹھ اپنے دل میں پھر وہی جذبہ ابھار کر

اجڑے ہوئے چمن سے خزاں کو نکال دے
سامانِ خیر مقدمِ فصلِ بہار کر

باطل سے تجھ کو لاگ ہو اور حق سے ہو لگاؤ
وضعِ محمدِ عربی اختیار کر

آسان ہونے والی ہیں سب تیری مشکلیں
تھوڑا سا اور صبر دلِ بے قرار کر

تو نے زمین والوں کے احکام سن لئے
اب آسماں کے فیصلہ کا انتظار کر

بخشا گیا کسی کو مٹن اور کسی کو بیعت
دینی ہیں دال [illegible] کو بگھار کر

اسلام کفر سے نہ دبا ہے نہ دب سکے
کہہ دو یہ سنگٹھن کی سبھائیں پکار کر

۵ اگست ۱۹۲۷ء

Marfat.com

# سودائے خام

ہوا ہے جذبہ پیدا سنگٹھنیوں میں حکومت کا
مگر سمجھے نہیں اب تک وہ اس جذبہ کی خامی کو

اڑا سکتے نہیں جو ناک پر بیٹھی ہوئی مکھی
نکالیں گے وہ بت کس طرح توپوں والے ٹامی کو

جھکائی جس نے گردن اپنی غیر اللہ کے آگے
مسلط کر دیا اللہ نے اس پر غلامی کو

فقط اتنا ہی آزادی یہ حق ہندو سبھا کا ہے
کہ رو رو کر کرا دے قید دہلی کے نظامی کو

تمام اس ملک میں ہو کر رہے گا نورِ حق اک دن
بہ نو لائے گا حجت میں اپنی ناتمامی کو

مسلمانوں سے پوچھو ہندوؤں سے پوچھتے کیا ہو
مری شیوا بیانی کو مری شیریں کلامی کو

---

۲۷ اگست ۱۹۲۶ء

Marfat.com

# تاجدارِ دکن کو سنگھٹن کی دھمکی

اٹھا ہے سنگھٹن کی فضا سے یہ غل نیا
شدھی سے دشمنی ہے حضور نظام کو

حد سے گذر رہا ہے تعصب حضور کا
بٹہ لگا رہے ہیں حکومت کے نام کو

باقی بچا جو ہاتھ سے اورنگ زیب کے
گن گن کے لے رہے ہیں وہ اس انتقام کو

مانا کہ مجتنب ہیں "وہ عجل جنید" سے
خوانِ خلیل میں ہے شرف حسن طعام کو

اور حلقۂ ہنود میں کچھ دیر کے لئے
تسکین ہوگئی جذبات عوام کو

لیکن یہ کیا کہ گوشِ دکن تک ہمارے لوگ
پہنچا سکیں نہ اپنے دھرم کے پیام کو

انصاف کیا یہی ہے کہ خود تو شہ دکن
رغبت دلائیں دین کی ہر خاص و عام کو

دے کر مئے طہور کی ہر شخص کو صلا
کرتے ہوں پیش روضۂ دارالسلام کو

اور ہم کریں کسی کی بھی شدھی اگر تو آپ
بھیجیں یہ حکم اپنے مدارالمہام کو

قارورہ گائے کا نہ پئے کوئی حق پرست
اللہ کا شریک نہ ٹھہرائے رام کو

ہونے نہ پائے کوئی مسلمان آریہ
چھوڑے جو دین تیغ بھی چھوڑے نیام کو

ان سب خرابیوں کا یہی توڑ ہے کہ ہم
پہلے کریں درست خود اپنے قوام کو

Marfat.com

ہو جائے سنگٹھن جو ہمارا تو اس طرح — آقا کبھی نہ گھور سکے گا غلام کو
تھا خامشی جواب اس الزام کا مگر — کب مانتا ہے خامہ مری روک تھام کو
کیوں باغباں کرے نہ حفاظت طیور کی — صیاد لے کے باغ اگر جائے دام کو
جو ہیں خدا پرست ہوں کیوں سامری پرست — کیوں چھوڑ دیں شریعت خیر الانام کو
گوبر ملے دہی کو مسلمان کھائیں کیوں — کیوں کر حلال ہیں وہ ملا دیں حرام کو
کیا حق ہے آریوں کو کہ قارورہ کر کے پیش — اسلامیوں سے چھین لیں کوثر کے جام کو
کیا حق ہے کفر کا کہ خلیع العذار ہو — روکے نہ کوئی اس فرسِ بدلگام کو
یہ ہرزہ خواں گروہ عجب بدتمیز ہے — پہچانتا نہیں ہے ادب کے مقام کو
یہ لوگ آج بادشہوں پر ہیں حرف گیر — کل تک نہ پوچھتے تھے جنہیں ہم چدام کو
بے سود ہیں یہ سنگٹھنی بھبکیاں تمام — اس سے کوئی ڈرا نہیں سکتا نظام کو

ہرگز کبھی پہنچ نہیں سکتا کوئی گزند!
غوغائے سگ سے جلوۂ ماہِ تمام کو

---

Marfat.com

# موتمر شملہ کی گفت و شنید کا انجام

سنگھٹن نے فیصلہ کر ہی کے اٹھے جنگ کا
چل گیا شملہ میں جادو ڈاکٹر نارنگ کا

گائے اور باجے پہ ہے موقوف اس کی صلح و جنگ
پوچھنا کیا ہند کی تقدیر نگار رنگ کا

بھر دیئے جاتی کے گھر میں ڈاکٹر منجی نے لٹھ
مالوی جی نے لگایا ڈھیر خشت و سنگ کا

اس کے غل اور شور میں دب جائے گلبانگ اذاں
ہے یہ مقصد کفر کے ساز بلند آہنگ کا

بانبیوں سے جھٹ نکل آئے سبھی ست کوڑیئے
بین کی جھنکار سے گونجا جو ساحل گنگ کا

پرش سارے ہوں بجپیتے اور اُن کی استریاں لٹھیت
دیس ہو گا جب کہیں ہندو سبھا کے ڈھنگ کا

آریوں کی طرح اپنوں سے بھی رکھنی ہو جو ضد
ہم نشیں تو بھی چڑھا جا اک پیالہ بھنگ کا

ناچتے ہیں جو مسلماں ہندوؤں کے تال پر
دل خراش و جاں ستاں ہے نغمہ ان کے چنگ کا

لالہ جی یورپ گئے اور لیتے آئے ارمغاں
افترا ہائے صریح اور عذر ہائے لنگ کا

نخوت گلچھر اگر لندن کو ارزانی ہوئی
یاد ہے کاشی کو بھی ڈھب لاٹ اورنگ کا

ہم بھی دے سکتے تھے میٹھی اور سلونی گالیاں
پاس اگر ہم کو نہ ہوتا اپنے نام و ننگ کا

صفحہ صفحہ میں ہیں مانی کی نگار آرائیاں
نقطہ نقطہ میرے خامہ کا ہے نقش ارژنگ کا

۴ نومبر ۱۹۳۲ء

Marfat.com

# اِسلام کا کوکبۂ خسروی

آنکھوں کے سامنے ہیں غلامی کی لعنتیں
ہیں آج لومڑی وہ جو کل تک تھے شیر مرد

لیکن خزاں کے بعد عمل ہے بہار کا
پھر سبز ہو رہے ہیں درختوں کے برگ زرد

اٹھا ہے پھر حرارت اسلام کا اُبال
اُس دیگ میں پڑی تھی بہت دیر سے جو سرد

بندھنے کو روزگار میں ہے سامیوں کی دھاک
اڑنے کو ہر دوار میں ہے آریوں کی گرد

گر ہے سفر وسیلہ ظفر کا تو ہم نشیں
گرم سفر ہیں جادۂ یثرب کے رہ نورد

---

Marfat.com

# اِختلاف

Marfat.com

# پردہ داران پردہ در

دین کی شوکت گھٹانا کوئی ہم سے سیکھ جائے
کفر کی عزت بڑھانا کوئی ہم سے سیکھ جائے

دیتے ہیں ترجیح ہم قرآں پہ ڑنداوست کو
اپنی ہستی کو مٹانا کوئی ہم سے سیکھ جائے

آنریبلؔ ہو کر اور سرکار سے لے کر خطاب
منہ شریعت کا چڑانا کوئی ہم سے سیکھ جائے

مغربی لے میں نوا آموزی ابلیس سے
مشرقی پٹے کا گانا کوئی ہم سے سیکھ جائے

تار و پود اسلام کا ہم نے بکھیرا آپ ہی
اپنے ہاتھوں گھر لٹانا کوئی ہم سے سیکھ جائے

---

۷ جولائی سنہ ۱۹۱۲ء

لے مرزا عباس علی بیگ ممبر انڈیا کونسل

Marfat.com

# آئیں بائیں شائیں

## پیسہ اخبار مورخہ ۱۶ نومبر ۱۹۱۲ء کے جواب میں

بلقانیوں کا شور ہے کوؤں کی کائیں کائیں
خبریں ہیں اُن کی فتح کی سب آئیں بائیں شائیں

ہوتا ہے کوئی دم میں جلالِ حق آشکار
یہ کشتگانِ غمزۂ ابلیس رہ تو جائیں

ڈالا زمیں میں ظلم سے یورپ نے زلزلہ
مسلم دعا سے پایۂ عرشِ بریں ہلائیں

ریوٹر نے اہلِ یاس کا ایماں لیا خرید
ہم کس لئے نہ سکۂ لَاتَقْنَطُوْا چلائیں

ہیں بند سب کے سب قفسِ احتساب میں
خبریں کہاں سے نامہ نگارانِ جنگ لائیں

اس پر بھی تُنک سے تُنک وہ ملّا تنے ہیں اگر
ہم آرہ انتقاد کا اُن پر نہ کیوں چلائیں

نہلائے گا غنیم کی فوجوں کو خون میں
بلغاریہ نے ترک کی دیکھی نہیں ادائیں

اک ہم قلم کو غصہ ہے اس بات پر بہت
سوجھیں نہ جو انہیں ہمیں باتیں وہ سوجھ جائیں

اصرار ہے انہیں کہ ہو دے "ڈیلی ٹلغراف"
وہ گالیاں ضرور ہی ہم ان کی طرح کھائیں

ریوٹر بھی فتح ترک کی دے گر کوئی خبر
ہم اس خبر کی شان کو ان کی طرح گھٹائیں

قاصر ہیں گر اس سے تو ڈر ہے انہیں کہ ہم
تیورا کے بام قصرِ ثقاہت سے گر نہ جائیں

زمیندار ۲ نومبر ۱۹۱۲ء

Marfat.com

# امامِ تسبیح

وہ صبح صبح نہیں ہے وہ شام شام نہیں
بلائے تازہ کا جو لا رہی پیام نہیں

کھنچی ہوئی ہے ملیبار میں مہینوں سے
وہ تیغ اب بھی جو شرمندۂ نیام نہیں

کسی کو دار پہ کھینچا کسی کو ذبح کیا
یہ اور کیا ہے ہمارا جو قتلِ عام نہیں

بوقتِ ذبح وہ بسمل سے کہتے جاتے ہیں
یہ انتظامِ حکومت ہے انتقام نہیں

گریز ابھی سے کہاں ہوا ابھی تو ہے تشبیب
قصیدہ اُن کی جفا کا ہوا تمام نہیں

وہ کون ہے جو نہیں آج کل اسیرِ فرنگ
سی آر داس نہیں یا ابو الکلام نہیں

تمام ملک ہے جکڑا ہوا شکنجے میں
پھر اس پہ کہتے ہیں ہندوستاں غلام نہیں

بحسرت اس پہ کہا ایک دوست نے مجھ سے
کہ اس گروہ میں شامل حسن امام نہیں

کسی سے جب کہے وہ رندی میں کم نہیں ہیں تو کیوں
شکستہ توبہ ہیں سرگرمِ اہتمام نہیں

وکیل بھی ہیں تو ننکانہ کے مہنت کے ہیں
یہ اُن کے واسطے کیا شرم کا مقام نہیں

اگر حرام موالات مجھ غریب پہ ہے
تو ایسے چوٹی کے لیڈر پہ کیوں حرام نہیں

کہا یہ دوست سے میں نے وہ مرغِ دانا ہیں
حریصِ دانہ ہیں لیکن حریصِ دام نہیں

نہیں یہ قاید قوم اپنی قید کا قائل
شمار دانۂ تسبیح میں امام نہیں

Marfat.com

# شیعی اور بریلوی

شیعہ بریلوی سے گلے مل رہا ہے آج — اور لکھنؤ میں دونوں کا قارورہ مل گیا
کندھا دیا جنازۂ ملت کو ایک نے — اور لے کے ایک قبر پہ پتھر کی سل گیا
کھوئی گئی کتاب مقدس کی آبرو — اور سنّت مُطہّرہ کا پایہ ہل گیا
آب و ہوا حجاز کی جس کو نہ آئی راس — ہندوستان میں وہ نیا گل بھی کھل گیا
جمنے لگا تھا قوم کے جس زخم پر کھرنڈ — واحسرتا ہمارے ہی ناخن سے چھل گیا

مجلس کے رکن دیکھتے ہی بلبلا اُٹھے!
جس وقت ان کے پاس خلافت کا بل گیا

۱۸ر اکتوبر ۱۹۲۶ء

Marfat.com

# بابائے خلافت

پوچھی گئی لکھنؤ میں جب رائے خلافت
لٹھ لے کے چلے ہاتھ میں بابائے خلافت
اے وائے خلافت

کہتے ہیں کہ پنجاب کی ٹولی نے بہایا
نہرو کے لئے خون تمنّائے خلافت
اے وائے خلافت

دل میں یہ ہوس ہے کہ نشستوں کی ہو تخصیص
سر میں ہے مگر آپ کے سودائے خلافت
اے وائے خلافت

ہندو سے رہے جنگ بپا حشر کے دن تک
کیا ہے یہی اس ملک میں منشائے خلافت
اے وائے خلافت

انگریز کی ڈھیلی نہ پکڑ ہو کبھی ہم پر
کیا ہے سب اسی کے لئے غوغائے خلافت
اے وائے خلافت

کیا پیٹ پہ ہم ہی رہیں باندھے ہوئے پتھر
اور بمبئی میں چندہ اڑا جائے خلافت
اے وائے خلافت

چندے کا یہ دھندا ہے کہ اسلام کا پھندا
اب تک نہ کھلا ہم پہ معمائے خلافت
اے وائے خلافت

Marfat.com

# علمائے امت مولانا محمد علی کی نظر میں

الم نشرح حقیقت عالمانِ دیں کی ہے مجھ پر
یہ ذرّے خاک کے ہیں ماہ و پرویں ہو نہیں سکتے

قدوری اور بخاری چاٹ لینے سے ہے کیا حاصل
کتابوں کے یہ کیڑے عالمِ دیں ہو نہیں سکتے

ہر استفتا پہ فتوے اپنے ڈھب کے جب کہو لے لوں
مرے قانون کی ضد اُن کے آئیں ہو نہیں سکتے

نہ ہمت بارہا دی ہے اُنہیں میری عزیمت نے
مری مانند یہ عصفور شاہیں ہو نہیں سکتے

دبانا جانتا ہوں اُن کی دُکھتی رگ کو اے "جوہر"
یہ مفتی مجھ سے ہرگز برسرِ کیں ہو نہیں سکتے

پہنچ سکتے ہیں کب مجھ کو ٹکے گز کی ہے چال اُن کی
پیادے اپنی ان چالوں سے فرزیں ہو نہیں سکتے

پڑے گا ہند میں گھمسان کا رن جب تو دیکھو گے
حریفِ رستمِ دستاں یہ گرگیں ہو نہیں سکتے

میں جب چاہوں گا حج کے التوا کا حکم دیدوں گا
کہ ہرگز بے اثر میرے فرامیں ہو نہیں سکتے

یہ حج تو چیز ہی کیا ہے کتاب اللہ و سنت بھی
عروس کوچہ چیلاں کے کابیں ہو نہیں سکتے

۸ر نومبر ۱۹۲۶ء

Marfat.com

# فسانۂ اسلام کی ایک عبرت انگیز فصل

یاد ہیں ہم کو وہ دن بھی کہ رئیس الاحرار
پا بزنجیر نظر آتے تھے زندانوں میں

اُن کو آنکھوں پہ بٹھاتا تھا جہانِ توحید
جانتا تھا کہ ہیں اسلام کے دیوانوں میں

بس کہ تھی اُن کو نصاریٰ کی موالات سے ضد
دھوم تھی اُن کی شجاعت کی مسلمانوں میں

آج یہ دن ہے کہ ہم دیکھ رہے ہیں اُن کو
نائب السلطنت ہند کے ایوانوں میں

بختِ برگشتۂ ملت انہیں لے ہی پہنچا
لارڈ ارون کی حکومت کے ثنا خوانوں میں

وہی ملبل ہے کبھی اور جگہ زمزمہ سنج
جو چہکتا تھا ہمارے چمنستانوں میں

چائے کی ایک پیالی پہ وہ بیچیں ہم کو
یہ بھی اک فصل ہے اسلام کے افسانوں میں

Marfat.com

# سلام کا جواب ککڑوں کوں

چوب نقارۂ باطل پہ پڑی دہلی میں
پردۂ گوش سے ٹکرائی ہے اک ڈوں ڈوں

میں نے لکھا تھا "زمیندار" میں اک تازہ "سلام"
جس سے رہ رہ کے ٹپکتا تھا مرا سوزِ دروں

اس پہ "ہمدرد" کے علامۂ فہامہ مدیر
پا در آتش ہوئے اس درجہ کہ کیا عرض کروں

گالیوں پہ اتر آئے کہ بغیر از ہفوات
کبھی آتا نہیں حضرت کی طبیعت میں سکوں

لکھنؤ کی کسی بھٹیاری نے بھی آج تلک
نہ کیا ہوگا شرافت کا اس انداز سے خوں!

صبح کے وقت دعا مانگی تھی میں نے اک دن
کہ مری دولتِ ایماں ہو الٰہی افزوں

آپ کو سوجھی ہے اس پر یہ اچھوتی پھبتی
کہ میں مرغوں کی طرح بانگ دیا کرتا ہوں

گر صحافت میں ہے تہذیب کا معیار یہی
کہ دعا کو بھی کوئی کہنے لگے "ککڑوں کوں"

تو عجب کیا ہے کہ سن لیں کبھی دہلی والے
آدمی زاد کو کرتے ہوئے ڈھینچوں ڈھینچوں

---

۲۸ نومبر ۱۹۲۶ء

Marfat.com

# فتنہ کے درخت کی ڈھنیاں (۲)

دونوں نے مل کے ڈالی ہے اسلامیوں میں پھوٹ
ہے صلح و آشتی سے علی بھائیوں کو ضد

بنگالیوں کا تختہ اُلٹنے کو پیش پیش
پنجابیوں کی ناؤ ڈبونے کو مستعد

ان کے حریف گنبدِ خضرا کے پاسباں
ان کے حلیف گومتی والوں کے مجتہد

قوت تباہ نجد کی ہو اس پہ ہیں مصر
فتنہ بپا حجاز میں ہو اس پہ ہیں بجد

جس طرح لاشریک لئے ہے خدا کی ذات
"ہمدرد" کے مدیر بھی ہیں ماورائے ند

ان کا قلم ہے لغو نگاری میں بے مثال
ان کی زباں ہے بیہدہ گوئی میں منفرد

جھولے میں ہے وہ اینٹ کہ ہر سر ہو پاش پاش
ترکش میں ہے وہ تیر کہ ہر سینہ جائے چھد

منڈلا رہے ہیں آج خلافت کی لاش پر
دہلی کے اور بمبئی کے موٹے موٹے گِد

---

۱۰ دسمبر ۱۹۲۶ء

Marfat.com

# اپنا ہی سینہ اور اپنے ہی تیر

اچھلوایا گیا اخیار پر اشرار سے کیچڑ
برسوائے گئے احرار پر پتھر لفنگوں سے

ضرورت کیا کہ ترکش سے نکالے غیر تیر اپنا
ہمارا سینہ چھلنی ہو جب اپنے ہی خدنگوں سے

وہ خوں رنگیں ہوا دامن ہمارا جس سے ٹپکا ہے
جنابِ شیخ کے دل کی کلیسائی امنگوں سے

مسلمانوں کو ہندو سے لڑا کر آپ کیا لیں گے
نہیں مل سکتی آزادی فسادوں اور دنگوں سے

خدا کا سایہ جب سر پر ہو پھر خوف و خطر کیسا
خلافت کے عقابوں کو حکومت کے کلنگوں سے

نہ الجھیں رہ نمایانِ وطن سے مہر اور سالک
اگر دریا میں رہنا ہے نہ ٹکرائیں نہنگوں سے

"زمیندار" ایک آپ اتنے مگر اوجِ سیاست پر
یہ اک ٹکل لڑے گا آپ کے سارے پتنگوں سے

---

۲۷ ستمبر ۱۹۲۸ء

Marfat.com

# آل انڈیا مسلم لیگ سے سر محمد شفیع کی بغاوت

سر محمد شفیع لاہوری اپنی ٹولی الگ بنانے لگے
لیگ کے اقتدار کی بنیاد اپنے ہاتھوں سے آپ ڈھانے لگے
آپ اپنے ستون قوت کو مرکز ثقل سے ہٹانے لگے
ڈال کر افتراق ملت میں زور اسلام کا گھٹانے لگے
آبرو جو رہی سہی تھی اُسے شملہ کی خاک میں ملانے لگے
ناچ نگنی کا خود تو ناچے تھے ہم کو بھی ساتھ ہی نچانے لگے

ایسے دیوانہ کا علاج ہی کیا
خرمن اپنا جو خود جلانے لگے

---

۲۸ دسمبر ۱۹۲۷ء

# آزادئ ضمیر

بُت خانۂ فرنگ کی چوکھٹ کی خاک سے
آلودہ جب سے سر ہے محمد شفیع کا

کوشش یہ ہو رہی کہ جلوہ نظر نہ آئے
آزادئ ضمیر کی بامِ رفیع کا

تکبیر سے ہے لاگ تو تصفیق سے لگاؤ
تہذیب نام ہے اسی فعل شنیع کا

قدوسیانِ شملہ سے پوچھو کہ کیا ہے راز
اس تیز پا سمند کی سیر سریع کا

لیکن نہ مل سکے گا اُسے حشر تک سراغ
سر منزلِ حرم کے مقامِ منیع کا

قول اور فعل میں نہیں جن کے مطابقت
کیا رنگ اُڑائیں گے مری طرزِ بدیع کا

---

۱۰ر جنوری سنہ ۱۹۲۹ء

Marfat.com

# انقلاب

انقلابِ زمانہ دیکھیے گا
کل جو تھے دوست آج ہیں دشمن

قطع رشتے ہوئے اُخوت کے
بھائیوں کا بگڑ رہا ہے چلن

جُھک گئی تھی جو بارِ احساں سے
ہے اب اکڑی ہوئی وہی گردن

میرے دامن نے دی پناہ جنہیں
ہاتھ اُن کا ہے اور مرا دامن

مُجھ پہ چلنے لگی مری ہی سناں
اب وہ ہیں گرو اور میں ہوں پشن

ہوتی آئی ہے یوں ہی دُنیا میں
رسم ہے روزگار کی یہ کہن!

خوب فرما گئے چچا سعدیؒ
"کس نیاموخت علم تیر از من

کہ مرا عاقبت نشانہ نکرد"

——— ۱۴ جنوری ۱۹۲۸ء

Marfat.com

# ہاجی ظفر علی خاں ہندوزئی نہرانی

لقب "ہاجی" بھی ہے "ہندوزئی" بھی "نہرانی" بھی
مرے ایماں کو آخر چاہیئے تھی اک نشانی بھی

مرقع میں مری تصویر سالک نے وہ کھینچی ہے
کہ دنگ ارژنگ ہے اور پیکر حیرت ہے مانی بھی

صلہ میری وفاؤں کا دیا پیہم جفاؤں سے
اور اس پر مستزاد اُس شوخ کی ہے بدزبانی بھی

خدا آباد رکھے مہر و سالک کی صحافت کو
کہ اس کے صدقے میں ہوتی ہے میری قدردانی بھی

ہے اس کی نثر و نظم آئینہ جوہرہائے ذاتی کا
مگر اس میں جھلکتی ہے شرافت خاندانی بھی

---

۹ر نومبر ۱۹۲۸ء

Marfat.com

# وہ بھی دیکھا یہ بھی دیکھ

گھر بھرا انگریز کا لندن میں دیکھ آیا ہے تو
چل کے دہلی میں ہماری خانہ ویرانی بھی دیکھ

"تیج" کے صفحوں پہ کر گیتا کی پھلواڑی کی سیر
"الاماں" میں مظہرالدین کی گل افشانی بھی دیکھ

اس سے سن لے طعنہ ہائے دل فگار و جاں خراش
اور پھر اس کی گالیوں کی شان عریانی بھی دیکھ

ہندو مسلم کے جوہر کھل گئے پیتے ہی چائے
اس کی دانائی تو دیکھی اس کی نادانی بھی دیکھ

تو نے دیکھا ہے کہ تھا بے حد گراں ایماں کا بھاؤ
ہمنشیں آج اس کی بے اندازہ ارزانی بھی دیکھ

بھائی پرمانند جی کی لس بھری چوٹی کے ساتھ
قادیاں کے میرزا جی کی مسلمانی بھی دیکھ

ہندوؤں میں ہے "ملاپ" اسلامیوں میں "انقلاب"
ان کی جمعیت بھی دیکھ ان کی پریشانی بھی دیکھ

سن لیا تو نے کنول کا خندۂ بستاں فروز
لالہ زار ہند میں نرگس کی حیرانی بھی دیکھ

اے کہ تو نے دیکھ لی ہے بچۂ سقہ کی مشک
آنکھ کھول اور اس میں استعمار کا پانی بھی دیکھ

اینٹ سے اینٹ آج بجتی دیکھ لے قندھار کی
قتل اور غارت کی کابل میں فراوانی بھی دیکھ

شور بازاری شریعت کے صنم خانے میں جا
شانِ یزدانی تو دیکھی آن شیطانی بھی دیکھ

دیکھ لیں اپنے تمدن کی نگار آرائیاں
آدمیت سوزئ تہذیب نصرانی بھی دیکھ

Marfat.com

# لاہور مسلم لیگ

کون کہتا ہے کہ بے کار ہے لاہور کی لیگ
ملک سے پر سرِ پیکار ہے لاہور کی لیگ

جس سے پنجاب میں انگریز کا جلتا ہے دیا
آج اُسی تیل کی اک دھار ہے لاہور کی لیگ

جتنے اس خطّہ کے ٹوڈی ہیں مبارک ہو نہیں
کہ غلامی کی طلب گار ہے لاہور کی لیگ

سائمن اس کا خداوند یہ اُس کی لونڈی
غازۂ عارضِ سرکار ہے لاہور کی لیگ

فتنہ پردازی اگر مستحقِ مدحت ہو
تو ستائش کی سزاوار ہے لاہور کی لیگ

جنسِ دشنام ہے بازارِ ادب میں ارزاں
پھر وساکک کی خریدار ہے لاہور کی لیگ

اگر احرار میں شامل ہیں سر آغا خاں بھی
تو نمائندۂ احرار ہے لاہور کی لیگ

آپ فرزانہ ہیں کہہ لیں اسے دیوانہ مگر
اپنے ہر کام میں ہشیار ہے لاہور کی لیگ

جان اور دل سے ہے قربان مسلمانوں پہ
فقط اسلام سے بیزار ہے لاہور کی لیگ

مفتیٔ لندن کا اگر آئے توقبل از مغرب
روزہ کھلوانے کو تیار ہے لاہور کی لیگ

صلہ کیا کم ہے یہی قوم کے غداروں کو
کہ حکومت کی وفادار ہے لاہور کی لیگ

Marfat.com

# قرولِ باغی فتنہ

فرماتے ہیں امام شریعت بہار کے — تقلید شیوۂ حسنِ مجتبےٰ کرو
مانا اُنہوں نے کوفہ کا جس طرح اقتدار — تم بھی قرولِ باغیوں کی اقتدا کرو
شرعاً اگر روا تھی امامت یزید کی — پھر کیوں نہ آج بھی وہی سنّت ادا کرو
اُمت کو افتراق سے جس نے بچالیا — اس اسوۂ حسن کا وظیفہ پڑھا کرو
جب جاہلوں سے عہدہ برا تم نہ ہو سکے — پھر مصلحت یہ ہے کہ انہیں کا کہا کرو
ان سب کے رہنما کی قیادت کرو قبول — اس وقت کے امام کا جھنڈا اٹھا کرو
اس ملک کی نجات محمدؐ علی سے ہے — جو راہ وہ دکھائے اسُی پر چلا کرو
از بسکہ تم ہو فنِ سیاست سے نابلد — درس اس کے سب نکات کا اس سے لیا کرو
اردن کے آستانہ پر لے جائے گر نہیں — اس کا طواف شوق سے بے شک کیا کرو
گر عالمانِ دین کو سنائے وہ ٹیڑھیاں — ان پر گمانِ خُلقِ رسولِ خدا کرو
القصہ عافیت ہے اسی میں کہ آج کل — جو کچھ کہے یہ جاہلِ عالم نما کرو
حق میں نہیں ہے تاب کہ ہو خنجر آزما — باطل کا حکم ہے کہ مجھی سے دبا کرو

Marfat.com

نقاش کی ہے حضرت سجاد سے یہ عرض
للہ یاد واقعہ کربلا کرو

سہمے ہوئے ہو کیوں سفہا کی پکار سے
آزادئ ضمیر کا غوغا بپا کرو

ان کا علم گڑا ہے اگر کان پور میں
دہلی میں سربلند تم اپنا لوا کرو

سر سے کفن لپیٹ لو اور اپنی جان کو
ناموس شرع مصطفوی پر فدا کرو

جب پڑ رہی ہے زد علماء کے وقار پر
لازم نہ تھا مظاہرہ اس عجز کا کرو

کچھ بھی نہیں ہے فائدہ اس شور و شین سے
نسبت تمہیں حسن سے ہے ہم کو حسین سے

Marfat.com

# کلکتہ

کلکتہ کا جو ذکر کیا تو نے ہم نشیں
اک تیر ایسا سینہ میں مارا کہ ہائے ہائے

انگشت رام پور کا پنجاب کی طرف
ہگلی کے گھاٹ پر وہ اشارا کہ ہائے ہائے

عبرت کی آنکھ کھول کے آپس کی پھوٹ کا
دیکھا وہ جانخراش نظارا کہ ہائے ہائے

آزادیٔ وطن کی تڑپ نے ہنود میں
وہ دل نواز جذبہ ابھارا کہ ہائے ہائے

ان میں وہ اتفاق کی طاقت کہ واہ وا
ہم میں وہ اختلاف کا یارا کہ ہائے ہائے

ملت کی آبرو سے علی بھائیوں کی ضد
لانے لگی وہ رنگ خود آرا کہ ہائے ہائے

بنگالہ کے افق میں کچھ ایسا ہوا غروب
ان دونوں بھائیوں کا ستارا کہ ہائے ہائے

ہندوستاں کے صدر کی عزت کو دیکھ کر
ہر سائمن پرست پکارا کہ ہائے ہائے

---

۲۵ دسمبر ۱۹۲۸ء

Marfat.com

# مولانا شوکت علی اور احرارِ پنجاب

اسلام کے احرار بکے ہندوؤں کے ہات | بابائے خلافت کی یہ ہے تازہ خرافات
اس جھوٹ کا بدلہ انہیں مل جائے گا اِک دن | دُنیا میں ہے جاری اگر آئینِ مکافات
گڑ کھاتے ہیں اور گلگلوں سے کرتے ہیں پرہیز | ظاہر ہوئیں لاہور میں یہ آپ کی عادات
انگریز کی صورت سے بھی بیزار ہیں لیکن | انگریز کے اقبال سے کرتے ہیں موالات
گاتے ہیں شب و روز شفیع اُن کے مناقب | تھا جن کے مناقب کا کبھی مشغلہ دن رات
اُٹھے گا پسینہ کی کمائی سے وہ تا چند | چندوں پہ بسر ہوتی ہو جس شخص کی اوقات
بدنام ہوئے مفت میں سادات بچارے | بابائے خلافت ہی سے ہیں سارے فسادات
بھولے سے بھی اس خطہ کا رُخ اب کریں آپ | بدلے ہوئے ہیں کشورِ پنجاب کے حالات
کام آئیں گے نون اور نہ قہر اور نہ سالک | محفل میں بخاری نے کہیں کی جو مدارات

اور یُوں تو تواضع کو ہیں پہلے ہی سے موجود
بابائے خلافت کے لئے میرے نکات

---

۳۰ نومبر ۱۹۲۸ء

Marfat.com

# پاپائے خلافت

توحید کی تثلیث سے ہوتی ہے موالات
بابائے خلافت ہوئے پاپائے خلافت

لاہور میں ہوتی ہے حریفوں کی بغل گرم
یہ بھی ہے شتر غمزہ لیلائے خلافت

بابائے خلافت ہوں اگر قافلہ سالار
پھر کیوں نہ لُٹے راہ میں کالائے خلافت

آئینہ امروز میں ہم دیکھ رہے ہیں
تصویر زبوں حالیٔ فردائے خلافت

ڈر ہے کہیں اس نام سے ہو جائے نہ بیزار
پنجاب جو اب تک بھی ہے شیدائے خلافت

شوکت سے یہ کہہ دو کہ خلافت سے نکل جائے
ہے ورنہ یہی ڈر کہ نہ مٹ جائے خلافت

---

۱۴ر نومبر ۱۹۲۸ء

Marfat.com

# ڈھگے اور گاؤدی

اگر ملا ہوں مولوی احمد سعید سے — یہ دن مرے لئے نہیں کم روزِ عید سے

سرگرمی اُن کی دیکھ کے عقدہ یہ حل ہوا — کھلتا ہے بابِ علم و عمل کی کلید سے

مستغفرانہ رنگ کی تصویر کھینچ دی — مستعدانہ رنگ کی گفت و شنید سے

لیکن اس اجتہاد میں مجھکو کلام ہے — عنبر کا رشتہ آپ نے گانٹھا ہے لید سے

مانا کہ لیگ کرتی ہے ڈھگوں کی پرورش — پنجابیوں کی لابہ گری کی خرید سے

پیدا ہوئے ہیں دہلی میں بھی تو یہ گاؤدی — پروردگار شملہ کے لطفِ مزید سے

جن کا عقیدہ ہے کہ لیا جان بل نے چھین — وہ قرب جو خدا کو ہے حبل الورید سے

جو قفل اُن سے کھل نہ سکا خود بخود کھلا — پنجاب کے خلافتیوں کی کلید سے

دکھلا دیا مقاطعہ کا نقشہ کھینچ کر — سرکار نامدار کے خوانِ امید سے

اس طرح سب کو ایک ہی لاٹھی سے ہانکنا — جائز ہے کس اصول قدیم و جدید سے

کس وقت سے ہوا نظری لا تنابزوا

دہلی کی محفلوں کے کلام جدید سے

Marfat.com

# علی برادران اور ابوالکلام آزاد

برادرانِ علی کا سنو یہ تازہ کلام
کہ ہیں شراب کے رسیا ابوالکلام آزاد

پلا پلا کے شراب اُن کو نہرو و برلا
کرا رہے ہیں ہمیں اُن کے ہاتھ سے برباد

نہیں خیال اُنہیں رہتا یہ جوشِ مستی میں
کہ دین ہو نہیں سکتا ہے کفر کا منقاد

جنابِ حضرتِ نقاش نے سنا جس وقت
یہ طعنہ جس سے ٹپکتا تھا زہرِ بغض عناد

تو ہنس کے کہنے لگے یہ بھی شانِ باری ہے
ابوالکلام پہ یوں برسے چندہ کی اولاد

اگر وہ بھول گئے ہوں تو ہم نہیں بھولے
جنابِ سیٹھ چھٹانی کی تھیلیوں کی یاد

وہ کان کھول کے سن لے یہ قول حافظ کا
فقیہ مدرسہ دی مست بود و فتویٰ داد

کہ مے حرام ولے بہ ز مالِ اوقاف است

---

۱۲ر جنوری ۱۹۲۹ء

Marfat.com

# بابائے خلافت اور کامریڈ شوکت عثمانی

اک طرف جلوہ نما شوکت نصرانی ہے
اک طرف چہرہ کشا شوکت عثمانی ہے

اک طرف کیک کی اک قاش ہے اور چائے کا دور
اک طرف لخت دل اور آنسوؤں کا پانی ہے

اک طرف روح میں خوشنودی تثلیث کا ذوق
اک طرف قید نصاریٰ کی گرانجانی ہے

اشتراکیت اور اسلام کے اس معرکہ میں
دیکھئے کس کے حلیفوں کی فراوانی ہے

بمبئی سے کہیں لے جائے نہ بازی میرٹھ
سائمن کے لئے اتنی ہی پریشانی ہے

---

۲۸ مئی ۱۹۲۹ء

Marfat.com

# اِنقلاب اے اِنقلاب

زمیں ہے برسرِ کیں آسماں ہے برسرِ جنگ
کرے مقابلہ اسلام کس کس آفت کا

اب اس کے نام سے لوئے فساد آتی ہے
وہ دین جو کبھی سرچشمہ تھا لطافت کا

رذیل چھین رہے ہیں جگہ شریفوں کی
جنازہ اُٹھ گیا آفاق سے شرافت کا

معاش کی ہوئی سفلوں کو فکر دامن گیر
تو اختیار کیا مشغلہ صحافت کا

ادب مراد ہے اس سے کہ گالیاں دے کر
کسی کو دیجئے پھر نام اُسے ظرافت کا

اگر ہے رُوح خرافات "انقلاب" کا رنگ
مغلظات کا ست ڈھنگ ہے "خلافت" کا

مگر وہ پھر بھی مہذب ہیں جن کی مجلس میں
ہمیں کو طعنہ دیا جائے گا سخافت کا!

---

Marfat.com

# قصور کی ملیٹھی کابل کے سہرے

ازبر تھی جب تک کنز اور قدوری — اور اُن کی رمزیں بین السطوری
ہر شرطِ ایمان ہوتی تھی پوری — اب بھی ہوں مومن لیکن قبوری
یا شیخ عبدالقادر قصوری

مجھ کو جب اپنا بیمار سمجھا — عیسیٰ مرض کے اسرار سمجھا
تیمار میرا دینار سمجھا — تم دے رہے ہو شربت بزوری
یا شیخ عبدالقادر قصوری

ہے لاٹ صاحب کا یہ اشارا — کٹ جائے رشتہ میرا تمہارا
بس کر چکا میں تم سے کنارا — تم "نہر والی" ہیں "جی حضوری"
یا شیخ عبدالقادر قصوری

Marfat.com

میری کمائی ہندو نے کھائی — حق میرے چھینے لٹس مچائی
نگریزی میں دوں گا دہائی — جو خود ہی جج ہے اور خود جیوری

یا شیخ عبدالقادر قصوری

نادر پرستی ہے میرا آئیں، — وہ شیر بالیں میں شیر قالیں
گر میں نہ گاؤں گن اُس کے رنگیں — رہ جائے گی یہ دھرپت ادھوری

یا شیخ عبدالقادر قصوری

Marfat.com

# اخبار "ٹوڈی" کی آمد آمد

حق کی تلوار کو کھینچے ہوئے اسلام آیا
خیل باطل کے لئے موت کا پیغام آیا

سالک و مہر و حبیب ایک ہیں جن کا مذہب
نت نئی اُن کو سکھاتا ہوا دشنام آیا

مہر صاحب جو مقطع ہیں تو سالک ہیں ہنسوڑ
میل ان دولوں کا برطانیہ کے کام آیا

صلہ بابائے خلافت کو ملا "سائل" کا
زکریا کا مرے حصہ میں انعام آیا

افق ہند کے ڈوبے ہوئے تارو! نکلو
کہ وہ خورشید جو رخشاں تھا لب بام آیا

بزم احرار میں ہے دھوم کہ آیا ٹوڈی
کاسہ لیسوں کے لئے زہر بھرا جام آیا

---

۱۲ مئی ۱۹۲۹ء

Marfat.com

# فن لابہ گری کے امام

اسلام سرنگوں نہ ہو کیوں اُن کے سامنے
تھامے ہوئے ہوں جن کا علم سر عمر حیات

ملتی رہی ہے جس کو ہمارے لہو کی بھینٹ
ہیں اُس صنم کدہ کے صنم سر عمر حیات

کعبہ سے جب سوا ہے کلیسائے سینٹ پال
پھر کیوں کریں طواف حرم سر عمر حیات

انگریز ہی کے غم سے نہ جب مل سکے نجات
کیا کھائیں اپنی قوم کا غم سر عمر حیات

لندن میں پھر رہے ہیں کہ رکھ لیں کسی طرح
سر جان سائمن کا بھرم سر عمر حیات

اردن کو فخر کیوں ہے ہری سنگھ گوڑ پر
کیا اُن سے کچھ وفا میں ہیں کم سر عمر حیات

گر شیوہ اس ذلیل خوشامد کا چھوڑ دیں
ہم پر کریں بڑا ہی کرم سر عمر حیات

اس سے ہزار بار ہے بہتر کہ دت کی طرح
جھولی میں ڈال لیں کوئی بم سر عمر حیات

---

۱۶ر مئی ۱۹۲۹ء

Marfat.com

# نونیوں کی جناب میں چند بے تکلفانہ گزارشات

ملک فیروز خاں کی آستاں کا سجدہ اچھا ہے
بھرے رہنے لگے ہیں لوٹڈیوں کے نونوی کیسے

مسلمانوں کے قتلِ عام کا افسانہ سُننا ہو
تو سنیئے "انقلاب" اور اُس کے شہر آشوب راوی سے

گماں ہونے لگا روباہ پر شیرِ نیستاں کا
جنابِ حضرتِ سالک کی شانِ بذلہ سنجی سے

کبھی تھی جس پہ کل ہی "مستعار اذہان" کی پھبتی
ہے تجدید مراسم آج اُس جاہل بخاری سے

ہیں آقائے قصوری دشمنِ دیں پھر بھی قبلہ ہیں
کہ لے لیتے ہیں دیں کے دوستوں کے نقد چوری سے

عَبُوسًا قمطریرا جس کو کہہ کر کوستے آئے
اب اس سے بھی نہیں کم ہے فقط شد نہروانی سے

سراہا آج انہیں کل شام تک جن کو سراپا تھا
یہ سب باتیں ہیں ممکن آپ ہی کی کاسہ لیسی سے

Marfat.com

# علی بابا کی لٹس

اس نظم کے پہلے شعر میں دو تلمیحات ہیں۔ ایک علی بابا جو الف لیلہ کے تھے۔ اس نظم کے علی بابا مولانا محمد علی ہیں۔ مرجینا الف لیلہ کے علی بابا کی وفادار لونڈی تھی۔ جس نے چالیس چوروں کا کام کپّوں کے اندر تمام کیا تھا۔ یہاں یہ وفادار کنیز مولانا محمد علی کی ہوس قیادت عمومی ہے جو تمام مسلمانانِ ہند کو استعمار کے کپّوں میں بند کر کے افتراق کا تیل ان کے سر پر ڈال کر ان کو بھون دینا چاہتی ہے۔ دوسرے شعر کا قافیہ مسٹر محمد علی جینا ہیں۔ اور احرار سے مراد احرار پنجاب ہیں جن کو مولانا محمد علی اور ان کے رفقا نے روشن تھیٹر دہلی میں زک دینے کی ناکام کوشش کی ۔

گدھے پر لادلائے بے خطر الور کے کنجڑے
محافظ ہے علی بابا کی اس لٹس کی مرجینا

پتنگ احرار کا جا کر خبر لاتا ثریا کی
نہ کٹتی کاٹتے روشن تھیٹر میں اگر جینا

سبق پنجاب کی ٹولی سے لوائے چنڈو کی پوٹو
اگر لاہور میں منظور ہو بے مال و زر جینا

انہیں کو شور چھپن فی صدی کا زیب دیتا ہے
جنہیں آتا ہو لے کر ہاتھ میں سر دار پر جینا

کفن سر سے لپیٹیں قتل ہوں اور زندہ ہو جائیں
انہیں کے حق میں آیا ہے ادھر مرنا ادھر جینا

مسلمانو تمہیں کیا ہو گیا تم کو تو آتا تھا
نہنگوں کی طرح موجوں میں بے خوف و خطر جینا

۱۳ ار دسمبر ۱۹۲۹ء

Marfat.com

# سر عبداللہ ماموں السہروردی کی شانِ میمونی

## الہ دین کے چراغ کی لو اور ریمزے میکڈانلڈ کے برقی قمقمہ کی ضو

يُرِيدُونَ لِيُطْفِئُوا نُورَ اللّٰهِ بِأَفْوَاهِهِمْ

خدا نے دولتِ کونین ہم کو
بقدرِ رحمتِ خیر البشر دی

الہ آباد میں ملّت کی منقل
حیاتِ نو کے انگاروں سے بھر دی

سکھائی ہم کو آزادی کی ترکیب
بتایا فرق نامردی و مردی

بنایا ہم کو جزو و کل کا مختار
ہمیں توفیقِ شرحِ خشک و تر دی

یہ سب کچھ قوم کو مل ہی چکا تھا
مگر آتے نہ اس میں سُہروردی

اور اُن کے ہم نوا جن پر قضا نے
اجانب کی غلامی ختم کر دی

اُتروا کر ہمارے سر سے وہ تاج
رسول اللہ نے جس کی خبر دی

وہ پہنانا ہمیں بھی چاہتے ہیں
کسی چرچل کے چپراسی کی وردی

الہ آباد —— ۲۰ دسمبر ۱۹۳۲ء

Marfat.com

# بد عہدی کا آسمانی خمیازہ

پرستارانِ باطل اس لئے مجھ پر بگڑتے ہیں ۔۔۔ کہ سچی بات کیوں میں نے بلاخوف و خطر کہہ دی
گنائے میں نے کیوں احسان امان اللہ غازی کے ۔۔۔ جتائی میں نے کیوں دنیا کو بدعہدوں کی بدعہدی
مسلمانو تم ان شطرنج کی چالوں کو کیا جانو ۔۔۔ بڑھایا مہرہ سر آغا نے برکن ہیڈ نے جب شہ دی

یہ سب کچھ ہو چکا لیکن ندا رُوما سے آتی ہے
کہ شرح کان مسئولا ہے اپنے عہد کا عہدی

---

۲۰ / دسمبر ۱۹۲۹ء

Marfat.com

# حق اور باطل کی آویزش

بسکہ ہے دینِ مبیں کو سُست پیمانوں سے خند
عالمِ اسلام بدعہدوں سے بدظن ہوگیا

اُس کی گیرائی سے تھا سرتابِ کال تک تیغہ ہار
منحرف آج اُس کی دارائی سے قطعن ہوگیا

کوہ داماں سے بھڑک اُٹھی ہے غزنی تک وہ آگ
جس سے جل کر خاکِ بدعہدی کا خرمن ہوگیا

وہ شکار افگن فرنگ آویز تھی جس کی کمند
کشتۂ نازِ مسانِ سامری فن ہوگیا

جگمگانے کو ہے پھر دار الاماں میں وہ چراغ
جس سے روما غیرتِ اقصائے ایمن ہوگیا

رو رہے ہیں جیکر و سپیر و کہ قصرِ سینٹ جیمز
اُن کی رنگا رنگ اُمیدوں کا مدفن ہوگیا

اب کہاں وہ عندلیبوں کی نوا آرائیاں
شاخِ گل کا سایۂ افعیٔ نشیمن ہوگیا

دل لُبھانے کا نہ سیکھا جان بل نے ایک ڈھنگ
لٹھ گھمانے [illegible] ہوگیا

قیمت اُس اک قطرۂ خوں کی ہے ساری کائنات
جس سے ظلوم کا پیراہن مزین ہوگیا

اک بنارس کے برہمن نے لئے موتی وہ رول
جس سے خالی شیخ مہرولی کا دامن ہوگیا

Marfat.com

پردہ در ہو کر بنے ملت کے رہبر سر شفیع
اور امان اللہ خاں ایماں کا رہزن ہو گیا

کیا چھپے نظروں میں سورج جب اجالے کے لئے
ہند کی ست ونتیوں کا نام روشن ہو گیا

وہ وفا کی پتلیاں جن کی شجاعت دیکھ کر
دنگ چرچل رہ گیا حیران ارون ہو گیا

آج باطل سرنگوں ہے اور حق ہے سربلند
فتح ستیا کی ہوئی مغلوب راون ہو گیا

---

گجرات سپیشل جیل
۱۷ر دسمبر ۱۹۳۰ء

Marfat.com

# قادیانی خرافات

Marfat.com

# قادیانی خرافات

آسماں پر یوسف نجار کا بیٹا کہاں — کیا دھرا اس نیلے نیلے گنبد بے در میں ہے
آ بسا تھا بھاگ کر کنعاں سے وہ کشمیر میں — آخری اس کا ٹھکانا بھی اسی کشور میں ہے

---

عیسیٰ مریم کی اس توہین کا سودائے خام — ایک مدت سے سمایا قادیاں کے سر میں ہے
چھپ رہے ہیں جس کے اندر محشرستاں سینکڑوں — اے مسلمانو وہ فتنہ خود تمہارے گھر میں ہے
جس کی زد میں آچکا ہے خرمن دین مبیں — وہ صلیب افروز چنگاری اسی مجمر میں ہے
آج انصاف اس ستم کا جو ہوا اسلام پر — دست رب کعبہ میں یا دست پیغمبر میں ہے
جن بچاپن الماریوں پر تھا غلام احمد کو ناز — حشر ان کا کاتب تقدیر کے دفتر میں ہے
"انقلاب" "الفضل" کی ڈھولک بجائے شوق سے — خیبر کی رونق کا ساماں ہی ہجوم شر میں ہے
ہم کو ان آتش زنوں ہیزم کشوں سے ڈر نہیں — نور ابراہیم چمکا شعلہ آذر میں ہے

رک نہیں سکتی مرے خامہ کی لاہوتی اڑان
طاقت جبریل جب تک اس کے بال و پر میں ہے

Marfat.com

# دفتر قادیاں

| | |
|---|---|
| بنام آنکہ نامش احمدؐ آمد | بنام آنکہ جامش کوثر ستے |
| بنام آنکہ نقش اقتباسش | نگار آرائے امرِ و "انجم" ستے |
| بنام آنکہ نسلِ دشمنانش | ہوا لاقطع بر مزا ابتر ستے |
| بنام آنکہ نعلین شریفش | کلاہ صد ہزار اسکندر ستے |
| بنام آنکہ چینے از جنبش | رگ طاغوتیاں را خنجر ستے |
| بنام آنکہ ما اسلامیاں را | بذاتش ناز و فخر بے مر ستے |
| بگفتم صبحگاہاں موسیو را | بتر از قادیاں یک دفتر ستے |
| ہماں پارینہ تقویمش شمارم | کہ بارش زینت پشت خر ستے |
| بگوش مار سد صوت حمیرت | کہ بابائے تو شان داور ستے |
| رسولؐ اللہ پیکر ہست داو روح | بدلیاں را و نبی را مظہر ستے |
| ظہور او شود ثابت ز قرآن | غلام احمد آب کوثر ستے |

Marfat.com

تو خود انصاف فرما این چہ سود است | کہ اہلِ قادیاں را در سر ستے
نہالے کاشتی در گلشن ما | کہ شاخش چوں صنوبر لے بر ستے
تمتع یافتیم از نص قرآں | کہ مارا فارقِ خیر و شر ستے

رسالت ختم شد بر مصطفائے
کہ مارا آخریں پیغمبر ستے

---

Marfat.com

# "الفضل" قادیاں

"مولویت ظفر علی خاں کی" سُرخی "الفضل" کی ہے یہ بانکی

حضرت میرزا بشیر الدین جو ہیں تصویر شانِ یزداں کی

جن سے ہونا گناہ کا ہے محال کہ ہے تخصیص یہ تو انساں کی

ہم قلم "الصباح" کے ہو کر بن گئے شکل رعد و طوفاں کی

طعنہ دیتے ہیں سہو کا ہم کو ہجو لکھ کر ہمارے نسیاں کی

کہ کہا ہم نے "بعض" کو کیوں "بعد" مسخ کیوں ہم نے شکل قرآں کی

بات یہ ہے کہ آپ کے گھر سے ہم کو نسبت ہے سُنّ و اماں کی

ہم کو مشاطگی ازل سے ملی آپ کے کاکلِ پریشاں کی

گالیاں ہم کو اور دیں آپ جس سے رونق ہو تازہ دکاں کی

قادیاں کی بجائے ہم کو پناہ ملی یثرب کے میر ساماں کی

فخر اپنے گناہ پہ ہے ہمیں کہ ہے رحمت حجاب عصیاں کی

کل رفو ہوگا آپ کے دامن

آج جو شکل ہے گریباں کی

۱۲ ستمبر ۱۹۱۷ء

Marfat.com

# قادیانی اینٹ کا جواب بوقبیسی پتھر

"الفضل" قادیاں مورخہ ۱۷ نومبر ۱۹۳۱ء میں ایک شاعر نے مجھے یوں مخاطب کیا:

بُری طرح قادیاں کے پیچھے پڑے ہُوئے ہیں ظفر علی خاں
سمجھ یہ کیوں پڑ گئے ہیں پتھر یہ کیسا فتنہ اُٹھا رہے ہیں

جنابِ محمود کو بُرا کہہ کے کیا ملے گا سوائے ذلّت
یہی نا، جو کچھ رہی تھی عزّت اُسے بھی دل سے گنوا رہے ہیں

وہ اپنی مسجد الگ چنیں گے ہزار دنیا بنے مخالف
انہیں یہ ضد ہے کہ کیوں مسلمان ایک مرکز پہ آ رہے ہیں

نفاق کی آندھیوں سے اِک دن مٹا کے رکھ دیں گے قصرِ مُسلم
کسی کو ملحد بنا رہے ہیں کسی کو کافر بنا رہے ہیں

وہ کانگرس پہ فدا کریں گے رسولِ مقبول کی شریعت
وہ اپنے کاندھوں پہ آج اسلام کا جنازہ اُٹھا رہے ہیں

Marfat.com

وہ کانگرس جس کا مقصدِ اوّلیں مٹانا ہے نام مسلم
اسی کی حرمت پہ کٹ رہے ہیں اسی کی عزت بڑھا رہے ہیں
بڑے بڑے کانگرس کے ہندو ہیں آج مسلم کے خوں کے پیاسے
یہ گیت ہندو کا گا رہے ہیں یہ الٹی گنگا بہا رہے ہیں

اس کا جواب ذیل میں دیا گیا :-

یہ فتنہ پرداز قادیانی نئے نئے گل کھلا رہے ہیں!
ادھر رقیبوں سے مل رہے ہیں ادھر ہمارے گھر آ رہے ہیں
منافقوں کی یہ ہے نشانی زباں پہ دیں ہو تو کفر دل میں
اسی نشانی سے قادیانی تعارف اپنا کرا رہے ہیں
یہ ہم سے "سیرۃ النبیؐ" کے یہ زمزمے عشق مصطفیٰؐ کے
جنہیں سمجھتے ہیں دل سے کافر انہیں کو گھر گھر سنا رہے ہیں
رسولِ مقبول کی شریعت کے نام پر دیں ہمیں نہ دھوکا
اسی شریعت کی آڑ لے کر وہ سب کو الو بنا رہے ہیں
پڑا ہے چندے کا جب سے پھندا گلے میں ان قادیانیوں کے
ہمارے ہی گھر سے بھیک لے کر ہمیں کو آنکھیں دکھا رہے ہیں

Marfat.com

خبر پیمبرؑ نے جس کی دی تھی وہ فتنہ اُٹھا ہے قادیاں سے
خلیفہ محمود قادیانی اسے قیامت بنا رہے ہیں
ظفر علی خاں کی آبرو پر نہ حرف آیا نہ آ سکے گا
خُدا نے دی ہے جب اس کو عزّت تو آپ کیوں تلملا رہے ہیں
وہ کانگرس کا ہے گرچہ حامی خُدا نہیں لیکن اُس کا نامی
یہ وہ خُدا ہے کہ قادیانی گُن اس کے دن رات گا رہے ہیں

---

۲۰ نومبر ۱۹۳۱ء

Marfat.com

# متنبّی قادیاں اور زارِ رُوس

قادیاں کے ایک الہامی قصیدے میں کبھی
بندھ گیا تھا قافیے کی بندشوں میں نامِ زار

زار کی لفظی رعایت نے سجھایا تھا یہ قول
"زار بھی ہوگا تو ہوگا اس گھڑی باحالِ زار"

اس گھڑی کا تھا یہ مطلب خود بقولِ میرزا
اور اس مطلب کی ہے تفسیر ان کا اشتہار

آئے گا اک زلزلہ کانپے گی جس سے کائنات
جس کے ہچکولوں سے گھر گھر میں پڑے گا خلفشار

لیکن اس بھونچال کے آنے کی یہ بھی شرط تھی
سرگرمِ شش ہو اس سے خود ملہم کی چشمِ انتظار

ان کے جیتے جی تو یہ بجلی نہ گردوں سے گری
پھونکتی جو آدمی کا خرمنِ صبر و قرار

بعدِ مردن اتفاقاً چھڑ گئی جنگِ فرنگ
رنگ لائی مدتوں میں گردشِ لیل و نہار

زار سے چھنوا دیا قسمت نے اس کا تخت و تاج
کیونکہ قسمت کا نہیں دنیا میں کچھ بھی اعتبار

ڈھلتی پھرتی چھاؤں ہے دولت کسی کی ہے یہ کب
صبح کو وہ ہیں گدا جو شام تک تھے تاجدار

ہوتی آئی ہے کہ جو راجا تھے پرجا بن گئے
سنتے آئے ہیں کہ آقا ہو گئے خدمت گذار

حال اسی کو غیب کے اسرار کا معلوم ہے
بادشاہی اور گدائی پر ہے جس کا اختیار

لیکن ان باتوں سے مطلب قادیاں والوں کو کیا
جن کی منطق نے کیا دامانِ دانش تار تار

Marfat.com

موسیو محمود کہتے ہیں کہ زارِ روس پہ — اُن کے والد کے قصیدے کی پڑی ہے آ کے مار

کوئی ان حضرت سے پوچھے ہے گر ایسا ہی تو کیوں — آپ ولیم کو نہیں دیتے ہیں گدّی سے اُتار

فرڈنینڈ اس وقت تک کیوں صوفیا میں ہے مقیم — آپ کیوں ڈھاتے نہیں اس کا بھی قصرِ زرنگار

زار کی تو آپ نے پہلے ہی دے دی تھی خبر — بلجیم کا قادیاں نے کیوں نہ بانٹا اشتہار

مانٹی نگرو کی نسبت کیا ہے ارشاد آپ کا — غیب دانی آپ کی اس کی ہوئی کیوں پردہ دار

اب بھی اس ہذیاں سے للّٰہ دستکش ہو جایئے
ورنہ کھو بیٹھیں گے سب آپ اپنا جاہ و وقار

---

۴؍ اکتوبر ۱۹۱۷ء

Marfat.com

# ذٰلِکَ مَبْلَغُهُم مِّنَ الْعِلْم

دیا گیا ہمیں پیرایۂ ظرافت ہے — ملا جناب کو سرمایۂ سخافت ہے
ہے آپ کے لئے مسند مجددیت کی — مگر ہمارے لئے کرسی صحافت ہے
مضاف الیہ جو امروہہ ہے تو آپ مضاف — بزیر چرخ بریں قادیاں اضافت ہے
"اگر پیالہ ہے کبریٰ تو ہے صبوِ صغریٰ" — وہ کہہ رہے ہیں کہ تجدید ہی خلافت ہے

"پیام صلح" ادھر ہے تو ہے ادھر "تشحیذ"
نبی کی شرع کے حق میں ہر ایک آفت ہے

---

Marfat.com

# تھوہر کے دودھ کی کھیر ارتقا کی ہنڈیا میں

## "میرا انکار انبیاء کا انکار ہے"

طے کئے ہیں میں نے استدراج کے سب مرحلے
چھوڑ کر جسم اب میں جانِ ارتقا ہو جاؤں گا

صبح کاذب نے خلافت دی نبوت سے بدل
دوپہر ڈھلتے ہی میں پورا خدا ہو جاؤں گا

میرے باوا جان تھے تمہید عرض مدعا
مدعا بن کر میں اُن کا بھی چچا ہو جاؤں گا

میں نے پیدا حال میں کی شانِ استقبال کی
موسویت کی میں شرحِ انتہا ہو جاؤں گا

بھول سکتی ہے مجھے کیوں کر حدیث "خاتمین"
جلد ہی میں اس خبر کا مبتدا ہو جاؤں گا

(۲)

لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ

یعنی لَیْسَ کَمِثْلِہٖ آپ ہیں
یعنی آپ اللہ میاں کے باپ ہیں

Marfat.com

عرش کو جس نے کیا ہے بے سپر — آپ اُسی گھوڑے کی برقی ٹاپ ہیں
جو سبق طاغوت دیتا ہے انہیں — موسیو محمود دیتے چھاپ ہیں
قادیاں ہے چشمۂ آب حمیم — باپ پانی تھے تو بیٹے بھاپ ہیں

دیکھئے ملتی ہے کب ان سے نجات
اور کب کٹتے ہمارے پاپ ہیں

---

۳۰ نومبر ۱۹۱۷ء

Marfat.com

# قادیاں کا تھیٹر

## قول فیصل

اِنْ تَسْخَرُوْا مِنَّا فَاِنَّا نَسْخَرُ مِنْكُمْ كَمَا تَسْخَرُوْنَ ۝ فَسَوْفَ
تَعْلَمُوْنَ مَنْ يَّاْتِيْهِ عَذَابٌ يُّخْزِيْهِ وَيَحِلُّ عَلَيْهِ عَذَابٌ مُّقِيْمٌ ۝

ترجمہ:- اگر تم ہمارا مضحکہ اڑاتے ہو۔ تو ہم تمہاری تضحیک تم پر لوٹ دیتے ہیں تمہیں جلد معلوم ہو جائیگا۔ کہ رسوا کرنے والا ہمیشہ قائم رہنے والا عذاب کس پر نازل ہوتا ہے۔ ہم پر یا تم پر

اے طبع رسا آج ترا رنگ جما دوں — اور شوخیٔ تحریر کا اعجاز دکھا دوں
پہلے سبق حق تجھے قرآں سے پڑھا دوں — تنہا تجھے پھر لشکرِ باطل سے لڑا دوں
جو حیلہ نہ سوجھا ہو کبھی تجھ کو سجھا دوں — جو چال نہ چلنی تجھے آتی ہو سکھا دوں
ایماں کی بازی پہ اگر جان لگا دوں — شطرنج میں طاغوت پرستوں کو ہرا دوں
گر مردِ رہِ طیش سے غیرت کو ہوا دوں — اک پھونک میں طامات کی مشعل کو بجھا دوں
گر برقِ حمیت کو تڑپ کر میں گرا دوں — اک آگ خرافات کے خرمن میں لگا دوں
اسلام کے انعام یہیں سارے گنا دوں — دیں کے لئے کیوں عقد ثریا کو صلا دوں

Marfat.com

مجھ میں جو یہ قدرت ہے کہ سوتوں کو ہنسا دوں
کوشش نہ کروں کیوں یہ کہ سوتوں کو جگا دوں

دامانِ طلب کی نظر آجائے جو وسعت
گنجینۂ توحید سرِ راہ لٹا دوں

ماروں اگر اک نعرہ ھو اللہ احد کا
ہر بتکدۂ شرک کے گنبد کو ہلا دوں

اک گرز کی قوت ہے مرے خامہ کے اندر
اِس گرز سے البرز کو بھی سرمہ بنا دوں

مسلم ہوں میں طاقت ہے یہ میرے سراپا میں
رستے میں ہمالہ ہو تو ٹھوکر سے ہٹا دوں

میرے نفسِ گرم کے پھف میں ہے یہ تاثیر
گنگا بھی مجھے روکے تو اُسے دم میں سکھا دوں

سوئے ہوئے فتنوں کو جگایا ہے جنہوں نے
آغوشِ عدم میں اُنہیں سیلی سے سلا دوں

جس ہاتھ نے "الفیل" کو "ماالفیل" بنایا
طوطے اڑیں اس کے جو ابابیل اڑا دوں

اِسلام کی محفل میں اگر کفر ہو داخل
رستہ اُسے دروازہ کا انگلی سے بتا دوں

خاطر میں نہ لائے اِس اشارے کو اگر وہ
مَیں کان پکڑ کر اُسے مجلس سے اٹھا دوں

اس پر بھی وہ اکڑے تو اڑنگے ہی پہ لا کر
دوں پٹخنی ایسی کہ ثریا ہی دکھا دوں

ہے جن کو محمد کی مساوات کا دعویٰ
مثواہ جہنم کی وعید اُن کو سنا دوں

گل اُن کے چراغ آج ہوں گر جی بھی ہو غائب
اتنی ہی فقط دیر ہے چٹکی میں بجا دوں

میرے لئے تفضیل تو اُن کے لئے تاویل
خود کھاؤں میں ثمار انہیں زقوم کھلا دوں

میں قائلِ الہام تو وہ مائلِ ایہام
کوثر میں پئیں آبِ تسنیم اُن کو پلا دوں

ہے میمنہ و مشئمہ میں فرقِ مراتب
اللہ کے لفظوں میں یہ فرق اُن کو جتا دوں

Marfat.com

اَکمَلتُ لکم پڑھ کے زبانِ عربی میں ۔۔۔ ظلّی و بروزی کی نبوّت کو مٹا دوں

کچھ فرق بروز اور تناسخ میں نہیں ہے ۔۔۔ انکار ہو جن کو اُنہیں اقرار کرا دوں

جن کو نہ ہو کچھ پاس پیمبر کے ادب کا ۔۔۔ چن چن کے میں اُس قوم کو مٹی میں ملا دوں

اسلام سے جس قوم کو ہے کچھ بھی محبت ۔۔۔ میں اس کے لئے راہ میں آنکھوں کو بچھا دوں

غصہ جو اُسے آئے تو آجائے مجھے پیار ۔۔۔ دشنام وہ دے مجھ کو تو اُس کو میں دعا دوں

لیکن جنہیں اسلام کی تضحیک ہے منظور ۔۔۔ کس طرح میں اُس قوم کی باتوں کو بھلا دوں

پھر کس لئے دریائے معانی نہ رواں ہو ۔۔۔ جس میں اُنہیں مثل خس و خاشاک بہا دوں

انگشتِ شہادت ہے قضالات و ہبل کی
منہ کے بل اُنہیں ایک اشارے سے گرا دوں

---

یکم نومبر ۱۹۱۷ء

Marfat.com

# سید عطاء اللہ شاہ بخاری اور اُن کے دیرینہ منظوم نظر

کس ناز سے فرماتے ہیں "الفضل" میں محمود
اسلام کا دشمن ہے یہ کمبخت بخاری
بھیجا یہ بخاری نے "زمیندار" کو پیغام
معشوق جو پیارا ہے تو گالی بھی ہے پیاری

---

۲۴ ستمبر ۱۹۳۱ء

Marfat.com

# عروسِ آسمانی

خدا شرمائے اس ظالم ثناء اللہ کو جس نے
نہ چھوڑا قبر میں بھی قادیانیت کے بانی کو

خدا نے عقد خود باندھا تھا جس کا اپنے باوا سے
اڑا کر لے گئے غیر اس عروسِ آسمانی کو

نشاط افروزیاں رود بیاس اور اس کے ساحل کی
دوبالا آئے دن کرتی ہیں لطف زندگانی کو

دبستانوں میں درس مشی فی النوم آج ملتا ہے
شبستانوں میں دہراتے ہیں اس رنگیں کہانی کو

بخاری نے جسے تاکا تھا دورِ جاہلیت میں
وہ شان کودکی پہنچی ہے اب اپنی جوانی کو

وفاداری بشرط استواری اصل ایماں ہے
مرے گر کعبہ میں لندن میں گاڑو قادیانی کو

مری تخییل کی جولانیاں بھی دیکھتے جانا
اگر دیکھا تو کیا دیکھا سمندر کی روانی کو

۱۵ر جولائی سنہ ۱۹۳۱ء

---

(۱) انا منک وانت منی بمنزلۃ ولدی
(مرزا غلام احمد قادیانی کا الہام)

(۲) محمدی بیگم

Marfat.com

# قادیاں لندن میں

عناد اور بغض کی تصویر بن کر
گئے لندن بشیر الدین محمود

یہ مقصد آپ کا ہے اس سفر سے
کہ سرحد پہ بچھا دی جائے بارود

دکھائے یورپ آکر اس کو بتی
جہنم کی لپیٹ جس میں ہو موجود

یہ ساری سرزمیں بھڑ بھک سے اڑ جائے
اور افغانوں کی جمعیت ہو نابود

کوئی اس دین کے دشمن کو سمجھائے
کہ ساری کوششیں تیری ہیں بے سود

بھلا برطانیہ کو کیا پڑی ہے
کہ دوزخ میں تیری خاطر پڑے کود

ہے تو بھی کیا کسی کرنیل کی میم
بھگا کر لے گئے ہوں جس کو مسعود

Marfat.com

# دورِ جاہلیّت کی یاد

زنداں کی تنہائی میں سید عطاء اللہ بخاری کی پرانی گنہگاری اس طرح گنگناتی ہوئی سُنی گئی۔

بگڑتا اس لئے ہے آج مجھ سے اتقا اُن کا ۔۔۔ کہ دورِ جاہلیت میں مرا دل اُن پہ مائل تھا
زکوٰۃِ حسن دینے میں ذرا وہ بخل کرتے تھے ۔۔۔ مگر میں بے لئے ٹلتا نہ تھا ایسا ہی سائل تھا
مرے ہونٹ آشنا تھے اُن کے لبہائے عقیقی سے ۔۔۔ مرا ہاتھ اُن کی نورافروز گردن میں حمائل تھا
پیمبر زادگی اُن کی مرے آڑے نہ آتی تھی ۔۔۔ مگر میں اس نبوت کا نہ قائل ہوں نہ قائل تھا
میں زندلم یزل ہوں اس کی کچھ پروا نہ تھی مجھ کو ۔۔۔ کہ اُن کے اور میرے درمیاں اسلام حائل تھا

مُسلماں ہو کے انگریزوں کے ناوک سے ہُوا زخمی
مرا یہ دل جو اُن کے خنجرِ مژگاں کا گھائل تھا

---

Marfat.com

# فحاشِ زماں میر قاسم علی قادیانی

یہ چند اشعار فحاشِ زماں سبابِ دوراں میر قاسم علی قادیانی کے نام نامی اسم گرامی سے معنون کئے جاتے ہیں

محمد غوث کی مسجد میں کل شب ۔۔۔ اِدھر میں پڑھ رہا تھا سورۃ الناس
اُدھر اپنے بہشتی مقبرے میں ۔۔۔ یہ سازش کر رہے تھے چند خناس
کہ جس کو قادیاں سے دشمنی ہو ۔۔۔ کرو سب مل کے اس کا ستیاناس
ہمارے ہاتھ سے بچنے نہ پائے ۔۔۔ کوئی "نقاش" ہو یا کوئی "عکاس"
مغلظ گالیاں وہ وہ انہیں دو ۔۔۔ کہ بھولیں اپنی نستعلیق بکواس
جب ان سودائیوں کو میں نے دیکھا ۔۔۔ لگا کر حکمتِ یثرب کی کمپاس
تو بھیجا اُن کے پاپا کو یہ پیغام ۔۔۔ علاج اس خلط کا بھی ہے مرے پاس

کھلاؤں گا تمہیں پہلے میں گلقند
پلاؤں گا تمہیں پھر میں اماناس

---

۱۰ ستمبر ۱۹۳۲ء

Marfat.com

# شیرِ کشمیر

تنگ جب آئے شیخ عبداللہ
میرے چبھتے ہوئے سوالوں سے

تو کہا مجھ کو اختلاف نہیں
میرِ واعظ کے ہم خیالوں سے

مَیں بھی پیتا ہوں اُن کی طرح شراب
رات دن نیری پیالوں سے

مذہباً قادیاں سے ہوں بیزار
خوب واقف ہوں اُس کی چالوں سے

ہوں سیاست میں لیکن اُس کا مرید
اور یہ رشتہ ہے چند سالوں سے

مَیں کلیسا سے لڑ نہیں سکتا
ضد ہے مجھ کو فقط شوالوں سے

"شیر کشمیر" بن گیا ہوں میں
فقط "الفضل" کے مقالوں سے

---

آہ کیا انقلاب ہے کہ شریف
گلے ملنے لگے رذالوں سے
اتفاقات ہیں زمانے کے
شیر دبنے لگے شغالوں سے

---

۱۱ ستمبر ۱۹۳۲ء

Marfat.com

# عُلمائے اُمّت سے شکوہ

خُدارا کھول آنکھ اور دیکھ تو اے ملّتِ بیضا
کہ تیری کیا روش ہے اور ہے کیا رفتارِ دُنیا کی

ادھر دنیا و مَا فِیہا ہے تو اس وقت تک غافل
ادھر اسلام پر برسوں سے پیہم یورشِ اعدا کی

کھلانا چاہتے ہیں دشمنِ کعبہ مسعٰی ہیں
جو لبرل کو کبھی پولو تو لوری کو کبھی ہاکی!

بشیر الدین محمود اُٹھ کے پھیلاتا ہے بے کھٹکے
فرنگستان کے سایہ میں خرافات اپنے باوا کی

چھپے ہوں سو حسین ابنِ علی جس کے گریباں میں
رسائی جس کے منبر تک نہ ہوتی ہو مسیحا کی

تمسخر رب اکبر سے تلعب دینِ برحق ہے!
کہاں تک بڑھ گئی اس دشمنِ ایمان کی بے باکی

Marfat.com

محمدؐ سے خطا ممکن مگر بے عیب ذات اُس کی
خدایا تُو کہاں ہے کیا ہُوئی تیری غضب ناکی
کبھی حج ہو گیا ساقط کبھی قیدِ جہاد اُٹھی
شریعت قادیاں کی ہے رضا جوئی نصاریٰ کی
قیامت بن چلا یہ فتنہ اور خاموش بیٹھے ہو
نہیں اے عالمانِ دیں ہیں تم سے بے سبب شاکی

---

۱۴-اکتوبر ۱۹۳۱ء

Marfat.com

# حدیث قادیاں

## رواہ بخاری

حقیقت قادیاں کی پوچھ لیجے ابن جوزی سے
نکوکاری کے پردے میں سیہ کاری کا حیلا ہے

یہ وہ تلبیس ہے ابلیس کو خود ناز ہے جس پر
مسلمانوں کو اس رندے نے اچھی طرح چھیلا ہے

پلی ہے مغربی تہذیب کے آغوش عشرت میں
نبوت بھی رسیلی ہے پیمبر بھی رسیلا ہے

نصاریٰ کی رضا جوئی ہے مقصد اس نبوت کا
اور ابطال جہاد انجاح مقصد کا وسیلا ہے

بیاس اور اس کی موجیں آئے دن کرتی ہیں غمازی
کہ پوتا قادیاں کے رب اکبر کا رنگیلا ہے

کیا صاد اس پہ اک گل پیرہن کی آپ بیتی نے
بخاری کی یہی اب تک روایت تھی کہ ڈھیلا ہے

---

Marfat.com

# قادیانی پروپگینڈا

اپنی جیبوں سے رہیں سارے مسلمان ہشیار
کچھ یہود آتے ہیں ۲؍ جون کو چندے کے لئے

شاہ برطانیہ کی سالگرہ ہے اس دن
یہ اشارہ ہے ہر اللہ کے بندے کے لئے

گردنِ ملّتِ مرحوم کو پھر تاکا ہے
نام توحید پہ تثلیث کے پھندے کے لئے

قادیاں کو غرض اسلام کی تبلیغ سے کیا
یہ تگ و دو ہے فقط پیٹ کے دھندے کے لئے

اب بھی کیا دیجئے گا چندہ بشیرالدیں کو
شیرمال اور کباب اور لپسندے کے لئے

---

Marfat.com

# الحذر

تم اپنے جبر پہ نازاں ہو وقت سے پہلے — ہمارے صبر کی افتادِ ناگہاں سے بچو
بچا لیا تمہیں توپوں نے اور تفنگوں نے — مزا تو جب ہے کہ مظلوم کی فغاں سے بچو
خدا نے تم کو بصیرت اگر عطا کی ہے — تو قادیانیوں کے تیرِ بے کماں سے بچو
دشمنیوں سے خطرناک تر ہیں اندلسی — گر ان کی اِیں سے بچو ہو تو ان کی آں سے بچو
جو بات بات میں تم کو "حرامزادہ" کہے: — ہر ایسے سفلۂ بداصل و بدزباں سے بچو
بچو فرنگ کے حیلوں کی بے پناہی سے — اسی طریق سے جس طرح قادیاں سے بچو
نہیں پسند غلامی اگر نصاریٰ کی — تو "انقلاب" اور "الفضل" و "الاماں" سے بچو
نہ لاؤ دل میں وہ ظن جس سے شرع منع کرے — گناہ جس سے ہو پوشیدہ اس گماں سے بچو
اگر عزیز ہے آزادیٔ وطن تم کو — تو سر شفیع کے گمراہ کن گماں سے بچو
پیام دے کوئی احباب کو یہ جا کے مرا — کہ جس میں پوچھے نہ آتر واس امتحاں سے بچو
نہیں ہے خونِ شہید اس لئے کہ مفت بہے — خدا کے واسطے ایثارِ رائیگاں سے بچو
بچو خدا کے غضب سے تو ایک بات بھی ہے — یہ کیا کہ خطرۂ خشمِ خدائیگاں سے بچو
نبیؐ کی غصہ میں ڈوبی ہوئی نگہ سے ڈرو — عتابِ حضرتِ آقائے دو جہاں سے بچو

حذر ہیں اور بھی واجب مگر کہاں تک ہیں
بتائے جاؤں یہ تم کو فلاں فلاں سے بچو

۱۰ دسمبر ۱۹۳۱ء

Marfat.com

# زمیندار بزبانِ انگریزی

نکل آیا زمیندار آج انگریزی زباں میں بھی !
یہ جنسِ بیشبہا پہنچی ہے مغرب کی دکاں میں بھی

پڑا ہے اک نئی آفت سے استعمار کو پالا
پڑی ہے کھلبلی آتے ہی جس کے قادیاں میں بھی

نہ سمجھا ہو تو اب سمجھے گا انگریز اس حقیقت کو
کہ زورِ اسلام کا ٹوٹا نہیں ہندوستاں میں بھی

کیا تھا جس کی گیرائی نے تسخیر اک عالم کو
وہ قدرت ہے مرے اس خامۂ معجز بیاں میں بھی

سنا ہے تم نے میری مشرقی فریاد کو برسوں
یہی جادو ہے میری مغربی طرزِ فغاں میں بھی

مذاقِ فتنہ میں ہر حرف میرا جاگزیں ہو گا
وہ فتنہ جو نہیں اغیار کے وہم و گماں میں بھی

ترا فضل و کرم شامل رہا ہر آزمائش میں
الٰہی مجھ کو کر دے کامیاب اس امتحاں میں بھی

۲۵ ستمبر ۱۹۳۲ء

Marfat.com

# مداری کی پٹاری

قسم ہے قادیاں کے گلرخوں کی گلعذاری کی
غلام احمد کی الماری پٹاری ہے مداری کی

پرستاں کو نہ شرمائے بھلا قصرِ خلافت کیوں
کہ فصلِ گل ہے اور آمد ہے ابرِ نو بہاری کی

بشیر الدین، اور کشمیر کی ہمدردیاں چھوڑے
نظر نخچیر سے تم پھیرتے ہو اک شکاری کی

جوابِ "الفضل" کا ترکی بہ ترکی دے تو دیں ہم بھی
اتاریں کیسے لیکن نقل اصواتِ حماری کی

مرے ہر شعر کی زد کاسۂ سر ہی پہ پڑتی ہے
نہ لائے گا کبھی محمود تاب اس ضربِ کاری کی

یہ مانا بھول جائے قادیاں میرے تحائف کو
مگر کیا بھول سکتا ہے وہ سوغاتیں بخاری کی

۱۵۔ اکتوبر ۱۹۳۲ء

Marfat.com

# قادیانی بھٹیاری

اے کہ ہے اپنی رواداری پہ تجھ کو فخر و ناز
قادیاں میں کافروں کی مومن آزاری بھی دیکھ

خواجہ اجمیر کی درگاہ دیکھ آیا ہے تو!
اب بہشتی مقبرہ کی چار دیواری بھی دیکھ

ترمذی کو اور بخاری کو رٹا تو کیا ہوا
قادیاں جا اور غلام احمد کی الماری بھی دیکھ

تو نے اپنی فوج کی دیکھی قواعد مدتوں
اب نصاریٰ کے رضاکاروں کی تیاری بھی دیکھ

کاٹنا مقصود ہے اسلام کا جس سے شجر
قادیاں کے لندنی ہاتھوں میں وہ آری بھی دیکھ

مشئی فی النوم اور اُس کے فلسفہ پر کر نظر
قادیاں کی نازنینوں کی طرح داری بھی دیکھ

سن لے اپنے کان سے "الفضل" کی گالی گلوچ
لکھنؤ شرما گیا جس سے وہ بھٹیاری بھی دیکھ

آج آتا ہے نظر گر تجھ کو باطل سربلند
اپنی آنکھوں سے کل اُس کی ذلت و خواری بھی دیکھ

۲۱ ستمبر ۱۹۳۲

Marfat.com

# فتنۂ آخر زماں

ہلا دیں زلزلے نے مشرق و مغرب کی بنیادیں
اُدھر برطانیہ کانپا اِدھر ہندوستاں لرزا

ہر اک کشور کے ہر گوشہ میں ہیبت چھا گئی اُس کی
فضائے باختر لرزی سوادِ قیرواں لرزا

گرفت اُس کی جہاں پیما فشار اُس کا جہاں افگن
جہاں کیا چیز ہے کون و مکاں کا ہر رُواں لرزا

کرن سورج کی تھرّانے لگی گردونِ گرداں پہ
حرم کے کنگروں پر طائروں کا آشیاں لرزا

نئی دُنیا کا سقفِ زر نگار آیا تزلزل میں!
نئی تہذیب کے ایواں کا برقی نردباں لرزا

زمین و آسماں لرزے نشانِ حجّتِ حق سے
لرزنا آدمی کے دل کو تھا لیکن کہاں لرزا

---

۲ر فروری سنہ ۱۹۳۴ء

Marfat.com

# سطوتِ کبریٰ کے حریفوں کا انجام

قادیاں خوش ہو کہ بر آئی تیرے دل کی مُراد
آخر آ ہی گئی کشمیر میں فوجِ انگریز

اگر انگریز ہے دُولہا تو ہے تُو اُس کی دُلہن
مِل گیا تجھ کو ہری سنگھ کی دَولت کا جہیز

کیوں نہ اب اُڑنے لگے تیری نبوّت کا سمند
چھیڑتی ہے جسے یورپ کی صلیبی مہمیز

خوانِ اسلام سے چندہ کا نہ کر لُقمہ طلب
جبکہ چُن دی گئی ہے تیرے لئے کفر کی میز

چاک کر شوق سے ایماں کا گریباں کہ ہُوا
بالکل آزاد ترا دستِ گریباں آویز

دھجیاں نامۂ سالارِ دو عالم کی اُڑا
اے کہ تجھ کو نہ رہا یادِ مآلِ پرویز!!

---

ہر وہ قوت جو ہوئی سطوتِ کبریٰ کی حریف
اُس کو میدانِ وغا سے نہ ملی راہِ گریز

آج تک خاک میں ملتی ہی چلی آئی ہے
ہر وُہ طاقت جو مسلماں سے ہوئی گرمِ ستیز

---

۶ر دسمبر ۱۹۱۳ء

Marfat.com

# پیغمبرِ قادیاں کا ترانہ

تکمیل عمر بھر مرے القاب کی نہ ہو
ان پر اگر اضافہ سی۔ آئی۔ ڈی نہ ہو

بغداد کے سقوط کا قصہ ہے ناتمام
جب تک کہ اس میں درج مری ڈائری نہ ہو

ہنستا ہے میرے حال پر ظالم ابوالوفاء
ڈرتا ہوں میں کہیں یہ قضا کی ہنسی نہ ہو

مارا کسی نے شملہ میں میرے جگر میں تیر
لاہور کا کہیں یہ محمد علی نہ ہو

میری بلا سے مکہ لٹے کربلا لٹے
چندے سے ہے غرض مجھے اس میں کمی نہ ہو

یہ کس کتاب میں ہے کہ خیر البشر کے بعد
ہرگز کسی کو دعوئ پیغمبری نہ ہو

کیا مصطفٰے کے بعد نہ آیا مسیلمہ
پھر قادیاں میں کس لئے مجھ سا نبی نہ ہو

اس اخرجوا الیہود کا قائل نہیں ہوں میں
برطانیہ سے جس کی سند مل سکی نہ ہو

پیش نظر اگر ہے خلافت کی کانٹ چھانٹ
پھر قادیاں ہی کس لئے کنٹری نہ ہو

جس کے ثمر مرے لئے اس درجہ تلخ ہوں
اسلام کی وہ شاخ خدایا ہری نہ ہو

Marfat.com

# حضرت پاپائے قادیاں کے حضور میں

مسرت کی تانیں اڑائے چلا جا
محبت کی پینگیں بڑھائے چلا جا

غنیمت سمجھ فرصت عاشقی کو
حسینوں سے آنکھیں لڑائے چلا جا

تری بات پر گر نہ ایمان لائے
مسلماں کو کافر بنائے چلا جا

سنا جاہلوں کو نبوت کی باتیں
پیمبر کا رتبہ گھٹائے چلا جا

بھلائے چلا جا خدا کے غضب کو
شریعت کی بنیاد ڈھائے چلا جا

ترے مقبرے کے بہشتی بھی سن لیں
میرے شعر چمٹے پہ گائے چلا جا

Marfat.com

# قادیاں کی نبوّت

بروزی ہے نبوّت قادیاں کی
برازی ہے خلافت قادیاں کی

عداوت حق سے باطل سے محبت
ہے اتنی ہی حقیقت قادیاں کی

ہیں احمق جس قدر ہندوستاں میں
ہے آباد ان سے جنّت قادیاں کی

نصاریٰ کی پرستش کے سب اسرار
سکھاتی ہے شریعت قادیاں کی

دمشق اور اندلس کے بھاگ جاگے
بٹی جس وقت لعنت قادیاں کی

مُسلمانوں کی آزادی ہو نابُود
الم نشرح ہے نیت قادیاں کی

لگے رونے بشیر الدین محمود
بنائی میں نے وہ گت قادیاں کی

Marfat.com

# بارِیش بابا ہم بازی

شایگاں گنجے کہ عمرِ رایگاں را حاصل است قطرۂ خونِ امیداستے کہ ہنگامش دل است

در حقِ من ہرچہ "افضل" از رہِ تعریض گفت باطل اندر باطل اندر باطل اندر باطل است

دستِ گستاخش نگر بر ریشِ بابا ہم رسید طفلکِ نادان ز بازیہائے بابا غافل است

دیدۂ مینارہ بر سرزمینِ قادیاں آنکہ بنیادش ز خشتِ اولینِ بابل است

باش تا بینی کہ خاکش در جہاں بر باد رفت
قادیاں دنیائے سفلی ہست و خاکش سافل است

---

۲۰ ستمبر ۱۹۲۸ء

Marfat.com

# علمی اور اخلاقی نظمیں

Marfat.com

# پیغامِ سحر

اسلام کی شوکت کا افسانہ سناتا ہوں
کیا اصل حقیقت ہے دارا و سکندر کی

مسلم کی وہ طینت ہے کہ جو ساقیٔ یثرب نے
وحدت سے معنبر کی ایماں سے مخمر کی

پیغامِ سحر لایا پھر صبح کا سیارہ
خورشید کے چہرے سے پھر چادرِ شب سرکی

---

Marfat.com

# غزل

بڑھا ہے آگے کو روزِ روشن ہٹی ہے پیچھے کو رات کالی
بچھڑ گیا آسماں کا میلہ ہوئی ستاروں سے بزم خالی

ہنسا کے بجلی کو ابر رویا جگا کے سورج کو چاند سویا
یہ نقش ہستی ہے اِعتباری کہیں جلالی کہیں جمالی

کسی کی چلتی نہیں یہاں کچھ پکارتے سب ہیں ماعرفنا
وہ فخر رازی ہوں یا فلاطون جلال رومی ہوں یا غزالی

کیا ہے ایجاد دماغ و دل نے نئے نئے گل لگے ہیں کھلنے
کسی نے برقع اتار پھینکا کسی نے چلمن ہی توڑ ڈالی

جدا ہے مقسوم اپنا اپنا الگ ہے تقدیر اپنی اپنی
دیا ہے اُس شوخ دلستاں نے کسی کو بوسہ کسی کو گالی

عطا کیا طبع نکتہ رس نے مرے قلم کو سخنوری میں
خیال انوکھا بیاں اچھوتا زباں نئی اور روش نرالی

۱۸۹۶ء

Marfat.com

# غزل

ہے مری کل کائنات اک دل امیدوار
اس پہ بھی لیکن نہیں آہ مجھے اختیار

زندۂ جاوید اُسے کہتے ہیں اہل نظر
سر میں سمایا ہوا جس کے ہو سودائے یار

کیا ہے بجز صبر و شکر چارۂ دردِ فراق
یا بجز امید و بیم حاصلِ عشقِ نگار

حاصل عمر عزیز ہے فقط اتنا کہ ہوں
میں نظرِ دوست میں منفعل و شرمسار

کوہِ الم سر پہ ٹوٹ تیرِ ستم دل کو چھید
ہے سر و سینہ مرا وقفِ جفائے نگار

عشق سے کرتے ہو منع بات تو کہتے ہو سچ
حضرتِ ناصح مگر دل پہ کسے اختیار

سینہ میں دل غرق خون آنکھ میں دنیا سیاہ
کیوں نہ ہوں منت کش لعل لب و زلف یار

لازم و ملزوم ہیں راحت و رنج جہاں
کیفِ مئے خوشگوار کا ہے نتیجہ خمار

ہیچ میرزی میری کام مرے آگئی
خاکِ درِ یار ہوں گرچہ ہوں مشت غبار

ہے علم افراز عشق ہے نظر افروز حسن
برق تجلی گری طور ہوا بے قرار

عمر گنوادی یونہیں کرکے تمہارا کہا
اے سرِ بیہودہ گرا اے دل بیہودہ کار

سنہ ۱۸۹۶ء

Marfat.com

# غزل

وہ کافر آج دل کا لینے کو امتحان ہے
تنتے ہوئے ہیں ابرو چڑھتی ہوئی کماں ہے

کس کام کی وہ الفت جو جاں ہی لے کے چھوڑے
ہم تو ہیں اس کے قائل ہے جان تو جہاں ہے

اُس نازنیں کے دل پر نالہ کا کب اثر ہو
بام وصال اونچی اور پست نردباں ہے

میرے جلے ہوئے دل کی لو ہے راکھ میں بھی
بجلی گری ہے جس پر میرا ہی آشیاں ہے

ہے میرے دودِ سودا کا ایک یہ کرشمہ
لوگوں نے جس کو سمجھا بھولے سے آسماں ہے

مجھ کو کسی طرح کی اس سے نہیں شکایت
آنکھوں سے وہ نہاں ہے دل میں مگر عیاں ہے

دیکھو تو شوخ چشمی یادِ عدو نے آکر
میرے ہی دل میں ڈھونڈا اُس شوخ کا نشاں ہے

داغِ جگر کے لالے لہکیں گے عمر بھر تک
میری بہار وہ ہے جس کی نہیں خزاں ہے

Marfat.com

# شہر آشوب

## آج جو رسوا ہیں کل ہوگا انہیں کا احترام

(حکیم ناصر خسرو علوی خراسانی کی ایک نظم بلباس اردو)

اے صبا جا کر مدینے کو مرا پہنچا سلام — وہ مدینہ جس میں ہے ارباب حکمت کا مقام
پھر بتا مجھکو کہ سب احباب ہیں کس رنگ میں — دے چکے جس وقت جا کر اُن کو یہ میرا پیام
عہد و پیماں پر زمانہ کے نہ بھولو دوستو — نقض عہد اس کی ہے عادت بے وفا ہے اس کا نام
اس دیار علم ہی کی پائمالی دیکھ لو — آسماں نے جس سے رہ رہ کر لیا ہے انتقام
غرہ دنیا کی حکومت پر تو کرتے ہو مگر — یاد ہے اسلام کا تم کو جلال و احتشام
کانپتے تھے جس کی ہیبت سے فریغونی امیر — جس کی صولت نے بنایا تھا ہزاروں کو غلام
خاک ختلاں روند ڈالی جس کے پیل مست نے — ہند تک پہنچا تھا جس کا توسن محشر خرام
تم خوشامد سے کہا کرتے تھے اُس کے سامنے — دے خدائے پاک سلطاں کو حیات مستدام
گر چبانا چاہتا تھا کوئی لوہے کے چنے — شاہ کے اقبال سے مکھن وہ بنتے تھے تمام

Marfat.com

ذکر کل کا ہے کہ ہم بھی قبلۂ حاجات تھے | اہلِ ایماں کے لئے ہو جس طرح بیت الحرام
اب کہاں ہے اُس کی سطوت اور کہاں اُس کا شکوہ | برج سرطاں سے بھی اونچا تھا کبھی جس کا مقام
رہ گیا زابلستانی ٹھاٹھ سب یونہی دھرا | جب اجل نے کوچ کا آ کر دیا اُس کو پیام
خوف دشواری عناں گیر ہر آسانی ہوا | اس لئے جمعیتِ خاطر ہے اک امیدِ خام
آسماں نے اختیارِ قیصر و فغفور سے | دولت و اقبال کی پل بھر میں چھینی ہے زمام
آسماں بچ نہیں سکتے گہن کے داغ سے | اس درخشانی پہ مہر انور و ماہ تمام
ایک دن تقدیر گھوڑے کی بھی جاتی ہے پلٹ | آج جو رسوا ہے کل ہوگا اسی کا احترام
چاند سے سیکھو کہ ہے اوساطہا خیر الامور | بدر کیوں گھٹتا اگر پہلے ہی رہتا ناتمام
بادۂ پندار سے گر اہلِ عالم مست ہیں | دُور ہی سے تجھ کو لازم ہے انہیں کرنا سلام
بسکہ ہیں طاؤس کے پر دیدہ زیب اور دل فریب | کام کرتا ہے شکاری اس لئے اس کا تمام
جسم ہے زنجیر اور دُنیا ہے زنداں کی مثال | چند دن اس قید خانہ میں ہے انساں کا قیام
علم اور طاعت سے ہے عاری تری جانِ حزیں | اکتسابِ علم و طاعت سے کر اس کو شاد کام
ہے زمیں دنیا عمل بیج اور دہقاں جاں تری | چاہئے دہقاں کو کھیتی میں بہت ہی اہتمام

خوشہ چینی آج کل کر لے کہ ہے فصلِ ربیع
تا کہ جاڑے کے دنوں میں آئے یہ سرمایہ کام

سنہ ۱۸۹۹ء

Marfat.com

# صد نقش بہ یک پردہ

"انگلستان کے مشہور فسانہ نویس کے ناول "پیپل آف دی مسٹ" کا ترجمہ میں نے اردو زبان میں "سیر ظلمات" کے نام سے بزمانہ قیام حیدرآباد دکن کیا تھا۔ کتاب بہت مقبول ہوئی اور اس کا پہلا ایڈیشن ہاتھوں ہاتھ نکل گیا اسوقت یہ کتاب نایاب ہے۔ کیونکہ طبع ثانی کی فرصت کثرت کار نے نہیں دی نظم ذیل "سیر ظلمات" کا دیباچہ ہے:-

خواستم گفتن از اعجاز نگارش سرّے ۔۔۔ منکہ صد نقش بہ یک پردہ ہویدا کردم
رہنمونم خضرے گشت کہ از نایدش ۔۔۔ در ظلمات بہ افسون قلم وا کردم
آمد از جانب لندن چو عروس معنے ۔۔۔ من بہ پیرایہ دہلیش محلّا کردم
گیسوئے خامۂ من مشک فشاں گشت ہمی ۔۔۔ رشک صد تبت و تاتار و روپا کردم
آمدم از در تہذیب و تمدّن گاہے ۔۔۔ گہ تماشائے کہ و وادی و صحرا کردم
پردہ بر داشتم از چہرۂ فطرت گاہے ۔۔۔ قوت و اہمہ را گاہ تجزی کردم

کاشتم سنبل فکرت بہ زمین انشا
کشت خود روش گلگشت مصلا کردم

جون سنہ ۱۹۰۰ء

Marfat.com

# کُتّے سے پڑھو سبق وفا کا

## (ایک انگریزی نظم کا ترجمہ)

اپنے ریوڑ کو ایک چرواہا — دامنِ کوہ میں چراتا تھا
کہ ہُوا ناگہاں بلند اک غل — اُس نے کچھ دُور ایک شور سُنا
لومڑی جیسے چیختی ہو کوئی — بھونکتا یا ہو جس طرح کُتّا
رُک کے کہسار میں گڈریے نے — آنکھ اُٹھا کر اِدھر اُدھر دیکھا
اور گھنی جھاڑیوں کے پتّوں میں — ایک کُتّا اُسے نظر آیا
اس علاقہ کے سارے کُتّوں سے — نسل اُس کی جدا تھی ذات جدا
ہر قدم پر ذرا سے کھٹکے سے — چونکتا تھا وہ اور جھجکتا تھا
اس کی آواز سے بھی وضع سے بھی — درد اور اضطراب تھا پیدا
پیش و پس اس وچیپ فراز و زیر — متنفّس نہ تھا کوئی اس جا
نہ سُنی کوئی گونج سیٹی کی — نہ کسی کے پُکارنے کی صدا

Marfat.com

ہوئی چوپاں کو تب تو حیرانی — کہ یہ کُتّا یہاں سے کرتا کیا
غار تھا اِک یہاں وسیع و فراخ — جس میں یخ موسمِ دسمبر کا
جمع رہتا تھا جون تک پیہم — گرمی آتی نہ تھی یہاں گویا
اس کے نیچے تھی جھیل اک گہری — اُس کے اوپر تھا اک پہاڑ اونچا
جھیل ہیلولن کے بیچوں بیچ! — یہ خطرناک غار واقع تھا
نہ یہاں پر تھی کوئی آبادی — نہ کہیں آدمی کا نقشِ پا
مچھلیاں جھیل پہ یہاں لیکن — بھرتی تھیں گاہ گاہ فرّاٹا
کوّے کرتے تھے کائیں کائیں کبھی — اور اسے ٹیکرا تھا دہراتا
کبھی قوسِ قزح یہاں آئی — کبھی ابرِ سیہ یہاں چھایا
آ کے تانا یہاں کہرے نے کبھی — تیرہ اور تار سائبان اپنا
کبھی خورشید کی شعاعوں نے — آ کے اپنا یہاں علم گاڑا
لوٹ آتی تھی گونج کر آواز — ایسا مشکل گذار تھا یہ درہ
دیکھی حالت یہ جب گڈریئے نے — اُس کے دل میں معاً ہوا کھٹکا
جلدی جلدی قدم بڑھائے ہوئے — ٹیلوں اور ٹیکروں کو طے کرتا
اُس کڑاڑے پہ چڑھ گیا وہ جہاں — بھونکتا تھا کھڑا ہوا کُتّا
نہ گیا تھا ابھی زیادہ دور — کہ پڑا اُس نے راہ میں پایا

Marfat.com

لاشہ اک آدمی کا بوسیدہ — رہ گیا تھا فقط ڈھچر جس کا

دیکھ کر واقعہ یہ ہیبت ناک — خوف دل پر شبان کے چھایا

نیچے اُوپر نگاہ دوڑا کر — اُس نے اپنا قیاس دوڑایا

کہ یہ کس آدمی کا لاشہ ہے — اور مرا کس طرح یہ بے چارا

سامنے پُرخطر چٹان تھی جو — اس سے یہ شخص تھا پھسل کے گرا

اب حقیقت کھلی گڈریئے پر — اب وہ سارا یہ ماجرا سمجھا

یک بیک یاد آگیا اُس کو — اک مُسافر کا نام اور پتا

جو کہ اس راہ سے فلانے روز — ایک کُتّے کے ساتھ تھا گذرا

طرفہ ایک ماجرا سنو لیکن — میں نے جس کے لئے یہ قصہ لکھا

لوحِ جاں پر گر آبِ زر سے اسے — کھینچئے نقش تو نہ ہو بے جا

ابھی تک بے قرار ہو ہو کر — تھا وہ کُتّا کھڑا ہی بھونک رہا

ہو گئے تھے اُسے مہینے تین — رہتے رہتے یہاں صباح و مسا

یہی کہسار اس کا مسکن تھا — یہی ویرانہ اُس کا ملجا

اس میں کچھ شک نہ تھا کہ جس دن سے — گر کے یہ بدنصیب شخص مرا

سگِ اصحابِ کہف کے مانند — اس جگہ سے یہ باوفا کُتّا

نہ ہلا ایک دم بھی اور کہیں — اس کے لاشہ کو چھوڑ کر نہ گیا

Marfat.com

پہرہ دیتا رہا وہیں شب و روز　　اپنے آقا کو جان کر سوتا
گر یہ پوچھو کہ اتنی مدت تک　　اس بیاباں میں اس نے کیا کھایا
کیفیت اس کی مجھ کو کیا معلوم　　جانے اس سرگذشت کو وہ خدا
جس نے الفت دلوں میں پیدا کی　　جس نے کتے کو کی وفا وہ عطا
کہ نہیں ممکن آدمی کے لئے
ہو سکے اس کے حق سے عہدہ برا

---

۵۔ اگست سنہ ۱۹۰۰

Marfat.com

# اپنا نظم

(محمڈن ایجوکیشنل کانفرنس منعقدہ مدراس کے اجلاس سوم میں پڑھی گئی)

کیوں نہ ہو آج کی محفل کا نرالا انداز　　اس کا ساماں ہے نوی شوق ہے اس کا پرواز
اس کے ہاتھوں پہ حنا بند ہے اس جوش کا رنگ　　جس سے اسلام کا عالم میں ہوا تھا آغاز
قالب علم میں اس بزم نے پھونکی ہے وہ روح　　جس پہ دہلی کو تھا فخر اور تھا بغداد کو ناز
ان کمالات و فضائل کے یہاں چرچے ہیں　　اندلس کے جو کسی وقت میں تھے چہرہ طراز
جلوہ آرا وہ حقیقت ہے یہاں آج کے دن　　دے گیا جس کی خبر عہد گذشتہ کا مجاز
شکر صد شکر کہ ہم خواب گراں سے جاگے　　للہ الحمد کہ ترقی کا کھلا ہم پر راز
گئے وہ دن کہ تھے ہم مست شراب غفلت　　گئے وہ دن کہ جہالت تھی ہماری دمساز
گزرا وہ عہد کہ تھے پر وہ در اپنے اوہام　　گیا وہ دور کہ ادبار تھا اپنا غماز
بخت خوابیدہ نے اسلامیوں کے کروٹ لی　　آئی ناگاہ علی گڈھ کی طرف سے آواز

Marfat.com

جاگ اے قوم حزیں نیند یہ آخر کب تک — محوِ آرام ہے تو غیر ہیں صرفِ تگ و تاز

ایک وہ دن تھا کہ شیوہ تھا ترا ناز و غرور — ایک یہ دن ہے کہ آئیں ہے ترا عجز و نیاز

کل تھی شہباز تو اور دوسری قومیں عصفور — آج عصفور ہے تو دوسری قومیں شہباز

گر حکومت تیرے ہاتھوں میں نہیں ہے نہ سہی — نہیں زنہار کسی کی یہ عروسِ طنّاز

دولت حکمت و دینداری و ہمت لیکن — چھین سکتا نہیں تجھ سے فلکِ عربدہ باز

تھا عجب طرح کا پنہاں اثر ان باتوں میں — اس صدا سے مترشح تھا عجب سوز و گداز

سنتے ہی درد ہر اک شخص کے دل میں اٹھا — اور شکستہ پروں کو ہوا شوقِ پرواز

ہم پہ ہیں سیدِ مرحوم کے بے حد احسان — جس کا ممکن نہیں انجام یہ ہے وہ آغاز

کس طرح شکر ادا اس کی عنایات کا ہو — وقت ہے مختصر اور اپنی حکایت ہے دراز

اس کی تقریر ہوئی غازۂ رخسارۂ سحر — اس کی تحریر بنی سرمۂ چشمِ اعجاز

اس نے سمجھایا ہمیں کسبِ فضائل کا لزوم — اس نے جتلایا ہمیں درکِ معارف کا جواز

اس نے ثابت کیا ہم پر کہ بغیر از تعلیم — نہ کبھی ہند میں ہوگا ہمیں حاصل اعزاز

یہ اسی شخص کی کوشش کا نتیجہ ہے کہ یہاں — آج یہ بزم مرتب ہے بدیں زینت و ساز

اے خوشا بخت کہ در اس میں اسلام پہ آج — پرچمِ فضل ہے ہر مروحہ جنباں ہے بہ ناز

غلغلہ آج ہے برپا اس اخوت کا یہاں — تھا کبھی جس کے لیے شہرۂ آفاق حجاز

ایسے عالم میں نہ بیجا ہو باہنگ دعا — اگر اس طرح میں بے ساختہ ہوں نغمہ طراز

Marfat.com

اے خدائے دوجہاں کاشفِ اسرارِ غیوب
جس سے مخفی نہیں انسان کے دل کا کوئی راز

قوت اگلی سی عطا کر تو مسلمانوں کو
اور کر بارِ دگر ان پہ درِ حکمت باز

علم آئینہ اگر ہو تو سکندر ہوں ہم
ہوں مسلمان جو محمود تو ہو علم ایاز

۱۹۰۱ء

Marfat.com

# انجمن اصلاح تمدّن حیدرآباد دکن

## اکتوبر ۱۹۰۳ء

عندلیبِ زار کو تسکینِ گلبن چاہیے
قوم کو تائیدِ اصلاحِ تمدّن چاہیے

نغمۂ دوشینہ آرامِ دلِ وارستہ تھا
چھیڑنی اب ہم کو شور افگن کوئی دھن چاہیے

اے فلک قومِ حزیں پر سنگ باری کے لیے
تجھ کو ہر روز اک نیا سنگِ فلاخن چاہیے

چاہیے یورپ کو شورِ بوق و کوسِ علم و فضل
ہم کو سارنگی کی رُوں رُوں اور تن تن چاہیے

چاہیے غیروں کو ہمت اور ہمیں دوں ہمتی!
استقامت اُن کو اور ہم کو تلوّن چاہیے

گھر میں کھانے کو نہ ہو شادی بیاہوں میں مگر
قرض ہی لے لے کے برسانا ہمیں دھن چاہیے

کچھ نہ ہم سمجھے کہ کیا ہیں معنیٔ لا تسرفوا
سرورق اپنی حکایت کا تغابن چاہیے

ہم کو نکبت میں بگڑ رکھتا کہاں تک آسماں
آخر اس کی کوئی تو حدِّ تہاون چاہیے

عزم کر بیٹھے مصمم چند وا سنجانِ وقت
قوم کو اک بزمِ اصلاحِ تمدّن چاہیے

اس نے ٹھیرایا ہے مقصد اپنا اصلاحِ رسوم
عقدۂ رسمیں ہیں تو کھلنا اس کو ناخن چاہیے

Marfat.com

سرپرست اس انجمن کے کرنل افسر جنگ ہیں
تجھ کو بھی اے بخت اب مشق تعاون چاہیئے

وقت آپہنچا کہ ہو مسدود باب اختلاط
جڑ میں لگ جانا بری رسموں کی اب گھن چاہیئے

شکر میں اس نعمت عظمیٰ کے ہم کو چومنا
نعل اسپ شہسوار عرصۂ کن چاہیئے

قوم میں پیدا ہو جس سے جوہر مردانگی
ہم کو تفریح ایسی اور ایسا تفنن چاہیئے

قوم وہ اچھی ہے رسمیں جس کی ہوں اچھی تمام
ہر مہذب قوم میں ہونا یہی گن چاہیئے

Marfat.com

# غریب الوطن شاعر کا خطاب اپنی بی بی سے جو وطن میں ہے

(ایک انگریزی نظم کا ترجمہ)

بزمِ دل میں جس کے روشن شمعِ یادِ یار ہو
ہے اُسے سب ایک ویرانہ ہو یا گلزار ہو

کس لقب سے یاد تجھ کو اے مری بی بی کروں
مونس و ہمدم کہوں دلبر کہوں جاناں کہوں

تیری عصمت کی قسم تیری محبت کی قسم
لوحِ دل پر ہے ترے احساں کا نقشہ مرتسم

غم کدہ میرا ترے ہونے سے عشرت خانہ ہے
تیری پیاری پیاری صورت زینتِ کاشانہ ہے

تو چراغِ منزلِ اُمید ہے میرے لئے
تو خدائے پاک کی تائید ہے میرے لئے

دیکھ کر دل میں تری تصویرِ روح آسا کو میں
بھول جاتا ہوں غمِ دُنیا وَمَافِیہا کو میں

ہے جھلک تیرے رُخِ انور کی اس میں جلوہ گر
جو دلارا ہے تیرا اور ہے مرا لختِ جگر

اس کی آنکھوں میں چمکتی ہے وہ نورانی کرن
تیری چشمِ نرگسیں جس کا ہوا پہلا وطن

یہ کرن اُن بادلوں کو بھی ہے چمکائے ہوئے
میری پیشانی پہ ہیں جو آج کل چھائے ہوئے

ولولہ اُلفت کا جب ہوتا ہے دل میں جوش زن
آدمی کے لب پہ آجاتا ہے نامِ طفل و زن

جس طرح اپریل کی گرمی میں مرجھاتے ہیں پھول
گرتے ہی شبنم کے لیکن تازہ ہو جاتے ہیں پھول

ویسے ہی وہ دل کیا غم نے جسے تاراج ہے
صبر کا تسکین کا اُمید کا محتاج ہے

Marfat.com

رحمت اُس کی رُوح پر جس کا ہے یہ قولِ مبیں — ہے صدائے بازگشت آوازِ ارواحِ بریں
ہے ندا جن کی جواب ان خاکیوں کی بات کا — جن سے تھا ان کو تعلق اس جگہ دن رات کا
اے مری پیاری گراں ہے تجھ پہ گریہ خاک داں — اور ہے تجھ کو تمنائے حیاتِ جاوداں
اس سے پہلے جبکہ میرا طائرِ رُوحِ حزیں — اِس قفس کو چھوڑ کر تجھ سے ملے آ کر وہیں
میں یہی الفاظ دُہراتا رہوں گا بار بار — جانِ من جانانِ من سو دل سے ہوں تجھ پر نثار
تا کہ اوپر سے اُٹھا دے تو نقابِ راز کو
اور تسکین پاؤں میں سُن کر تری آواز کو

جون ۱۹۰۵ء

---

# انجمن حمایت اسلام

اے ساکنانِ بلدۂ لاہور آج شام
میں آپ کو سناؤں گا باتیں کھری کھری

میری یہ داستاں ہے مرے درد کا نچوڑ
دل سے نکل رہی ہے کہانی یہ دکھ بھری

پینتیس سال گذرے کہ کچھ اہلِ دل بزرگ
اُٹھے کہ اپنی قوم کی فرمائیں رہبری

ڈالی اک انجمن کی بنا اپنے ہاتھ سے
اسلام کے لئے ہوئی جو وجہِ برتری

اس انجمن کے واسطے اپنی تمام عمر
کرتے رہے یہ دین کے خادم گداگری

تا آنکہ آگئی چمنِ علم میں بہار
اور شاخِ دینِ مصطفوی ہوگئی ہری

لاہور نورِ علم سے رخشندہ ہوگیا
شرمندہ جس سے ہوگیا خورشیدِ خاوری

پھر یک بیک ہوا گئی پنجاب کی پلٹ
گردش میں آخر آہی گیا چرخِ چنبری

رجعت پسند ہوگئے ملت کے سنگ راہ
اسلام کی اُجڑ گئی کھیتی ہری بھری

باطل کا غلغلہ ہوا افلاک تک بلند
قرآں میں بند ہوگئی حق کی نواگری

چاندی سمجھ رہے تھے جسے ہوگئی خزف
ہیرا جو تھا وہ بن گیا پل بھر میں کنکری

Marfat.com

سر جھک گیا حمایت اسلام کا وہاں  جھکتا جہاں تھا کفر کا اکلیلِ سروری

اس وقت ہم کو کوئی سلیماں چاہیئے

باطل اگر ہے دیو تو ہے انجمن پری

اے قوم مژدہ ہو کہ سلیماں بھی آ گیا  باطل ہُوا اجنہ کا دعوئ خودسری

جبروتیوں نے دین کا ڈنکا بجا دیا  طاغوتیوں کی اب نہ چلے گی فسوں گری

وقت آ گیا کہ ہو علم اسلام کا بلند  اقبال اس انجمن کے بنے ہیں سکرٹری

نواب ذوالفقار علی خاں ہیں اس کے صدر  کیوں جلوہ ریز اس میں نہ ہو شانِ حیدری

چشمہ اُبل رہا ہے محمد کے نور کا

اب ہم ہیں اور اس میں ہماری شناوری

---

Marfat.com

# اسلامی یونیورسٹی

مسلمانو! یہ جو سید احمد خاں کے احساں ہیں
کہ نقشِ فی الحجر سرمایۂ لوحِ دل و جاں ہیں

اسی کی عمر بھر کی کوششوں کا ماحصل سمجھو
اثر جس عام بیداری کے ملت میں نمایاں ہیں

اسی کی پرہنر شیرازہ بندی کے تصدق میں
مجزا نسخۂ ملت کے اوراقِ پریشاں ہیں

عضو سرورِ کون و مکاں سے اس کو ترکے میں
ملا وہ دردِ مضمر قوم کے سب جس میں درماں ہیں

جگایا اس نے ہم سوتے ہوؤں کو خوابِ غفلت سے
وہ غفلت بستیاں جس سے ہوئیں قوموں کی ویراں ہیں

ہر اک دل میں لگا دی اک نئی ایسی لگن اس نے
کہ آتش زیرِ پا اس وقت تک اس سے مسلماں ہیں

ریاضِ قوم کو از بسکہ سینچا اس کے اشکوں نے
بہاریں اس کی رشکِ رونقِ گلزارِ رضواں ہیں

وہ خود تو خلد میں ہے کارنامے اس کے سب لیکن
مہ و خورشید کے مانند تاباں اور درخشاں ہیں

علی گڑھ میں کیا قائم وہ دارالعلم سید نے
ثنا خواں ہیں پرائے جس کے اپنے جس پہ نازاں ہیں

یہ دارالعلم اب بھی گرچہ ہے اسلام کا مرکز
فضائل جس سے پیدا اور معارف جس میں پنہاں ہیں

وہ جانِ سرو چمن اس وقت بھی گویا دبستاں ہے
عرب کی اور عجم کی بلبلیں جس میں غزلخواں ہیں

مگر پروازِ شہبازِ تمنا ہے بلند اس سے
ہماری ہمتیں پا کوبِ سقفِ چرخِ گرداں ہیں

Marfat.com

بنانا ہے ہمیں ملّت کی یونیورسٹی اس کو
بٹھانا ہے ہمیں اوجِ ثریا پر ابھی اس کو

---

یہ "دار العلم" سدِّ راہِ آسیبِ زماں ہوگا — اسی چشمے سے دیکھو گے کہ اک دریا رواں ہوگا
حدیث "شاعری جزویست از پیغمبری" سچ ہے — یہ مطلع اس حقیقت کا مصدق بے گماں ہوگا
کہی جو بات برسوں اب سے پہلے خواجہ حالی نے — زمانہ کوئی دن جاتا ہے اس کا ترجماں ہوگا
قدومِ میمنت آثار سے اپنے شہنشہ کے — شرف اندوز جس دن کشورِ ہندوستاں ہوگا
علی گڈھ کو لگیں گے چار چاند اور اُن کی کرنوں سے — منور ایشیا کے علم و فن کا آسماں ہوگا
عطا فرمائیں گے قیصر وہ شاہی چارٹر اس کو — مسلمانوں کی یونیورسٹی کا جو نشاں ہوگا
مسلمانوں پہ ہوگی نازل اُس دن رحمتِ باری — مسلمانانِ عالم کا نصیب اُس دن جواں ہوگا
مسیحیت چکا دے گی تمام اسلام کا قرضہ — وہ قرضہ جانتا جس کو یقیناً اک جہاں ہوگا
سمجھ کر اپنے قیصر کو مثیلِ سایۂ احساں — دلِ احساں پذیر اس دن رہینِ امتناں ہوگا
ملے گا ہم کو اُس دن خلعتِ حریتِ عقلی — علی گڈھ علم کا اُس دن حقیقی پاسباں ہوگا
سمیٹیں گے متاعِ دین و دنیا اپنے دامن میں — یہ اسلوبِ مناسب اتحادِ جسم و جاں ہوگا
ہم آغوش آ کے ہوں گے علم اور مذہب علیگڈھ میں — فقیہ و فلسفی ہر اک یہاں کا نکتہ داں ہوگا
علومِ مغربی کا فیض ہوگا اک طرف جاری — علومِ مشرقی کا اک طرف دریا رواں ہوگا

Marfat.com

بجھے گی پیاس ہر کشور کے پیاسوں کی یہاں آکر — علی گڑھ منبعِ رودِ حیاتِ جاوداں ہوگا
مٹا دے گا علی گڑھ اندلس کی یاد کو دل سے — اگر بغداد ہوگا زندہ تو آکر یہاں ہوگا

یہ مژدہ ہیں وقار الملک و آغا خاں سنانے کو
کہ ہے فصلِ بہار اسلام کے گلشن میں آنے کو

---

مسلمانو! بس اٹھ بیٹھو کہ وقتِ امتحاں آیا — ہماری راہ پر اک عمر کے بعد آسماں آیا
کروگے اس سے بڑھ کر فخر تم کس بات پر یارو — کہ خود چل کر تمہارے گھر شہِ ہندوستاں آیا
الٹ جائے گی قسمت ہی نہ اب بھی گوہرِ مقصود — تمہارے ہاتھ اگر اے معشرِ اسلامیاں آیا
سمجھ لو لَن تَنَالُوا البِرَّ حَتّٰى تُنفِقُوا کو تم! — کہ یہ ارشاد ہے قرآں کے اندر بے گماں آیا
خدا کا شکر ہے ملت کے جو مخدوم ہیں ان کو — خیالِ دست گیریِ گروہِ بے کساں آیا
بنے قومی گدا اور لے کے کاسہ ہاتھ میں نکلے — وہ کاسہ ہاتھ جس سے حاصلِ صد بحر و کاں آیا
نہ روکا اس سے ہرگز ان کو آسائش نے دولت کی — نہ ان کو مطلقاً مانع خیالِ عز و شاں آیا
لیے کشکول آغا خاں کو جب دیکھا گدائی کا — نظر الفقر فخری کا ہمیں دلکش سماں آیا
پھری تصویر ایثارِ نبی ہاشمی کی آنکھوں میں — زباں پر جب ہمارے نامِ سلطانِ جہاں آیا
جب اعیان و اکابر کی یہ بیداری کی حالت ہے — رہے گی قوم محوِ لذتِ خوابِ گراں آیا؟
پیادے اٹھ کے دوڑیں ساتھ ساتھ اشتر سواروں کے — کہ منزل کے قریب الحمد للہ کارواں آیا

Marfat.com

فقط دس لاکھ میں مقصد کی اب تکمیل ہوتی ہے
سمجھ سکتے نہیں ہم کس لئے پھر ڈھیل ہوتی ہے

---

یقیں ہے پل میں حل یہ عقدہ دشوار ہو جائے
ذرا ساقی کی چشم مست اگر ہشیار ہو جائے

کرے گر قوم مل کر عرض آصف جاہ سادس سے
ادھر بھی اک نظر اے قوم کے سردار ہو جائے

بنایا خاک کو ہے کیمیا تیری نگاہوں نے
خذف جس کے اثر سے گوہر شہوار ہو جائے

سرور انگیز تیرا بادۂ ایثار و احساں ہے
پلا اتنا کہ محفل مست اور سرشار ہو جائے

ترا وابستۂ دامانِ دولت جب علی گڑھ ہے
نہ استمداد کو طیار کیوں ہر بار ہو جائے

اگر جنبش میں آ جائے کفِ گوہر فشاں تیری
مسلمانوں کی یونیورسٹی تیار ہو جائے

اگر یہ عرض پہنچے میر محبوب علی خاں تک
بلا وقت مسلمانوں کا بیڑا پار ہو جائے

خدا چاہے تو ہوں گی مشکلیں سب قوم کی آساں
علی گڑھ علم کا بن جائے گا خورشید نور افشاں

---

Marfat.com

# عید رمضان

## ۱۳۲۸ھ

بدلا ہے عجب رنگ مسرت نے جہاں کا
ہر پیر یہ ہوتا ہے گماں آج جواں کا

اک لہر تھی برقی کہ گئی دوڑ رگوں میں
گردوں سے مہ یکشبہ جب شام کو جھانکا

جیتے تھے اس امید پہ مشتاق مہ عید
حاجب نہ ہو با دل کوئی چشم نگراں کا

ہر رنج ہے دنیا میں باندازۂ راحت
ہر سوز نہاں بدرقہ ہے ساز عیاں کا

انعام طرب لائی ہے شوال کی پہلی
گذرا یہ صد آلام مہینہ رمضاں کا

توپوں کی شلک سے گرج اٹھا ہے زمانہ
کھولا ہے مگر رعد نے قفل اپنے دہاں کا

بچے ہیں نہا دھو کے سویرے ہی سے طیار
بدلے ہوئے جوڑا نئے انداز سے بانکا

آنکھوں میں ہے سرمہ تو لبوں پر ہے تبسم
قدرت کا یہ جلوہ ہے کرشمہ وہ ہے ماں کا

ہیں سرد دمن گوش بہ گلبانگ عنادل
یا سن رہے ہیں شور مسلمان اذاں کا

یہ طنطنہ ہے دین کی شوکت کا ترانہ
یہ غلغلہ پیغام ہے عید رمضاں کا

آرائش بام و در اسلام ہے اس سے
یہ عید اک انعام ہے اللہ میاں کا

Marfat.com

میری بھی طبیعت میں ہے آج ایک نیا جوش     پھونکوں گا فسوں نظم میں آج اپنی زباں کا

دریائے معانی بہ فراوانیٔ امواج     شرمندۂ احساں ہے مری طبعِ رواں کا

دیکھی نہیں تصویرِ فصاحت کی جنہوں نے     وہ دیکھ لیں انداز مرے حسنِ بیاں کا

امڈی چلی آتی ہیں مضامیں کی گھٹائیں
برسیں یہ قلم پائے اشارہ جو بناں کا

تھی عیدگہ اک آئینہ جس میں نظر آیا     جلوہ مجھے اسلامیوں کی شوکت و شاں کا

ہر شاخِ دلِ ایمان کے پھولوں سے لدی تھی     اس باغ میں ڈر تھا نہ بہاراں کو خزاں کا

چرچے تھے اخوت کے زبان کہ و مہ پر     تھی لب لباب آج مساوات یہاں کا

بیٹھے تھے امیر اور فقیر ایک ہی صف میں     ٹوٹا تھا طلسم آج فلاں ابن فلاں کا

اس بزمِ دل افروز میں ہوتا نہ گذر کیوں
مجھ بیکس و بے مایہ و گم نام و نشاں کا

جیسے ہی دوگانہ سے فراغت ہوئی مجھ کو     چہرہ نظر آیا مجھے اس جانِ جہاں کا

بجلی سی گئی کوند مری آنکھ کے آگے     غارت ہوا سرمایہ مری تاب و تواں کا

توڑا سپرِ ضبط کو اور دل کے ہوئی پار     چشمِ غلط انداز میں تھا زور سناں کا

تھا غمزۂ جفاکیش لبِ لعل وفا کوش     وہ امن کا دشمن تو یہ ضامن تھا اماں کا

اک آہ جگر سوز نکل ہی گئی دل سے     دعویٰ تھا بڑا اگرچہ مجھے ضبطِ فغاں کا

Marfat.com

سوچا یہ مگر ساتھ ہی، کس طرح ہے ممکن — نظارہ حرم میں نگہ نازبتاں کا
کیا ہوگئی مسجد بھی کلیسا کے برابر — دیتی ہیں جہاں کام مسیں حور جناں کا
کانوں میں ترنم کسی غارتگر دیں کا — آنکھوں میں تصور کسی آفت گر جاں کا
مسجد میں غرض شرم سے آب آب ہوئی میں — اور دامن غیرت سے وہیں چہرہ کو ڈھانکا
اس سے یہ کہا میں نے کہ اے خالِ رخ حسن — دربار ہے یہ بادشہ کون و مکاں کا
وہ خود ہے جمیل اس لئے آنکھوں سے نہاں ہے — بے پردہ جو تم ہو یہ سلیقہ ہے کہاں کا
اس قید سے آزاد ہوئیں آپ یہ کیوں کر — بی بی کو اشارہ یہ ہوا کب سے میاں کا
مسجد میں جو تم آئی ہو بے برقع و چادر — کیا تم کو یہی حکم ہے اللہ میاں کا

ہے خانہ بر اندازِ حیا یہ نئی تہذیب
اس نے تمہیں رکھا نہ یہاں کا نہ وہاں کا

سن کر مری باتیں یہ کہا اس نے بگڑ کر — سب بی بیاں آزاد ہیں اب پردہ کہاں کا
تم کون ہو پردہ کا جو دو مشورہ مجھ کو — کیا تم کو بھی منصب ہے کسی شیخ زماں کا
معنی یہ ہی تم سمجھے ہو کیا غض بصر کے — آنچل سے جمال رخ پرنور کو ڈھانکا
عارض پہ جسے بار ہو دامانِ نگہ تک — کیوں کر متحمل ہو وہ اس بار گراں کا
میں پھرتی ہوں اور پھرتی رہوں گی کھلے بندوں — کچھ اس میں اجارہ نہیں یہاں و فلاں کا
میں جانتی ہوں تجھ کو کہ پہلے ہی سے میرے — دل پر ہے اثر تیری جراحات لساں کا

Marfat.com

مشہور ہے تو شہر میں شیطان کی مانند — ہے ذکر ترا مشغلہ ہر خرد و کلاں کا

محفل نہیں اس شہر میں ایسی کوئی جس میں — چرچا نہ ہوا تیری درازیٔ زباں کا

پردہ کی حمایت میں جو کھولے گا زباں تو — ہو جائے گا رہنا تجھے دشوار یہاں کا

میں ایک اشارہ میں نکلوا تجھے دوں گی — رہ جائے گا سب ٹھاٹھ دھرا یوں ہی یہاں کا

رکتی ہے کہیں روکے سے آزادیٔ نسواں — باطل ہے فسوں تیری چنیں اور چناں کا

کچھ تجھ کو خبر بھی ہے کہ کعبہ کے مقابل
کیا حشر ہوا ابرہہ کے پیل دماں کا

اس وقت مرا ناطقہ تھا سر بہ گریباں — افسوں نہ چلا کچھ بھی مرے زور بیاں کا

اک مشت خس خشک بنی اور ہوئی طعمہ — منطق مری اس کی نگہ شعلہ فشاں کا

تھا تیز تر از خنجر خونریز مرا نطق — کام اس سے مگر اس نے لیا سنگ فساں کا

یوں کھا کے شکست الغرض اس شوخ سے میں نے — مسجد سے نکل رستہ لیا اپنے مکاں کا

اور دل میں یہ ٹھانی کہ نہ ٹوکوں گا پھر ان کو — جو کام لیا کرتے ہیں ابرو سے کماں کا

ایک ایک نظر جن کی دلوں کو کرے بسمل — ایک ایک ادا جن کی پڑھے مرثیہ جاں کا

کیوں اپنے کمالات کے جوہر میں دکھاؤں — کس واسطے افسانہ بنوں بزم جہاں کا

کیا مجھ کو یہ معلوم نہیں ہے کہ ہنرمند — آماجگہ کینہ ہے ابنائے زماں کا

اعلائے فضیلت ہے صلائے حسد و بغض — اظہار جہالت ہے نشاں امن و اماں کا

Marfat.com

جاہل ہے سرافراز تو عالم ہے نگوں سار
واللہ عجب بھاؤ ہے قسمت کی دکاں کا

گالی ہو بھری منہ میں مگر لب پہ دعا ہو
یہ نکتہ سمجھ لو سبق سود و زیاں کا

کڑوی ہو کسیلی ہو چڑھا جا نہ کر انکار
فرمان یہ تسلیم کر و پیر مغاں کا

جلوت مری ہو جائے گی خلوت میں مبدل
ہو گی جو ذریعہ مرے نام اور نشاں کا

اک گوشہ میں بیٹھا ہوا دنیا سے الگ میں
سیکھوں گا سبق عافیت دامن داماں کا

Marfat.com

# عید اضحیٰ

## سنہ ۱۳۴۹ھ

عید اضحیٰ آئی ہے لے کر اخوّت کا پیام
دوحۂ بطحا میں لہرائی مُحبّت کی شمیم

تازہ پھر ہوتی ہے سُنت آج ابراہیمؑ کی
ہو رہا ہے آج پھر حل عقدۂ ذبحِ عظیم

رولتے ہیں آج وہ موتی گدایانِ حرم
جن کو آیا تھا لُٹانے ایک مکّہ کا یتیم

ہند میں ایثار و سربازی کا ہے آج امتحاں
اے مُسلمانو! تمہارا تو یہ مسلک ہے قدیم

---

Marfat.com

# لندن

لیلیٰ شب نے مانگ سنواری
آدھی عمر اسی میں گذاری

بجتے ہیں پہلے بارہ ٹن ٹن
پھر بجتا ہے گجر کا ارگن

چاند کی پیلی پیلی کرنیں
پیاری چھیل چھبیلی کرنیں

سقف فلک پر ناچیں چھم چھم
صحن زمیں پہ اتریں جھم جھم

دیتی ہیں تاروں کو ہچکولے
نور کے لٹکاتی ہیں ہنڈولے

پگھلی ہوئی چاندی کا سمندر
بہنے لگا باہر اور اندر

جس نے ملمع اپنا چڑھایا
اور پلٹی اُس شہر کی کایا

جو کہ ہے غداری میں بابل
کہتے ہیں سب ملکوں کا جسے دل

یعنی عروس دنیا لندن
شاہد دل کش و زیبا لندن

قلۂ کوہ و دشت و بیاباں
ہاموں، دریا، وادی، میداں

سب پہ تری آبادی پھیلی
ہو نہیں سکتی جس کی گنتی

Marfat.com

تیرے عرصۂ دل کے اوپر　　تیرے حجلۂ جاں کے اندر
کیسے کیسے جذبے ہیں پوشیاں
کیسے کیسے بھرے ہیں ارماں

اے دُنیا کے شہروں کے افسر　　سب سے افضل سب سے برتر
حشمت والے شوکت والے　　نشۂ دولت کے متوالے
صنعت اور تجارت والے　　دولت اور حکومت والے
دانش والے حکمت والے　　فلسفہ والے ہیئت والے
ہُنڈیوں والے نوٹوں والے　　فانڈوں والے ٹوٹوں والے
برجوں اور میناروں والے　　باغوں اور بہاروں والے
ہالوں والے پارکوں والے　　لائنوں والے بارکوں والے
ریلوں والے تاروں والے　　برقی موٹر کاروں والے
قصروں اور ایوانوں والے　　ہوٹلوں اور میخانوں والے
وِسکی والے اکشا والے　　لیمنڈ والے سوڈا والے
مرغیوں والے انڈوں والے　　ریزنوں[1] اور آمنڈوں[2] والے
توپوں اور بندوقوں والے　　عاشقوں اور معشوقوں والے
تِنکے چننے والوں والے　　سر کے دھننے والوں والے

۱؎ کشمش ۲؎ بادام

Marfat.com

گورے گورے گالوں والے  بھورے بھورے بالوں والے
پیاری پیاری جبینوں والے  اُبھرے اُبھرے سینوں والے
چوری کرنے والوں والے  جیب کترنے والوں والے
لفنگوں والے لچوں والے  شہدوں اور اُچکوں والے

کیسے کیسے گُن اور بدیاں
ہیں ترے دل کے اندر پنہاں

دیکھنا ہو گر تم کو تماشا  اچھی طرح سے کبھی لندن کا
واٹرلو کے پل سے دیکھو  وقت پہ صُبح صادق کا ہو
پہلی شعاعیں سورج کی جب  چاک ہوں کرتی دامانِ شب
وہ دامن کہ ٹکے ہیں یکسر  جس میں کروڑوں کوکبِ اختر
گیسو جبکہ نگارِ سحر کے  شبنم کے قطروں سے ہوں بھیگے
گزرو اگر اس پل پہ قضارا  دیکھ لو لندن کا نظارا
سیر کا اصلی وقت یہی ہے  یہ وہ گھڑی ہے جس میں چھپی ہے
مستی عہدِ شباب لندن  ناز و ادا و حجابِ لندن
یہ وہ ساعت حسن افزا ہے  جوبن اس کا پھٹا پڑتا ہے
صبح کو ہے یہ عروس نکھرتی  ندی پر آ کر پانی ہے بھرتی

Marfat.com

جیسے کوئی دلبر خنداں — کرتا نقاب سے ہوا چہلیاں
ویسے ہی لندن نو کے تڑکے — اپنی جبیں نور فشاں سے
بادل مست اور جھومنے والے — پیشانی کے چومنے والے
ایک طرف کو ادا سے ہٹا کر — ناز سے شرما کر اٹھلا کر

چہرہ کی تاب دکھا دیتا ہے
سورج جس کو جلا دیتا ہے

ایسے میں دیکھے کوئی لندن — اس کے قصر و بام و برزن
گرجا دیکھے مندر دیکھے — دریا دیکھے بندر دیکھے
دیکھے دریا کی موجوں کو — دیکھے بارکوں میں فوجوں کو
کشتیوں کے مستولوں کو دیکھے — شاخوں پہ پھل اور پھولوں کو دیکھے
رونق دیکھے بازاروں کی — کثرت دیکھے لشکاروں کی
پردۂ عبرت پر پھر کھینچے — اپنے تصور کے رنگوں سے
اگلوں کے آثار کا نقشہ — پچھلوں کے دربار کا نقشہ
منعم کے اقبال کی صورت — مفلس کے جنجال کی صورت
دل کی فراخی و تنگی دیکھے — بخت کی رنگا رنگی دیکھے
دیکھے غرض یہ سب تصویریں — شان خداوندی کی تجلی

Marfat.com

لندن کا آوازۂ عظمت ‏ ‏ سنتی کب سے آئی ہے خلقت
اس نے ایک زمانہ دیکھا ‏ ‏ صدیوں کا آنا جانا دیکھا
سیلِ حیات بہے جاتی ہے ‏ ‏ امڈی موج چلی آتی ہے
صبح کو جب سورج ہے نکلتا ‏ ‏ نور کا اک چشمہ ہے ابلتا
دیکھو پھر وہی شکلِ مثالی ‏ ‏ اور وہی فانوسِ خیالی
دل کی لگی سینہ میں دکاں ہے ‏ ‏ درد کا جس میں بھرا ساماں ہے
بیم و رجا و حسرت و ارماں ‏ ‏ سازِ عیاں و سوزشِ پنہاں

ہے کہیں فقر کہیں ہے تنعم
قسمت کا برپا ہے تلاطم

---

Marfat.com

# سنگم

پریاگ میں ملی ہے جمنا سے آ کے گنگا
پگھلا ہُوا یہ نیلم بہتا ہوا وہ ہیرا
اُن کی جُدائیوں نے کھینچا ہے نقش جوڑا
ان کی روانیاں ہیں شانِ خدائے یکتا
سنگم کی سیڑھیوں پر موتی لڑھک رہا ہے

---

Marfat.com

# مبارکباد عید صیام بہ معاونین زمیندار

عید جو ہے روزہ داروں کی مسرت کا نچوڑ
ہو مبارک قدر دانانِ "زمیندار" آپ کو

آپ کے گھر عید جن خوشیوں کو لے کر آئی ہے
سال بھر خوشیاں یہی دکھلائے دادار آپ کو

رکھے آتی عید تک ساقیٔ دوراں کا کرم
کامیابی کی مئے گلگوں سے سرشار آپ کو

دوست ہو جو آپ کا ہو سربلند و ارجمند
اور معاند آپ کا آئے نظر خوار آپ کو

کوکب بخت آپ کا ہو نقطۂ وسط السما
طالع حاسد نظر آئے نگوں سار آپ کو

آپ کے پہلو میں دل ہو اور ہو اس دل میں درد
دیکھوں ان آنکھوں سے میں ملت کا غمخوار آپ کو

اس عنایت سے جو مجھ پر صرف ہے پروردگار
رکھے اس اخبار کا برسوں خریدار آپ کو

اس کا ہر مضموں ہو گلزار اور قلم بلبل مرا
اور ہو دل میں اشتیاق سیر گلزار آپ کو

نکتہ داں گر قدر فرماتے ہیں اس اخبار کی
فخر ہے اس قدر دانی کا سزاوار آپ کو

رات دن ہے یہ جریدہ خدمتِ ملی میں وقف
اس حقیقت سے نہ ہوگا شاید انکار آپ کو

ہے تعلق آپ کا اور اس کا ربط جسم و جاں
آپ سے ہے اس کو پیار اور اس سے ہے پیار آپ کو

کیجئے اس کو بلند آواز ہے یہ آپ کی
آپ کی خاطر ہی میں لکھتا ہوں ہر بار آپ کو

"دوڑ ملا کی ہے مسجد تک" مثل مشہور ہے
کیوں نہ میں تکلیف دوں پھر چار و ناچار آپ کو

Marfat.com

# زمینداری

زمیندارو تمہیں گر کچھ بھی آتی ہو زمینداری — تو مہماں چند دن کی ہند میں رہ جائے ناداری

تمہیں گر ڈھنگ آتا ہو زمیں سے کام لینے کا — تو ہو جائے یقیناً خاکِ ہند اکسیر پر بھاری

تمہارا ملک اب بھی ڈھیر کندن کے اگلتا ہے — رسائی سے تمہاری طبع بالکل گرچہ ہے عاری

تمہارا ہل وہی چرسا وہی رول وُل وہی اُسکی — کلوں کا مدتوں سے فیض گو دنیا میں ہے جاری

فلاحت کا پھریرا اڑ رہا ہے اوجِ رفعت پر — مگر باقی تمہاری ہے وہی اب تک نگوں ساری

ہیں خوشحال آج سب طبقے پہ تم لوگوں کے حصّے میں — وہی روٹی ہے جو کی اور وہی بینگن کی ترکاری

صدی ہونے کو آئی بیسویں اور پاگل ہو تم — تمہاری عادتیں ہیں عہدِ دقیانوس کی ساری

زمانے کا بہت سخت امتحاں ہے کامیاب اس میں — وہی ہوتے ہیں جو کرتے ہیں پوری جم کے تیاری

تمہاری جو کی اور گیہوں کی کھیتی لہلہائے تھی — تو کس کس کی کرو گے اس میں آخر نازبرداری

کھلاؤ گے زن و فرزند کو یا دو گے بنئے کو — کرو گے یا ادا پنجاہ فیصد ٹکس سرکاری

اگر رہنا ہے دنیا میں تمہیں آرام و عزت سے — اگر تم چاہتے ہو دُور ہو یہ ذلت و خواری

تو وہ نکتے زراعت کے جو یورپ میں مروّج ہیں
کرو ازبر کہ ہو آساں تم لوگوں کی دشواری

Marfat.com

# حافظ کے دو⁽²⁾ اشعار کی تضمین

بعد مدت میں نے کی تجدیدِ پیمانِ الست
چھوڑ کر دنیا پرستی بن گیا ہوں دیں پرست

پھر کے پہنچا یار کی محفل میں الٹی ایک جست
نشہ ٹپکاتی گئی ساغر میں اُس کی چشمِ مست

جس نے یکساں کر دیئے آگے مرے بالا و پست
بندہ پیرِ خراباتم کہ لطفش دائم است

ورنہ لطفِ شیخ و زاہد گاہ ہست و گاہ نیست

بن رہے ہیں آج کل سرکار کے جو معتمد
ہاتھ میں جن کے ہماری قوم کا ہے نیک و بد

کوئی بھی درخواست کی جاتی نہیں ہے جن کی رد
جو وفاداری کے لے آئے ہیں کونسل سے سند

خواجہ اس نکتہ سے فرماتے ہیں ایسوں کی مدد
بر درِ میخانہ رفتن کارِ یکرنگاں بود

خود فروشاں را بکوئے مے فروشاں راہ نیست

---

۲۵- جنوری ۱۹۱۲ء

Marfat.com

# چند حسرت آفریں حقیقتیں

جب سے ہم میں "آزیبل" اور "سر" پیدا ہوئے — سوئے فتنے جاگ اٹھے اور شر پیدا ہوئے
طاقِ نسیاں پر اُسے اسلامیوں نے رکھ دیا — جس غرض سے حضرت خیر البشر پیدا ہوئے
وَانکِحُوا مَا طَابَ سے کرتے ہیں جو مسلم ابا — کیوں نہ وہ پیٹر کے یا ولیم کے گھر پیدا ہوئے
کیوں نہ سیکھیں عورتیں آنکھوں میں آنکھیں ڈالنا — مرد جن کے منکرِ غضِ بصر پیدا ہوئے
سُرمۂ چشمِ حسیناں بن گئی تہذیبِ غرب — دل لبھانے کو نئے جادو نظر پیدا ہوئے
آنکھ ہو گی لذت اندوزِ جمالِ بے حجاب — خرمنِ غیرت کے گھر برقِ شرر پیدا ہوئے
پردہ دارِ خانۂ مسلم نہ کیوں ہو عنکبوت — انڈیا کونسل کے اندر پردہ در پیدا ہوئے
شرع میں بھی ٹانگ اڑانے سے نہیں ڈرتے ذرا — ہم میں ایسے ایسے گستاخ اور نڈر پیدا ہوئے
وا دریغا فطرتِ مسلم ہوئی جاتی ہے مسخ — بن رہے ہیں لومڑی جو شیرِ نر پیدا ہوئے
کوڑیوں کے بھاؤ بکتے پھرتے ہیں بازار میں — مسند آرائی کے لائق جو گہر پیدا ہوئے
پاسِ ناموسِ شریعت شرع والوں کو نہیں — حامیِ دینِ مبیں سب نیم تر پیدا ہوئے

Marfat.com

دیکھنا تھا ہم کو ان آنکھوں سے یہ بھی انقلاب　　آدمی سب ہو گئے گم اور خر پیدا ہوئے
دیکھنے کی اور سننے کی توقع ان سے کیا　　پیٹ ہی سے ماں کے جو کور اور کر پیدا ہوئے
انتخاب ہفت کشور خطہ پنجاب ہے　　اس میں کیا کیا نکتہ سنج اور نکتہ ور پیدا ہوئے

حاسدانِ تیرہ باطن کے جلانے کے لئے
تجھ میں اے پنجاب اقبال و ظفر پیدا ہوئے

۱۰ جولائی ۱۹۱۲ء

Marfat.com

# حالی کے چند ابیات کی تخمیس

قرآں ہمارے قفل تمنا کی ہے کلید — نصرت کی جس نے دی ہے ہزیمت میں بھی نوید
لاتقنطوا کے بادہ کی جس سے ہوئی کشید — حرماں میں ہاتھ سے نہ دیا رشتۂ اُمید
اب تک تو ہم جہاں میں بہت شادماں رہے

مشرق میں ٹھیکہ ایک نے تبریز کا لیا — مغرب میں دوسرے نے مراقش کو کھا لیا
جو ہم نے گم کیا تھا وہ یورپ نے پا لیا — یارانِ تیز گام نے محمل کو جا لیا
ہم محوِ نالۂ جرسِ کارواں رہے

دیتے ہیں چلکے ہم کو سر ایڈورڈ واہ واہ — ظاہر میں آپ بنتے ہیں سلطاں کے خیر خواہ
در پردہ آپ رکھتے ہیں پاپا سے رسم و راہ — کل کی خبر غلط ہو تو جھوٹے کا رو سیاہ
تم مدعی کے گھر گئے اور میہماں رہے

ان کو اطالیہ میں ہوس رانیوں سے کام — ہم کو طرابلس میں پریشانیوں سے کام
دونوں کو اپنی اپنی خود افشانیوں سے کام — دریا کو اپنی موج کی طغیانیوں سے کام
کشتی کسی کی پار ہو یا درمیاں رہے

۱۵ فروری ۱۹۱۲ء

Marfat.com

# ستارۂ صبح

بنا ہی دائرہ ہم نے لیا معارف کا — محال ہے کہ ہمارا کوئی ادارہ نہ ہو
کہاں سے لاؤں مضامین غیب کی سرخی — علی الصباح اگر چار کا غرارہ نہ ہو
نہ کھل سکے گی زباں عندلیب شیدا کی — بہار کا اسے جس وقت تک اشارہ نہ ہو
بلند ہے تری ہمت تو باز بن کے دکھا — مگر کبھی بھی کلاغ طفیل خوارہ نہ ہو
منگاؤ پرچہ مگر چندہ ہضم کر جاؤ — یہ کار خیر ہے اس میں تو استخارہ نہ ہو
کمال ماہ بھی ہے اور جلال مہر بھی ہے — ستارہ ہی نہیں جو صبح کا ستارہ نہ ہو

خدا ہو ساتھ تو طوفاں زدوں کو کیا ڈر ہے
نظر کے سامنے دریا کا گر کنارہ نہ ہو

---

یکم جنوری ۱۹۱۷ء

Marfat.com

# صورت و سیرت

تمہیں صورت پہ غرہ ہے مجھے سیرت پہ نازش ہے
تمہیں پروا ہے دنیا کی مجھے ہے فکر عقبیٰ کی

کسی کے کام آنے کی اگر توفیق ہے مجھ کو
ہے تخصیص اس سعادت میں نہ آبا کی نہ آقا کی

یہ دین اسلام کی ہے کیا اجارہ آپ کا اس میں
یہ برکت ہے رسول اللہؐ کے دین مزکیٰ کی

دلوں کو بندہ پرور دیکھئے کالے ہیں یا گورے
کہ یوں تو آپ بھی خاکی ہیں اور بندہ بھی ہے خاکی

---

۸ جنوری ۱۹۱۷ء

Marfat.com

# ابدی زندگانی کا راز

اک مجتہد سے مَیں نے کیا اس طرح خطاب
نکتے نکالے آپ نے ہیں بات بات میں

واقف ہیں آپ فلسفۂ موجبات سے
ساتھ اس کے دخل آپ کو ہے سالبات میں

مجھ کو بھی اپنے علم سے کچھ حصّہ دیجئے
جنچتا ہوں میں اگر نظرِ التفات میں

موت اور زندگی کے نہیں جانتا میں رمز
درخور نہیں ہے کچھ بھی مجھے ان نکات میں

یہ مسئلہ سپردِ قلم کر سکے وہی
ڈالا ہو جس نے صوفِ تفلسف دوات میں

کہنا ہے کیا اصولِ طبیعی کا فلسفہ
ارشاد کیا ہے بابِ حیات و ممات میں

کہنے لگے کہ نام ہیں دو ایک چیز کے
ہیں مختلف صفات عیاں ایک ذات میں

اشکال ہیں یہ دو حرکت کی جُدا جُدا
مرکز ہے ایک دائرۂ کائنات میں

فرقِ نظر ہے ورنہ چمکتا ہے ایک نور
سورج کو دن کے وقت کواکب کو رات میں

جولانیوں کی ریگِ رواں میں بھی ہے نمود
طغیانیاں ہیں گر نظر آرا فرات میں

یہ فصل ہے فسانۂ شمر و حسینؑ کی
پڑھ جائیے گا اس کو شہادت کی ات میں

ہیں جلوہ ریز گرمیِ ہنگامہ کے شرار
دولہا مگر نظر نہیں آتا برات میں

پوچھو حسینؑ سے ابدی زندگی کا راز
یہ نکتہ ہے چھپا ہوا ان کی وفات میں

جھپکی ہے آنکھ کی جسے سمجھے ہو زندگی
ہے مستتر مگر ابدیت ممات میں

۷ ستمبر ۱۹۱۷ء

Marfat.com

# رزمگاہ صحافت

## محاذ لاہور

### ستارۂ صبح اور اس کے حریف و حلیف

جھگڑا ہوا انارکلی میں کل اس طرح / مکا پڑا اُدھر سے ادھر سے چپلی لکد
دو شخص گرم بحث تھے پوچھا یہ ایک نے / کچھ جانتے بھی ہو کہ یہ کیسی ہے رد و کد
رخشندہ ہے ستارۂ صبح آب و تاب سے / لیکن اسے پسند نہیں کرتے ذی خرد
کہتے ہیں اب نہیں ہیں وہ پہلے ظفر علی / دل سے خیال قوم انہوں نے کیا ہے رد
سمجھو نہ کر کے شملہ سے آزاد ہو گئے / مانگی بجائے قوم گورمنٹ سے مدد
حکام سے ہوئے ہیں طلبگارِ عفوِ جرم / ظاہر کیا وہ عجز نہیں کوئی جس کی حد
راوی سے پار آ نہیں سکتے تھے پیشتر / لیکن ہوئے اب ایسے حکومت کے معتمد
ہندوستان بھر میں نہیں ان کو روک ٹوک / باقی رہی نہ کوئی بھی رستے میں اُن کی سد
اخبار بھی نکال لیا دھوم دھام سے / دیکھو تو چھل فریب کے دریا کا جزر و مد
جو کچھ بھی ہے یہ قوم فروشی کا ہے صلہ / اس فعل سے ہوئی بہت اسلامیوں کی کد
کچھ ان سے واسطہ نہیں اسلام کو رہا / وہ ہوم رول کے بھی مخالف ہیں اب اشد
ان کی مخالفت میں ہے سب ملک متفق / ہندو بہ جد و جہد تو مسلم بہ شد و مد
شملہ سے کھینچ کے آئی ہے جو اب نئی شبیہ / حضرت کے خواب اس میں نمایاں ہیں خال و خد

Marfat.com

سنتے ہی دوسرے نے چمک کر دیا جواب — ہیں بندہ پرور آپ حقیقت سے نابلد
لاہور سے نکلتے ہیں اخبار جس قدر — ان کو ظفر علی سے ہے محض اس لئے حسد
جاری کیا "ستارۂ صبح" آکے کیوں یہاں — پڑتی ہے اس کی قدر سے ان پر بلا کی زد
اب پوچھتا نہیں کوئی پیسے کو ان کی بات — کر دی ہے آکے بند اس اخبار نے رسد
وَالعصر کا سبق انہیں ازبر ہے آج کل — ٹوٹے میں آکے بھول گئے اللّٰہُ الصَّمَد
اُن کے ظفر علی پہ ہیں جو کچھ بھی اعتراض — اُن کی دلیل کچھ بھی نہیں سب ہیں بے سند
اللہ اپنے نور کا خود ہو گیا متمم — مہ نور مے فشاند و سگ بانگ می زند

---

اتنے میں خود "ستارۂ صبح" آکے ڈٹ گیا — اور آتے ہی حلیف کو دی اس طرح مدد
من سر بر آستانِ پیمبر نہادہ ام — زاں پائے من بہ عرش بریں نقش می زند
جا در مذاقِ فتنہ گرفت است معنیم — شورِ نشور راز اثر خامہ ام چکد
جبریل سودہ سرمۂ افکارِ من بہ عرش — در چشمِ انتقاد بمیلِ ادب کشد
برکندنش محال بہ نیروئے آشتی است — خارِ حسد بہ سینۂ حاسد چو می خلد
آغاز مویہ کرد رقیبِ سیاہ رو — دلبر دلش ربود و دلِ خود بباد دہد

سرکش چو شد حسود ندا آمد از فلک
فوارہ چوں بلند شود سرنگوں شود

۱۲ ستمبر ۱۹۱۷ء

Marfat.com

# ترشی ملا نشہ

جتا رہے ہیں وہ مجھ پہ الفت رقیب کو فیض یاب کرکے
میں اُن کی محفل سے اُٹھ تو آیا مگر اُنہیں لاجواب کرکے

جھلک رہی ہے جو رُخ پہ سُرخی عرق سے تر ہے جبین انور
چمن سے شاید وہ آرہے ہیں گلاب کو آب آب کرکے

شراب چھوڑی ہے آپ نے گر تو کون سا ہے کمال اس میں
مزہ تو جب ہے کہ لعل لب سے دکھایئے اجتناب کرکے

جلے ہوئے دل سے بھی ابھی تک وفا کی بو اُن کو آرہی ہے
خدا سے مانگا اُنہوں نے مجھ کو اسی لئے انتخاب کرکے

وجود کا اور عدم کا جھگڑا عجب نہیں ہے کہ میں چکا دوں
دیا گیا گر عذاب مجھ کو مرے گنہ کا حساب کرکے

جلے ہوؤں کو جلا رہے ہیں مٹے ہوؤں کو مٹا رہے ہیں
ہوا سے مل کر اڑا رہے ہیں وہ میری مٹی خراب کرکے

Marfat.com

قلم میں گل ریزیاں کہاں اب بہار پر چھا گئی خزاں اب
بصد تصنع بلا رہا ہوں شباب کو میں خضاب کرکے

شراب پیتا ہوں میں بھی لیکن نشے میں ترشی ملی ہوئی ہے
پیالہ بھیجا ہے محتسب نے مگر ذرا احتساب کرکے

پھری جو دیکھی ہے آنکھ اُن کی زمانہ تیور بدل رہا ہے
جما دیا رنگ آسماں کا اُنہوں نے مجھ پر عتاب کرکے

مدینہ کے بام و در سے ہم کو نظر چمکتا ہوا ابھر آیا
وہ نور جس نے دکھا دیا ذرّہ ذرّہ کو آفتاب کرکے

---

۱۰۔ نومبر ۱۹۱۷ء

Marfat.com

# سوز و ساز

آج ہوا ہے اجتماع قدس میں اہلِ راز کا
رنگ دکھاؤں میں تمہیں بزم کے سوز و ساز کا

جھوم رہے ہیں نشہ میں جن و ملائک و بشر
جوش ہے کائنات میں خمکدۂ حجاز کا

غلغلہ ہے مچا ہوا فرش سے بام عرش تک
مسلمِ دلفگار کے نالۂ جاں گداز کا

غیرتِ حق کی بجلیاں کوند رہی ہیں ہر طرف
ترکِ فلک کو حکم ہے اک نئی ترکتاز کا

ہند ہو یا حجاز ہو مصر ہو یا عراق ہو
حیلہ نہ چل سکا کہیں جانِ بہانہ ساز کا

مشرقیوں کے واسطے سایہ ہے عین آفتاب
فلسفہ ہے یہ مغربی نورِ نظر نواز کا

کعبہ میں آ گئے صنم بتکدہ بن گیا حرم
قبلہ ہی وہ نہیں رہا رخ ہو کدھر نماز کا

زہر بھرا پیالہ ہے لیکن اسے پیو ضرور
حکم یہی اشارہ ہے ان کی نگاہِ ناز کا

تاب نہیں کہ سن سکوں کیجئے اس کو مختصر
قصہ بہت طویل ہے کفر کی حرص و آز کا

وقتِ دوا گذر گیا عہدِ دعا ہوا قریب
ناصیۂ مریض کو اذن ہوا نیاز کا!

---

٦ فروری سنہ ۱۹۲۰ء

Marfat.com

# سر مائیکل اوڈوائر کے احسانات

## (۱)

مرے مخدوم مولینا عمادی … مزیّن جن سے ہے بزم افادات
فضائل کو ہے جن کی ذات پر ناز … معارف کو ہیں جو وجہ مباہات
لگے کہنے یہ مجھ سے نثر میں جب … کئے نثری سے میں نے اقتباسات
کہ شعری سے خطا ایسی ہوئی کیا … نہیں اس پر جو حضرت کی عنایات
چمک سکتی نہیں ہرگز صحافت … نہ جب تک نظم کے ہوں اس میں لمعات
تنقل کے لئے خوان سخن پر … مناسب ہے کہ چن دیجے فکاہات
کہا میں نے کہ فرماتے ہیں سچ آپ … ہے بیشک مطربی قاضیٔ حاجات
مگر لاؤں سلیقہ وہ کہاں سے … کہ نکلے بے تکلف بات میں بات
نہ مجھ میں بو نواسی بذلہ سنجی … کہ دہرا دوں لو دوں شب کی حکایات
نہ مجھ میں دوپیازہ کی ظرافت … کہ اکبر خوش ہو اور ہو بیربل مات
بہرحال آپ کو اصرار ہے جب … تو حاضر ذیل میں ہے کچھ خرافات

Marfat.com

(ب)

نہیں اپنوں سے اُمیدِ مدارات
تو کیا غیروں سے ہو چشم مراعات

محبت کا نتیجہ ہے عداوت
نرالی ہے عمل کی یہ مکافات

جگر پھٹتا ہے بھرتا ہوں اگر آہ
زباں کٹتی ہے کرتا ہوں اگر بات

زمانے کا ہے یہ برتاؤ مجھ سے
کہ اُٹھتے جوتیاں ہیں بیٹھتے لات

لکد کوبِ حوادث ہو رہا ہوں
ہیں میرے ہی لئے شاید سب آفات

ہوا جس وقت سے خلوت گزیں میں
زمیں ہے سخت اور دور آسمان سات

مرے دل کی ہے بستی جن سے آباد
نہیں ہوتی ہے اُن سے بھی ملاقات

ستاروں سے کیا کرتا ہوں باتیں
گذر جاتی ہے باتوں میں مری رات

کسی کی زلف عنبر بو کی مانند
پریشاں کیوں نہ ہوں میرے خیالات

ہوئے ہیں منکشف مجھ پر یہ اسرار
پڑھی ہیں میں نے جب قرآں کی آیات

کہ کرنا ہو کسی پر گر بھروسا
تو ہے وہ اک فقط اللہ کی ذات

(ج)

نہیں میرے لئے زیبا شکایات
کہ ہیں بدلے ہوئے دنیا کے حالات

نہیں اسلاف سے کچھ بھی مشابہ
ہماری قوم کے اطوار و عادات

مٹیں اس کی خصوصیات ملی
ہوئے سلب اس کے دینی امتیازات

اخوت اور مروت اور ایثار
یہ ہوں گی قرنِ اول کی روایات

Marfat.com

کدھر ہے بو علی سینا کی حکمت　　کہاں ہیں بو حنیفی اجتہادات

(د)

کرم آباد کو سر مائیکل نے　　بنایا ہے مری علمی حوالات
اگر اس وقت میں آزاد ہوتا　　دکھا سکتا نہ شاید یہ کمالات
نہ ہوتی ترجمے کی مجھ کو فرصت　　کتابوں میں نہ کٹتے میرے دن رات
نہ ہوتا نعت ہی کا سر میں سودا　　نہ دل ہی سے نکل سکتی مناجات
پرو سکتا نہ موتی روز ایسے　　چمک سے جن کی ہیں شمس و قمر مات
گنواتا شاید اپنے وقت کو میں　　دلاتی شرم مجھ کو میری اوقات

عسیٰ ان تکرھوا اشیئا کی تاویل
سجھاتے یوں ہیں قرآں کے اشارات

---

۲۷- اپریل ۱۹۲۰ء

# خیالستان

اک جہانِ رنگ و بو خود مرا خیال تھا
گوشۂ قفس مجھے عالمِ مثال تھا

رات شاہبازِ فکر لے گیا کہاں کہاں
خود تو میں شکستہ پر او رگستہ بال تھا

چھُپ چکا تھا آفتاب ضَو فشاں تھا ماہتاب
کائنات کا مزاج رو بہ اعتدال تھا

کوہ و دشت و بام و در غرقِ موجِ نور تھے
بسکہ ماہ نیم ماہ بن چکا ہلال تھا

چاک تھی قبائے گل بے نقاب تھے نجوم
بے حجاب ہر طرف حُسنِ لایزال تھا

دیکھتا تھا میں جدھر سر بسجدہ تھے شجر
ڈال ڈال پات پات ذکرِ ذوالجلال تھا

عرش و فرش مست تھے اپنے اپنے رنگ میں
کیا کہوں مگر کہ کیا میرے دل کا حال تھا

وہ زمانہ پھر گیا یک بیک نگاہ میں
جب ہر ایک حق پرست ذرۂ بلال تھا

جب نبیؐ کے نام پر جسم و روح تھے نثار
جب خُدا کی راہ میں وقف جان و مال تھا

جامِ جم سے بے نیاز تھی شراب خانہ ساز
مے کشوں کا چارہ ساز ساغرِ صفا تھا

باغ میں وہی بہار پھر بھی آئے گی کبھی
حاملانِ عرش سے یہ مرا سوال تھا

ہم زباں نہ تھے مگر میں سمجھ گیا مراد
میری بات کا جواب مُصطفےٰ کمال تھا

Marfat.com

# تشنگی و سیرابی

مزرعِ ادب کو ہے آرزوئے سیرابی
نقش آپ کا لیکن ہے تو وہ بھی سیمابی

عِلم کی یہ منزل ہے راہ چلنے والے کا
کام چل نہیں سکتا گر نہ ہو وہ فارابی

جام ہاتھ میں لے کر سوچ لیجئے اتنا
ظرف بھی میسّر ہے بادہ ہے یہ عنابی

Marfat.com

# منصور

مجھ سے ملنے کے لئے زنداں میں منصور آ گیا
ڈھونڈتی تھیں جس کو آنکھیں چشمِ بد دُور آ گیا

جس مکاں میں تھا اندھیرا اُس میں پھیلی روشنی
چیر کر ظلمت کے پردے آنکھ میں نُور آ گیا

جانِ بابا اس سیہ خانے میں تم کیوں آ گئے
میں تو ہو کر اپنی اس عادت سے مجبور آ گیا

اس کا رونا اس کا ہنسنا اس کی شوخی اس کی ضد
مجھ کو یاد اختر ترے بچپن کا دستور آ گیا

---

منٹگمری جیل

Marfat.com

# صفیرِ سروش

فَلَا تَعْجَلْ عَلَیْہِمْ سن کے بھی تجھ کو نہ صبر آیا — مگر یہ ناصبوری مقتضا ہے تیری فطرت کا
نظر آتے تجھے معلول و علت کے نئے عالم — اُٹھا سکتا اگر تو پردہ ایزد کی مشیت کا
تری آنکھوں سے اوجھل وہ حیاتِ نو ہے دنیا کی — تصرف جس میں پنہاں ہے خدا کے دستِ قدرت کا
وہ اُمت کی حیاتِ جاوداں کا ساز و ساماں ہے — تجھے فتنہ نظر آیا ہے بن کر جو قیامت کا
جسے تعبیرِ سیلابِ حوادث سے کیا تو نے — حقیقت میں وہ اک اُمڈا ہوا دریا ہے رحمت کا
سمجھتا ہے تباہی تو جسے اسلام والوں کی — وہ در اصل اک نیا انداز ہے احیاءِ ملت کا
حرم کیا ہے فقط اک جذبہ ہے جس کی جہانگیری — خراج اقلیمِ جاں سے آ کے لیتی ہے اخوت کا
فنا سامانیاں اس میں نہیں ہیں اینٹ پتھر کی — بگڑنا کس طرح ممکن ہے بن کر اس عمارت کا
یہ جو کچھ ہو رہا ہے ہو رہا ہے ایک مقصد سے — تحفظ اس سے ہے مقصود ناموسِ شریعت کا
ڈبوئے جا رہے ہیں ہر طرف کفار کے بیڑے — مٹایا جا رہا ہے ہر طرف نقش ان کی عظمت کا
کہاں ہیں مناف اور ہو گئی کیا سلطنت ان کی — ابھی کل تک جہاں میں غلغلہ تھا جن کی صولت کا

Marfat.com

کدھر ہیں ہسپبرگ اور کیا ہوئی اُن کی شہنشاہی
کہ تھی عثمانیوں کے حق میں اک پرکالہ آفت کا

خدائی کرنے والے مٹ گئے اور مٹتے جاتے ہیں
وہی رہ جائیں گے کچھ پاس ہے جن کو امانت کا

خدا ہرگز نہیں کرتا فراموش اپنے بندوں کو
اگر بندے ادا کرتے رہیں فرض اس کی طاعت کا

بڑھا ہے چاند گھٹ گھٹ کر بڑھی ہے موج ہٹ ہٹ کر
اسی انداز سے ہوگا عروج اک دن خلافت کا

انہیں آتش بجانوں کا حیاتِ دہر پر حق ہے
جو رکھتے ہوں سرِ شوریدہ میں سودا شہادت کا

مسلماں جی نہیں سکتا ہے مر لیتا نہیں جب تک
یہ دریا چڑھ نہیں سکتا اُتر لیتا نہیں جب تک

Marfat.com

# ہندوؤں کی محکومی کے اسباب

## لالہ لاجپت رائے کی تاریخ ہند پر نظر

لاجپت رائے نے تاریخ تو لکھی ہے مگر
جس سے روشن ہو ضمیر اس میں وہ تحکیم نہیں

مسئلہ یہ ہے کہ با ایں ہمہ عظمت ہندو
کشورِ ہند میں کیوں صاحبِ دیہیم نہیں

سینکڑوں سال سے اغیار کے ہیں کیوں ذلیل
اور ڈبے ان کی غلامی کے جراثیم نہیں

اس تنزل کے علل پر ہے مورخ کو عبور
لیکن اصلی جو سبب ہے وہی تسلیم نہیں

ہیں فقط اس لئے اغیار کے محکوم ہنود
کہ انہیں دی گئی توحید کی تعلیم نہیں

آج جھک جائیں اگر ایک خدا کے آگے
سرِ افلاک جھکے ان کے لوا کے آگے

خالصہ بھی تو وہی قوم ہے جس کے معبود
کثرت اندوز تھے کاشی کے صنم خانوں سے

ان میں بھی جمع تھے گوسالہ پرستوں کے عیوب
ظلم انساں پہ سوا کرتے تھے حیوانوں سے

کبھی ان کو بھی اچھوتوں سے وہی نفرت تھی
ہندوؤں کو ہے جو ان سوختہ سامانوں سے

ان کی ہر رسم کی رونق بھی بڑھا کرتی تھی
قرنہا قرن کے اوہام کے افسانوں سے

مگر اک گھونٹ پلایا انہیں جب نانک نے
مانگ کر ساقیٔ یثرب کے خمستانوں سے

Marfat.com

تو کرامت وہ نمایاں ہوئی ان کے ہاتھوں          جس کو تھی نسبت تخصیص مسلمانوں سے
آج تم دیکھ رہے ہو کہ ہوئی ہے پیدا          ید بیضا کی چمک ان کے گریبانوں سے
کاٹنے نکلی ہے زنجیر غلامی کی یہ قوم          اپنے ہی خون میں نہائی ہوئی کرپانوں سے
اُس طرف تیغ و تفنگ اس طرف اک ذوقِ عمل          جا کے ٹکرائے ہیں درویش جہانبانوں سے
عقل اور عشق کا یہ معرکہ پھر گرم ہوا          جنگ پھر ہوتی ہے دیوانوں کی فرزانوں سے

شانِ نمرود اُدھر آنِ براہیم اِدھر
آتشِ تیز اُدھر شیوۂ تسلیم اِدھر

تو بھی اے برہمن آئینِ براہیمی سیکھ          توڑ دے بت کی جو گردن وہ تبر پیدا کر
اب بنا اپنے لئے کوئی نیا ہی مندر          نئی دیوار کے اندر نئے در پیدا کر
تا کہ ہر وقت ترے گھر کی نگہبانی ہو          جس کا ہمسایہ ہو اللہ او وہ گھر پیدا کر
جو ہر انسان کی گردن میں حمائل ہو جائے          ایسے زنار کی بندش کا ہنر پیدا کر
جو ابد تک نہ مٹے قشقہ جبیں پر وہ لگا          خاک سے سجدۂ پیہم کا اثر پیدا کر
خود بخود غیر پہ طاری تری ہیبت ہو گی          دل میں پہلے مگر اللہ کا ڈر پیدا کر
سلطنت کی ہے تمنا تو موحد بن جا          خاک اکسیر ہو جس سے وہ نظر پیدا کر

تجھ میں گر ملتِ گوسالہ پرستی نہ رہے
یوں حکومت کو تیری قوم ترستی نہ رہے

Marfat.com

# شریعت اسلامی اور یورپ

قطع ید سارق پہ ہے یورپ کا یہ فتویٰ — وحشی ہے وہ قانون جو دیتا یہ سزا ہے
تہذیب کے اُستاد کے اس قول کو سُن کر — مَیں نے یہ کہا آپ کا ارشاد بجا ہے
دو تولہ ربڑ کے لیے افریقہ میں لیکن — اِک ہاتھ اور اک پاؤں جو کٹ جائیں یہ کیا ہے
مقطوع ہوں اعضا فقط اِتنی سی خطا پر — مزدُور نے پیمانہ سے کم کام کیا ہے
ہو مشغلہ تفریح کا مثلہ حبشی کا — کس مذہب و ملت میں یہ تعزیر روا ہے
ہے معترض اسلام پہ چوروں کا یہ ہمدرد — خود اُس نے کبھی جائزہ اپنا بھی لیا ہے

شہتیر سے مُنہ موڑ کے تنکے سے اُلجھنا
اے اُمّت عیسیٰ تری دیرینہ ادا ہے

Marfat.com

# محفلِ نشاط

جب تک جلا نہ دے تفِ سوزِ دروں مجھے
ممکن نہیں کہ آئے قرار و سکوں مجھے

ساقی سے بے نیاز ہیں سرمستیاں مری
خونِ جگر ہے کیفِ مئے لالہ گوں مجھے

فضلِ خدا فراخورِ فطرت ہے اے حکیم
دی تجھ کو حق نے عقل تو بخشا جنوں مجھے

میرا یہ جرم ہے کہ ہوں نازک مشام کیوں
خاکِ حرم سے آئی ہے کیوں بوئے خوں مجھے

اک محفلِ نشاط ہے قیدِ فرنگ بھی
از بسکہ ہے صریرِ قلم ارغنوں مجھے

---

Marfat.com

# علامہ اقبال کی گائے

۱۶ر جنوری ۱۹۲۵ء کو علامہ اقبال کی گائے نے بچھڑا دیا۔ اور آپ کے آقائے نامدار اعنی میاں علی بخش صاحب جو مدتوں سے آپ کے شریک رنج و راحت چلے آتے ہیں ایک نہایت دیدہ زیب تشت میں گائے کی کھیں بھر کر اُس پہ اوراق نقرئی لگا کر اور سینٹ کی ہوائیاں چھڑک کر دفتر زمیندار میں لائے۔ قاعدہ ہے کہ جب کسی عزیز کی طرف سے کوئی ایسا تحفہ پہنچے۔ تو لانے والے کو انعام دیا جاتا ہے۔ میاں علی بخش کے لئے ان اشعار کا صلہ تجویز کیا گیا

جو اپنی میٹھی کھیس زمیندار کو کھلائے
دودھوں نہائے ڈاکٹر اقبال کی وہ گائے

فرہاد لا سکا نہ جسے کوہسار سے
وہ جوئے شیر وادی پنجاب میں بہائے

ہو ناظرین کے لئے سرمایۂ سرور
صفرائے لونہا کی جھلک ہند کو دکھائے

سرلاجپت دھتیں تو کریں رقص بالوی
گوسالہ اس کا وجد میں ہر سامری کو لائے

ڈکرائے مال روڈ پہ جا کر علی الصباح
اور نغمۂ اتحاد کا لاہور کو سنائے

تھن مُنہ سے گر لگائے تو امرت برس پڑے
موتی جھڑیں اگر وہ کہیں کان پھڑپھڑائے

چلا رہے ہیں لالہ کہ گوسالہ ہے یہ نحس
کونسل کا صدر آتے ہی جو شیخ[1] کو بنائے

ملہ شیخ عبدالقادر صدر مجلس وضع آئین و قوانین پنجاب

Marfat.com

# تصویرِ آرزو

میری جاں پر چھائے جاتی ہے فنا کی آرزو
اور زباں پر آئے جاتی ہے بقا کی آرزو

مَیں خبر جس ابتدا کی ہوں کہاں گم ہو گیا
میری آنکھوں کو ہے میرے نقشِ پا کی آرزو

ڈھونڈتا پھرتا ہوں میں اسلام کو لے کر چراغ
کافرِ مسلم نما کو ہے خدا کی آرزو

صدق میں صدیقِ اکبر سے الگ میری روش
لیکن اس پر بھی صداقت کے لوا کی آرزو

عدل میں فاروقِ اعظم سے جدا میرا شعار
لیکن اس پر بھی خلافت کی قبا کی آرزو

شرمِ دیں میں ضد ہوں میں عثمان کے آئین کی
لیکن اس پر بھی اُسی شانِ حیا کی آرزو؟

دست و پا بشکستگی پر بھی مرے دل میں رہی
زورِ بازوئے علی مرتضےٰؓ کی آرزو

آنکھ مازاغ البصر کے سر سے بیگانہ ہو
حیف ہے پھر بھی ہو اُس کو ماطغیٰ کی آرزو

لَیْسَ لِلْاِنْسَانِ اِلَّا مَا سَعٰی کو بھول کر
آرزو میری بھی ہے کیسی بلا کی آرزو

اے مسیحا کی تو بدلے ابن آذر کی دُعا
بلکہ خود خلاقِ اکبر کی قضا کی آرزو

Marfat.com

اُٹھ کہ ہے تیری دوا ہی تیری اُمت کا علاج — ملّتِ بیضا کو ہے تیری دُعا کی آرزو
جاگ جاگ اے نیند کے ماتے کہ تیری قوم کو — ہے اسی منزل میں اپنے رہ نما کی آرزو

رات اندھیری کارواں جنگل میں اور چپ ہے جرس
قافلہ کو ہے تری بانگِ درا کی آرزو

---

Marfat.com

# عید الفطر

## ۱۳۴۴ھ

عید آئی لیکن اس کی کیا خوشی پنجاب کو
بجھ رہی ہیں جب کہ ماتم کی صفیں بنگال میں

کیسے قسمت کے دھنی ہیں ہم مسلمانانِ ہند
مل نہیں سکتا خوشی کا ایک دن بھی سال میں

کب دکھا سکتے ہیں کھا کر گوشت سر عبدالرحیم
جو کرامت مالوی جی نے دکھائی دال میں

سنگٹھنیوں کے پٹے کے ہاتھ ابھی دیکھے ہیں کیا
حال کے جوہر کھلیں گے جا کے استقبال میں

طورِ سینا اور تھا کاشی کی وادی اور ہے
آ گئے موسیٰ یہاں خود سامری کی چال میں

ایک وہ ہیں جو لنڈھا کر بادۂ رنگیں کے خم
بے تکلف چھپتے رہتے ہیں [illegible] بال میں

ایک ہم ہیں [illegible] کلمہ گو
حکم ہوتا ہے ڈبو دو ان کو تیغ تال میں

مسلم اٹھا دردِ دین کر گر پڑا آنسو کی طرح
کچھ نہ فرق آیا مگر کافر کے استقلال میں

کاٹ کر پیپل کی شاخیں شیخ جی خوش ہو گئے
یہ نہیں سوچا کہ ہیں اس کی جڑیں پاتال میں

Marfat.com

سب سے بڑھ کر ہے اُنہیں کو دشمنی اسلام سے
آج ہے جن کا شمار اقطاب اور ابدال میں

صورت آدم کی مگر سیرت میں رشک اہرمن
نام کو انساں مگر ابلیس ہیں اعمال میں

اتقا سے بعد و ہجر اور اس پہ یہ دعویٰ کہ ہم
ہیں حضور سرورِ کون و مکاں کی آل میں

مطلقاً بے بہرہ ہے دینِ حجازی سے یہ قوم
حصہ جس کا ہے مسلمانوں کے جان و مال میں

مَیں کہاں اور وہ کہاں لیکن جھلکتا دیکھ لو
رنگ فخرالدین رازی میرے استدلال میں

---

Marfat.com

# عید

## لاہور یکم شوال المکرم ۱۳۴۰ھ

ماتم کدۂ ہند میں اے عید نہ آتو
ہم سوگ میں ہیں نغمۂ شادی نہ سُنا تو

ہم غم زدہ ہیں کیا ترے آنے کی خوشی ہو
افسردہ دلوں کا نہ مذاق آ کے اڑا تو

عید اُن کی ہے جو قید نصاریٰ سے ہوں آزاد
کیوں چل کے غلاموں کے گھر آئی ہے بھلا تو

جس ملک میں کھانے کو فقط روزہ ہو یا غم
کیا اس کو چکھائے گی سیوئیوں کا مزا تو

اس چاند سی صورت پہ کبھی ہم بھی فدا تھے
بستے ہیں جہاں اب ترے عاشق وہیں جا تو

گر عرش سے اتری ہے تو لے راہ عرب کی
یا رونق اناطولیہ کی جا کے بڑھا تو

بام و درِ کابل پہ بکھیر اپنی تجلی
طہران میں پہنچ اوڑھ کے عشرت کی ردا تو

دہلی میں نہ آ اور اگر آئی ہے تو اے عید
ہم نیند کے ماتوں کو بھی سوتے سے جگا تو

شاہِ دوسرا کا ہمیں دے جا کوئی پیغام
بگڑی ہوئی اسلام کی تقدیر بنا تو

---

Marfat.com

# اُردوئے معلّٰے

سن گُنکھنیے کہ وہ ہیں دشمنِ جانِ اُردو
میٹنا چاہتے ہیں نام و نشانِ اُردو

فارسی سے انہیں نفرت ہے جو ہے رُوحِ ادب
عربی سے انہیں ضد ہے جو ہے جانِ اُردو

اُن کے سب حملے مگر اپنے ہی اُوپر اُلٹے
اُن کے سینوں میں ہے پیوست سنانِ اُردو

لاجپت رائے گھلے جاتے ہیں اس غم میں کہ ہائے
لازمی ہوگئی پٹنہ میں زبانِ اُردو

"تیج" کے والد ماجد کو یہ حسرت ہی رہی
ناگری کو نہ میسّر ہوئی شانِ اُردو

ٹاٹ ہندی کا بنارس میں اُلٹ کر چمکی
آریہ ورت کی منڈی میں دکانِ اُردو

ہم نے بھاشا میں سُنی ہندی سمیلن کی کتھا
مگر اس میں وہ کہاں زورِ بیانِ اُردو

گرچہ گُن گاتے ہیں ہندی کے "ملاپ" اور "پرتاپ"
جس سے چاندی ہوئی ان کی وہ ہے کانِ اُردو

گالیاں کھا کے بھی ان کی انہیں دہ زر بخشی
دیکھتے جایئے پھیلائی خوانِ اُردو

مالوی جی نے بہت زور لگایا لیکن
نہ تھما پر نہ تھما سیلِ روانِ اُردو

# سیرِ کہسار

## حسبِ فرمائش ڈاکٹر گوکل چند نارنگ

گذاری میں نے تابستاں کی فرصت کوہساروں میں
دل افروز آبشاروں میں دل آرا مرغزاروں میں

ہم آغوش صبا تھی نکہتِ گل کی سیہ مستی
جنوں پرور تھے نغمے طائروں کے شاخساروں میں

کھنچی تھی سامنے زنجیر سر جیون پہاڑوں کی
فلک تھا بوسہ افشاں جن کی برفیلی قطاروں میں

نسیم آئی فضائے خلد سے اور بے حجاب آئی
کرن سورج کی ناچی ہو کے عریاں جوئباروں میں

منازل ارتقا کی کر رہے ہیں ٹہنیوں پر طے
جناب ڈاروِن کے جدِ امجد دیودار وں میں

الہ العالمیں معبود ہے ہم بے نواؤں کا
جناب مالوی ہیں آپ کے پروردگاروں میں

۲۱- جولائی سنہ ۱۹۲۰ء

Marfat.com

# دیوِ استبداد

جس آزادی کی تلقین آج ہوتی ہے بنارس میں
کبھی یہ کان سنتے تھے مدینہ سے پیام اُس کا

وہ محفل جس کی رونق نامسلمانوں کے دم سے ہے
مسلماں ہی کیا کرتے تھے کل تک اہتمام اُس کا

رہی خود دار جب تک ملّتِ بیضا زمانے میں
کیا مشرق نے اور مغرب نے مل کر احترام اُس کا

"خودی" کا ہند میں لیکن ملا ہے جب سے درس اس کو
تو ڈھل کر آفتاب آیا لبِ بالائے بام اُس کا

وہی سرمایہ داری جو ہمارے حق میں لعنت تھی
بنایا جا رہا ہے آج ہم سب کو غلام اُس کا

دیا جاتا ہے زور اس نکتہ پر رہ کے کونسل میں
کہ اس دنیا کے اندر سب سے اچھا ہے نظام اُس کا

جھکا جاتا ہے خود اس "دیوِ استبداد" کے آگے
ہمارا شاعر اور سارا بلاغت زا کلام اُس کا

---

۲۴-جنوری سنہ ۱۹۲۸ء

Marfat.com

# سہانا وقت

وقت آگیا کہ باغ میں بلبل ہو نغمہ سنج
اور شاخ گل کو مژدۂ فصل بہار دے

وقت آگیا کہ پھولوں سے لد جائیں ٹہنیاں
اور ہر شجر لباس خزاں کا اتار دے

وقت آگیا کہ آنکھ کو بازارگان صبح
بیعانۂ تفاوت لیل و نہار دے

وقت آگیا کہ ساقیٔ خم خانۂ حجاز
بھر بھر کے پھر ایاز مئے مشکبار دے

وقت آگیا کہ رات کٹے اور پو پھٹے
وقت آگیا کہ عرش سے جبریل تار دے

"اے شمع صبح ہوتی ہے روتی ہے کس لئے
تھوڑی سی رہ گئی ہے اسے بھی گذار دے

---

۱۲۔فروری ۱۹۲۸ء

Marfat.com

# سخنورانِ عہد سے خطاب

اے نکتہ وران سخن آرا و سخن سنج — اے نغمہ گران چمنستانِ معانی
مانا کہ دل افروز ہے افسانۂ عذرا — مانا کہ دل آویز ہے سلمیٰ کی کہانی
مانا کہ اگر چھیڑ حسینوں سے چلی جائے — کٹ جائے گا اس مشغلہ میں عہد جوانی
گرمائے گا یہ ہمہمہ افسردہ دلوں کو — بڑھ جائے گی دریائے طبیعت کی روانی
مانا کہ ہیں آپ اپنے زمانہ کے نظیری — مانا کہ ہر ایک آپ میں ہے عرفیٔ ثانی
مانا کہ حدیث خط و رخسار کے آگے — بیکار ہے مشائیوں کی فلسفہ دانی
مانا کہ یہی زلف و خط و خال کی روداد — ہے مایۂ گلکاریٔ ایوان معانی
لیکن کبھی اس بات کو بھی آپ نے سوچا — یہ آپ کی تقویم ہے صدیوں کی پرانی
معشوق نئے بزم نئی رنگ نیا ہے — پیدا نئے خامے ہوئے ہیں اور نئے مانی
مژگاں کی سناں کے عوض اب سنتی ہے محفل — کانٹوں کی کتھا برہنہ پائی کی زبانی

Marfat.com

لذت وہ کہاں لعل لب یار میں ہے آج
جو دے رہی ہے پیٹ کے بھوکوں کی کہانی

گلشن میں نوا سنج ہو کیا مرغ خوش الحاں
صیاد کا جب مشغلہ ہے ریشہ دوانی

بدلا ہے زمانہ تو بدلئے روش اپنی
جو قوم ہے بیدار یہ ہے اس کی نشانی

گر شعر ہی کہنا ہے تو اس گرز گراں سے
بنیاد ہمیں چاہئے دنیا کی ہلانی

اے ہم نفسو یاد رہے خوب یہ تم کو
بستی نئی مشرق میں ہمیں کو ہے بسانی

---

۱۴۔ فروری ۱۹۲۹ء

Marfat.com

# ریل

سحرِ بابل کے دھوئیں آ کے اڑائے میں نے
نئے نیرنگ زمانہ کو دکھائے میں نے

مصر میں صبح تو کلکتہ میں ہے شام مری
نیل و گنگا کے سرے اُٹھ کے ملائے میں نے

خود خدا کو بھی مری راہ سے ہٹتے ہی بنی
سینکڑوں اُس کے گھر اک آن میں ڈھائے میں نے

کالے گورے میں مراتب کی نہ تھی کوئی تمیز
وحشیوں کو یہ سب آداب سکھائے میں نے

مانچسٹر کے کفن ساز بھی چپ بیٹھے ہیں
اِس قدر روئی کے انبار لگائے میں نے

تخمُہ کے خطرہ سے محفوظ ہوا کشورِ ہند
لے اڑی غلہ کے جو ڈھیر بھی پائے میں نے

مے کشو مژدہ کہ پانی سے بھی سستی ہے شراب
کم سے کم مے کے نہیں دام بڑھائے میں نے

---

یکم فروری سنہ ۱۹۱۵ء

Marfat.com

# ہلالِ عید سے دو دو باتیں

اے ہلالِ سطوتِ کبریٰ کی رفعت کے نشاں
میری آنکھوں میں ہے تیرا سیزدہ صد سالہ نور

تو ہمارے گھر کی چھت کی چاندنی اس دن سے ہے
حجتِ حق کا ہوا جب سن [illegible] ہجری میں ظہور

تو فروغ افشاں ہے اس شب سے ہماری بزم میں
جب ہوئے ہم اول اول نشۂ وحدت میں چور

ملتِ بیضا ہے تیری روشناس اُس وقت سے
بدر میں نیچا ہوا جب کفر کے سر کا غرور

تو نے دیکھا ہے ہمیں اور ہم نے دیکھا ہے تجھے
جب ہمارے نام کا بجتا تھا ڈنکا دور دور

پا کے جب آہٹ ہماری کانپتی تھی کائنات
اور ہماری دھوم تھی پروردۂ شورِ نشور

قصہ لیکن ہے یہ اُن فرخ نژاد ایام کا
جب ہمارے نامہ کا عنوان تھا عزم الامور

اُن دنوں جب عید کا بن کر نقیب آتا تھا تو
دوڑ جاتی تھی ہمارے قلب میں موجِ سرور

دیدنی تھی اُن دنوں آرائش ایوانِ ہند
آسماں تھا صفحہ اور تیری کرن بین السطور

اب نہ وہ آزادیاں ہیں اور نہ وہ دم خم رہے
تو تو شاید ہو وہی لیکن نہیں وہ ہم رہے

عید کی خوشیاں مبارک ہوں امان اللہ کو
یا رضا خاں پہلوی کو جن کے سر پر تاج ہے

Marfat.com

یا کمال اس دن منا سکتا ہے جشن حزمی
جس کا اپنا ملک ہے اور اس میں اپنا راج ہے

یا بچھا سکتا ہے عشرت کی بساط ابن سعود
کر چکا جو اپنے گھر سے غیر کا اخراج ہے

عید ان کی ہے جنہیں ہے پاسِ ناموس وطن
عید اُن کی ہے جنہیں دین ہدیٰ کی لاج ہے

تو ہی کر انصاف ہم کیا اور ہماری عید کیا
جن کی آزادی کی دولت ہو چکی تاراج ہے

جن کے اجڑے گھر میں بھونی بھانگ تک ملتی نہیں
جن کی جان اغیار کے بیداد کی آماج ہے

تو چمک کر منہ چڑاتا ہے ہمارا کس لئے
اور نوید عید لاتا ہے خدارا کس لئے

Marfat.com

# محبّت کی راہ

محبت کی گلی میں سر کے بل جانا بھی ہوتا ہے ۔۔۔ صنم کے آستاں پر سر کا ٹھکرانا بھی ہوتا ہے
جگر میں ٹیس کا رہ رہ کے اٹھنا شرط ہے اُس کی ۔۔۔ تڑپنا بھی یہاں ہوتا ہے تڑپانا بھی ہوتا ہے

مقدر عشق بازی کا ہے جھڑکی یار کی سہنا
اور اس پر مدعی کی گالیاں کھانا بھی ہوتا ہے

---

Marfat.com

# آزادی کا راز

مسلمانو! ہے آزادی کا یہ اک سہل سا لٹکا
محمدؐ کی غلامی کا کمر سے باندھ لو پٹکا

نشاں مٹنے نہ پائے دیکھنا امت کے ماتھے سے
حضورِ خواجۂ یثرب کے دروازے کی چوکھٹ کا

مدارا دشمنوں سے ہو تلطف دوستوں سے ہو
نہ جو اس راز کو سمجھا وہ سیدھی راہ سے بھٹکا

اسی تعلیم سے برگشتگی تھی جس نے پل بھر میں
زمیں پر آسماں سے ملتِ بیضا کو دے پٹکا

تمہارے دین کے ارکاں میں خلل کیا اس سے پڑتا ہے
بجایا سنکھ گر ہندو نے یا سکھ نے کیا جھٹکا

گلا کاٹو نہ تم اپنا اگر خود اپنے ہاتھوں سے
تو ہو سکتا نہیں کچھ بھی تمہیں تقدیر کا کھٹکا

Marfat.com

# یتیم خانہ کالی کٹ

بھیک ہم مانگنے آئے ہیں یتیموں کے لئے — ایک پیوند کے دام اُن کی گلیموں کے لئے
لائے ہیں دولتِ کونین کا پیغام ہم آج — کوچہ خواجہ یثرب کے مقیموں کے لئے
ہونے والی ہے خداوند کی رحمت نازل — وقت آیا ہے سخاوت کا کریموں کے لئے
میمنہ کا لقب اللہ نے تجویز کیا — میمنوں کے لئے اور اُن کے میمنوں کے لئے

ہے فقط اہلِ کرم کے لئے فردوسِ بریں
نہیں یہ دولتِ جاوید لئیموں کے لئے

---

۷؍اگست ۱۹۳۱ء

Marfat.com

# جواہر پارے

جائزہ ہند میں اسلام کا ہم نے جو لیا — تو مساجد کے عوض چند شوالے نکلے
نہ غزالی ہے نہ رازی ہے کتب خانوں میں — میز پر پل ہیں تو بستر سے مکالے نکلے
شرک سے جا کے یہ کہہ دو کہ ہے توحید وہ جن — جو نہ روکے سے رُکے اور نہ نکالے نکلے

---

وادیٔ عشق میں کانٹوں نے نکالا جب سر — پیشوائی کے لئے پاؤں کے چھالے نکلے

---

اُس شرافت کے عوض جس سے خجل ہو دولت — چند بوسیدہ و فرسودہ قبالے نکلے
نہ فضیلت رہی باقی نہ شجاعت قائم — مدتیں ہو گئیں یاروں کے دوالے نکلے

---

نعتِ رسولِ اکرم اک گنج شائگاں ہے — تھے اس میں جتنے موتی سب ہیں نے رول ڈالے
عقلِ گرہ کشا نے ایمان کی بدولت
سب عقدہ ہائے مشکل ناخن سے کھول ڈالے

Marfat.com

# لَا تَقْنَطُوْا مِنْ رَّحْمَۃِ اللہ

## تضمین بر غزلِ حافظ

خاتم از دریا برآرد دستِ یزداں غم مخور ۔۔۔ باز گرداند سلیماں را سلیماں غم مخور
یوسفِ گم گشتہ باز آید بکنعاں غم مخور ۔۔۔ کلبۂ احزاں شود روزے گلستاں غم مخور
مسلم اٹھ گلشن میں جا کانٹے نکال اور پھول چن ۔۔۔ کھول کر دیوانِ حافظ غیب کی آواز سن
اے دلِ غم دیدہ حالت بہ شود دل بد مکن ۔۔۔ ویں سرِ شوریدہ باز آید بساماں غم مخور
کیا ہوا گر چند دن سے پر الم ہے سرگذشت ۔۔۔ ہم سے چھوٹے درنہ و بغداد اور ازمیر و رشت
دورِ گردوں گر دو روزے بر مرادِ ما نگشت ۔۔۔ دائما یکساں نہ ماند حالِ دوراں غم مخور
تو بلند اسلام کا دنیا میں کرتا ہے علم ۔۔۔ پاؤں بھی شل ہوں گے تیرے ہاتھ بھی ہوں گے قلم
در بیاباں گر بشوقِ کعبہ خواہی زد قدم ۔۔۔ سرزنشہا گر کند خارِ مغیلاں غم مخور
تیری گردن پر ہے تیغِ کُلِّ جبّارٍ عنید ۔۔۔ نحن اقرب بھی ہے لیکن حافظ حبل الورید
گرچہ منزل بس خطرناک است و مقصد ناپدید ۔۔۔ ہیچ راہے نیست کو را نیست پایاں غم مخور

Marfat.com

تجھ کو کیا معلوم کیا ہے حکمتِ سرِّ کارِ غیب
کب برس پڑتا ہے تجھ پر ابرِ گوہر بارِ غیب

ہاں مشو نومید چوں واقف نۂ زا سرارِ غیب
باشد اندر پردہ بازی ہائے پنہاں غم مخور

ایک دن آباد ہوگا پھر ترا اُجڑا وطن
پھر ترے آگے جھکیں گے کج کلاہان زمن

گر بہار عمر باشد باز بر طرفِ چمن
چترِ گل بر سر کشی اے مرغ خوش خواں غم مخور

ہم کو اور تم سب کو ہے معلوم انجام رقیب
کیا ضرورت ہے کہ لیں بے فائدہ نام رقیب

حالِ ما در فرقتِ جاناں و ابرام رقیب
جملہ مے داند خدائے حال گرداں غم مخور

جب خدا کے دستِ قدرت میں ہے تیرا نیک و بد
تجھ کو کیا پروا اگر یوں رپ تجھ سے رکھتا ہے حسد

اے دل ار سیلِ فنا بنیادِ ہستی بر کند
چوں ترا نوح است کشتی باں ز طوفاں غم مخور

---

Marfat.com

# اورنگ زیب کی زنّار سوزیوں کا افسانہ

کہتے ہیں کھانا نہ کھاتا تھا کبھی اورنگ زیب
تب کہ جس وقت تک دو چار ڈھا لیتا نہ تھا

تکیہ مسند پر لگا کر وہ نہ بیٹھا تھا کبھی
مندروں کی مسجدیں جب تک بنا لیتا نہ تھا

بات تک کرنی اُسے دشوار تھی دربار میں
کلمہ جب تک بت پرستوں کو پڑھا لیتا نہ تھا

لوٹتا رہتا تھا انگاروں پر اگلی صبح تک
آگ میں زنار اگر من بھر جلا لیتا نہ تھا

تیغ کو رکھتا تھا عریاں ہاتھ میں جس وقت تک
ہندوؤں کے خوں سے پیاس اُس کی بجھا لیتا نہ تھا

کوئی دن ایسا نہیں گذرا ہے اس کے عہد میں
جب وہ گنتی کلمہ گوؤں کی بڑھا لیتا نہ تھا

گر یہ سچ ہے پھر یہ سب ہندو کہاں سے آ گئے
ہوں گے تارے ٹوٹ کر جو آسماں سے آ گئے

---

Marfat.com

# یوم المستضعفین

یہ نکتہ اُمّتِ مرحوم کو بھولا نہیں ہوگا
کہ اک دن کل جہاں میں غلبۂ دینِ مبیں ہوگا

وہ وقت آنے کو ہے جب ایشیا کی طرح یورپ بھی
رسول اللہ کے خوانِ کرم سے ریزہ چیں ہوگا

شرابِ معرفت بھر دی گئی ہوگی پیالوں میں
نویدِ وَاشتریٰ لے کر کھڑا روح الامیں ہوگا

مدارج طے سبھی ہو جائیں گے ایمانِ کامل کے
یقیں عین الیقیں ہوتا ہوا حق الیقیں ہوگا

جھکا دے گا سرِ تسلیم فاسجدوا واقترب سن کر
کوئی کافر اگر مجلس میں بُت در آستیں ہوگا

بجے گا سطوتِ کبریٰ کا ڈنکا ساری دنیا میں
زمیں مُلکِ یمیں ہوگی فلک زیرِ نگیں ہوگا

خلافت اقتدار اپنا زمانے پر جمائے گی
مطاعِ دہر قسطنطنیہ کا مسند نشیں ہوگا

اُلٹ جائیں گے ابلیس کے قانون کے پرزے
کتابِ عدل کا شیرازہ بندِ آئینِ دیں ہوگا

اسیرانِ جفا کی کاٹ دی جائیں گی زنجیریں
گلوئے ظلم کی گردن میں طوقِ آہنیں ہوگا

غلام آزاد ہوں گے تا کہ بخشا جائے تاج اُن کو
جہاں میں عدل ہوگا لیکن احساں کے قریں ہوگا

ہر اک چھوٹا بڑا آزاد ہوگا فکرِ دنیا سے
نہ زید افسردہ دل ہوگا نہ عمرو اندوہگیں ہوگا

یہ سارے غیب کے اسرار جس دن منکشف ہوں گے
بلند آفاق میں اُس دن سرِ مستضعفیں ہوگا

Marfat.com

# فکاہات

Marfat.com

# معبودِ وقت کی پرستش

حکومت کیا کرو گے لے کے انگریزوں سے نادانو
بجاؤ مسجدوں کے آگے باجا گائے کو پوجو

وطن اور اس کی آزادی سے ایسی بھی عداوت کیا
کہ آئینگر سے پھر کر لاجپت کی رائے کو پوجو

خُدا کا نور مالابار سے پھیلا ہے خیبر تک
جو آنکھیں ہیں تو اس کو ورنہ اس کے سائے کو پوجو

---

Marfat.com

# علم پر ٹیکس

گورمنٹ پنجاب کے حکم سے
بڑھا دی گئی ہے مدارس کی فیس

مبارک ہو خواجہ احمد شاہ کو
اور اُن کو جو ہیں خواجہ کے ہم جلیس

نہ تعلیم اب پا سکیں گے عوام
جہالت غریبوں کو ڈالے گی پیس

بہت آج کل ہے گراں نرخِ علم
ہیں اشراف اُنیس اور اجلاف بیس

نہیں شوق امیروں کو تعلیم کا
غریبوں کو ملتی نہیں آہ فیس

ہے لڑکا زمیندار کا پاگل
کرے کیا وہ بنئے کے بیٹے کی ریس

بڑا ہو کے چٹخائے گا جوتیاں
بنے گا کسی نامزا کا سائیس

یہ حالت جب آتی ہے مجھ کو نظر
تو رہ رہ کے اٹھتی جگر میں ہے ٹیس

یہ گتھی جو سلجھائیں سر لوئی ڈین
تو دیں گے زمیندار ان کو ٹپس

ہیں پو بارہ بنیوں کے اس عہد میں
کہ ہم تو رعیت ہیں اور وہ رئیس

سُسر ہیں کچہری میں سر رشتہ دار
تو ہیں سالے صاحب اپیل نویس

انہیں ہم نے جانا تھا گوبر گنیش
مگر یہ تو نکلے بڑے ہی فریس

Marfat.com

کیا علم پر خرچ دل کھول کر
سمجھتے تھے ہم لالہ جی کو خسیس

جسے آپ کہتے ہیں ہندی زباں — حقیقت میں وہ ریختہ ہے سلیس
کنی ان کو ہیرے کی کھانے کو دو — جو ہیرے کو سمجھے ہیں ہیراکسیس
مٹے وہ زباں میٹنے سے کہاں — کہ جس نے پیدا ہوں داغ اور انیس

زمانہ کرا دے گا ہم تم میں صلح
گزر لینے دو سال پچیس تیس

---

بکم مئی ۱۹۱۲ء

Marfat.com

# ٹام راج

یہ تو ممکن ہے کہ ہو پنجاب میں اسلام کالج
یہ نہیں ممکن کہ پھر قائم یہاں ہو رام راج
یوں ہی گر ہوتی رہی ناممکن اور ممکن کی بحث
اُٹھ نہیں سکتا قیامت تک بھی یارو ٹام راج

---

Marfat.com

# پرانی روشنی

یہ نظم علامہ اقبال کے مکان پر بیٹھ کر اُس زمانہ میں لکھی گئی جب علامہ اقبال انارکلی میں رہتے تھے۔ اِس میں آدھے اشعار میرے ہیں۔ اور آدھے علامہ ممدوح کے۔

ہمارے شاہ کا ہمسر دارا ہے نہ خسرو ہے — کہ اُس کی ذات پہ نازاں بساطِ کہنہ و نو ہے

اگر اُس کی سلامی کے لئے نواب جھکتے ہیں — تو راجاؤں نے بھی چھدوائی اپنے کان کی لو ہے

کئی مسلک کئے ہیں لازمی تعلیم نے پیدا — احد شہ کا کوئی بھٹو کوئی آغا کا پیرو ہے

عجب ہے کھیل قسمت کا کہ بچپی الکشن کی — بچھائی شیخ بیچارے نے لالہ کو بڑی پو ہے

نہیں ہے بہرِ اظہارِ دغا لازم نمود اصلا — کہ بحرِ شعر میں پانی نہیں مطلق مگر رو ہے

حصولِ جاہ و عزت جس وفاداری کا مقصد ہو — وہ جنسِ ناروا گندم نہیں گندم نما جو ہے

ملے گی تشنۂ عزت کو کب اعزاز کی قلفی — مہینہ جون کا ہے اور یہ سرگرمِ تگ و دو ہے

مبارک ہے یہ جشنِ تاج پوشی جس کے صدقے میں — وہ مسجد تک چلا آیا کلب گھر کا جو رہرو ہے

مسلمانوں کی جمعیت اگر کم ہے تو کیا پروا — عدد سو کے چھیاسٹھ ہوں مگر مفہوم تو سو ہے

نہیں ہونے ہیں لیڈر اُن میں پیدا قابلیت سے — مسلمانوں میں یہ مخلوق مثلِ سبزۂ خودرو ہے

خوشامد نے جلا ڈالا ہے خودداری کے خرمن کو — ذرا سی شمع ہے کم بخت اور کتنی بڑی لو ہے

ضرورت کچھ نہ کچھ دنیا میں ہے عصمت فروشوں کی — یہ روحانی قدمچہ ہے یہ اخلاقی بدر رو ہے

پرانی روشنی میں دیکھ لو ہے پختگی کیسی — کہ پہلے دن سے ہر ماہ میں قائم وہی ضو ہے

یکم جولائی سنہ ۱۹۱۱ء

Marfat.com

# ووٹ

## (۱)

لمنڈ تو ہے حقیقت راز اور مجاز ووٹ
کرتا ہے ناؤ نوش کا افشائے راز ووٹ

خود ووٹ خود ہی ووٹ گر اور خود ہی ووٹ گیر
کیوں نہ وہ وار لیگ نہ ہو خانہ ساز ووٹ

کچھ فرض یہ نہیں کہ پڑھیں وہ نماز بھی
دیتی ہے لیڈری کا جنہیں امتیاز ووٹ

محمود تھا جو ناظم بزم صنم گری
لایا برہمنوں سے چھڑا کر ایاز ووٹ

مضراب مصلحت سے بجائیں نہ کیوں اسے
ہے نغمۂ ہوس کے لئے مثل ساز ووٹ

## (۲)

برپا کرے گا شہر میں شور نشور ووٹ
لائے گا [illegible] اہل قبور ووٹ

ٹی پارٹی بہانۂ تحصیل ووٹ ہے
[illegible] طور ووٹ

ڑخائیں بے وضو کی نماز اس کے واسطے
ہے زاہدان لیگ کی آنکھوں میں حور ووٹ

حکام میں رسوخ نہیں قرب حق سے کم
اس دور کے کلیم کو ہے کوہ طور ووٹ

آقا تھے بدحواس کہ اتنے میں آن کر
[illegible] ووٹ

ہمدم تجھے بھی چاہیے کونسل میں ہو جگہ
[illegible] ووٹ

کچھ اور بھی ہوں شعر کہ [illegible]
بکتا ہے پیسہ پیسہ میں [illegible]

۲۲ جولائی سنہ ۱۹۱۲ء

Marfat.com

# گورا رنگ

کمزور کو لوٹ اور نہتّوں کا گلا کاٹ
کس سے تجھے اندیشہ ہے کس کی تجھے چوری
اس عہد کے تہذیب کے فتوی پہ عمل کر
سب تجھ کو روا ہے تری رنگت ہے جو گوری

Marfat.com

# تخیلِ ہفت رنگ

## جولائی ۱۹۱۲ء کی حیاتِ عمومی پر تبصرہ

"ہندوستان" کی چھڑ گئی "اخبارِ عام" سے — گویا جھڑپ ہوئی ہے روپے کی چھدام سے
وہ برق پا ہے اور ٹکے گز کی اس کی چال — چھکڑا نکل کے جا نہیں سکتا ٹرام سے

رستہ ہے سنگلاخ ہمیں خوف ہے یہی
ٹھوکر نہ کھا کے گر پڑیں لالہ دھڑام سے

"اخبارِ عام" کا نہ ہو کیوں سوقیانہ رنگ — منطق ہی مستعار جو لی ہے عوام سے
سٹھیا گئے ہیں لالہ بڑھاپے کا دور ہے — چڑھتا بخار ہے اُنہیں "سازش" کے نام سے
فرماتے ہیں کہ قتلِ حبیبِ علی ہوا — مسلم سب انسپکٹروں کے اہتمام سے

لالہ کو آئے دال کا آجائے یاد بھاؤ
تالش کا طشت پھینکیں یہ افسر جو بام سے

مسلم کی بدنصیبی سے اربابِ حل و عقد — غافل ہیں شائد آگرہ کے انتظام سے
سرلسلی پورٹر جو ہیں ساقیٔ انجمن — لائے ہیں خُم بھرا ہوا ایک اولٹام سے

Marfat.com

رسیا ہیں جس کے لالہ بھی اور یہ شیخ بھی، مگر
گیلن سے اُن کو ملتی ہے ان کو ڈرم سے

اخبار مسلموں کے ہوئے سارے بائیکاٹ
لالہ کا پیٹ اب تو بھرا انتقام سے

کافر کے دل میں زہر ہے امرت زبان پر
سیکھو دورنگیاں یہ بت لالہ فام سے

تھا اللہ اللہ امیرے یہ دن بھی نصیب ہیں
ظالم بگڑ رہا ہے مری رام رام سے

حصے میں کفر ہی کے کچھ آیا نہیں ہے ہند
کیوں ضد ہے روزگار کو پھر دیں کے نام سے

ڈنکے کی چوٹ کہتے ہیں سُن لو بگوش ہوش
بدلیں گے ہم نہ ہند کو روم اور شام سے

تم چاہتے ہو شیخ کہ غرقی بندھی رہے
اور تکیہ لالہ کا ہو لگا نام چھام سے

کچھ بھی اگر خدا نے تمہیں دی ہے سوجھ بوجھ
خالی کرو دماغ کو اس حرص خام سے

یہ چھیڑ خانیاں ہمیں مطلق نہیں پسند
رکھتے نہیں ہو کس لئے کام اپنے کام سے

کیا اتحاد بھی ہے مرادف وصال کا
کیوں ہو گئے وہ چیں بجبیں اس پیام سے

ہوں متحد جو دل سے مسلمان اور ہنود
جمشید مے پلائے انہیں اپنے جام سے

پیغام جنگ مل کے اگر دونوں بھیج دیں
لرزاں ہو آسمان بھی ایسے پیام سے

بجلی کی اک تڑپ ہے تو بادل کی ایک لہر
رونق ہے آسمان کی برق و غمام سے

Marfat.com

سنتے ہیں سرکشن کی کماں اب اُتر گئی — معزول ہوگئے ہیں وزارت کے کام سے
سالارِ جنگ کو یہ قلم دان مل گیا — حق دار کو ملا ہے حق اپنے نظام سے

تم ہو ہمارے مرکزِ اقبال کے مدار
کہتے ہیں آصف اپنے مدار المہام سے

برسات کی بہار کا آغاز ہوگیا — اب یار لوگ لطف اڑائیں گے آم سے
سیراب ہوں گے کھیت نکھر جائیں گے شجر — اور سبزہ سر نکالے گا دیوار و بام سے

آئیں گے جھونکے عطر میں بس کر نسیم کے
نکلے گا دمبدم نہ پسینہ مسام سے

کچھ پردہ در یہ چاہتے ہیں گھر کی عورتیں — لوگوں کے دل کو خوش کریں دیدارِ عام سے
اک میرزا اُلجھ گئے مغرب کی زلف میں — پھنس کر نکل سکے نہ وہ لندن کے دام سے
بے پردگی کی لذتِ عریاں کو دیکھ کر — بول اُٹھے فائدہ نہیں کچھ روک تھام سے

مسلم بھی عورتوں کو کھلے منہ کرائیں سیر
پردے کو کیا غرض ہے حلال و حرام سے

ڈپٹی کمشنری بھی خدائی سے کم نہیں — مارے گئے وہ پاک تھے جو اہتمام سے
کرنیل بنگ ہیں عجب اک خیرہ سر بزرگ — سر ہو گئے نکال کے خنجر نیام سے
سارے سیالکوٹ میں ہلچل سی پڑ گئی — کرنیل بنگ کی روشِ انتظام سے

Marfat.com

مسلم دعائیں دیتے ہیں صاحب کی جان کو　　فارغ ہوئے غریب کمیٹی کے کام سے

---

بانکا دیال جھنگ سے لاہور آگیا　　ٹھانی ہے اس نے جنگ خواص و عوام سے

لٹھ ہاتھ میں لئے ہوئے لڑتا ہے جو مکھی　　"ہندو" سے "راجپوت" سے "اخبار عام" سے

میدان "جرنلزم" کے بغتنے سوار ہیں

تنگ آگئے ہیں اس فرسِ بدلگام سے

ایسے بھی ضلعدار ہیں جہلم کی نہر پر　　آبادکار کانپتے ہیں جن کے نام سے

بیچارے کاشتکار کا گھر لوٹ لوٹ کر　　کوٹھے سب اپنے بھر لئے ہیں جنس خام سے

چمڑی ہی خواہ اتار کے دینی پڑے اُسے　　ہے لالہ جی کا کام مگر اپنے دام سے

ان لالہ جی سے وقت پہ گر ہوتی پوچھ گچھ　　گیہوں، گڑ اور کپاس نکلتی گدم سے

موجود اب بھی ریل کی ہیں چند بلٹیاں!

منکر نہیں ہیں اپنی جو "تو" اور "فرام" سے

حاسد کے تن بدن میں حسد کی لگی ہے آگ　　دس دس شرارے جھڑتے ہیں اک اک مسام سے

یہ آگ وہ ہے جس کی جلن لاکھ مرتبہ

بڑھ کر ہے قعر ہاویہ کے اضطرام سے

---

Marfat.com

اک یونیورسٹی ہمیں خود اپنی چاہیئے | ہو یادِ تازہ قرطبہ کی جس کے نام سے

ملتا نہیں وہ علم ترستے ہیں جس کو ہم | بیگانہ بوئے گل ہے ہمارے مشام سے

ممکن نہیں کہ قوم کی اصلاح ہو سکے | تدریس و درس حال کے بگڑے قوم سے

نوکِ زباں ہیں مارسڈن اور لتھبرج کے نام | ہم بے خبر ہیں طبری و ابنِ ہشام سے

بیت الصنم کو آنکھ کے بل اور سر کے بل!
جاتے ہیں کنی کاٹ کے بیت الحرام سے

مشہد میں روحِ امام کی ہے تلملا رہی | محشر بپا ہے روس کے طرزِ خرام سے

روضہ سے حالِ زار ہمارا نکل کے دیکھ | فریاد کر رہے ہیں مسلماں امام سے

آزاد جس زمین میں کل تک تھے اہلِ دیں
آج اُن کا حال اس میں ہے بدتر غلام سے

بجلی اطالوی کی نگہ میں تڑپ گئی | جب تیغِ تیز ترک نے کھینچی نیام سے

چمکا طرابلس میں ستارہ وہ صبح کا | تھے جس کے انتظار میں دیندار شام سے

اور یہ ستارہ پیش رو آفتاب ہے
ہوگا جواب طلوع حجاب ظلام سے

آگاہ رازِ قوتِ اسلام سے بھی ہو | پوچھا یہ راتٹام نے عبد السلام سے

اُس نے دیا جواب کہ اسلام کا یہ زور | سیم اور زر سے ہے نہ قصور و خیام سے

Marfat.com

یہ آہنیں طلسم جو ہے فارغ از شکست — قائم ہے پنجگانہ قعود و قیام سے
شوقِ غزا سے اور شہادت کے عشق سے — اور آرزوئے روضۂ دارالسلام سے

پہنچا نہیں ہے پیکِ خیال آج تک جہاں
اسلام جھانکتا ہے اس اونچے مقام سے

کچھ ہم کو ڈر نہیں کہ نوازے گئے ہیں ہم — یَسْتَخْلِفَنَّھُمْ کے سمادی پیام سے

اسلامیوں سے وعدہ فتح قریب ہے
ثابت ہے جس کا قرب خدا کے کلام سے

---

۱۹ر جولائی ۱۹۱۲ء

Marfat.com

# سرکار کا نظر بٹّو

کبھی ہندو ہے گردش میں کبھی مسلم ہے چکّر میں — پھرا کرتا ہے یوں ہی چرخ ناہموار کا لٹّو
عنایت کی نظر اس وقت منشی رام جی پر ہے[1] — اِنہیں آنکھوں کا تارا تھے مگر کل تک میاں حبّو
خوشامد کا عراقی اڑ رہا مسجد کے زینے پر — مسلماں ہی تو ہے آخر یہ اڑیل مشرقی ٹٹّو
مری سرکار کا اُلّو نکل کر جا نہیں سکتا
کبھی ہندو بجر بٹّو کبھی مُسلم نظر بٹّو

---

۲۱۔ ستمبر ۱۹۱۳ء

[1] جو آگے چل کر دنیا میں سوامی شردھانند کے نام سے مشہور ہوئے

# محمد علی

نہ چھوڑا ابھی تک محمد علی کو — نہ چٹکا سکے آپ دل کی کلی کو

یہ کہہ دے گورمنٹ سے کوئی جا کر — خفی پر نہ ترجیح دیجے جلی کو

سیاست کے رہرو کو لازم نہیں ہے — سڑک پر چلے اور چھوڑے گلی کو

بسنت آپ کو جانیں اور آپ اُن کو — کہ پہچانتا ہے ولی ہی ولی کو

مجھے ہے تو بس اپنے قرآں سے مطلب — میں کیا جانوں صاحب کی پاتنجلی کو

شکر بانٹتے آپ پھرتے ہیں گھر گھر
ترستے ہیں مصری کی ہم اک ڈلی کو

---

۲۵ر دسمبر سنہ ۱۹۱۷ء

Marfat.com

# راون پرستی

نہیں لنکا سے کچھ بھی کم ہے پنجاب
جسے دیکھو یہاں راون گرا ہے

ہُوا تیار مذہب کا پزادہ
مگر جھگڑا وہی ڈیڑھ اینٹ کا ہے

خدا کو چھوڑ نے بیٹھے لالہ و شیخ
پڑا شیطان گھر گھر ناچ رہا ہے

کوئی کرتا ہے احمد کی غلامی
مگر بنتا بروزِ مُصطفٰے ہے

کوئی لیتا ہے مُنہ سے رام کا نام
مگر کہتا ہے راون ہی خُدا ہے

ٹھٹک کر رہ گیا ہے پیکرِ عقل
تماشا پُتلیوں کا ہو رہا ہے

---

۲۱- نومبر ۱۹۱۶ء

Marfat.com

# "چو" کی لفظی تحقیق

## شیخ اور برہمن کی جھڑپ

اشنان کرنے گھر سے چلے لالہ لال چند
اور آگے آگے لالہ کے اُن کی بہو گئی!

پوچھا جو میں نے لالہ للائن کہاں گئیں
نیچی نظر سے کہنے لگے وہ بھی "چو" گئی

میں نے دیا جواب اُنہیں ازرہِ مذاق
کیا وہ بھی کوئی چھت تھی کہ بارش سے چو گئی

کہنے لگے کہ آپ بھی ہیں مسخرے عجب
اب تک بھی آپ سے نہ تمسخر کی خو گئی

"چو" ہوشیار پور میں ندی سے ہے مراد
بی بی تمیز بھی وہیں کرنے وضو گئی

میں نے کہا کہ "چو" سے اگر ہے مراد "جُو"
پھر یوں کہو کہ تا بہ لبِ آبِ جو گئی

کیوں اینٹھتے ہیں ماش کے آٹے کی طرح آپ
دھوتی سے آپ کی نہیں ہلدی کی بو گئی

لطفِ زباں سے کیا ہو سروکار آپ کو
دامن کو آپ کے نہیں تہذیب چھو گئی

ہندی نے آ کے جیم کو چے سے بدل دیا
"چو" آئی کوہسار میں گلشن سے جو گئی

Marfat.com

لہجہ ہُوا درشت زباں ہوگئی کرخت ۔۔۔ لطفِ کلام و شستگئ گفتگو گئی
معنی کو ہے گلہ کہ ہوا بے حجاب میں ۔۔۔ شکوہ ہے لفظ کو کہ مری آبرو گئی

افسوس ملک میں نہ رہی فارسی کی قدر
مستی اُڑی شراب سے پھولوں سے بو گئی

---

۲۹-اگست ۱۹۱۷ء

Marfat.com

# رائے کنج بہاری تھا پر

"مال" پر مجھ سے ملے کنج بہاری تھا پر
جن کے اعزاز کی فہرست کے ہیں خانے دو

یعنی ہیں رائے بھی آپ اور بہادر بھی ہیں
بزم اور رزم میں اب ہیں یہی افسانے دو

مجھ سے کہنے لگے آپ آ ہی گئے خوب ہوا
اب نظر آئیں گے لاہور میں فرزانے دو

باغباں کی یہ عنایت ہے کہ فرما ہی دیا
بلبل زار کو گلزار میں آجانے دو

رائے صاحب نے کہا میں نے کہ شملہ سے ابھی
اک لفافہ میں ملے ہیں مجھے پروانے دو

کار فرمائے قدر نے یہ ہدایت کی ہے
کہ دل اپنا اسے اخبار سے بہلانے دو

حکم ہے پیر مغاں کا کہ صحافت کی شراب
ان کو بھی پینے دو اوروں کو بھی پلوانے دو

آج کل ہیں مگر اخبار سبھی گھاٹے میں
کہ روپے میں انہیں ملتے ہیں فقط آنے دو

مجھ کو اس کی نہیں پروا مگر اس کا ہے ملال
کہ حریفوں نے گھڑے عذر ہیں من مانے دو

مجھ پہ اور آپ پہ اڑتی ہے یہ پھبتی ہر روز
ایک ہے دام فریب اس کے ہیں یہ دانے دو

لاٹ صاحب کہ حکومت کی ہیں شمع محفل
ہیں اسی شمع فروزاں کے یہ پروانے دو

ایک ہی ناؤ ہے جس کے یہ کھویا دو ہیں
ایک ہی جام ہے جس کے یہ ہیں پیمانے دو

Marfat.com

شیوۂ قوم فروشی میں ہیں دونوں ممتاز
ایک بت ہے مگر اس کے ہیں صنم خانے دو

رائے صاحب متبسم ہوئے اور مجھ سے کہا
لوگ جھلّائے ہوئے ہیں انہیں جھلّانے دو

چیخ لینے دو انہیں شور یہ آخر کب تک
شوق سے اِن کو گلا پھاڑ کے چلّانے دو

بے سبب آئے بل ابرو پہ تو پڑ لینے دو
گرم ہوتے ہیں جو بے وجہ تو گرمانے دو

دیکھتے دیکھتے ہر شعلہ سے اُگ آئیں گے پھول
اور تنوّر رقابت انہیں بھڑکانے دو

طعنہ دیتے ہیں مری طرح اگر تم کو بھی
اس خرافات سے تیور پہ نہ میل آنے دو

میں بھی جاسوس سہی قوم کا اور تم بھی سہی
خوب گزرے گی جو مل بیٹھیں گے دیوانے دو

---

۲ ستمبر سنہ ۱۹۱۶ء

Marfat.com

# حکمتِ جدیدہ

لسان العصر حضرت اکبرؔ کے رنگ میں

---

## فلسفہ انرجی و بنرجی

ہندو نے یہ مسلم سے کہا از رہِ غیرت
مشرق میں ہے پھیلی ہوئی مغرب کی انرجی
پھر کس لئے تم لوگ ہو اک عضوِ معطل
کیوں ہند میں اسلام کی بدلی نہیں گرجی
مسلم نے یہ حسرت سے کہا اس سے کہ بھائی
ہم میں نہیں کوئی بھی چیٹرجی و بنرجی

## فلسفہ علّت و معلول

"مالوی" بھی علّتی اور "مولوی" بھی علّتی
حرفِ علّت گر نکل جائے تو پھر ملت ہو ایک
رنج و راحت میں برابر کے ہوں دونوں حصّہ دار
ننگ و ناموس ایک ہو اور عزّت و ذلّت ہو ایک
متحد ہو جائیں باہم سارے مسلم اور ہنود
تفرقے مٹ جائیں ان کے کثرت و قلّت ہو ایک
ڈھانپ لے دونوں کو دامن رحمتِ اسلام کا
کیمیا خانے کے اندر حرمت و حلت ہو ایک

Marfat.com

# حکمت قدیمہ

(وہ بھی جناب لسان العصر کے انداز خاص میں)

---

## نکتہ وحدت واجب الوجود کی نئی تفسیر!

اَلْوَاحِدُ لَا یَصْدُرُ عَنْہُ اِلَّا الْوَاحِدُ

مسلم ہیں پہلے اور ہیں کچھ اور بعد میں — اُمت ہیں ہم جناب رسالت مآب کی
جغرافیہ سے ہم نہ کبھی ہوں گے منقسم — تاریخ لاجواب ہے اِس انتخاب کی
واحد ہی کا صدور ہے واحد کی ذات سے — یہ انتہا سمجھئے ہمارے حساب کی
لیکن کچھ اس زمانے میں ایسے بھی ہیں بزرگ — ڈالی جنہوں نے اس پہ نظر احتساب کی

جو بات کی خدا کی قسم لاجواب کی
پاپوش میں لگائی کرن آفتاب کی

---

٩ ستمبر ١٩١٧ء

Marfat.com

# مسٹر اسکوئتھ صدر اعظم برطانیہ کا چالان

اِس جرم میں کہ دشمنِ دینِ رسولؐ ہے — رات "اسکوئتھ" کا خواب میں چالان ہو گیا
کہنے لگا کہ میری ضمانت تو دیجیے — لیکن میں جان بوجھ کر انجان ہو گیا
سیّد علی امام بھی تھے پاس ہی کھڑے — لیکن یکایک اُن کو بھی نسیان ہو گیا

اِتنے میں حکم "خذوہ فغلوہ" کا ہوا
اور "اسکوئتھ" حوالۂ شیطان ہو گیا

---

۱۶ جون ۱۹۱۷ء

# پردہ اور ایروپلین

مشرقی انگنائیوں میں مغربی جانے لگے
خوشۂ اخلاق میں تہذیب کے دانے لگے

رات اک محفل میں مجھ سے لاہور والے شکوہ سنج
شہر پر ایروپلین آ آ کے منڈلانے لگے

سقف بھی مدِ نظر ہے صحن بھی حدِ نگاہ
یک بیک پردے حیا والوں کے اٹھ جانے لگے

وقت آپہنچا کہ سوچیں اور سمجھیں عقل مند
ایک دیوانہ اگر اس طرح چلانے لگے

جو روایات اس قدر ہیں ہند والوں کو عزیز
پائے استغنا سے کیوں آپ ان کو ٹھکرانے لگے

آپ کیوں ان نازنینوں کی نہیں رکھتے ہیں شرم
جن کی نیچی آنکھ سے سورج بھی شرمانے لگے

آپ کیوں کترا کے میداں کی طرف جاتے نہیں
تاکہ دشمن آپ کی سطوت سے تھرانے لگے

ہوش اڑاتے شہر والوں کے ہیں کیوں اُڑ اُڑ کے آپ
جامِ غیرت ناحق اُن کا آپ چھلکانے لگے

وقت آپہنچا کہ میرا نامۂ معجز نگار
اہلِ حل و عقد سے اپنا صلہ پانے لگے

Marfat.com

# الٹی میٹم

کچھ تو انگریزوں کو بھی یارب دیا ہوتا کبھی
تو نے کیوں سارے زمانے کا ہمیں غم دے دیا
یہ گلہ سُن کر فرشتوں نے کہا بد دل نہ ہو
ہم نے آج اُن کو بھی اپنا الٹی میٹم دے دیا

Marfat.com

# کلیسائے عیسوی

عمل سختی سے اس قانون پر ہوتا ہے مغرب میں
کہ کھل سکتا نہیں دروازہ کالوں پر کلیسا کا
کہا اس پر یہ اک گورے نے عیسیٰ بھی تو کالے تھے
نہ کیوں پھر داخلہ ممنوع ہو گرجا میں عیسیٰ کا

Marfat.com

## مارشل لاء کے ایام کی یاد

# خواجۂ امرتسر

میں نے امرتسر میں اک دن اپنے خواجہ سے کہا
پیٹ کے بل رینگ لیجے بندہ پرور آپ بھی

ایک تہ آماس کی تا فربہی پر جائے چڑھ
کھائیے ہر روز صبح و شام ہنٹر آپ بھی

ناک سے کچھ دن زمیں پر کھینچتے رہئیے لکیر
پھیریئے کوچی سفیدی کی بدن پر آپ بھی

بعدِ مغرب جائیے مسجد کو اور اس جرم میں
پیٹھ پر کھنچوائیے چابک سے مسطر آپ بھی

بنئے دولہا اور نکلئے لے کے گلیوں میں برات
دیکھئے ساتھ اس کے پھر سامانِ محشر آپ بھی

سجدہ ٹوپی کو نہ کیجے اور اس کے ساتھ ساتھ
درسِ حبلٌ مِن مّسد کا پڑھئے فر فر آپ بھی

چلئے سولہ میل دن میں ہانپتے اور کانپتے
پاؤں میں کچھ روز ڈالے رہئیے چکر آپ بھی

لیجئے جا کر جیل میں اور کھائیے ارہر کی دال
میہماں رہئیے ذرا سرکار کے گھر آپ بھی

پھر یہ کہئے مارشل لا حشر تک قائم رہے
ورنہ ہوں گے منکرِ جبر نیل ڈائر آپ بھی

۶؍ فروری ۱۹۲۰ء

Marfat.com

# جنرل ڈائر کی یاد میں

## نثر خود گفتی حالا نظم من بشنو

ولائت میں کھلا جب نامۂ اعمال ڈائر کا | طراز نامہ تھا نامِ گرامی اوڈوائر کا
ہلاکو کو عبث تاریخ میں بدنام کرتے ہیں | بچارے نے نہتوں پر دیا کب حکم فائر کا
مسلماں اور ہندو کو بھی ہے ناز اپنے سینے پر | اسے گر غرہ ہے بارود گولی کے ذخائر کا
جنابِ جانسن کو کیا بھلا چنگیز سے نسبت | نکالا کب جنازہ اس نے اسلامی شعائر کا
کیا تھا بند رپوٹر کو قفس میں نو مہینے تک | دیا تھا کاٹ پر سنسر نے اس بجلی کے طائر کا
سڈنہم کو رہا کیا کام اب شیخ و برہمن سے | بلند آفاق میں ہے غلغلہ اس وقت نائر کا
میں اُن سے چھپ نہیں سکتا وہ مجھ سے چھپ نہیں سکتے | ہے اس وقت اِنجاں میری اور اُن کی چشمِ غائر کا
گنہ یہ ہے کہ سلطان المعظم کا دعا گو ہوں | خلاصہ ہے فقط اتنا ہی احقر کے کبائر کا
علم سے کام چل سکتا نہیں کچھ ان قوانی میں | لگا لیں گے پتہ خود لارڈ ہنٹر ان ضمائر کا
کھلا جب قتل کی تفتیش کا دفتر ولایت میں | بغل میں لائے بستہ داب کر کاندھی ضمائر کا
جنابِ حضرتِ جیرحل کو گاذر کی ملی خدمت | ہوا دھبوں سے پاک اب جامۂ احرام زائر کا
سر اڈوورڈ آج کل پنجاب کی موٹر کے شوفر ہیں | نہیں ہے سنگ استبداد سنگِ راہ ٹائر کا

۲۰ فروری سنہ ۱۹۲۰

Marfat.com

# مولوی بخاری

وہ مسجد سے آخر نکالے گئے ! — امامت کی گٹھڑی اٹھالے گئے
ہوا خاتمہ آپ کا اِس طرح — جبیں پر نشانِ ریالے گئے
منافق ہیں خاشاک و خس کی مثال — جنہیں دیں کے ریلے بہالے گئے
نہ سمجھو کہ مسجد بھی ہے آستیں — جہاں بچھو اور سانپ پالے گئے

مسلماں کو ہے قصدِ آہنگری
کہ تالے مساجد میں ڈالے گئے

مسیحا سے کہہ دو کہ یورپ کا تاج — درِ مصطفٰے کے گدا لے گئے

ہمیں اور دنیا میں کیا چاہیئے
کہ ایماں کی دولت بچالے گئے

"امامِ دکن" ردو ہوئے ہیں آپ — عبث چند دن سے کھنگالے گئے

عوض موجِ کوثر کے حاصل ہے ٹیمز
بجز اس کے اور آپ کیا لے گئے

۲۲ جون سنہ ۱۹۲۰ء

Marfat.com

# ڈیڑھ سو سال کی وفاداری کا صِلہ

ہو کسی طرح مجھ سے خوش انگریز
میری کوشش یہ انتہائی تھی

مَیں نے اپنے غرور کی گردن
اُس کی دہلیز پر جھکائی تھی

مَیں جو حاکم تھا خود بنا محکوم
یہ بھی اِک شانِ کبریائی تھی

اُس کے قدموں میں ڈال دی لاکر
باپ دادا کی جو کمائی تھی

تاکہ بڑھ جائے آبرو اُس کی
اپنی توقیر خود گھٹائی تھی

اُس کی خاطر نہ کی جو اپنوں سے
کونسی ایسی وہ برائی تھی!

آج مَیں ہوں اور اس کی ٹھوکر ہے
کہ اسی تک مری رسائی تھی

آج روتا ہوں میں کہ کیوں میں نے
اپنی بنیاد آپ ڈھائی تھی

میں نے اپنے کئے کا پھل پایا
اُس سے کی میں نے کیوں بھلائی تھی

کہہ گئے خوب میرزا غالب
کیا وہ نمرود کی خدائی تھی

بندگی میں میرا بھلا نہ ہُوا

۲۳ فروری ۱۹۲۰ء

Marfat.com

# کابل کے درزی

عقدۂ دشوارِ مشرق کی کشائش کے لئے
وفد لے کر حضرت محمود طرزی آ گئے
ایشیا کا پیرہن یورپ کے ہاتھوں پھٹ گیا
بخیہ کرنے کیلئے کابل سے درزی آ گئے

Marfat.com

اِذَا زُلْزِلَتِ الْاَرْضُ زِلْزَالَهَا

وَقَالَ الْاِنْسَانُ مَالَهَا

# ہڑتال کیا ہوئی یہ تو بھونچال ہو گیا

ایجنٹ ریلوے مجھے روتے ہوئے ملے — کہنے لگے کہ ملک تبہ حال ہو گیا
فعال ما یُرید ہیں مفعول من یراد — ہندوستاں میں غلبۂ عمال ہو گیا
محنت ہے سربلند تو سرمایہ سرنگوں — منحوس قوم کے لئے یہ سال ہو گیا
انجن اُلٹ گیا مری گاڑی کا یک بیک — ہڑتال کیا ہوئی یہ تو بھونچال ہو گیا
گوروں نے اپنے ہاتھ میں لی آکے دھونکنی — کالوں کا ورکشاپ میں جب کال ہو گیا
سرمایہ سُرخرو ہے کہ محنت نے آج اسے — مارا طمانچہ ایسا کہ مُنہ لال ہو گیا
کالے ہوئے ہیں کوئلے سے گورے گورے گال — ڈائر کا یہ بھی نامۂ اعمال ہو گیا
ہڑتالیوں کے روز نکلنے لگے جلوس — پنجاب بھی نمونۂ بنگال ہو گیا
انگریز ہو کے مجھ سے جُدا ہو گیا بلر — گویا مرے لئے وہ ہین بال ہو گیا
رنگت تو تھی سفید مگر خوں بھی ہے سفید — رشتہ مرا مرے لئے جنجال ہو گیا

Marfat.com

میں نے دیا جواب کہ روتے ہیں آپ کیوں
ہم پر جو فضلِ ایزدِ متعال ہوگیا

افلاسِ ہند بن کے دلیلِ کشود کار
آپ اپنی مشکلات کا حلال ہوگیا

ہاں ایک بات کی ہے شکایت ہمیں ضرور
ہندوستان آپ کا نقال ہوگیا

اب سبز باغ دیکھنے میں آئیں گے کہاں
افسوس پابگل خرِ دجال ہوگیا

---

۱۱ مئی سنہ ۱۹۲۰ء

Marfat.com

# صوبہ آگرہ و اودھ کی اندرسبھا

فاخر کو دلہن چاہیئے پیرانہ سری میں
موقعہ ہے گورمنٹ کو مشاطگری کا

زنداں سے ہراساں نہ ہو گلفام ہمارا
وصل اُس کو میسر ہے جہاں سبز پری کا

---

بٹلر سے کہے جاکے کوئی خان بہادر
اے تو کہ خداوند ہے خشکی و تری کا

راجاؤں کو تسخیر کیا ڈال کے ڈورے
شہرہ ہے جہاں میں تری جادو نظری کا

اِک تیرے کرشمے سے ہے محمود ایاز آج
انعام ملا باز کو بے بال و پری کا

بس چل نہ سکا کس لئے تیرا علما پر
الزام دیا ان کو جو شوریدہ سری کا

جب تو ہے کہ فاخر کو بھی تسخیر کرے تو
ہم کو بھی یقیں آئے تری باہنری کا

---

۱۲ مئی سنہ ۱۹۲۰ء

Marfat.com

# پٹواری

آپ نے اب تک کیوں نہ بڑھایا درماہہ پٹواری کا
قطع نہ ہو جائے کہیں صاحب سلسلہ مال گذاری کا

اُس کی بھی آنکھ سے کھُل گئی پٹی آپ کی دی ہوئی عزت کی
ہو ہی گیا احساس اُسے بھی اپنی ذلّت و خواری کا

کھایئے چاپ اور پیجئے وِسکی شوق سے لیکن بندہ نواز
اُس کو بھی حصّہ دیجئے اُس کی اُبلی ہوئی ترکاری کا

پیٹ ہے بھُوکا جسم ہے ننگا ہونٹ ہیں خشک اور آنکھ ہے تر
پھر یہ نہ کہئے گا کہ ہے لاحق اس کو مرض غداری کا

حق طلبی کی آگ لگی ہے شہر میں بھی اور گاؤں میں بھی
کیونکہ گھسیٹا مدِ مقابل ہو گیا عبدالباری کا

چشم نمائی کا جو دیا حق آپ کو آپ کی دولت نے
ہم کو بھی استحقاق دیا ہے بخت نے شکوہ گذاری کا

سیر کی خاطر باغ میں جاکر آپ نے سیکھا خندہ گل
آ کے سکھا گئی خود ہمیں شبنم مشغلہ گریہ و زاری کا

۲۹ مئی سنہ ۱۹۲۰ء

Marfat.com

# علاّمہ طرزی کی غزل کے انتظار میں

گل و نسریں نے طرزی کو لبھایا ہے مصوری پر
وہ کاش اک شرح لکھتے میرے دل کی ناصبوری پر

چڑھی لندن کے چولھے پر ہے لایڈ جارج کی ہنڈیا
نیا اک حاشیہ لکھنے کو ہوں میں بھی قدوری پر

بخارا دور ہے یا کوہ ہے نزدیک اس لئے ریوٹر
نہیں نور جو ہاتھ آئے برس پڑتا ہے نوری پر

کہیں مسلم بھی دامانِ خلافت چھوڑ سکتے ہیں
ہنسی آتی ہے مجھ کو ناصحوں کی بے شعوری پر

میں سوزِ دردِ دل سے ایشیا کو پھونک سکتا ہوں
مگر موقوف ہے اظہارِ دردِ دل حضوری پر

---

۲۲-جولائی سنہ ۱۹۲۰ء

Marfat.com

# کلو آنا گلو

## فی البدیہہ

(احباب راولپنڈی کی فرمائش پر)

میں از بسکہ ہوں دو مہینے کا بھوکا
سبق رٹ رہا ہوں کلو آنا گلو کا

خمستانِ وحدت ہے ساقیِ یثرب
پلا دے مجھے بادہ لَاتَقْنَطُوا کا

پشاور کو ہجرت نے خالی کیا ہے
وہاں جا کے دیکھا تو عالم تھا ہُو کا

شہادت کے خوں سے طہارت ہے لازم
مزا پڑ گیا ہے مجھے اس وضو کا

دکھائے گا اللہ نصرانیوں کو
تماشا حبابِ لبِ آبِ جو کا

---

کہا بڑھ کے لبیک افریدیوں نے
وہاں جب گیا قافلہ جنگجو کا

بنا دے گی مسلم کو مسلم یہ ہجرت
چھپا جس میں ہے رازِ حق سرّہٗ کا

---

۲۰ اگست ۱۹۲۰ء

Marfat.com

# سول اینڈ ملٹری گزٹ اور بلدیہ لاہور

سول خوش ہو کہ رعب اس وقت تک ہے برقرار اسکا
ابھی تک دے رہے ہیں ساتھ دہلی کے چمار اُس کا

کسی کو گالیاں دینا کسی پر پھبتیاں کہنا
کسی کا منہ چڑا دینا ہے کچھ دن سے شعار اس کا

لٹکوا دے سرِ بازار ہر ممبر کو سُولی پر
اگر بلدیہ لاہور پر ہو اختیار اس کا

ابھی تک "جانی واکر" دے دیا کرتا تھا کچھ پیسے
پُسی فُٹ پیٹنے آیا ہے یہ بھی اشتہار اس کا

تہی دستی میں بھی خالی نہیں ہے کینۂ مسلم
عرب اس کا عجم اس کا عراق اس کا تتار اس کا

---

۱۸ ستمبر ۱۹۲۱ء

Marfat.com

# گلچیں کی لُٹس کا فسانہ

پہلے بہلایا کس کس بہانے سے
طعنے دلوائے سارے زمانے سے
بولتا بھی نہیں اب بلانے سے
مانتا بھی نہیں اب منانے سے

ہیں باز آئی دل کے لگانے سے

میرے آنچل میں دھبہ لگاتا گیا
اپنے دامن کو مجھ سے چھڑاتا گیا
میرے رستے میں کانٹے بچھاتا گیا
مواہنستا گیا اور رُلاتا گیا!

ہیں باز آئی دِل کے لگانے سے

سیکھو اس سے لگانے بجھانے کا فن
پہلے دل لے کے پھر دل جلانے کا فن
بے زبانوں کو آنکھیں دکھانے کا فن
آنکھ والوں سے آنکھیں چُرانے کا فن

ہیں باز آئی دل کے لگانے سے

---

۲۰-اکتوبر سنہ ۱۹۲۱ء

Marfat.com

# کسی صاحبزادہ کی یاد میں

بسکہ سیرِ قدس پر پیکِ خیال آمادہ ہے
کہکشاں کی جلوہ افشانی فروغِ جادہ ہے

میرے مضموں ہیں اچھوتے میرے نغمے ہیں لطیف
گوشِ معنی پردہ ہائے غیب کا دلدادہ ہے

مے سے مستغنی ہوں اور معشوق سے ہوں بے نیاز
طبعِ موزوں سادہ ہے اور فکرِ رنگیں بادہ ہے

خاکِ امرتسر میں ہے خونِ شہادت کا یہ رنگ
ذرہ ذرہ لعل ہے یاقوت ہے بیجادہ ہے

پھول پھل لانے کو ہیں اُگتے ہی آزادی کے بیج
کل وہی استادہ ہوگا آج جو افتادہ ہے

ہم بھی صاحب تھے کبھی اے سفلہ پرور آسماں
اب تو صاحب ہیں وہی جن کی روش آزادہ ہے

کیا تماشہ ہے کہ صاحبزادہ کہلاتے ہیں ہم
اس کے یہ معنی ہوئے ہندی بھی یورپ زادہ ہے

ہو کے مسلم لے کے پیسہ بن گیا تو دیں فروش
آج میں سمجھا کہ تو واقع میں صاحبزادہ ہے

ورد کیا کام آئے گا یا حیّ یا قیّوم کا
جب شرابِ غرب سے رنگین ترا سجادہ ہے

Marfat.com

# بین الاقوامی انجمنیں

روس زخمی ہے تو المانیہ ہے بے پر و بال
رہا اٹلی سو ہے بیچارے کی اکھڑی ہوئی سانس

پڑ نہیں سکتی پہنچے پہ چچا سام[۱] کی زد
جس سے اندیشۂ ایذا ہے وہ طاقت ہے فرانس

شیر برطانیہ ان سب کو کچل سکتا ہے
نہ جگر میں ہو جو اٹکی ہوئی اسلام کی پھانس

ہاں نمرود کو ڈر ہے تو فقط اتنا ہے
کہ کہیں دجلہ کی دلدل سے نکل آئیں نہ ڈانس

پھرتے ہیں اہل فلسطین بھی باندھے ہوئے لٹھ
اور بریلی سے چلے جاتے ہیں بانس پہ بانس

---

۱؎ اہل امریکہ کا قومی نام

Marfat.com

# جشنِ صلحِ نوزاں

جس وقت جشنِ صلح کے گھر گھر جلے چراغ
سمجھا یہ میں کہ ہے یہ چراغاں مرے لئے

اتریں گی آسماں سے فرشتوں کی ٹولیاں
کھولیں گی حلقۂ درِ زنداں مرے لئے

ممکن کسی طرح یہ نہیں ہے کہ آج بھی
صبحِ وطن ہو شامِ غریباں مرے لئے

برسوں مرے چمن میں خزاں کا عمل رہا
پھر کیوں نہ ہو بہارِ گل افشاں مرے لئے

اِس پر یہ ایک حامیٔ سرکار نے کہا
تیرے لئے نہیں ہے یہ ساماں مرے لئے

تیرا جُدا نصیب مقدر مرا الگ
غمیاں ہیں تیرے واسطے خوشیاں مرے لئے

تھی تیرے دم سے رونقِ ہنگامہ شام تک
اب ہے خروشِ حلقۂ زنداں مرے لئے

تو خوگرِ جفا ہے تو میں پیکرِ وفا
آنسو ترے لئے ہیں چراغاں مرے لئے

تو عاقبت شناس ہے میں عافیت پسند
زنداں ترے لئے ہے گلستاں مرے لئے

عقبیٰ تیری عروس ہے دنیا میری کنیز
موزوں ترے لئے وہ یہ شایاں مرے لئے

تیرے لئے حریم رسولِ خدا کی خاک
اور ویسرائے ہند کا داماں مرے لئے

طاعت ترے لئے ہے مرے واسطے ثواب
روزے ترے لئے ہیں سویّاں مرے لئے

Marfat.com

# حجامت

مَیں جب پانچ سال کے لئے منٹگمری جیل میں قید ہوا تو شروع شروع میں مجھ پر بڑی سختیاں ہوئیں یہاں تک کہ پورا مہینہ بھر حجام کی خدمات بھی میسّر نہ ہوئیں اِس پر مَیں نے داروغہ جیل کو ذیل کی عرضی لکھی جو داروغہ صاحب کے ذوقِ سخن فہمی کے تصدق میں منظور ہوئی۔ جب کہیں بال کٹوائے اور ناخن ترشوائے ؂

میری داڑھی نے کیا بڑھ کر یہ آج اُن سے سوال
کیا یہاں کے نائی بھی کونسل کے ممبر ہو گئے
ہو گیا منسوخ شاید اسلحہ کا ایکٹ بھی
ورنہ کیوں ناخن بڑھے اتنے کہ نشتر ہو گئے
کس لئے کرتے نہیں قانونِ موسٰی[1] کا نفاذ
لارڈ ریڈنگ[2] آتے ہی عیسٰی کے کیوں خر ہو گئے

---

[1] اُسترے کو بھی کہتے ہیں [2] موسائی یعنی یہودی

Marfat.com

# خرِ عیسیٰ

ڈی مولوی داؤد کو چھڑی جو پولس نے
احباب نے پوچھا بہ تعجب کہ یہ کیا ہے؟
کیوں لد کے چلے دشِ حکومت پہ حضور آج
حضرت کی سواری کا طریقہ یہ نیا ہے
فرمانے لگے ہنس کے کہ میں عالمِ دیں ہوں
اور مرتبہ سرکار میں عالم کا بڑا ہے
اس واسطے مرکب کے عوض فرطِ ادب سے
خود اپنے تئیں پیشِ حکومت نے کیا ہے

ہے فخر یہ مجھ کو کہ مری ران کے نیچے!
خود حضرتِ عیسیٰ کی سواری کا گدھا ہے

---

Marfat.com

# محتاط سائیس

کون کہتا ہے کہ حزم آئین ہے سرکار کا
اور دیا ہے اس کو درس احتیاط ابلیس نے

اب ملاقاتیں ہوئیں احرار کی گاندھی سے بند
مشورہ اچھی طرح جب کر لیا دس بیس نے

ڈر یہ تھا شاید کہ کونسل سے نکل کر یک بیک
پھر نہ یہ شوریدہ سر لگ جائیں چکی پیسنے

اصطبل کے اندر آ کر چور گھوڑا لے گئے
بند پھاٹک جب کہیں جا کر کیا سائیس نے

Marfat.com

# سپاس نامہ

## پرماتما سروپ پنڈت مدن موہن مالوی کے پوتر چرنوں میں

"پرتاپ" کی زبان اور "زمیندار" کے قلم سے

### اوم

(۱)

ہر سبھا میں ذکر ہے پنڈت مدن موہن ترا
نام سورج کی طرح بھارت میں ہے روشن ترا

اُس نے گویا سرب شکتی مان کا دیکھا سروپ
جس نے اٹھ کر منہ اندھیرے کر لیا درشن ترا

تو کھویا ہے تو کیا ڈر ہے دھرم کی ناؤ کو
شنکر اچارج نے بھی سیکھا نہیں تھا فن ترا

تیر تیرا بے کماں ہے جسم تیرا بے نشاں
ناوک اندازی میں کیا ہو گا سہیم ارجن ترا

تیری جاتی تیرے احسانوں کو گن سکتی نہیں
ہندوؤں پر ہو چکا قربان تن من دھن ترا

تیرے اس اُپدیش نے کایا پلٹ دی ہند کی
مشکل ایکے کے بغیر اے دیش ہے پالن ترا

کر لیا جاتی نے جب ایکا تو شکتی آ گئی
آ گئی شکتی تو ہو سکتا نہیں کھنڈن ترا

Marfat.com

ایک ہی مت ایک ہی بولی نہ ہو جب تک تری  راج کے پربت پہ جم سکتا نہیں آسن ترا
دیش کے اُپدیش دے دے کر جگاتا رہ یونہی
رات دن جاتی کی ہمت کو بڑھاتا رہ یونہی

(۲)

ہند کی رونق نہ ترکوں سے نہ افغانوں سے ہے  بلکہ تجھ سے اور تجھ ایسے ودیا دانوں سے ہے
میکھ دوت اترا ہے اندر لوک سے کاشی میں آج  اور پیام اس کا سنا میں نے بھی ان کانوں سے ہے
وقت آپہنچا کہ پھلواڑی ہو بھارت کی ہری  جو خود آرائی میں بڑھ کر سب گلستانوں سے ہے
وقت آپہنچا کہ نام اُچھلے پھر اُس تہذیب کا  جس کی ہستی ہے اگر قائم تو بت خانوں سے ہے
وقت آپہنچا کہ شدھ ہو جائیں سارے راجپوت  گو نجنتی اب تک دھرتی جن کے فسانوں سے ہے
وقت آپہنچا کہ اپنوں کو یہ آجائے سمجھ  اختلاف اس ملک میں جتنا ہے بیگانوں سے ہے
ہے یہ سب پاکھنڈ پھیلایا ہوا توحید کا  دیش میں جتنی خرابی ہے مسلمانوں سے ہے
مار اک پھونک اور بجھا دے مشعلِ اسلام کو
سونپ دے یا یہ مقدس کام منشی رام کو

---

۲۳-اپریل سنہ ۱۹۲۳ء

Marfat.com

# حدیثِ آرزو مندی

کچھ ایسی اُٹھ گئی قانونِ انگریزی کی پابندی
کہ امرتسر میں تھی گویا حکومت ہی دپابندی

وہ نازک ہاتھ خشت انداز کیوں ہونے لگے یارب
مگر ہے خونِ مسلم سے انہیں میلِ حنا بندی

اُدھر اینٹوں کے انبار اور اِدھر تیز آب کے کپّے
وہ تجویزیں تھیں "ترناپی" یہ تدبیریں ہیں "خورسندی"

یہ مانا بن گئے ڈنڈ پیل کر متھرا کے چوبے تم
مگر کچھ اور ہیں اندازِ ترکانِ سمرقندی

سُنا ہے قصدِ شردہانندجی رکھتے ہیں ہنّوں کا
کہیں شُدھی نہ کر دیں اُن کی افریدی و مہمندی

وہ لٹھ باندھے ہوئے گلیوں میں پھرتے ہیں کھلے بندوں
مگر ہم اُف جو کرتے ہیں تو ہوتی ہے زباں بندی

برس لیں جھوم کر یہ کفر کی کالی گھٹائیں بھی
کہ ہے یاروں کے سر پر سایۂ لطفِ خداوندی

---

۲۷ جون سنہ ۱۹۲۳ء

Marfat.com

# عشائے ربانی

ملوکیت کی ربانی عشا میں
شرابِ ناب ہے پنجاب کا خون
یہ ہے وہ مسئلہ جس کی حقیقت
بتا دیں گے ملک فیروز خاں نون
کیا کرتے تھے قربانی کی تلقین
جنہیں ازبر تھے آزادی کے مضمون
مگر جب امتحاں کا وقت آیا
تو ڈھیلی ہو گئی یاروں کی پتلون

Marfat.com

# دار التکفیر بریلی

اوڑھ کر حامد رضا خاں آئے بدعت کا لحاف
ذات اُن کی ہے مجدد بات اُن کی لام کاف

مانچسٹر کے کفن سازوں سے لایا ہے اُدھار
شرک کی اَنٹی بریلی کا یہ بڈھا نور باف

بیچ میں کھٹمل بھرا گودڑ ہے پھیلایا ہوا
گرچہ آتا ہے نظر اجلا "رضائی" کا غلاف

پیکرِ طاغوت ہے بابا ہے "رضائے مصطفیٰ"
باپ تھا اِس لاش کا سر اور بیٹا اس کی ناف

مشغلہ ان کا ہے تفسیقِ مسلمانانِ ہند
ہے وہ کافر جس کو ہو اُن سے ذرا بھی اختلاف

جب سے پھوٹی ہے بریلی سے کرن تکفیر کی
دید کے قابل ہے اس کا انعکاس و انعطاف

سید احمد خاں پہ سب و شتم کی بارش کہیں
اور کبھی علامہ شبلی کو گالی و اشگاف

جو حریفِ اسلام کا ہو آپ ہیں اس کے حلیف
اُس کے دشمن آپ ہیں جو ہو نصاریٰ کے خلاف

کاٹ دی کیوں نجد کے خنجر نے زنجیرِ حجاز
یہ وہ سنگیں جرم ہے جو ہو نہیں سکتا معاف

"ہم مٹا دیں گے زمانہ سے نشانِ اسلام کا"
بندہ پرور کہہ نہیں دیتے یہی کیوں صاف صاف

زندگی اُس کی ہے ملت کے لئے پیغامِ موت
کر رہا ہو جو بجائے کعبہ قبروں کا طواف

---

Marfat.com

# لیڈر کی نوعیت

لیڈر کیسے اور کس قسم کے ہونے چاہیئں ؟ شاعرانہ تخیل کی دنیا سے اِس

سوال کا بھی سن لیجئے :۔

جنابِ سنسر کا قول ہے :۔

لیڈر تو نام ہے قلمِ احتساب کا     لیکن قلم میں لغزشِ مستانہ چاہیئے

سی۔آئی۔ڈی کا ارشاد ہے :۔

لیڈر وہی ہے جس کو ہو سی آئی۔ ڈی کا ڈر     ، خوفِ خدائے پاک اسے اصلا نہ چاہیئے

کبیدہ خاطر مقتدایانِ قوم فرماتے ہیں :۔

فرزانگی کی قدر نہیں اس زمانہ میں     لیڈر اس اعتبار سے دیوانہ چاہیئے

مسلم لیگ کے ریزولیوشن متعلقہ ذبیحہ گاؤ کے نکتہ چینوں کا گروہ

از راہ تعریض پکارتا ہے :۔

لیڈر وہ ہے جو گائے کی سیوا کیا کرے     لیڈر کو گھاس چاہیئے اور دانہ چاہیئے

ایک ہندو آواز کہتی ہے :۔

ہے لیڈری کا لازمہ دعوائے ہوم رول     گیسوئے لیڈری کو یہی شانہ چاہیئے

Marfat.com

ایک مسلمان آواز کا دعویٰ ہے :-

لیڈر وہ ہے جو دینِ محمدؐ پہ ہو نثار
لیڈر نبیؐ کی شمع کا پروانہ چاہیئے

عوام الناس کا خیال ہے :-

جو ڈر گیا ہو قید سے اور تازیانے سے
لیڈر ہماری قوم کو ایسا نہ چاہیئے

Marfat.com

# بو لہب کی منطق

شراب عرب کا ساقی ادھر بھی ایک کنٹر لا
اُڑا کر جس کے خُم کے خُم ہوئے سرشار بو لہب لا

عجم کے جام میں منظور ہے تجھ کو جہاں بینی
تو میکش کے لئے جا کر عرب سے کاسہ سر لا

رسُول اللہ کے دربار میں گر نذر دینی ہو
تو مسلم کے جگر سے لعل اور آنکھوں سے گوہر لا

Marfat.com

# آنریبل حسینی مہتر

کلکتہ کی کونسل میں پھری اک نئی جھاڑو
جھاڑے گا اسے پنجۂ مژگاں سے حسینی

بھنگی نظر آتا ہے فرنگی کے برابر
آزادیٔ کامل کی شہادت ہے یہ عینی

گٹ مِٹ میں ہے مصروف تعاون کا تِگڈم
اب اس میں برہمن ہوں کہ مہتر ہوں کہ جینی

سر تیج بہادر نظر آنے لگے خوش خوش
پہنے ہوئے جوڑا ہیں بسنتی مسنرابنی

جب بال میں ناچے تو لگے کہنے یہ ہیلی
سُر لکھنؤ اس نغمہ کا اور تال ہے نینی

اک مجتہد العصر بھی سر دُھن کے یہ بولے
فرماتی ہے اس باب میں ایسا ہی کلینی

انگریز نے پالے ہیں مساوات کے مرغے
پُشتوں کے اصیلوں میں ملے آن کے ٹینی

---

Marfat.com

# متکلم کی ضمیر کا متصوفانہ مرجع

کیوں خِسِ وفا کوڑیوں کے بھاؤ نہ بِک جائے
جب گم ہو پنجاب میں بازارِ طریقت
قرآں میں اولی الامر کے معنی ہیں نصاریٰ
پیروں سے کوئی پوچھ لے متکلم کی حقیقت

---

Marfat.com

# مغربی بجلی اور مشرقی بھونچال

گومتی جل کر گئی رنادی سے تہذیبِ فرنگ
لکھنؤ میں لاٹھیاں برسیں جواہر لال پر
دیکھئے لاتی ہے دنیا کیونکر اِس ٹکر کی تاب
مغربی بجلی گری ہے مشرقی بھونچال پر

---

Marfat.com

# طاہر دبّاغ

ہم نشیں کیا دیکھتا ہے آسماں پر چاند کو
ملّتِ بیضا کے سینے کا چمکتا داغ دیکھ

پائی تھی فردوس نے جس کی فضا میں پرورش
تو نے دیکھا ہے وہ باغ اب اس کو بنتا راغ دیکھ

عندلیبوں کا بسیرا تھا کبھی جس شاخ پر
اُس کے سوکھے ٹھنٹھ پر بیٹھے زغن اور زاغ دیکھ

مکھیاں جدّہ کی تو جیتی نگل جاتے کو ہے
لیکن آ جائے کہیں تجھ کو نہ استفراغ دیکھ

جن کی روٹی بھی جنہیں قبرص میں مل سکتی نہیں
بمبئی میں چکھنے آئے لذّتِ قیماغ دیکھ

آلِ ہاشم پاسباں تھا جس کی عزّت کا حجاز
اس کی رسوائی بشکلِ طاہرِ دبّاغ دیکھ

اک گھٹا پھر اُٹھ رہی ہے نجد کے کہسار سے
جو اُجڑ کر رہ گیا تھا پھر ہرا وہ باغ دیکھ

پھر ہوئی کشتِ عرب سیراب ابرِ نو بہار
پھر چمن میں جلوۂ کبک و تذرو و ساغ دیکھ

قامتِ گیتی ہے اور رنگیں قبا اسلام کی
غوطہ دیتا ہے اسے کس رنگ میں صبّاغ دیکھ

۱۶ر جولائی ۱۹۲۵ء

Marfat.com

# میثاقِ ملّی

کس کے ہنر نے ٹوٹے ہوئے دل جوڑے تھے کس دشواری سے
لکھنؤ جا کر سن لو یہ قصہ قبلہ عبد الباری سے

صدہا سال کے بچھڑے ہوؤں کو کس نے ملایا آپس میں
پھوٹ پھر اس میں ڈال دی کس نے اپنی سیہ کرداری سے

کام اہنسا سے نہ چلے گا کانگریس میں اسلام بھی ہے
مالوی جی کرتے ہیں تو بدن دیش کی ہر نر ناری سے

ووٹ بڑھانے کے لئے دینا کفر کا لقمہ ایمان کو
آڑ دھرم کی برہمنوں نے لی بھی تو کس ہشیاری سے

پھیل گیا سب جسم کے اندر روگ نرالا شدھی کا
اب تو خدا ہی ہے جو شفا دے قوم کو اس بیماری سے

آپ کی قلت میں بھی ہو کثرت آپ ہوں حاکم ہم محکوم
فائدہ ہم کو خاک ملا اس وضع کی خود مختاری سے

Marfat.com

آپ جو ہوں چپت پھر بھی رہیں پٹ ڈائیں تو بیشک اچھا ہے
آنکھ میں لیکن پڑ نہیں سکتی دھول اب اس عیاری سے

داس سے اور آزاد سے پوچھو ملّت کے میثاق کا راز
عقدہ یہ ہرگز کھل نہ سکے گا اجیت اور انصاری سے

کاش رہا وہ قاید ملّت سجن یرودا سے ہو جائے
ہندو مُسلم ایک ہوئے تھے جس کی علم برداری سے

Marfat.com

# انگریز کا حُسنِ مذاق

لوٹی بہار آ کے تصوّف کے باغ کی
انگریز کا مذاق بھی کتنا لطیف ہے
تونسہ بھی ہے شریف علی پور بھی شریف
القصّہ جو شریف ہے اس کا حلیف ہے

---

Marfat.com

# بریلوّیات

لگ گیا ہاتھ کہیں سے مجھے اُن کا فتویٰ
دستِ توحید ہے اور شرک جلی کی داڑھی

کہہ دو آدم سے کہ دو بال ہمیں بھی بھیجیں
نوچ کر اپنے حریف ازلی کی داڑھی

پیٹ میں اپنی درازی کو چھپا لیتی ہے
نور بافانِ بریلی کی نلی کی داڑھی!

پال کے آم کی چوسی ہوئی گٹھلی کا ہے صوف
یا کہ ہے قبلۂ دیدار علی کی داڑھی

اِس کو اسلام کی لاج اس کو فقط لاج اپنی
چور کے ہاتھ میں ہے آج ولی کی داڑھی

---

۱۶ جون ۱۹۲۵ء

Marfat.com

# پیمبرؐ کی شفاعت پر میرا حق

مراقش میں رگیدی جا رہی ہے امتِ عیسیٰ
ادھر اقطع ہیں ہسپانی اُدھر انبز فرانسیسی

مسلمانوں سے ٹکرائے تو تھے لیکن خبر کیا تھی
پڑے گا مُنہ پہ اک تھپڑ تو جھڑ جائے گی بتیسی

جدھر دیکھا اُدھر دشمن ہی دشمن تھے نصاریٰ کے
کہیں تھے شیخ سنوسی کہیں تھے سیّد ادریسی

شہادت میں جو لذت ہے اُسے یہ لوگ کیا جانیں
رموزِ عَلَّمَ الْاَسْمَا چہ داند ذوقِ ابلیسی

برستے آسماں سے بھی ہیں پتھر فتنہ و شر کے
مگر سختی کب ان پتھراؤں نے بنگھٹن کی سی

سبق لیتے ہیں ناحق مالوی جی شاہ نامہ کا
پڑھیں بیٹھے ہوئے پریاگ میں بیتال پچیسی

خدا کی شان اُنہیں بھی شہسواری کی تمنا ہو
مقدر میں ہے جن کے لارڈ ریڈنگ کی سائیسی

پیمبرؐ کی شفاعت پر مری اس عرض کا حق ہے
کہ آقا تیری خاطر میں نے چکی جیل میں پیسی!

---

۱۶ اگست ۱۹۲۵ء

Marfat.com

# لارڈ لارنس کا بُت

۱۵ - اور ۱۶ - اکتوبر ۱۹۲۵ء کی درمیانی شب کو کسی نامعلوم منچلے نے موقعہ پاکر لارڈ لارنس کے مجسمہ کی تیغ و قلم کو ایک ہی ضرب میں نابود کر دیا - اور اس طور پر نہ صرف اہلِ پنجاب بلکہ تمام اہلِ ہند کی طرف سے عملی طور پر اس بت کے سوال کا جواب ان الفاظ میں دے دیا :-

نہ ہم تلوار کی حکومت چاہتے ہیں نہ قلم کی - بلکہ چاہتے ہیں کہ ہمارے دلوں پر حکومت کی جائے - ایک فقیر جس نے پولیس کو اس واقعہ کی اطلاع کی گرفتار کر لیا گیا - اشعار ذیل اس واقعہ سے متاثر ہو کر لکھے گئے ہے -

ٹوٹا قلم اور ساتھ ہی تلوار بھی ٹوٹی
لاہور میں کیا کام اب اس نام کے بت کا

البتہ ضمانت کسی دیندار کی لے کر
کر دیجیے چالان کسی اِک شری بُت کا

دھمکا نہیں سکتا ہے اب اس ملک کو لارنس
پھر نا نہیں ممکن ہے بدلتی ہوئی رُت کا

مانا کہ عطا کی گئی ہے آپ کو سنگین
اللہ نے بخشا ہے ملنگوں کو بھی ختکا!

Marfat.com

# ریل اور تیل

رابغ میں مسٹر فلبی سے ملاقات ہوئی۔ ان سے چند باتیں ہوئیں۔ وہ ذیل کے اشعار میں نظم کر دی گئی ہیں :-

اگر نجد میں بھی پہنچ جائے ریل — اور اس سرزمیں سے نکل آئے تیل
تو خوش حال ہو جائے ابنِ سعود — پھرے لوٹ اونٹوں کی تھامے نکیل
عرب میں بہے جوئے سیم وطلا — ہر اک سمت دولت کی ہو ریل پیل

---

کہا میں نے سن کر یہ فلبی کا قول — منڈھے چڑھنے والی نہیں ہے یہ بیل
میں منکر نہیں ریل اور تیل کا — کہ اچھے ہیں سب تمدّن کے کھیل
یہ مقصد ہے لیکن اگر آپ کا — کہ نجدی ہو نصرانیوں کا ڈیل
تو رکھئے مری آج کی بات یاد — فرنگی سے بدّو کا ہوگا نہ میل
یہ ہے ناقۂ ریگ زارِ حرم — وہ ہے رود بارِ کلیسا کی وہیل

---

وہ مشاطہ پیدا ہوئی ہے نہ ہو — جو ڈالے چھچھوندر کے سر میں چنبیل
مری صاف گوئی کو کیجے معاف
کہ رابغ نہیں منٹگمری کا جیل

۱۲ دسمبر ۱۹۲۵ء

Marfat.com

# علی ابن حسین شریف مکّہ کے ہوائی کارنامے

کہیں سے آ گئی ہاتھ اک گرہ ہلدی کی چوہے کو
تو رکھ کر اس کو اپنے بل میں بن بیٹھا وہ پنساری

علی بھی لے کے اک طیارہ آقایانِ مغرب سے
سمجھتا ہے کہ میں ہوں اور عرب کی حکم برداری

شہید اب تک ہوئی ہے ایک بچی ہی اُس کے گولوں سے
اب اس سے بڑھ کے ہوگی کارگر کیا اُس کی بمباری

دیئے رہ رہ کے اُس کے باپ نے اسلام کو چرکے
اب اُس کے حصّہ میں آئی ہے یہ دیرینہ غدّاری

مگر بطشِ شدید ربِ اکبر سے نہ چھوٹے گا
کہ ہے سخت انتقام اُس کا اور اُس کی ضرب ہے کاری

بحسرت جس طرح مکّے سے راتوں رات بھاگا تھا
مدینے سے بھی اب اُس کے نکلنے کی ہے تیاری

---

۷ ار جنوری ۱۹۲۶ء

Marfat.com

# تل کی اوٹ میں ہمالہ

خمیر مایۂ مُسلم خدا نے
اُٹھایا ہے عرب کے آب و گل سے

نبیؐ نے درسِ آزادی دیا ہے
نہیں ہم نے سبق سیکھا یہ بِل سے

نہیں اسلام وہ دھنیا کہ پس جائے
مسیحیت کے بٹے اور سِل سے

منافق کی محبت ہے زبانی
جو مومن ہے ملا کرتا ہے دِل سے

کبھی تھا ٹوڈیوں کا ناک میں دم
ہمارے حملہ ہائے جاں گسل سے

اب ایسا انقلاب آیا جہاں میں
یہ چوہے بھی نکل آئے ہیں بِل سے

بہت جلد اس بلا کو ٹال دے گا
خدا خود اپنے فضلِ مستقل سے

اسی کی آنکھ ہے یہ جس کا جادو
ہمالہ کو چھپا لیتا ہے تِل سے

---

۱۰ جون ۱۹۱۶ء

Marfat.com

# چند اچھوتی تشبیہیں

سُورج سے بھی رخشندہ تر اک مطلعِ روشن کہوں
اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ لَمْ یَتَّخِذْ وَلَدًا کہوں

جُانی" ہے پٹڑی ریل کی کانٹا ہیں جس کا مالوی
اور سوامی شردھانند کو اِس ریل کا انجن کہوں

فطرت میں جس کی رچ گئی مسلامیوں کی دُشمنی
پھر کیوں نہ اس بدبخت کو اِس دیش کا دشمن کہوں

پیروں کی خلوت گاہ پر پڑ جائے گر میری نظر
زانوے فکرِ پیر کو میں کوک کا آسن کہوں!

تابیں جنہیں جانے لگیں تنظیم اور تبلیغ کی
کچلو کی چٹنی کا بدل نیرنگ کا چورن کہوں

دُوں نام کیا کیا قادیاں تیرے صلیبی لعبہ کو
روما کہوں برلن کہوں پیرس کہوں لندن کہوں

---

۱۰ر جولائی ۱۹۲۶ء

Marfat.com

# شیعی اور بریلوی

شیعہ بریلوی سے گلے مل رہا ہے آج — اور لکھنؤ میں دونوں کا قارورہ مل گیا
کندھا دیا جنازۂ ملّت کو ایک نے — اور لے کے ایک قبر پہ پتھر کی سِل گیا
کھوئی گئی کتابِ مقدّس کی آبرو — اور سنّتِ مطہّرہ کا پایہ ہل گیا
آبِ ہوائے حجاز کی جس کو نہ آئی راس — ہندوستان میں وہ نیا گُل بھی کھل گیا
جمنے لگا تھا قوم کے جس زخم پر کھرنڈ — واحسرتا ہمارے ہی ناخن سے چھل گیا

مجلس کے رُکن دیکھتے ہی بلبلا اُٹھے
جس وقت اُن کے پاس خلافت کا بل گیا

---

۴ر اکتوبر ۱۹۲۶ء

Marfat.com

# چٹنی

ننکانہ کے مہنت کو قیدِ فرنگ میں
ملتی ہے چپڑی روٹیوں کے ساتھ کھیر بھی
لیکن ستم رسیدہ بخاری کو آج تک
چٹنی کے واسطے نہ ملا کوتھ میر بھی
یہ کیا نیا غضب ہے کہ ہڑتالیوں کے ساتھ
شامل ہیں "انقلاب" کے دونوں مدیر بھی
پیٹیں گے سر شفیع اب ان کی جفا کا ڈھول
اور ساتھ ہی پرانی وفا کی لکیر بھی
مجموعہ "انقلاب" کا اقبال و نون تھے
دونوں کی تاک میں تھا مگر چرخِ پیر بھی
ہم خود ہیں اپنے تین جرائم کے معترف
جاہل بھی ہیں ذلیل بھی ہیں اور فقیر بھی
پنجہ میں ہیں مہاجنوں کے بھی پھنسے ہوئے
اور چل رہے ہیں ہم پہ حکومت کے تیر بھی

---

۴ر فروری ۱۹۲۷ء

Marfat.com

# ڈاکٹر کچلو

مچا رکھا ہے غل پنجاب کے رجعت پسندوں نے
کہ دشمن قوم کے اور ملک کے ہیں ڈاکٹر کچلو

کوئی گالی نہیں ایسی جو اُن کو دی نہ جاتی ہو
مسلط ہو گئے ہیں جب سے مسلم لیگ پر کچلو

یہ تشنیع و پھبتی اُن پہ ہر محفل میں اڑتی ہے
کہ عیسیٰ ہیں اگر جینا تو ہیں عیسیٰ کے خر کچلو

کوئی فرطِ غضب سے کٹ کٹا کر دانت کہتا ہے
کچلنا چاہیئے جس کو ہے اُس فتنہ کا سر کچلو

کبھی پھیکی نہ پڑتی جلسۂ لاہور کی رونق
لگا دیتے اگر اُٹھ کر نہ کلکتہ کی کر کچلو

غرض جس رنگ میں دیکھو جہاں ڈھونڈو وہی ہیں
یہاں کچلو وہاں کچلو اِدھر کچلو اُدھر کچلو

یہ عزت پا نہ سکتے گر نہ اتنی گالیاں کھاتے
گن اُن کے گایئں گھر میں بیٹھ کر اب عمر بھر کچلو

---

Marfat.com

# نمدا

"بھیشم" کی پھلواڑی میں پروفیسر لالہ گلشن رائے ایم۔اے نے ۱۰ر جون کو ایک نیا گل کھلایا۔ اس کی بہار ملاحظہ ہو:۔

خواجہ حسن نظامی کے اخبار میں جو یہ خبر نکلی تھی۔ کہ "شدھ ہو جاؤ اور پسند کرلو"
وہ دراصل سخت دل آزار اور ہتک آمیز تھی اور بظاہر بے بنیاد۔ وہ نکلی بھی
بے سرو پا۔ جس کے لئے خواجہ صاحب کو اپنے اخبار میں گڑگڑا کر معافی
مانگنی پڑی۔ ہت ترے گیدی کی دُم میں نمدا۔

لالہ گلشن رائے اب تک نہ جانتے ہوں گے۔ کہ ان کی لا لایانہ نثر کے آخری فقرہ نے خود بخود ایک مصرعہ موزوں کی شکل اختیار کر لی۔ جس کی متر نمانہ برجستگی پر پہلا حق شاعری کا ہے۔ کہ وہ قیامت تک ان کے حصہ میں نہیں آ سکتی۔ پھر بھی ہم ان کے الفاظ کی کورانہ موزونیت کے ممنون ہیں۔ جس نے ذوقِ سلیم کو ذیل کا پھڑکتا ہوا ترانہ سجھا دیا۔ لالہ صاحب ناراض نہ ہوں۔ ہے یہ گنبذ کی صدا جیسی کہے ویسی سُنے:۔

سُندر ناریوں والی لاری — جب ہوئی ثابت اصل سے عاری
خواجہ نے فوراً کر دی تلافی — مانگ لی لالاؤں سے معافی
صبر انہیں لیکن پھر بھی نہ آیا — جاتی کا بچھڑا یوں ڈکرایا
ہت ترے گیدی کی دُم میں نمدا

Marfat.com

آریوں کی اس گالی کے صدقے — جاتی کی اس رکھوالی کے صدقے
خواجہ جو ہیں سچ بات کے عادی — وہ بھی نہ کر دیں کیوں یہ منادی
سن کے جسے سر پیٹ لیں لالہ — ہت ترے نخرے میں گرم مسالہ
ہت ترے گیدی کی دُم میں نمدا

آئی ہے جب سے دیس میں شُدّھی — ماری گئی ہے "جاتی" کی بُدھی
ہے کہیں لاٹھی ہے کہیں نٹّیں! — اُڑتی ہیں جن سے خون کی چھینٹیں
مار ترے ان غمزوں نے ڈالا — ہت ترے نخرے میں گرم مسالہ
ہت ترے گیدی کی دُم میں نمدا

جاتی اگر بس خود ہی نہ ہوتی — لالہ کی دھوتی ڈھیلی نہ ہوتی
پہلے جب اُس نے ہم کو ستایا — ہم نے بھی اُس کو ناچ نچایا
دل کا بخار اس طرح نکالا — ہت ترے نخرے میں گرم مسالہ
ہت ترے گیدی کی دُم میں نمدا

---

۱۴ جون ۱۹۲۷ء

Marfat.com

# میرزا ہادی علی بیگ اور پوجیہ پد مالوی جی

وطن سے نوکری کی جستجو میں
بنارس کو گئے ہادی علی بیگ
جہاں چرچا ہے گھر گھر ودیا کا
چڑھی رہتی ہے مایا کی جہاں دیگ

برستی ہے جہاں دولت چھنا چھن
پرکھتی ہے جسے جاتی "کھنا کھن"

بچارے میرزا ہادی علی بیگ
سنا کرتے تھے یاروں سے وطن میں
کہ سب کے پوجیہ ہیں مالوی جی
ہیں ساجھی خویش و اغیار ان کے دھن میں

ہیں شیخ و لالہ ایک اُن کی نظر میں
اگر ہوں ایک سے فضل و ہنر میں

یہ پوچھا آپ نے ایک راہرو سے
کدھر ہے مالوی جی کی حویلی؟
کہ لایا ہوں میں اُن کے پوجنے کو
عرب کی ودیا کے گڑ کی بھیلی

خدا شرمائے ایسے حسنِ ظن کو
جو حبل اللہ سمجھے سنگٹھن کو

Marfat.com

مغل تھے اور وہ بھی رام پوری — رگِ گردن میں اسلامی اکڑ تھی
اِدھر بازو میں تھا ترکانہ کس بل — اُدھر پنجہ میں افغانی پکڑ تھی

اُنہیں دیکھا تو "جاتی" کے مہابیر
یہ سمجھے سر پہ آپہنچی ہے تقدیر

جھروکے سے پکارے مالوی جی — نکالو اِس مُسلٹے کو یہاں سے
ملیچھوں کا مرے پھاٹک پہ کیا کام — اسے پہنچاؤ آیا ہے جہاں سے

لگے سرکار کی دینے دہائی
کہ ہے یہ دہلوی "غازی" کا بھائی

بنارس میں مچا کہرام گھر گھر — لرزنے لگ گئے شُدھی کے چیلے
یہی کہتا تھا ہر ہندو کہ ہے رام — بچا ہم کو کہ آپہنچے رہیلے

پولس کی دوڑ پہنچی سن کے یہ غل
کہ ہو جائے نہ شُدھی کا کہیں قتل

کیا قابو بچارے میرزا کو — کہ شاید کوئی خنجر ہو بغل میں
تلاشی میں مگر کچھ بھی نہ نکلا، — کھلی ساری حقیقت ایک پل میں

فضیلت کی سند تھی یا قلم تھا
یہی ملزم کا پستول اور بم تھا

Marfat.com

مگر بیکل تھے اب بھی مالوی جی — کسی ڈھب بندھنے پاتی تھی نہ ڈھارس

کہے جاتے تھے کیا معلوم تم کو — کہ یہ تغلق بھی ہو دراصل سارس

کئی دن تک رگیدا اور جھنجھوڑا

پولس نے جب کہیں مرزا کو چھوڑا

کوئی اس سادہ دل مسلم سے پوچھے — بھلا بُت خانہ میں تھا کیا ترا کام

گیا کیوں آستانِ کفر پر تو — ترے آگے تھی جب دہلیزِ اسلام

نہیں قشقہ لگا سکتا جبیں پر!

تو کر صبر اپنی ہی نانِ جویں پر!

---

۷؍ جون ۱۹۲۷ء

Marfat.com

# شُدّھی کی بُدّھی

یکایک کی ہے گُم پر ماتما نے
اِن اُوندھی کھوپری والوں کی بُدّھی
کہیں مُسلم بھی بن سکتا ہے کافر
کبھی مومن بھی ہو سکتا ہے شُدّھی

---

Marfat.com

# وہ چلی

ہم کو بھی کفن کے لئے مل جائے گا گاڑھا
گاندھی کو ہے گر خبط جلاہے کی نلی کا

انگریز کے حصے میں ہے بیٹ اور مٹن چاپ
اور بجزہ مسلماں کو ملا مونگ پھلی کا

شدھی ابھی آنے بھی نہیں پائی سبھا میں
اور شور ہے پہلے ہی سے برپا "وہ چلی" کا

بھوسا گئو ماتا کے لئے مالوی لائے
سانی کے لئے فکر ہے منجی کو کھلی کا

لالہ سے لِلائن کو ہے کیا کیا گلہ، لیکن
مضمون یہ ہے مولوی ممتاز علی کا

فطرت میں عرب ہوں تو سلیقہ میں عجم ہوں
اکبر کی زباں میں ہے تخیل جبلی کا

---

۷ر جولائی ۱۹۲۷ء

Marfat.com

# الصلح خیر

نواب ذوالفقار علی خاں کو چھیڑ کر — عزت رہی سہی بھی گنوا بیٹھے لاجپت
پھرتے ہیں دم دبائے ہوئے لومڑی کی طرح — پنجاب کیسری کی بنائی گئی وہ گت
بیگانہ عقل سے ہے بنارس میں مالوی — منجی کی ناگپور میں ماری گئی ہے مت
ہے "تیج" اور "ملاپ" میں نسبت قریب کی — وہ جھوٹ کا نچوڑ ہے یہ گالیوں کا ست
وہ "بندے ماترم" جو کبھی تھا وطن پرست — اب کانگریس کی کرنے لگا وہ بھی منقصت
دھرپت پہ گا رہا ہے دیانندیوں کے گن — بھیشم کو بھی سماتیوں کی پڑ گئی ہے دشمنت
ہندو سبھا کے کام نہ آئیں گے خشت و سنگ — چندا بیا پہ پڑ گئی ہے خلافت کی اک چپت
پرشوں کے سنگٹھن سے نہ جب کچھ بھی بن سکا — اب دیویوں کو کرنے لگے ہیں وہ سنگھٹت
ٹامی سے لڑ سکیں جسے ملتا ہے روز بیف — ہے دال کھانے والوں میں اتنی کہاں سکت
اے کفر کینہ جمع ہو تیرے ہی سینہ میں — اسلام کا حساب ہے اس بنک میں جلیت
آندھی ہے اُس کی ناک میں فضائے غضب کی — جس بھائی دان کے جھونپڑے کی آڑ ہیں چھت
"فوارہ چوں بلند شود سر نگوں شود" — شدھی میں بھی ہوئی ہے ودیعت یہی صفت

Marfat.com

کلکتہ تجھ کو شملہ سے بھیجا سری نواس | بنگر کہ از کجا بکجا می فرستمت
سُن لیں پیام ہم سے بھی "اصلح خیز" کا | وہ سب سناتنی جو ہیں بھگوان کے بھگت
سکھوں سے دشمنی کوئی اسلام کو نہیں | اسلامیوں کے بھائی ہیں جو خالصہ ہیں تت

"پرتاپ" کے لئے نہیں باقی بچا کوئی
تھی اتنے قافیوں ہی کی اس نظم میں کھپت

---

۱۲ر نومبر ۱۹۲۷ء

Marfat.com

# سائمن کمیشن

جب سے تجھ کو ہے دہلی میں فتنہ آرائی
بج رہی ہے لندن میں عافیت کی شہنائی

شامل ایک بھی ہندو جب نہیں کمیشن میں
اس سے بڑھ کے کیا ہوگی سنگھٹن کی رسوائی

اچھی بدشگونی ہے جس کی خاطر اپنوں نے
آپ ہی پرایوں سے اپنی ناک کٹوائی

اپنی آبرو کھوئی ہم نے اپنی باتوں سے
جب لڑے ہم آپس میں تیسرے کی بن آئی

آج لارڈ برکن ہیڈ ناچیں ناچ ننگنی کا
ہم کو بھائی پرمانند جان لیں اگر بھائی

آستیں میں بت رکھنا اور اسے خدا کہنا
کیا یہی مسلماں ہیں گرم لاف یکتائی

ماننا ہی پڑتا ہے لیگ کا رزولیوشن
گھر سے چل کے آیا ہے جب یہ معتبر نائی

---

۱۳ نومبر ۱۹۲۷ء

Marfat.com

# کونسلوں کے شیدائی

یہ سچ ہے کہ دلکش ہے تقریر تری
یہ مانا کہ حاصل تجھے ووٹ بھی ہے

شمار اور اعداد ہیں تجھ کو ازبر
بغل میں اجنڈے کی اک پوٹ بھی ہے

کسی مصلحت سے بہ تقلید گاندھی
کسا تو نے گاڑھے کا لنگوٹ بھی ہے

مگر اٹھ کے محفل کو جو تلملا دے
ترے دل میں اُس درد کی چوٹ بھی ہے؟

Marfat.com

# بصائر

## خدا کی شان

شاہد حکومت کی عشوہ آفرینی کو — آن مالوی لکھیے شانِ لاجپت کہیے
شنیچ جی گئے تھے آپ اُن کے آستانے تک — چاند پر وہاں رہے کس قدر چپت کہیے
رام راج کی ارتھی آج اُٹھنے والی ہے — دیجئے اسے کندھا "رام رام ست" کہیے

## بنارسی خشت پارے

جنہوں نے مسلمان کے سر کو تاکا — اڑیں جن سے اسلام کے خوں کی چھینٹیں
جو کوٹھوں سے اُچھلیں تو گلیوں میں ناچیں — وہ ہیں مالوی جی کے بھٹے کی اینٹیں

## مومن کی شان

سنگٹھنیے اس حقیقت سے ہیں شاید بے خبر — وہ جو مومن ہے کبھی کافر سے پٹ سکتا نہیں
ڈاکٹر منجی کے چیلے لاکھ سر پٹکا کریں — تا قیامت ہند سے اسلام مٹ سکتا نہیں

Marfat.com

# گیسو دراز ولیوں کی کرامتیں

## سوامی شردھانند کو خواجہ حسن نظامی کا متصوفانہ الٹی میٹم

میں اپنی کرامت کا جھنڈا جو کھڑا کردوں
اک رائی کے دانے کو پربت سے بڑا کردوں

چاہوں تو کروں پل میں خشکی سے تری پیدا
سوکھے ہوئے پیپل کی ٹہنی کو ہرا کردوں

قرآں کی فضیلت کو خود گائے سے منوا کر
گوسالہ پرستوں میں اک حشر بپا کردوں

کافر کو کروں مومن جھوٹے کو کروں سچا
پیتل کو طلا کردوں کھوٹے کو کھرا کردوں

بندر سے بنا لینا انسان کا آساں ہے
میں وہ ہوں کہ انساں کو اک دم میں گدھا کردوں

واعظ کی ضرورت کیا تبلیغ کی حاجت کیا
اس طرح جو میں حق سے باطل کو جدا کردوں

Marfat.com

# ہفت خوانِ ہند

ملیبار سے تا بہ اقصائے خیبر
ضیا بیز ہے مالوی جی کا جلوا

کہیں گائے کی پونچھ پر سر پھٹول
کہیں باجہ بجنے بجانے پہ بلوا

مسلمان بے چارہ کس کس سے نبٹے
اُدھر بیر بندا اِدھر بیر کلوا

کسی طرح نیچا دکھا دے جوان کو
تو موجود ہے پھر ہری سنگھ نلوا

نہیں بیرہن ہی کو ان سے شکایت
یہ کانٹے وہ ہیں جن سے چھلنی ہے تلوا

خدایا محمدؐ کی عزت کے صدقے
ہمارا بھی ایک ایک ارمان نکلوا

جو منجی کو متھرا کے لڈو دیے ہیں
بخاری کو بھی بخش دے من و سلویٰ

مسلماں کے بازو کو زورِ علی دے
حریفوں کی چھاتی پہ مونگ اس سے دلوا

---

۱۷ اگست سنہ ۱۹۲۷ء

Marfat.com

# گوشِ ہوش کو صلائے عام

دیئے ہیں کان خدا نے تو ان سے کام بھی لے
مہاسبھائیوں کے سنگٹھن کی ٹن ٹن سن
کہاں تک اور لنگوٹی میں پھاگ کھیلے گا
مہاجنوں کی بھری تھیلیوں کی چھن چھن سن
نبیؐ کے نام پہ کر کائنات کو قرباں
یہ قولِ سرورِ عالم جو ہے معن عن سن

---

۲۶ اگست ۱۹۲۷ء

Marfat.com

# گیٹی تھیئٹر لاہور

سرِ راہ اِک اشتہار آج دیکھا
کہ ناچیں گی شب کو مس اقبال پتلی
رسن سازیوں کے دکھائیں گی جوہر
بکے گی تھیئٹر میں جادو کی سُتلی
قلم کا تو سنسر نے سر کاٹ ڈالا
زباں کاٹ کر آپ کردیں گی تتلی
گریں گے زمیں پر سوارانِ تقویٰ
دکھائے گا چھل بل جو یہ خنگ ختلی

یہی مادیاں ہے تو لاہور والو
تمہاری تقدس کی گاڑی بھی جُت لی

---

۲۰ اکتوبر ۱۹۲۷ء

Marfat.com

# آریہ اخباروں کے مسلمان قلم کاروں کا ترانہ

لڈّو ہمیں کھلوا دو    ٹھرّا ہمیں پلوا دو    جانا ہے تھیٹر تک    کچھ پیسے بھی دلوا دو
پھر کرنے کو حاضر ہیں    ہم ہجو پیمبر بھی
اور حملہ خدا پر بھی    ہم پیٹ کے بندے ہیں
کعبہ کو مٹا دیجے    قرآں کو جلا دیجے    اسلام کی خاکستر    گنگا میں بہا دیجے
اُجرت ہمیں ملتی ہے    جب آریوں کے گھر سے
پرتاپ کے دفتر سے    روٹی کے یہ دھندے ہیں
ناموسِ عرب کیسا!    یثرب کا ادب کیسا!    بے مایہ جو ہو ایسا!    کعبہ کا وہ رب کیسا!
ہم رہتے ہیں بھارت میں    لچھمی کا جو زیور ہے
کان گہر و زر ہے    چاندی کے یہ پھندے ہیں
ہم بھوکے ہیں روٹی کے    محتاج لنگوٹی کے    روزی کیلئے مضمون    لکھ دیتے ہیں چوٹی کے
اسلام کے بے فکرے    چلاتے ہیں جھلا کر
اور ماتھے پہ بل لا کر    مضموں یہ گندے ہیں    گالی کے پلندے ہیں

---

۷ر نومبر ۱۹۲۷ء

Marfat.com

# رازہائے سربستہ

پوچھ لیتا ہے فرنگی بھائی سے بھائی کا راز
ایشیا میں ہے یہ اُس کی کارفرمائی کا راز

سلطنت قربان کی گوسالہ و ناقوس پر
آشکارا ہو گیا ہندو کی رسوائی کا راز

کھول دے گی سالِ نو کی فردِ اعزاز ایک دن
آستانِ شملہ پر اُن کی جبیں سائی کا راز

وجد میں ہندوستاں کو لائے ہیں یارانِ نجد
دیکھ لو اسلام کے جذبہ کی گیرائی کا راز

نشۂ توحید میں سرشار ہے ابنِ سعود
ہے فقط اتنا ہی اُس کی شان دارائی کا راز

آپ سب کچھ لے لیا کچھ بھی نہ یورپ کو دیا
جدہ کا مشتاق ہے سالار کی دانائی کا راز

بمبئی میں منتقل ہو مرکزیت کعبہ کی
تجھ سے چھپ سکتا نہیں کعبہ کے شیدائی کا راز

میرے نغمے ہیں نشاط افروز بھی جاں سوز بھی
ہے خود افشاں ان نواؤں کی دل آرائی کا راز

---

۱۴ نومبر ۱۹۲۶ء

Marfat.com

# الٹا ہوا ٹاٹ

اخبار پڑھ رہے تھے وہ بنگلہ میں پاٹ پر
اور ہو رہے تھے چیں بجبیں بائکاٹ پر

البتہ اس خیال سے تھے مطمئن کہ لیگ
لگ ہی گئی ہے بارہ مسالہ کی چاٹ پر

یہ فکر ساتھ ساتھ تھی لیکن لگی ہوئی
کچھ مشورے ہیں اور ہی راوی کے گھاٹ پر

اور نقشہ کھنچتے ہیں کسی گول میز کا
ہیں لیٹے ہوئے خلافتیے اپنی کھاٹ پر

مل کر الٹ نہ دے کہیں سارا وطن اسے
آنکھیں جمی ہوئی ہیں کمیشن کے ٹاٹ پر

---

۲۴ر نومبر ۱۹۲۷ء

Marfat.com

# لڈّو

چناخوانِ تخیّل رات نعمت خان عالی نے — اور اس پر چن دیئے نزدیک کے اور دور کے لڈو
صلا پھر اس طرح دی سر شفیع اور اُنکی ٹولی کو — سمجھتے ہو جنہیں تم لوگ موتی چور کے لڈو
تصور میں مزے لیتے رہو چند اور دن ان کے — کمیشن خود بتا دے گا کہ ہیں یہ بور کے لڈو
لئے متھرا کے پیڑے ہم نے لڑ کر مالوی جی سے
نمک خوارانِ لندن کو ملے کافور کے لڈو

---

۱۵ دسمبر ۱۹۲۷ء

Marfat.com

# سحر

سرفروشوں کے ہیں ہم سرآپ ہیں سرکار کے
آپ کا منصب ہے سرکاری ہمارا خانگی

فیصلہ کر لے گی دُنیا ہم میں افضل کون ہے
آیئے چل کر دکھا دیں اپنی اپنی بانگی

پاؤں میں زنجیر ہے زنداں سے گھبراتے نہیں
ہم محبّانِ وطن کا شیوہ ہے دیوانگی

عافیت کوشی ہے پہلے دن سے مسلک آپ کا
اور اسی میں مستتر ہے آپ کی فرزانگی

چھوڑ کر اپنوں کو غیروں کا دیا ساتھ آپ نے
بات ہے یہ عقل کی یا عقل سے بیگانگی

"مسلم خوابیدہ اٹھ ہنگامہ آرا تو بھی ہو"
چھوڑ دے اِس بزدلی کو اور دکھا مردانگی

---

۲۹ دسمبر ۱۹۲۷ء

# آزادی اور غلامی

آل انڈیا مسلم لیگ کے اجلاس کلکتہ کے موقعہ پر جس میں سائمن کمیشن کے مقاطعہ کا فیصلہ ہوا۔ اور سر شفیع کی جماعت نے اِس فیصلہ سے ناراض ہو کر اپنی مسلم لیگ الگ بنا لی۔

نہیں جن کو ملی توفیقِ اقدامِ عمل اب تک
ہے مرکز آج کل لاہور اُن رجعت پسندوں کا

ہمالہ سے بھی اونچا لگ رہا ہے ڈھیر راوی پر
وفاداری کے دفتر میں خوشامد کے پلندوں کا

کھلایا اُن کو جب سیندور فضلِ حق کی منطق نے
تو دینے لگ گئے کھسیانے ہو کر طعنہ چندوں کا

کلیسا کے یہ پٹھو قدر آزادی کی کیا جانیں
مقام اس جذبہ کا ہے دل حرم کے دردمندوں کا

مبارک رہتی دنیا تک غلامی ان کو غیروں کی
جنہیں کٹنا نظر آتا ہے دشوار اس کے پھندوں کا

وطن کی آبرو کے یہ حریف اچھی طرح سُن لیں
کہ ربِ کعبہ کو پیارا ہے ناموس اپنے بندوں کا

۲ جنوری ۱۹۲۸ء

Marfat.com

# بچّہ اور اُس کی انّا

مشرقی بچےؔ کی خاطر دایہ اصلاحات کی
لائی مغرب سے دو عملی کا اچھوتا جھنجنا
چائے پینے کے لئے جب اُس نے مانگی گول میز
کیتلی میں لائی پانی بھر کے وہ بھی کنکنا!
اس نوا میں ہے اگر تلخی اسے بیشک نہ سُن
اپنی انّا ہی کی میٹھی میٹھی لوری گنگنا

"مسلم خوابیدہ اُٹھ ہنگامہ آرا تو بھی ہو
وہ نکل آئی سحر گرم تقاضا تو بھی ہو"
(اقبال)

---

۱۲ جنوری سنہ ۱۹۲۸ء

Marfat.com

# گوری بلا

امریکہ کے بت خانے سے اندور کی خاطر
لائی ہے ترشوا کے ہوس ایک خدا اور

ہے کوئی جو اس بت کے پجاری کو بتا دے
مشرق کی ہوا اور ہے مغرب کی فضا اور

اک کالی بلا سے ابھی پیچھا نہیں چھوٹا
ساتھ اپنے لگا لائے وہ اک گوری بلا اور

ممتاز نے چھنوائی تھی اندور کی گدی
اب دیکھئے سوغات مرلائی ہے کیا اور

---

۱۹؍ جنوری سنہ ۱۹۲۸ء

Marfat.com

# داڑھی ہے تو غم کیا ہے

افسانۂ دیں کیسا افسونِ حرم کیا ہے
عیبوں کے چھپانے کو داڑھی مری کم کیا ہے
داڑھی ہے تو غم کیا ہے

پھنس جاتی ہے اک دنیا اس دامِ ریائی میں
اور میرے تقدس کے چرچے ہیں خدائی میں
داڑھی ہے تو غم کیا ہے

اس پردہ میں چھپ چھپ کر کرتا ہوں میں جاسوسی
دیتا ہے صلہ مجھ کو انگریز ہو یا روسی
داڑھی ہے تو غم کیا ہے

ازبسکہ مرے منہ پر لمبی سی یہ داڑھی ہے
سی-آئی-ڈی والوں سے چھنتی مری گاڑھی ہے
داڑھی ہے تو غم کیا ہے

اس کو جو منڈا ڈالوں کھل جائے بھرم میرا
جب تک یہ سلامت ہے کب رتبہ ہو کم میرا
داڑھی ہے تو غم کیا ہے

صورت میں مسلماں ہوں سیرت میں یہودی ہوں
اے ہم نفسو سمجھے! میرا یہ اشارہ بھی
راضی ہیں مسلماں بھی اور خوش ہیں نصاریٰ بھی
داڑھی ہے تو غم کیا ہے

Marfat.com

# رجعت پسندانِ لاہور کی طرف سے سائمن کمیشن کی حمایت

لاہور میں سائمن کمیشن کی آمد پر ۳۔ فروری ۱۹۲۸ء کو ہڑتال ہوئی۔ سر محمد شفیع سر ذوالفقار علی خاں اور سر عبدالقادر وغیرہ نے اس ہڑتال کو ناکام بنانے کے لئے اس مضمون کے اشتہار اپنے دستخطوں سے شہر کے در و دیوار پر چسپاں کرائے کہ ہڑتال مسلمانوں کے حق میں سخت مضر بلکہ مہلک اور خودکشی کی مترادف ہے۔ اس پر ذیل کے اشعار سپردِ قلم کیے گئے :-

مانگ کر احباب سے رجعت پسندی کی کدال
قبر آزادی کی کھودی لیڈرانِ قوم نے

دشمنانِ ہند کو خوش کرنے کی خاطر شکست
آپ اپنی فوج کو دی لیڈرانِ قوم نے

کاٹ لی پنجاب کی ناک آپ اپنے ہاتھ سے
آبروئے ملت کی کھو دی لیڈرانِ قوم نے

تھی ضرورت جس کو مرہم کی اس آئے زخم میں
سوئی اور الٹی چبھوئی لیڈرانِ قوم نے

ہند کے ناموس کی تذلیل سے لاہور میں
بھری انگلستاں کی گودی لیڈرانِ قوم نے

کہہ رہے تھے ڈاکٹر عالم یہ افضل حق سے آج
قوم کی لٹیا ڈبو دی لیڈرانِ قوم نے

۴ فروری ۱۹۲۸ء

Marfat.com

# وطن پرست اور سائنس پرست

سرکار میں ہے مرتبہ جن کا بڑھا ہوا
احرار کی نظر میں ہیں سب سے گھٹے ہوئے

اغیار کا مقابلہ کیا جب ہمارے دل
ہوں ایک دوسرے کی طرف سے پھٹے ہوئے

آیا ہمارا نام تو سرکار کے غلام
بولے کہ بدمعاش ہیں یہ سب پھٹے ہوئے

ہم زر بکف نہیں نہ سہی سر بکف تو ہیں
میدانِ جنگ میں ہیں ابھی تک ڈٹے ہوئے

وہ سائنس پرست ہیں ہم ہیں وطن پرست
ان دو پرستشوں کے ہیں حلقے بٹے ہوئے

کیا کم ہے یہ شرف کہ سبق "جی حضور" کا
کچھ ان سروں کی طرح نہیں ہم رٹے ہوئے

---

۱۷ر فروری ۱۹۲۸ء

Marfat.com

# لاہور کی سائمن نواز خواتین

سر جان سائمن کی ملاقات کا جنوں — کچھ پردہ دار بلبلیوں پر بھی سوار ہے
پوچھے کوئی کہ شرم تمہاری کدھر گئی — تہذیب ہند کا جو پرانا شعار ہے
چہرے سے کیوں نقاب یکایک الٹ دیا — انگریز اس کی لوٹ رہا کیوں بہار ہے
کیا ہم ہی آدمی ہیں کہ تم ہم سے منہ چھپاؤ — اور سائمن فرشتۂ پروردگار ہے
نامحرمی کے واسطے کیا ہم ہی رہ گئے — اور محرمانِ پردہ میں اُس کا شمار ہے

افسوس عورتوں سے بھی اُٹھنے لگی حیا
مٹی ہمارے ملک کی ہر طرح خوار ہے

---

۲۶ مارچ ۱۹۲۰ء

Marfat.com

# ٹوڈیوں کی کھیپ

انقلاب آیا ہے کیا پنجاب میں — ڈاکٹر نارنگ ٹوڈی ہو گئے
ڈنڈ پیلے سائمن کے سامنے — پی کے لیکن بھنگ ٹوڈی ہو گئے
جنگ میں پوشیدہ تھا سامانِ صلح — کرتے کرتے جنگ ٹوڈی ہو گئے
سَت بچنئے بن کے چھوٹو رام سے — سیکھ کر سب ڈھنگ ٹوڈی ہو گئے
اُن کے ساتھی جس قدر تھے دیس میں — دیکھ کر یہ رنگ ٹوڈی ہو گئے

ہڈیاں پنجاب کے ناموس کی
کر کے نذرِ گنگ ٹوڈی ہو گئے

---

۱۱ر اکتوبر ۱۹۲۸ء

Marfat.com

# مشیر حسین قدوائی

لاجپت رائے سے وہ عشق ہے قدوائی کو
کسوت او راسترے سے بھی جو نہیں نائی کو

دیتے ہیں گاندھی و نہرو پہ بھی ترجیح انہیں
دیکھئے جا یئے مشق سخن آرائی کو

کعبہ ہی میں نہیں گرجا میں بھی ہے ایک خدا
کر دیا جس نے ہمالہ سے بڑا رائی کو

---

Marfat.com

# پردہ اور نہرو رپورٹ

زمیندار اور کرے تائید اُٹھ کر بے حجابی کی
یہ وہ الزام ہے جس پر ہماری عقل حیراں ہے
کب اس ارشادِ پیغمبرؐ سے ہم نے کی ہے سرتابی
کہ پردہ میں حیا ہے اور حیا سے قائم ایماں ہے

۱۲ر اکتوبر ۱۹۲۸ء

Marfat.com

# مُسلم اوٹ لُک کا پیغام

عالموں اور صوفیوں کا سیزدہ صد سالہ فرض — دے رہا ہے آج کل انجام مُسلم اوٹ لُک
کہہ رہا ہے سجدہ کرنا ہے تو کر اللہ کو — پر کسی حالت میں شادی لال کے آگے نہ جُھک
تیرے آگے ہے رسُول اللہ کا نقشِ قدم
امر بالمعروف سے اور نہی منکر سے نہ رُک

Marfat.com

# لاہور میں سر جان سائمن کا استقبال

سواگت ہے نرالا سائمن کا
پھٹا آتے ہی گولا ڈھائی من کا

یہ گولا ماسکو کا بم نہیں ہے
مگر اس بم سے کچھ بھی کم نہیں ہے

یہ وہ گولا ہے جس کا نام مس میو
لیا کرتی ہیں پڑھ کر بم مہادیو

جو گندھک اس کی بندے ماترم ہے
تو شورا اس کا غوغائے حرم ہے

ہر اک گوشہ سے گول انداز نکلے
لئے سر ہاتھ میں سرباز نکلے

پرے باندھے ہوئے احرار آئے
وطن اور قوم کے سردار آئے

ملا ہے منہ پہ آزادی کا غازہ
غلامی کا نکلتا ہے جنازہ

ڈر انگریزوں کا ہے جن کے دلوں میں
وہ ٹوڈی گھس گئے اپنے بلوں میں

ہوئیں کیا پھبتیاں آج انقلابی
کہاں ہے آج مذہب پہ رکابی

کدھر ہیں اب یہ بدخواہانِ ملت
بڑی کیا اس سے ہوگی ان کی ذلت

کہ پہرے میں پولس کے سائمن ہے
اور اِن پہ شہر سارا خندہ زن ہے

یکم نومبر ۱۹۲۸ء

Marfat.com

# جواہر لال نہرو کی گرفتاری

جواہر لال نہرو کی گرفتاری مبارک ہو
وطن کو جنگِ آزادی کی تیاری مبارک ہو

شراب خانہ ساز آئی ہے مشرق کے خمستاں سے
قدح خواروں کو اس صہبا سے سرشاری مبارک ہو

نمک غیروں کے گھر کا کھائیں بیشک شوق سے ٹوڈی
ہمیں اب اپنے ہی گھر کی نمک خواری مبارک ہو

کسی کی آنکھ کی رونق ہو سرمہ خاکِ دہلی کا
کسی کو خاکِ لندن کی پرستاری مبارک ہو

چُنو لندن میں جا کر سائمن کی میز کے ریزے
تمہیں آدھی مبارک ہو ہمیں ساری مبارک ہو

مبارک باد دے کر کہہ دو ان رجعت پسندوں سے
تمہیں جھگڑا مبارک ہو ہمیں لاری مبارک ہو

Marfat.com

# پنڈت نانک چند کی سائمن پوجا

مسلمانوں میں بیشک ہے وفا کا جذبہ نوروں پر
اور اِس نظمِ مرصع کا شفیعی بند ٹوڈی ہیں

نہیں ہے ہندوؤں میں بھی کمی اِن ست بچنیوں کی
مگر اِن سب میں نامور یہاں کے چند ٹوڈی ہیں

ہے یوں تو سائمن کو پوجنا سب کا دھرم لیکن
گرو گھنٹال اِس جاتی کے نانک چند ٹوڈی ہیں

کھلے ٹوڈی نرندر ناتھ ٹھیلے ہیں جو کھُل کھُل کر
منوہر لال بھی ٹوڈی ہیں لیکن بند ٹوڈی ہیں

ہے اُن کا پیٹ بھیداُن کا تو پیپل کو ڈویدا اُن کا
اِسی کا ارتھ کرتے کرتے آج آنند ٹوڈی ہیں

خوشامد کے صلہ میں ہم بھی گوکل چند بن جائیں
اسی سیڑھی پہ چڑھ جانے کے خواہشمند ٹوڈی ہیں

---

۱۴ نومبر ۱۹۲۸ء

Marfat.com

# لاجپت رائے کی آخری فرمائش

لاجپت رائے نے تقدیر سے فرمائش کی
کہ مجھے چاہئے آہنگرِ لاہوت کی میخ
ہر وہ ضرب اُس کے بدن پر جو پڑی لاٹھی سے
بن گئی دولتِ انگلیش کے تابوت کی میخ
ٹھونکنے کے لئے صندوقِ ملوکیت میں
آگئی لے کے قضا ساعتِ موقوت کی میخ
شیخ کی رائے میں لائے ہیں اسے عزرائیل
برہمن کے لئے یہ میخ ہے یمدوت کی میخ

ٹوڈیوں کا بھی یہی حشر ہے تابوت میں خواہ
کیل سونے کی ہو اور ریزۂ یاقوت کی میخ!

---

۲۷ نومبر ۱۹۲۸ء

Marfat.com

# بچہ سقّا

لقب سقّے کو کب شایاں ہے ہزرائل مجسٹی کا
خطاب اُس کے لئے موزوں ہے ہزلائل مجسٹی کا

وہ کہتے ہیں کہ یہ سقّہ حبیب اللہ غازی ہے
بقول اقبال کے بیشک وہ چمڑے کا حجازی ہے

یکایک پھر بدلتی ہے ہوائے چرخ زنگاری
وفاداروں میں شامل ہو گئے غدار شنواری

مری آنکھوں میں ہیں مغرب کے استعمار کی چالیں
چھپی جیبوں میں ہیں یہ درہم و دینار کی چالیں

پڑھے اللہ اکبر کہہ کے افریدی و مہمندی
پولس اللہ کی کرنے چلی سقّے کی دربندی

ہماری عقل کی شوکت علی توہین کرتے ہیں
لگی ہے گھر میں آگ اور صبر کی تلقین کرتے ہیں

چلے اللہ والے ٹالنے کابل کی آفت کو
ادھر میلاد کی سوجھی ہے بابائے خلافت کو

عجب خاں نے سنا ہے سقّے کو پستول سے مارا
عجب کیا ہے جو ہوں یوں ہی مسلمانوں کے پوبارا

۲۳ جنوری ۱۹۲۹ء

Marfat.com

# چندہ کا صحیح مصرف

لکھا ہے "خلافت" نے کہ چندہ کی ضرورت
ہرگز نہیں قندھار کے ارباب وفا کو
قندھار کو جانا بھی نہیں مصلحتِ وقت
کیا جانئے منظور ہو کیا ان کی ادا کو
مانا کہ فرح بیز ہے غزنی کی فضا بھی
کیا پہنچے گی چوپائی کی جاں بخش ہوا کو

چندہ ہی اگر آپ کو دینا ہے تو صاحب
دلوائیے کچھ آج خلافت کے گدا کو

---

۲۳ مارچ ۱۹۲۹ء

Marfat.com

# آئینہ

پوچھا انہوں نے ہنس کے یہ مجھ سے براہِ طنز
جب کرنے آئے جیل کا اک دن معائنہ
کیسی ہے اور کہاں ہے حکومت کی شیطنت
مَیں نے کیا جواب میں پیش اُن کو آئینہ

Marfat.com

# بُرے دِن

شور بازار کے مُلّا سے کہا سقّے نے
تیرے اور میرے مقاصد کے بُرے دن آئے

تجھے کہتے ہیں ضراری مجھے اِستمائی
مرے ہیکل تری مسجد کے بُرے دن آئے

تو جہالت کا مُرید اور میں رذالت کا عبید
تیرے پیر اور میرے مرشد کے بُرے دن آئے

ہم سے شیخ اور برہمن کو ہے یکساں پرخاش
ہم اسیرانِ شدائد کے بُرے دن آئے

جن کو دیں کرکے مرے حلق میں ٹھونسا تو نے
تیرے اِن سارے عقائد کے بُرے دن آئے

سینہ کوبی میں ہیں بابائے خلافت مصروف
جن کے اک "مرد مجاہد" کے بُرے دن آئے

پگڑیاں جن میں شریفوں کی اُچھالی جائیں
اُن بد انجام جرائد کے بُرے دن آئے

---

۲۳ر جون ۱۹۲۹ء

Marfat.com

# ملّائے شور بازار

شور بازار کے مُلّا پہ خدا کی پھٹکار — اس سے بچ جائے تو پھر آلِ عبا کی پھٹکار
گرم بازار کیا فتنہ و شر کا اس نے — مومنو! اس پہ امام شہدا کی پھٹکار
دشمنِ دینِ مبیں ہے ادب اس کا کیسا — اس پر اسلام کی عزت کی بقا کی پھٹکار
جو نصاریٰ کی موالات کو ٹھہراتے ہیں کفر — اس پہ ان سب فقہا اور علما کی پھٹکار

اس کے سر کے لئے افغان کی خاک سطوت
لائی ہے شوخیِ نقشِ کفِ پا کی پھٹکار

---

۵ر فروری ۱۹۲۹ء

Marfat.com

# مطائبات

اگر بالشت بھر داڑھی ہی ایماں کی علامت ہے
تو پھر فرمایئے سکھوں کو مومن کیوں نہ سمجھیں ہم

سواری حضرتِ واعظ پہ گانٹھی ایک انجھر میں
جنابِ لارڈ ڈارون کو بڑھا جن کیوں نہ سمجھیں ہم

زمین انگریز کی اور حکم بابائے خلافت کا
اندھیرے کو اُجالا رات کو دن کیوں نہ سمجھیں ہم

بحکمِ شرع ہی دیں کے ستوں ٹوڈی بنے ہوں گے
تو پھر ان کے معائب کو محاسن کیوں نہ سمجھیں ہم

گئے بن ٹھن کے ملنے محتسب سے حضرتِ واعظ
پھر اس بڈھے کو اک معشوق کمسن کیوں نہ سمجھیں ہم

نصاریٰ سے جنہوں نے رشتہ جوڑا ہے نیا ان کو
مسلمانوں کی بربادی کا ضامن کیوں نہ سمجھیں ہم

ہیں جانبدار لیکن غیر جانبدار بنتے ہیں
پھر ایسے مسخروں کو تیرہ باطن کیوں نہ سمجھیں ہم

---

۱۲ اپریل ۱۹۲۹ء

Marfat.com

# بابائے خلافت اور کامریڈ شوکت عثمانی

اک طرف جلوہ نما شوکت نصرانی ہے
اک طرف چہرہ کشا شوکتِ عثمانی ہے
اک طرف لیگ کی اک قاش ہے اور چکر کا دُو
اک طرف لختِ دل اور آنسوؤں کا پانی ہے
اک طرف روح میں خوشنودیِ تثلیث کا ذوق
اک طرف قیدِ نصاریٰ کی گرانجانی ہے
اشتراکیت اور اسلام کے اس معرکہ میں
دیکھئے کس کے حلیفوں کی فراوانی ہے

بمبئی سے کہیں لے جائے نہ بازی میرٹھ
سائمن کے لئے اتنی ہی پریشانی ہے

---

۲۰ مئی ۱۹۲۹ء

Marfat.com

# پبلک سیفٹی بِل

نہ بم سے ڈرا اور نہ پستول سے — ہے جیوٹ بلا کا ہمارا پٹیل
معاً سیفٹی بِل کو ٹھکرا دیا — منڈھے چڑھنے پائی نہ ارون کی بیل
تھا اپنی ہی مجلس میں اپنا دیا — تھی اپنی ہی بتی اور اپنا ہی تیل!
وہی آج ہے رہ نمائے وطن — جو ہرگز نہ ہو جان بل کا دبیل
مسلمان بھی ہو یوں ہی سربکف — تو ہوتا ہے آج اس کا ہندو سے میل
وہ اس وقت اسلام کا نام لے — ڈرائے جب اُس کو نہ پھانسی نہ جیل
حرم تک مگر جائے کیوں کر وہ اونٹ — کلیسا نے تھامی ہو جس کی نکیل
محمد علی اس سے سیکھیں سبق — نہ سمجھیں ریاست کو بچوں کا کھیل
یہ کھیل آپ کھیلے مگر اس طرح — کہ غلّا ہیں آپ اور حکومت غلیل

سلامت رہے اس کا خوانِ کرم
اور اُس خوان پر چار کی ریل پیل

۱۳ اپریل ۱۹۲۹ء

Marfat.com

# کیا ابوالکلام آزاد اسلام فروش ہیں

ہے جن کو یاد رام کی اسلام دشمنی
بھولے ہیں کیوں وہ شام کی اسلام دشمنی

اُس کا عناد نام کی اسلام دشمنی
اس کا فساد کام کی اسلام دشمنی

رام اور شام کو بھی مگر ہے کہاں نصیب
ٹوڈی بدلگام کی اسلام دشمنی

ہے شعر فہمی آپ کی سمجھے ہوئے ہیں آپ
جس کو ابوالکلام کی اسلام دشمنی

کیا انقلاب ہے کہ ہو آزاد کے حریف
انگریز کے غلام کی اسلام دُشمنی

---

۲۵ اپریل ۱۹۲۹ء

Marfat.com

# خدا اور بت

اک روز میں نے عرض یہ سرکار سے کیا
اے وہ کہ مجھ کو تجھ سے مجالِ سخن نہیں

اے وہ کہ ہے زمیں تری ہیبت سے دم بخود
اور آسماں کو حوصلۂ دم زدن نہیں

اے وہ کہ تیرے غمزۂ خنجر گزار کو
پروائے جانِ شیخ و دلِ برہمن نہیں

اے وہ کہ تیرے دور میں قانون کا ادب
شرمندۂ روایتِ عہدِ کہن نہیں

سنتا ہوں میں کہ تیری مساوات بے بدل
منت پذیر فرق الہ و دشن نہیں

پھر کیوں خدا کے گھر ہی کو ڈھایا حضور نے
بت پر حضور کس لئے بولے بزن نہیں

لارنس کا مجسمہ کیوں منہدم نہ ہو
کیا اس کے واسطے کوئی مشین گن نہیں

ملزم یہ بت بھی ہے جو خدا ہے قصوروار
اس کا بھی اعتراض سے خالی چلن نہیں

ٹالا مرے سوال کو اس عذرِ لنگ سے
سرکار سے جواب کچھ آیا جو بن نہیں

انگریز وحشیانہ تعصب سے پاک ہیں
محمود غزنوی کی طرح بت شکن نہیں

Marfat.com

# فن لابہ گری کے امام

اسلام سرنگوں نہ ہو کیوں اُن کے سامنے
تھامے ہوئے ہوں جن کا علم سر عمر حیات

ملتی رہی ہے جس کو ہمارے لہو کی بھینٹ
ہیں اس صنم کدہ کے صنم سر عمر حیات

کعبہ سے جب سوا ہے کلیسائے سینٹ پال
پھر کیوں کریں طوافِ حرم سر عمر حیات

انگریز ہی کے غم سے نہ جب مل سکے نجات
کیا کھائیں اپنی قوم کا غم سر عمر حیات

لندن میں پھر رہے ہیں کہ رکھ لیں کسی طرح
سرجان سائمن کا بھرم سر عمر حیات

اروں کو فخر کیوں ہے ہری سنگھ گوڑ پر
کیا اُن سے کچھ وفا میں ہیں کم سر عمر حیات

گر شیوہ اس ذلیل خوشامد کا چھوڑ دیں
ہم پر کریں بڑا ہی کرم سر عمر حیات

اس سے ہزار بار ہے بہتر کہ دت کی طرح
جھولی میں ڈال لیں کوئی بم سر عمر حیات

---

۱۶ مئی ۱۹۲۹ء

Marfat.com

# مارننگ پوسٹ لندن

مارننگ پوسٹ نے بھیجی ہے یہ برقی دھمکی
آپ کی گردن اڑا سکتے ہیں تلوار سے ہم

مدعی سلف گورنمنٹ کے ہیں جو احرار
انہیں تعبیر کیا کرتے ہیں اشرار سے ہم

ہند کی شوخیٔ تقریر کا معقول جواب
دیں گے اور دیتے ہیں تلوار کی جھنکار سے ہم

نہیں شوریدہ سروں سے ہمیں کچھ بھی سروکار
کام رکھتے ہیں رعایائے وفادار سے ہم

مارننگ پوسٹ کو پہنچے یہ ہمارا بھی پیام
ڈر نہیں سکتے کسی آپ کی للکار سے ہم

ہم رعایا ہیں خدا کی جو ہے رحمان و رحیم
نہ ڈریں گے کسی سفاکِ ستمگار سے ہم

ہے پیمبر کی غلامی ہمیں سرمایۂ ناز
پا رہے ہیں یہ وظیفہ اسی دربار سے ہم

درسِ عبرت کبھی قیصر نے پڑھایا ہم کو
سُن چکے ظلم کا انجام کبھی زار سے ہم

بات جو حق ہے زبانوں سے وہ نکلے گی ضرور
باز آئیں گے حقیقت کے نہ اظہار سے ہم

وعدہ اللہ کا گر سچ ہے اور اس میں نہیں شک
تو نکالیں گے یہ زہر دہنِ مار سے ہم

لَاتَخَفْ کی ہے قبا زینت دوشِ مسلم
نہیں اب تک پھرے اس عہد اس اقرار سے ہم

رشتۂ مہر و وفا ساتھ ہی اُس کے لیکن
توڑ سکتے نہیں اسلام کی سرکار سے ہم

Marfat.com

گر خلافت کی صیانت میں ذرا بھی خلل آئے
نہ ڈرے ہیں نہ ڈریں گے رسن و دار سے ہم

جس میں اسلام کی اجڑی ہوئی شوکت کام آئے
کام رکھتے نہیں اُس قصرِ طلا کار سے ہم

جام ٹوٹا ہے تو کیا جامِ سفالیں ہی تو ہے
اور لے آئیں گے اسلام کے بازار سے ہم

ہند میں رشتۂ اسلام ہے اس سے محکم
پھر نہ کس واسطے مانوس ہوں زنار سے ہم

آپ تلوار کی دھمکی ہمیں کیوں دیتے ہیں
خوب واقف ہیں گورمنٹ کے اسرار سے ہم

جبر کا عہد گیا وقتِ مدارا آیا!
اور سنتے ہیں یہ باتیں در و دیوار سے ہم

جلیانوالہ کا افسانہ ہوا خواب و خیال
خوں کے دریا کی نکل آئے ہیں منجدھار سے ہم

نثر میں آپ دکھاتے ہیں چمک خنجر کی
کھولتے ہیں رگِ جاں نشترِ اشعار سے ہم

آپ کیا چیز ہیں اور آپ کی منطق کیا چیز
مہرباں آج سے باز آئے اس اخبار سے ہم

---

یکم مارچ سنہ ۱۹۲۳ء

Marfat.com

# محافظین حقوق اسلام

اسلام کے حقوق کی مٹی خراب ہو　　　گر کفر سے نہ دست و گریباں "ہو انقلاب"
سب سے بڑا یہ حق ہے کہ یوم النشور تک　　　فارغ ہو احتساب سے پنجاب میں شراب

فیروز خان نون حکومت کا ساتھ دیں
جب لات سے وہ مُلک کو دے بات کا جواب

---

Marfat.com

# چونے کی بوری

توقع خیر کی رکھو نہ لبرل سے نہ ٹوری سے
کبھی آٹا نکل سکتا نہیں چونے کی بوری سے

یہ فن سازانِ مغرب گرچہ اپنے فن میں یکتا ہیں
نہ سیکھا باندھنا ہم کو مگر احساں کی ڈوری سے

ڈگر بھی ہے وہی لاٹھی بھی اب تک ہے وہی انکی
حکومت کیا کرے معذور ہے آنکھوں کی کوری سے

لگی ہیں آگ لگنے کا تجھے اے مدعی غم کیا
کہ کتا آگ لگتے ہی نکل جاتا ہے موری سے

یہ چنگاری جو ملتان اور امرتسر میں سلگی ہے
چرا لائے ہیں شاید مالوی جی چورا چوری سے

یہ دولت مانگنے سے آدمی کو مل نہیں سکتی
گر آزادی کی خواہش ہے تو چھینو سینہ زوری سے

Marfat.com

# کنایات و تصریحات

پردۂ خاور سے نکلا اک نیا "مہرِ منیر"
آنکھ جس کے "انقلابی جلوہ" سے "نوری" ہوئی

حُسن کی "نعمت" ہوئی ارزاں بحکمِ قادیاں
پھر بہار آئی خدا کی بات پھر پوری ہوئی

لگ گئی شاخِ صحافت میں تصوف کی قلم
شانِ رسوائی سے پیدا آنِ مستوری ہوئی

مر مٹے مِلّت کی عزت پر بھگت سنگھ اور دت
زندہ جن کے نام سے تحریکِ جمہوری ہوئی

کوئی مٹی کا دیا بازار سے آجائے گا
کیا ہوا گر بزم میں گُل شمع کافوری ہوئی

قیدیوں کی جان فاقوں سے لبوں پر آگئی
جب کہیں خونِ جگر کھانے کی منظوری ہوئی

تھی فقط دو گز کفن کی مستحق پایانِ کار
ان کی فغفوری ہوئی یا میری مزدوری ہوئی

یہ نہ سمجھو اس میں ہے کچھ بھی قصورِ اسلام کا
ہم کو آزادی کی منزل سے اگر دوری ہوئی

یوں ہی گر قائم رہا آئینِ بیدادِ فرنگ
دیکھ لینا اس حکومت کو کہ دستوری ہوئی

---

۲۰ جولائی ۱۹۲۵ء

Marfat.com

# گنگا اور زمزم

اُدھر ہیں ڈاکٹر مُنجی اِدھر ہیں ڈاکٹر عالم
اُدھر گوبر اِدھر عنبر اُدھر گنگا اِدھر زم زم

یہاں حق کی عملداری وہاں باطل کی سالاری
یہاں طوفاں وہاں تنکا یہاں سورج وہاں شبنم

مسلماں سے چہ غم اور خالصہ جی سے چہ خوش سُن کر
پکارے مالوی جی بندرابن "سے مرے سو ہم"

مسلمانوں نے مارا مل کے جب اک یثربی نعرہ
دھری رہ جائے گی ہندو سبھا کی گوکلی سرگم

---

Marfat.com

# لالہ و نافرمان

چت ہوئی مذہب کی کوڑی اور کبھی پٹ ہوگئی
اک ہوا ایسی چلی داڑھی صفاچٹ ہوگئی

ہو نہیں سکتا کہ راج اُس دیس کا چوپٹ نہ ہو
راج ہٹ سے جس میں تریاہٹ کی کھٹ پٹ ہوگئی

مسکرا دیتے ہیں گاندھی دیکھ کر یورپ کا حال
ایشیا میں جس کی ہر تدبیر تلپٹ ہوگئی

ٹاٹ مغرب میں گیا سرمایہ داروں کا الٹ
کھاٹ مزدوروں کی مشرق میں چھپر کھٹ ہوگئی

توپ کی دوں دوں پہ بھی چھکے گئے لندن کے چھوٹ
بمبئی چرخے کی چرخ چوں پہ چوپٹ ہوگئی

چوستی آئی ہے جو ہر جگ کے راون کے لہو
پھر وہ کالی آج کلکتہ میں پرگٹ ہوگئی

بسکہ رگڑی سو برس تک ٹوڈیوں نے اس پہ ناک
بے نشاں سرکار کے بنگلے کی چوکھٹ ہوگئی

تیز تھی پہلے ہی کیا کم قادیاں کی مادیاں
ایڈ اردن کا بتانا تھا کہ فروٹ ہوگئی

ٹیڑھیاں گر وہ سناتے ہیں تو یہ تہذیب ہے
کانگریس نے بات سیدھی کی تو منہ پھٹ ہوگئی

ڈاکٹر اقبال کی تقدیر الہ آباد میں
چکر او چینا کے سمجھوتے کا مرگھٹ ہوگئی

دختر رز گرچہ پہلے بھی غضب کی تھی شریر
پڑ کے بھولا رام کے گھر اور نٹ کھٹ ہوگئی

کس طرح یہ دیس رہ سکتا ہے غیروں کا غلام
ہر زباں پہ جاری آزادی کی جب رٹ ہوگئی

قید سے جس دن رہا ہوں گے اسیرانِ فرنگ
دیکھ لینا تم کہ قلعے انہوں میں جھٹ پٹ ہوگئی

میری پھلواڑی میں لالہ بھی ہے نافرماں بھی ہے
جس کی آرائش ہمیں سے تا بہ سلہٹ ہوگئی

۲۵ دسمبر ۱۹۳۰ء

Marfat.com

# سفینۂ اسلام

بجواب "پرتاپ" مورخہ ۱۲ نومبر ۱۹۳۱ء

یک رنگ ہے سفینۂ اسلام کا سوار — ہوں گے وہ اور جن کے ہیں دو کشتیوں میں پاؤں
میں وہ نہیں کہ منہ ہو سفید اور دل سیاہ — ہو اور ہی کسی کو مبارک یہ دھوپ چھاؤں
میں شیر ہوں جو گونج رہا ہوں کچھار میں — بلّی نہیں جو گھر ہی میں کرتی ہے میاؤں میاؤں

کہتی ہے یہ پولس کہ نکل جاؤ شہر سے
اب جا کے ہم بسائیں گے جنگل میں کوئی گاؤں

---

۱۳ نومبر ۱۹۳۱ء

Marfat.com

# شملوی سہرا

شملہ حکومت ہند کا تابستانی مستقر ہے اور از بسکہ ایک دلفریب نزہتگاہ ہے۔ اس لئے مجھ جیسے آوارہ مزاج لوگ بھی جنہیں نہ کونسلوں سے دلچسپی ہے نہ وسیرائے کے آستانہ کے طواف کا شوق محض تفریح و تفرج کے خیال سے اس سرد سیر مقام کی بلندیوں تک پہنچ جاتے ہیں تاکہ میدانوں کی اعضا کو مضمحل اور روح کو تحلیل کر دینے والی گرمی سے کچھ دن کے لئے نجات مل جائے۔ چند دن ہوئے یہی خیال مجھے کشاں کشاں شملے لے گیا۔ ایک دن مجھے اپنے پرانے مخدوم مولانا غلام محمد شملوی[1] (سفیر ندوۃ العلماء) کی طرف سے ایک دعوت کا رقعہ موصول ہوا۔ آپ کی تیسری عروسی کی مسرت افزا تقریب تھی ممکن نہ تھا کہ یہ دعوت رد کرتا۔ احباب نے فرمائش کی کہ مولانا کا سہرا لکھا جائے میں نے قلم اٹھایا اور ذیل کے اشعار رقعہ دعوت کی پشت کے حوالے کر دیئے۔

زمانہ میں چمکا ہے نام محمدؐ ہوئی روکش صبح شام محمدؐ
نہ پہنچے وہاں جبرائیل امیں بھی بلند اس قدر ہے مقام محمدؐ
مرا منہ لیا چوم روح الامیں نے لیا میں نے جس وقت نام محمدؐ

[1] افسوس صد ہزار افسوس کہ پچھلے دنوں مولانا رحلت فرما گئے۔ عجب زندہ دل بزرگ تھے خدا بزرگ و برتر غریق رحمت کرے۔

Marfat.com

پلایا ہے بھر بھر کے ساقی نے مجھ کو — خدا کے خمستاں سے جامِ محمدؐ
فقط دو حقائق پہ دنیا ہے قائم — بقائے خدا و دوامِ محمدؐ
یہ مجلس جہاں شور ہے وانکھو کا — ہمیں دے رہی ہے پیامِ محمدؐ
جواں دل ہیں اس واسطے کر رہے ہیں — بڑھاپے میں شادی غلامِ محمدؐ
ہے ثنیٰ سے آئی ثلاثہ کی نوبت
کہ ان کو یہ ہے اذنِ عامِ محمدؐ

---

## پھلجھڑی

اس پھبے پر سخن شناسوں کی طرف سے تحسین کے دونگڑے برس گئے اور پے بہ پے تقاضے ہونے لگے کہ دو ایک اشعار ابھی اور ہو جائیں خواہ زمین کوئی دوسری ہی ہو۔ میں نے ارتجالاً عرض کیا:۔

بھری محفل میں یہ مصرع پڑھا میں نے شرارت سے — نہیں یہ مولوی خالی ہوا اب تک حرارت سے
ملی ہے ایک چھنڈا سی دلہن حضرت کو شملہ میں — کم از کم فائدہ یہ تو ہے ندوہ کی سفارت سے

اس کے بعد کچھ شعر ذرا زیادہ عریاں تھے

نہیں باقی کہ اشعار اس لئے لکھے یہاں میں نے — کہ سنسر طیش میں آجائے گا میری عبارت سے

---

# نوحے

Marfat.com

# خلد آشیاں سراج الدین احمد خان بانی "زمیندار"

## المتوفی ۶ر دسمبر ۱۹۰۹ء

وہ اپنے فن میں ملک کے اندر یگانہ تھا
یکتائے روزگار و وحید زمانہ تھا

حکم قضا سے چارہ نہیں ہے مگر ابھی
پیمانہ اس کی عمر کا پورا بھرا نہ تھا

ایسی کچھ اس نے عمر زیادہ نہ پائی تھی
اتنا ہی لیکن اس کو ملا آب و دانہ تھا

ہمت کے اعتبار سے تھا ہم سر فلک
یوں دیکھنے میں گرچہ قد اس کا میانہ تھا

اس کے قلم پہ ختم تھیں جادو نگاریاں
ہر نکتہ اس کا ایک دل آرا فسانہ تھا

تھی اس کے لاگ میں بھی ادا اک لگاؤ کی
اس کے سوا یہ رنگ کسی اور کا نہ تھا

اس کی زباں ہمیشہ رہی ترجمانِ دل
اس واسطے کبھی وہ کسی سے دبا نہ تھا

ان صاف گوئیوں کی بدولت تمام عمر
جتنا کہ چاہیئے تھا وہ اتنا بڑھا نہ تھا

طبع غیور دی تھی خداوند نے اسے
آگے کبھی کسی کے سر اس کا جھکا نہ تھا

نیت میں راستی تھی ارادہ میں تھا خلوص
اس کے کسی خیال میں شامل ریا نہ تھا

رکھتا وہ دشمنوں کی طرف سے نہ تھا عناد
ملتا وہ دوستوں سے اگر مخلصانہ تھا

Marfat.com

وہ بیکسوں کے واسطے بنتا رہا سپر
اور سرکشوں کے حق میں وہ اک تازیانہ تھا

تھا مقدرت سے بسکہ وہ بڑھ کر کشادہ دل
کچھ جمع اپنے واسطے اس نے کیا نہ تھا

سمجھے ہوئے تھے اہل وطن پیشوا اُسے
سرکار سے خطاب اُسے گو ملا نہ تھا

دہقاں کی ناؤ موج میں تھی ڈگمگا رہی
جب تک کہ اس سفینہ کا وہ ناخدا نہ تھا

کی اُس نے آکے غیب سے اس قوم کی مدد
جس کا بجز خدا کے کوئی آسرا نہ تھا

اس قوم بے زباں کی بنا آکے وہ زباں
جس میں سے ایک شخص بھی نطق آشنا نہ تھا

وہ پاک نفس تھا غرض اپنی مثال آپ
ذکر اُس کا آج خلق میں یوں غائبانہ تھا

شہباز ما پریدہ رہ آسماں گرفت
مرغے نہ رفتہ است کہ دیگر تواں گرفت

---

یکم جنوری ۱۹۱۰ء

Marfat.com

# حبیب نور علیہ الرحمۃ

مرے جگر پہ بھگت سنگھ کا ہے داغ جہاں
نہیں میں بھول سکا ہوں حبیب نور کو بھی
خدائے پاک کی شامل ہوں رحمتیں اس کو
اور اُس کے ساتھ شہیدانِ کانپور کو بھی

---

۱۶ مئی ۱۹۳۱ء

Marfat.com

# داغ مرحوم

نقشِ سرابِ ہستی ناپائیدار ہے | شکلِ حباب زندگی مستعار ہے
گر عمرِ نوح بھی ہو میسر تو کیا ہمیں | آخر کو ہم ہیں اور وہی کنجِ مزار ہے
بلبل عبث ہے باغ میں ہنگامہ گرم کن | عہدِ خزاں ودیعتِ فصلِ بہار ہے
منزل پہ آکے راہ روِ جادۂ فنا | دامن فشاں ہوا عدۂ روزگار ہے
باتیں یہ سب درست بجا یہ تسلیاں | لیکن دلِ حزیں پہ کسے اختیار ہے
بچھڑا ہے ہم سے داغ ہمیشہ کے واسطے | دل داغدار ہے مژہ خونابہ بار ہے
ہوتا ہے آج حوصلۂ دل کا امتحاں | زور آزما زمین و زماں کا فشار ہے
ہوتی ہے اُس کی مرثیہ خواں آج شاعری | ماتم میں اُس کے آج غزل سوگوار ہے
جس کا کلامِ نازک و رنگین و دلفریب | اُردو زباں کو مایۂ صد افتخار ہے
شانِ تغزل اُس نے وہ اُردو کو بخش دی | سو جاں سے جس پہ طرزِ نظیری نثار ہے
غالب ہے نکتہ سنج جسے دادِ شعر دیں | اُس کے معرفوں میں مرا کیا شمار ہے
سونا پڑا ہے باغ کہاں ہے کدھر ہے آ | اے عندلیب گل کو ترا انتظار ہے

Marfat.com

تصویر حسن و عشق کی کھنچوائیں کس سے ہم
پردیس میں ہیں مصوّر جادو نگار ہے

کیونکر کرے گا حسن خود آرائیوں کی مشق
مشاطہ کے کرشمہ پہ جس کا مزار ہے

نازاں ہوا ہے دکن کہ تیرے اشتیاق میں
دہلی سے اُڑ کے آئی وہ مشتِ غبار ہے

دہلی کو جس پہ فخر ہے ہندوستاں کو ناز
جس کے تلامذہ میں ترا شہریار ہے

بزمِ سخن کی شمع رہے گا کلامِ داغ
جب تک فلک پہ شمس و قمر کو قرار ہے

---

۷ مارچ سنہ ۱۹۰۰ء

Marfat.com

# محمد اکبر خاں مرحوم

## المتوفی ۱۳۲۳ھ

میں آج سنانے کو ہوں مژگاں کی زبانی — پہلو میں گدازِ جگر و دل کی کہانی
دشمن کا بھی دل جس غم جانکاہ سے بھر آئے — اُس غم کی تجھے آج ہے تصویر دکھانی
سیل آنسوؤں کا آج گذر جائے گا سر سے — گر یوں ہی رہے گی مری خونبانہ فشانی
کرنا ہے مجھے آج جواں بھائی کا ماتم — بنیاد فلک ہے مجھے منظور ہلانی
یہ روزِ سیہ بھی مری قسمت میں لکھا تھا — کرنی پڑی اکبر کی مجھے مرثیہ خوانی
رونق مرے گلزار کی تھی جس سے دوبالا — کیا ہو گئی اُس سروِ خراماں کی روانی
وہ شمع کہ تھا اُس سے مرے گھر میں اجالا — صرصر کو نہ لازم تھی سرِ شام بجھانی
کچھ شک نہیں اس میں کہ یہ دنیا ہے دو روزہ — یہ امر مسلّم ہے کہ انسان ہے فانی

Marfat.com

لیکن جگر خستہ کے اڑ جاتے ہیں پرزے — یاد آتی ہے اکبر مجھے جب تیری جوانی
چھبیس برس کی بھی ہوئی تھی نہ تری عمر — کیوں تو نے جدائی کی اسی وقت میں ٹھانی
کمبخت قضا سے کوئی شکوہ ہی کرے کیا — اس کو تو مساوات ہے پیری و جوانی
چلتے ہوئے کیوں توڑ گئے ہو مرا بازو — اچھی مجھے دی تم نے اخوت کی نشانی
ہم جلتے ہیں یاں آتش سوزندہ غم میں — لازم نہیں جنت میں خوشی تم کو منانی
بی۔ اے ہوئے کس واسطے تم جان برادر — کس دن کے لئے تھی یہ تمہاری ہمہ دانی
کل باندھ کے سہرا ترے سر آج دریغا — چادر تری تربت پہ پڑی مجھ کو چڑھانی
دیکھو تو ذرا اٹھ کے قیامت کا نمونہ — بالیں پہ تمہارے ہے بپا محشر ثانی
اکبر ترے مرنے کا نہ مٹے گا کبھی داغ! — اس پھول کو سینچے گا مرے اشک کا پانی
روتے تمہیں ہم ہیں ہمیں روتا ہے مقدر — کم ہم میں اعالی ہیں زیادہ ہیں ادانی

جس قوم سے اٹھ جائیں جواں تم سے ہنرور
تقدیر کو منظور ہے وہ قوم مٹانی

---

سرسید مرحوم کا وہ نور نظر تھا — اس سے بھی سوا ہند کی نظروں میں مگر تھا
تھا قوم حزیں کے لئے سرمایۂ نازش — ازبسکہ وہ گنجینۂ صد فضل و ہنر تھا
چھانے ہوئے تھے اس نے معانی کے دقائق — مخزن تھا فضائل کا معارف کا وہ گھر تھا

قانون کے اسرار و غوامض کو خصوصاً — اس کی ہمہ دانی کے مقابل نہ مفر تھا
دل اور دماغ اس کے تھے مافوق حوالی — اپنوں میں نہ موجود تھا مثل اس کے اگر تھا
بیگانے تھے اپنوں سے سوا اس کے ثناخواں — اس درجہ قوی اس کے فضائل کا اثر تھا
عظمت کبھی محسوس نہ اپنی ہوئی اس کو — باطن میں فرشتہ تھا وہ ظاہر میں بشر تھا
میراث میں نانا کی غنا اس کو ملی تھی — ہم سنگ خزف اس کے لئے نقرہ و زر تھا
صدمے میں شریک اس کے ہے بستان دکن بھی — پہلے وہ یہیں آکے کھلا غنچۂ تر تھا
اس باغ کا اک پھول تھا وہ تازہ و خوش رنگ — اس شاخ کا وہ ایک گراں مایہ ثمر تھا

محمود کے مرنے کی ہے دشوار تلافی
ہے صبر کا یہ صدمہ لب جاں کا منافی

خوں روئے گا یہ دیدۂ گریاں کوئی دن اور — رکھے گی تری یاد پریشاں کوئی دن اور
مٹی میں تجھے سونپ کے پہلوئے پدر میں — جاں کھوئیں گے ہم سوختہ ساماں کوئی دن اور
کچھ گذری ہے اور ہو گی بسر کچھ ترے غم میں — اس مرحلے کے ہم بھی ہیں مہماں کوئی دن اور
چپ چاپ پڑے سوئیں گے مرقد میں ہمیشہ — کرلیں ترے ماتم میں ہم افغاں کوئی دن اور
اس سن میں تیری موت قیامت سے نہیں کم — رکھنا تجھے روشن تھا یہ زنداں کوئی دن اور
محفل کی ضیا جس سے دوبالا تھی نہ بجھتی — اے کاش کہ وہ شمع فروزاں کوئی دن اور
نوخاستہ بیٹے کو دیا داغ یتیمی! — اس سے تو نہ تھا توڑنا پیماں کوئی دن اور

Marfat.com

لے دے کے فقط ایک تجھی پر تھا ہمیں ناز — پھر تجھ پہ نہ کیوں ہم رہے نازاں کوئی دن اور

جو قوم میں اچھے ہیں وہ یوں جاتے ہیں مٹتے — مہمان ہیں دنیا میں مسلماں کوئی دن اور

تو قوم کی خدمت میں رہا باپ کا پیرو — یاد آئیں گے ہم کو ترے احساں کوئی دن اور

مرحوم کو دے خلد ہمیں خالق اکبر
نعم البدل سیدؔ محمود عطا کر

جولائی ۱۹۰۳ء

# مرثیہ آنریبل سیّد محمود مرحوم و مغفور

اے پارۂ دل آنکھ سے خوں ہو کے نکل جا  اے دیدۂ تر چشمۂ خوں بن کے اُبل جا
اے آہِ شرر بار کلیجے کو جھلس دے  اے نالۂ جاں سوز سوئے چرخ زحل جا
اے سینہ دم سرد کا طوفان بپا کر  اے مغز تپ سوزش پنہاں سے پگھل جا
اے کوہِ الم ٹوٹ پڑ احباب کے دل پر  اے آرۂ حسرت سر اغیار پہ چل جا
اے برقِ فنا پھونک دے ارمان کی خرمن  اے کشت مرادِ دلِ حسرت زدہ جل جا
لازم نہیں کرنی تجھے ضد اے جگر اس وقت  رہ رہ کے نہ اس طور سے مژگاں پہ مچل جا
برپا ہے جہاں میں ترے بدلے کی قیامت  اے حشر ہمیشہ کے لئے آج سے ٹل جا
تجھ سے نہیں کچھ زور ہے اے پنجۂ تقدیر  برگِ گلِ امید کو چٹکی میں مسل جا
باز آئے ہم اس زندگی مرگ نما سے  اے افعیِ غم تو ہمیں سارا ہی نگل جا
باتوں سے چڑھی ندی اتر جائے گی گویا  ناصح کا یہ فرماں ہے طبیعت کو سنبھل جا

کیونکر نہ جگر شق ہو بھلا آج ہمارا
محمود ہمیشہ کے لئے ہم سے سدھارا

Marfat.com

# گرامی مغفور

تازہ تھا ابھی دل میں غمِ شہر کی رحلت کا
اب خبر یہ آئی ہے چل بسے گرامی بھی

نغز گو ہو بیشک تم اے عجم کے فرزندو
تم سے کم نہ تھی لیکن اُس کی خوش کلامی بھی

شستہ تھی زباں اُس کی پختہ تھا کلام اس کا
تم دکھا نہیں سکتے اس میں ایک خامی بھی

مہر کی تجلّی تھی ہر غزل کے مطلع میں
ماہ کی تمامی تھی جس کی ناتمامی بھی

نغمہ گرچہ ہندی تھا لے مگر تھی شیرازی
سنتے اور سر دُھنتے طالب و امامی بھی

گنجِ شائگاں پاتا اس کے گنجِ معنے کو
خاکِ گنجہ سے آتا اٹھ کے گر نظامی بھی

جانشیں کوئی اس کا اب نظر نہیں آتا
کرتے ہیں اسے محسوس میرے جیسے عامی بھی

فارسی کی قدر اُٹھی جب سے آئی انگریزی
کیسی سخت آفت ہے ہند کی غلامی بھی

۹ جون ۱۹۲۷ء

Marfat.com

# قطعۂ تاریخ وفات

شیخ علی احمد جمعدار غفران مکان ولد شیخ غلام نبی مرحوم قانون گوی دوہرہ کاردار عہد مہاراجہ رنجیت سنگھ ساکن گجرات۔ پنجاب۔

---

آج اک بزرگِ قوم جہاں سے گذر گیا — چاروں طرف بلند ہے واحسرتا کا غُل
اس واقعہ سے ہیں متاثر سب اہلِ شہر — اس غم میں سوگوار ہیں شیخ اور شاب کُل
ہر دلعزیز تھا وہ خواص و عوام میں — از بسکہ اس بزرگ کا مسلک تھا صلحِ کُل
محفل کی رونقیں علی احمد کے دم سے تھیں — ساقی جب اٹھ گیا تو نہ مینا رہا نہ مُل

تاریخ ملہمانہ ہے اُس کی وفات کی
گجرات کا چراغ ہوا آج ہائے گُل

۳۱ ۶ ۱۹

۶ر جنوری ۱۹۳۲ء

Marfat.com

# متفرقات

Marfat.com

# ملکۂ وکٹوریا

طالب العلمی کا زمانہ تھا ملکۂ وکٹوریہ کی سالگرہ کے جشن کی تقریب پر یونین کلب علی گڑھ میں ایک جلسہ ہوا جس کے لئے میں نے ایک فارسی قصیدہ کہا تھا۔ یہ قصیدہ گم ہو گیا، چند اشعار یاد رہ گئے جو لکھے جاتے ہیں۔

زمانہ گشت دگر غازہ جو ز رنگ بہار — عروس دہر بیاراست چہرہ ہمچو نگار
دگر شفق بہ فلک چہرہ ارغوانی کرد — دگر نقاب ہمی افگند مہ از رخسار
دگر شداست عذار زمیں ز رنگ و ز بو — بسان لندن و پیرس بسان چین و تتار
دگر شود متبسم بہ بوستان غنچہ — دگر شود متکلم بہ گلستاں انوار
دگر ز سبزہ صبا فرش مخملی گسترد — دگر بہ باغ بہ رقص آمد است بید و چنار
دگر صفیر عنادل بہ شاخ گل برخاست — دگر بہ نغمہ در آمد جلاجل اشجار
دگر صریر قلم گشتہ است زمزمہ سنج — چو مرغ صبح کند ایں دعائے را تکرار
کہ باد قیصرۂ ما بہ جشن سال گرہ — زمین دولت خرم ز بخت برخوردار
بہ ہیبت آئینہ گیرد کجاست اسکندر — کجاست جم کہ بہ ہیبت شود قدح بردار
بہ گاہ رزم لباس تو عرصہ ہا خونی — بہ گاہ بزم ز کاس تو دیدہ ہا گلنار

Marfat.com

به عهدِ معدلتت حامی کلیسا را | به حارسانِ مساجد نمی بود سروکار
بر آسمانِ زمینِ تو مهرِ انور را | غروب نیست نماید طلوع چوں یکبار
به وفقِ حکمِ تو گردد همی عوام و شهور | به حسبِ خواهشِ تو سائرند لیل و نهار

هزار سال گره هم چناں که امروز است
مبارکت بُود اے ماہِ برجِ عزّ و وقار

---

Marfat.com

# قصیدہ

بروز شنبہ مطابق ۱۶ اپریل سنہ ۱۹۰۱ کیمپ لنگم پلی واقعہ ضلع ورنگل (حیدرآباد دکن)
میں نواب سر وقار الامرا بہادر صدر اعظم دولت آصفیہ کے سامنے پڑھا گیا۔

کچھ عجب شان سے اس مرتبہ آئی ہے بہار
کہ گل و لالہ سے ہے دامن گلچیں کہسار

جس طرف دیکھئے سبزہ کی لگی ہے محفل
جس طرف دیکھئے ہے سنبل تر بادہ گسار

جس طرف جائیے گردش میں ہے جام و مینا
جس طرف سنئے عنادل کے ترانے ہیں ہزار

اثر نامیہ ہے غازۂ روئے گل تر
سبزہ کی زلف کا شانہ ہے صبا کی رفتار

لڑکھڑاتی ہوئی آتی ہے صبا مستانہ
خواب نوشیں سے ہوا ہے ابھی سبزہ بیدار

نار کہتا ہے کہیں سرو سے میں بہتر ہوں
نسترن مجھ کو کہاں پائے گی ہے تو نری خار

ہر طرف شاہد قدرت ہی نہیں جلوہ فروش
گرم انساں کا بھی ہے ایک نزاق بازار

جشن برپا ہے بڑی دھوم سے اک جنگل میں
غلغلہ عیش کا ہے اور مسرت کی پکار

کس لئے آج مرتب ہے یہ بزم زیبا
کس لئے آج ہے یہ عیش و طرب کا اظہار

روکش صحن چمن آج ہے کیوں ساحت دشت
آج کس شخص کا جنگل میں لگا ہے دربار

کونسی بزم ہے یہ کون ہے اس کا ساقی
کون یہ قافلہ ہے کون ہے اس کا سالار

Marfat.com

ہے یہ وہ بزم کہ ہر ذرّہ ہے جس کا خورشید — ہے یہ وہ بزم کہ ہر مست ہے جس کا ہشیار
ہے یہ وہ بزم کہ دولت کو ہے اس پر نازش — ہے یہ وہ بزم کہ اقبال کو ہے اس سے وقار
ہے یہ وہ بزم کہ اس سے ہوا جنگل منگل — ہے یہ وہ بزم کہ اس سے ہوا صحرا گلزار
ہے یہ وہ بزم کہ فانوس ہے اس کا گردوں — ہے یہ وہ بزم کہ شمع اس کی ہے خورشید نشار
بزم جمشید کے قصّے تو چلے آتے ہیں — مگر اس بزم طرب زا کی انوکھی ہے بہار
کیوں نہ اس بزم کو ہو فخر خود اپنے اوپر — جب کہ اس بزم کے ہیں باعث زینت سرکار
ہے یہ وہ بزم کہ سرکار ہیں جس کے ساقی — ہے یہ وہ قافلہ سرکار ہیں جس کے سالار
داور ذی حشم و جاہ وقار الامراء — نیر برج شرف جن پہ سعادت ہے نثار
مہبط فضل خدا مورد فیض یزداں — معدن لطف و کرم مخزن جود و ایثار
جن کا شیوہ ہے کرم لطف ہے آئیں جن کا — جن کا احساں ہے چلن اور مروّت ہے شعار
ہوئے پنجشنبہ کے دن بلدہ سے نہضت فرما — اس ارادے سے کہ چندے رہے سیر اور شکار
کیوں نہ تھک جائے شب و روز کی محنت سے دماغ — مستقل کام سے کیسے نہ پڑے طبع پہ بار
سر بھی ہے متقاضی کہ ملے کچھ تو فراغ — دل بھی ہے متمنی کہ ملے کچھ تو قرار
اک نہ اک وقت ہے تفریح و تفرج بھی ضرور — اک نہ اک وقت ہے لازم رہے انساں بیکار
جمعہ کے روز ہوئے وارد لنگم پلی — ان کے قدموں سے بنا صفحۂ ہاموں گلزار
خبر آئی یہ اُسی روز ہوا ہے گارا — سُن کے فرمانے لگے ہوں گے ابھی ہم بھی سوار

Marfat.com

ابھی سورج نہ ڈھلا تھا کہ سواری نکلی | فتح و نصرت ہوئی ہمراہِ رکابِ سرکار
دیکھ کر اس کی جھلک خیرہ ہوئی چشمِ فلک | چھا گیا چہرۂ خورشید پہ بادل کا غبار
رشک سے گرد ہوئی ابلق ایام کی چال | شوخیاں اپنی دکھاتی جو چلی لیل و نہار
غرض اس شان سے پہنچے وہاں باجاہ و خدم | جہاں ضیغم کو یہ دعویٰ تھا کہ ہوں میں سردار
دامن کوہ میں کرتا تھا فلک سے باتیں | اک شجر جو کہ بلندی میں تھا رشکِ اشجار
گود میں اپنے لئے تھا وہ مچان اِک اُونچا | جس کو خدام نے پہلے سے کیا تھا طیّار
نردباں اس پہ لگا کر ہوئے رونق افروز | اور دیا حکم کہ ہوں ہانکنے والے طیار
شور اب دف کا ہوا لوگ لگے چلانے | گونج اٹھے غلغلے سے دشت و جبل وا غار
چیختا تھا کوئی اور چرخی گھماتا تھا کوئی | خالی بندوق کا کرتا تھا ہوا میں کوئی وار
سن کے یہ شور عجب کھلبلی جنگل میں پڑی | اڑے طاؤس کہیں اور کہیں تیہور و سار
شورِ محشر کا جو ہنگامہ بپا تھا ہر سو | شیر گھبرا کے ہوا نیند سے آخر بیدار
غار سے وہ بصد انداز خراماں نکلا | جھومتا جاتا تھا مستانہ تھی اس کی رفتار
دامن کوہ سے جھاڑی میں نکل کر پہنچا | اور قضا نے کیا سرکار سے [illegible] دو چار
مطمئن ہو کے جو سرکار نے سر کی بندوق | اس نے بھی آنکھ اٹھا کر نہیں دیکھا اکبار
گولی بندوق سے نکلی تھی اجل کی داعی | ملک الموت مگر اوج ہوا پر تھا سوار
جا کے پہلو میں لگی اور گرایا اس کو | مثلِ پیکان قضا ہو گئی سینے کے دو پار

Marfat.com

گرتا پڑتا وہ چلا اور گیا چند قدم — پتھروں میں وہ چھپا جاکے میان کہسار

ملک الموت نے چھوڑا نہ وہاں بھی پر اُسے — جان سرکار کے اقبال پہ کی اُس نے نثار

لوگ کہتے تھے یہی شیر ہے زندہ اب تک — زخم ہیں چند لگے پر نہیں کوئی پرکار

روز ہے روز اگر اور اگر رات ہے رات — تو نہیں زندہ بچا شیر یہ بولے سرکار

ہیں جو کپتان رسالہ کے وہ اور افضل خاں — ڈھونڈنے کے لئے اس کو ہوئے ہاتھی پہ سوار

غلغلہ چار طرف بن میں دوبارہ اٹھا — شور ہر طرف کا مچا اور پڑی ہانکے کی پکار

سر بنادیق کیں لچھمیا و کشٹیا نے — نہ کہیں اُن کو سکوں تھا نہ کہیں ان کو قرار

شور اتنا ہوا لیکن نہ کراہا تک شیر — غل مچا اتنا مگر اس نے نہ لی ایک ڈکار

پھر تو سب لوگ لگے فرطِ طرب سے کہنے — کہ نہیں شیر ژیاں زندہ بچا ہے زنہار

واقعی مردہ وہ اک جھٹ میں ملا ڈھونڈنے پر — قول سرکار کی تصدیق ہوئی آخر کار

ناز تھا اپنے تہور پہ شجاعت پہ جسے — اس کی جرأت کا نہ باقی رہا کوئی آثار

الغرض کیمپ میں لائے اُسے باشوکت و شان — سبز شاخیں تھیں کفن اس کا تو چیتے تھے مزار

کھال کھینچی گئی اُس کی نئے بابو سی — رہ گیا اس کی فقط ہڈیوں کا اک انبار

عرض سرکار سے کی میں نے مبارک باشد — یہ شکار اور شکار ایسے ہی شیروں کے ہزار

ایں دعا از من و از جملہ جہاں آمین باد!
رہیں با دولت و اقبال سلامت سرکار

Marfat.com

# تاریخ مولود مسعود سرکشن پرشاد مدار المہام

## سرکار آصفیہ

جواں بخت ہے صدرِ اعظم ہمارا
سخاوت میں حاتم تحمل میں دارا

جلال اور اقبال کے آسماں پر
چمکتا ہے اس کے مقدر کا تارا

خدا نے کیا اپنے فضل و کرم سے
عطا اس کو فرزند اک ماہ پارا

مہاراجہ کا زخمِ دل مندمل ہو
ہوا ہے طبیب ازل کا اشارا

نکلتا ہے دریا سے جس طرح گوہر
گلستاں میں کھلتا ہے جیسے ہزارا

یہ مولودِ مسعود اسی طرح بن کر
نشانِ سعادت ہوا آشکارا

تمہاری جوانی کو ہے اس سے رونق
تمہارے بڑھاپے کو ہے یہ سہارا

ملی ہے وہ دولت تمہیں جس کے آگے
سمرقند کیا چیز اور کیا بخارا

یہ بچہ ہو ماں کے کلیجہ کی ٹھنڈک
یہ بچہ ہو باوا کی آنکھوں کا تارا

خدا لائے وہ دن کہ گھر میں تمہارے
مبارک سلامت کا غل ہو دوبارہ

ہوئی فکرِ تاریخ جس وقت مجھ کو
تو قرآں سے میں نے کیا استخارہ

مجھے دادی دل سے داؤد نے جب
میں اجعلہ رب رضیا پکارا

۱۳۲۳ ہجری

Marfat.com

# خیابانِ فارس

لارڈ کرزن کی شہرۂ آفاق کتاب "پرشیا" کا اردو ترجمہ۔ جس کی اشاعت کے لئے ذیل کی منظوم عرضداشت پر اعلیحضرت آصفجاہ سادس خلد آشیاں نے مترجم کو دو ہزار سات سو روپیہ کی رقم مرحمت فرمائی۔

یہ کتاب اب نایاب ہے۔ ریاست رامپور کے شاہی کتب خانہ میں موجود ہوگی جس کیلئے حکیم مسیح الملک مرحوم و مغفور نے ریاست کی طرف سے بیس نسخے خرید لئے تھے۔

میں آتا ہوں پھر شاہ کے آستاں پر — بصد شوق ہوتا ہوا جبہ فرسا
میں پھر اپنی قسمت پہ ہوتا ہوں نازاں — کہ ہوتا ہے پھر بخت بیدار میرا
میں پھر کھٹکھٹاتا ہوں باب اجابت — اثر رہنما بن گیا ہے دعا کا
تصدق ہے امید پھر آرزو پر — پھر اتراتی پھرتی ہے میری تمنا
ہوئیں نعمتیں ساری دنیا کی حاصل — ہمیں تیرے عہدِ ہمایوں میں شاہا
وفا اور عقیدت ہے آئیں ہمارا — کرم اور احسان شیوا ہے تیرا
تجھے تاجداری دکن کی مبارک — دکن کو مبارک ہو سردار تجھ سا
اجازت اگر پیرِ و مرشد کی پائے — ادب سے ہو یہ کمتریں عرض پیرا

Marfat.com

کیا ترجمہ میں نے جب "پرشیا" کا — یہ فرمان حضرت کا صادر ہوا تھا
کہ حضرت کا نام رفیع و مبارک — کرے کمتریں زیبِ عنوان اس کا
بجا لاؤں میں شکر اس احساں کا کیسے — بیاں شہ کے اس لطف کا میں کروں کیا
گھٹایا مری کس مپرسی کو اس نے — مرے جوشِ ہمت کو اس نے بڑھایا
کیا مجھ کو گستاخ شہ کے کرم نے — میں اب اور کچھ مانگنے کو ہوں آیا
اب اس کمتریں کی یہی آرزو ہے — کہ ہو طبع یہ نسخۂ بینش آرا
ضخامت مگر مقتضی ہوگی اس کی — کہ جائے اسے چار جلدوں میں چھاپا
کم از کم ہیں ہر جلد میں چھ سو صفحے — تصاویر سے حجم پر کچھ بڑھے گا
پڑے گی ہر اک جلد نو سو روپے میں — ہیں از بسکہ اس کے مصارف زیادہ
ہے تیار رکھی ہوئی جلد پہلی — اشاعت میں ہے اب فقط زر کا وقفہ
مگر جس کی تنخواہ دو سو روپے ہو — وہ انجام دے کس طرح کام ایسا
کہ جس پہ ہزاروں کی آتی ہو لاگت — جسے چاہئے اہلِ ثروت کو کرنا
میں اس مفلسی کا ہوں ممنونِ احساں — ارادت پہ جس نے کیا یہ تقاضا
کہ آصف کے درگاہ کیواں نشاں میں — مجھے لے چلے جس طرح ہو خدارا
پہنچ کر وہاں کچھ تعجب نہیں ہے — نوازند اگر بادشاہاں گدا را
مدد گر میں غیروں سے مانگوں یقیں ہے — اعانت ہو میری یہ ہے کام ایسا

Marfat.com

مگر کھاکے شہ کا نمک دوسروں سے   کروں استعانت یہ مجھ سے نہ ہوگا

غلامانِ درگاہِ شاہی سے مجھ کو   اگر مرحمت ہو چھپائی کا خرچہ

تو اردو کے زیور سے آراستہ ہو   وہ نسخہ کہ ہے یادگارِ زمانہ !!

کفِ جود و ایثارِ شاہِ دکن سے   جسے چاہیئے ابرِ آذار کہنا

یقیں مجھ کو واثق ہے امیدِ کامل
کہ جو میں نے مانگا ہے مجھ کو ملے گا

---

اپریل سنہ ۱۹۰۲ء

Marfat.com

# بدنصیب ہرکور کی فریاد

## ہز آنر سر ایڈورڈ میکلیگن کے گوشِ حق نیوش سے

بزبانِ مدیر زمیندار

امر سنگھ کی مِثل پر غور کیجے
رعایا پہ احساں یہ اک اور کیجے

اگر آپ لاہور کے حکمراں ہیں
تو پھر ہور کو چشمۂ کور کیجے

ہوئیں مارشل لا کی باتیں پرانی
بس اب ختم یہ جانگزا دور کیجے

دُعا دیجے ہرکور کی بندہ پرور
رہا اس کے بیٹے کو فی الفور کیجے

نہ دے عدل اجازت تو پھر رحم تو ہے
غرض حل یہ مشکل کسی طور کیجے

---

یکم جنوری سنہ ۱۹۲۰ء

Marfat.com

# "آفتاب"

## بکوریٔ چشمِ سنسر

مولوی وجاہت حسین صاحب ایڈیٹر "آفتاب" بھی ایک عرصہ تک جناب سنسر کے بیداد وجفا کا تختۂ مشق رہ چکے ہیں۔ آپ کی جو شامت آئی۔ آپ نے ہز آنر سر ایڈورڈ میکلیگن کی شان میں ایک بہاریہ قصیدہ لکھا۔ میکلیگن کے ساتھ قافیہ گلشن بھی بندھ گیا تھا نظم جب سنسر صاحب کے پاس پہنچی۔ تو ان لال بجھکڑ صاحب نے یہ سمجھ کر کہ اس سے سر مائیکل اڈوائر کا باغ خارستان ہوا جاتا ہے۔ بے چارے ایڈیٹر "آفتاب" کی نظم کی اشاعت ہی روک دی۔ میں نے ان سے یہ واقعہ سن کر انہیں کی طرف سے لے یوں نظم کر ڈالا ؎

دل ہو تو ایک اور حکایت نئی سنو
آزادیٔ خیال کے عہدِ عذاب کی

سر مائیکل سے جائزہ جب لے لیا گیا
جس وقت ختم ہو گئی مدت جناب کی

ہم سمجھے آگئی چمنِ علم میں بہار
چھائی ہوئی تھی جس پہ خزاں احتساب کی

سنسر کے ہاتھ سے ابھی چھوٹا نہ تھا قلم
جس نے ادب کی خوب ہی مٹی خراب کی

پنجاب کی صحافتِ مسکین و کس مپرس
شاکی تھی آپ کے ستمِ بے حساب کی

اک روز میں نے مدحِ سر ایڈورڈ میں کہی
اک نظم جو ہے جان وفا کی کتاب کی

اس کو بھی کر دیا نظری دیکھنے کے ساتھ
کیا بات ہے جنابِ رقابت مآب کی

Marfat.com

گلشن کے ساتھ قافیہ میکلیگن آ گیا — سب سے بڑی خطا تھی یہی "آفتاب" کی
از بسکہ ذلہ خوار تھے عہدِ قدیم کے — مجھ کو دکھائی شان پرانے عتاب کی
کہنے لگے کہ لکھ کے قصیدہ یہ آپ نے — "پاپوش میں لگائی کرن آفتاب کی"

سر پیٹ کر دیا انھیں مَیں نے بھی یہ جواب
"جو بات کی خدا کی قسم لاجواب کی"

---

۲۵-اپریل ۱۹۲۰ء

Marfat.com

# احرار لدھیانہ

رسولؐ اللہ کا فرماں ہے پنیل کو ڈپر غالب	میرے قانون کا ٹھینگا ہے اس آئین کے سر پر
ہمارے دم سے ہے پنجاب کی ہنگامہ آرائی	کہ رونق ہے فلک کی ماہ اور پروین کے سر پر
جلا کر راکھ کر ڈالے گی سِتّے کی حکومت کو	وہی بجلی جو منڈلاتی تھی قسطنطین کے سر پر
محافظ دین کے مسٹر ڈنس رہے ہیں یا علی بھائی	اساس شرع محکم ہے انہیں دو بین کے سر پر
امان اللہ ہی تھا جس نے گوکل کو بھی تڑپایا	یہ کالا ناگ سکتا ہے فقط اس بین کے سر پر
دعائیں ہم نے دیں اس کو فرشتوں نے کہی آمین	علم ہے سربلند اس کا اسی آمین کے سر پر
ہوا اسلامیوں میں جذبۂ حبِ وطن پیدا	تو اس جذبہ کا سہرا ہے اسی مسکین کے سر پر
خدا وہ دن کرے صدقہ بن پیغمبر کی عزت کے	کہ رکھوں تاج دنیا کا میں تاج الدین کے سر پر

مسلمانوں کا مستقبل ہے روشن لدھیانے میں
کہ ہے بار امانت سید لیسین کے سر پر

---

۱۹ فروری سنہ ۱۹۲۹ء

# مولانا عبدالقادر قصوری

قبلہ عبدالقادر ان احرار کے سردار ہیں
آج جو پنجاب میں حق کے علم بردار ہیں

جن سے ہے اسلام کی محفل کی رونق برقرار
جن کی ملاحی سے آزادی کے بیڑے پار ہیں

سر کٹاتے ہیں رسول اللہ کے ناموس پر
قید ہونے کے لئے آمادہ ہیں تیار ہیں

ان کی قلت کی چھری سے رہ گئے ہیں لوٹ کر
ہند میں جن سے طلسم انگریز بیمار ہیں

فقر میں بھی ان کے آتی ہے نظر شان غنا
لیک دامن گیر رحم احمد مختار ہیں

زر بکف ہونا بڑا آسان ہے اس دور میں
سر بکف ہونے کے ڈھب لیکن بہت دشوار ہیں

---

لاہور ۱۳ جنوری ۱۹۲۸ء

Marfat.com

# سر علی امام

سروں کے ذکر پر اک دوست نے سوال کیا
کہ اس گروہ میں کچھ لوگ نیک نام بھی ہیں!
میری نظر میں تو سب سر ہیں نفس کے محکوم
اور اس کے ساتھ ہی سرکار کے غلام بھی ہیں
دیا جواب یہ میں نے کہ ان کو کچھ نہ کہو
اسی گروہ میں سید علی امام بھی ہیں

مے حجاز نہ پینے کا عہد باندھ کے اب
شکست توبہ میں سرگرم اہتمام بھی ہیں

---

۲۰ دسمبر ۱۹۲۸ء

Marfat.com

# مولانا سیّد محمد داؤد غزنوی

قائم ہے ان سے ملتِ بیضا کی آبرو
اسلام کا وقار ہیں داؤد غزنوی

رجعت پسند کہنے لگے ان کو دیکھ کر
آیا ہے سومنات میں محمود غزنوی

کلکتہ میں اک اور بھی ہیں اُن کے ہم لقب
یہ ہست غزنوی ہیں وہ ہیں بود غزنوی

---

کلکتہ ۱۴ جنوری ۱۹۲۸ء

Marfat.com

# چودھری افضل حق اور "انقلاب"

میں نے مانا دشمنِ ملت منوہر لال ہے
جس کی چالوں سے مفادِ اسلام کا پامال ہے

گر مذمت اس کی کونسل میں نہیں اب تک ہوئی
خود ہمارا ہی یہ پھیلایا ہوا اِک جال ہے

کیوں حبیب اللہ نے کھولی نہیں اپنی زباں
آج تک خاموش کیوں اس بارہ میں اقبال ہے

یوں برستا ہے پھر افضل حق ہی پر کیوں "انقلاب"
کیوں اسی بے چارہ کے حق میں قیل و قال ہے

وہ تو پھر بھی قوم کے کام آ ہی جاتا ہے کبھی
بسکہ انگریزوں کے حق میں سورۂ زلزال ہے

Marfat.com

# چودھری افضل حق

ڈٹ کے کونسل میں کھڑا جس وقت افضل حق ہوا
حق کی ہیبت چھائی ایسی رنگ باطل فق ہوا

مجلس وضع قوانین کا بہار آرا چمن
اُس کے اک انچھر سے اک وادی لق و دق ہوا

جافرے دی مانٹ مورنسی کی سٹی گم ہوئی
اُن کے ہر بھپکو کی منطق کا کلیجہ شق ہوا

جس نے جھولوں کی خوشامد کی وہ ٹھہرا عقل مند
جو نہ سچی بات سے جھجکا وہی احمق ہوا

صوفیوں کا دعویٰ عشق پیمبر ہے کہاں
کوئی پوچھے کیا وہ اُن کا نعرۂ ہو حق ہوا

وقت پر کام آئے آخر کو ہمیں ڈاڑھی منڈے
اور ہمارا ہی مطیع ایام کا ابلق ہوا

میرے اس دعوے کے ہر ہر جملہ کا ایک ایک حرف
مولوی احمد علی کے وعظ سے مشتق ہوا

---

لاہور ۱۱ اگست ۱۹۲۷ء

Marfat.com

# مولانا حبیب الرحمٰن لدھیانوی

جس کے ایثار سے ملّت کی دوبالا ہوئی شان
اُس جماعت کے ہیں سردار حبیب الرحمٰن

اِن کے ماحول کو لاحول سے دیجئے تشبیہ
کہ ہوا پاس پھٹکتے ہی فقروا شیطان

جمع ٹوڈی ہوں جہاں گر یہ پہنچ جائیں وہاں
نہیں ممکن کہ کسی طرح وہ ماریں میدان

تختہ دیتے ہیں اُلٹ سارے وفاداروں کا
آتے ہی اُن کے خطا ہوتے ہیں سب کے اوسان

کاسہ لیسانِ جہاں کی رگ جاں کے حق میں
دمِ شمشیر ہے اس شیرِ خدا کا ایمان

Marfat.com

# "احرار"

اگر اک سیسہ پلائی ہوئی دیوار ہوئے
تو وہ اس عہد میں پنجاب کے احرار ہوئے

خیلِ باطل سے اگر برسرِ پیکار ہوئے
تو وہ اسلام کے جانباز رضاکار ہوئے

پردۂ موت سے نکلے گی حیاتِ جاوید
کہ مسلمان شہادت کے طلبگار ہوئے

جس نے ڈھایا تھا کبھی ظلم کی بنیادوں کو
پھر مسلمان اسی جذبہ سے سرشار ہوئے

ہڈیاں جن کی ہیں چونہ تو لہو ہے گارا
قصرِ آزادئ کشمیر کے معمار ہوئے

کیوں نہ ہوں آج اُس اخبار کے گھر گھر چرچے
جس کے اوراق کی زینت مرے اشعار ہوئے

---

Marfat.com

# درسِ عبرت

اِک نیا درس دیا گردشِ دوراں نے مجھے — دی ہے دعوت اگر اس مرتبہ زنداں نے مجھے
میرے ایماں کی فراست نے جتایا مجھ کو — کہ کیا بے سروساماں مرے ساماں نے مجھے
مَیں اگر سوختہ ساماں ہوں تو یہ روزِ سیاہ — خود دکھایا ہے مرے گھر کے چراغاں نے مجھے
کوئی کافر مری تذلیل نہ کر سکتا تھا — مرحمت کی ہے یہ سوغات مسلماں نے مجھے

سربلند اب بھی مجھے دیکھ رہی ہے دُنیا
تو عطا کی ہے یہ طاقت مرے ایماں نے مجھے

---

سنٹرل جیل لاہور

۱۹ر دسمبر ۱۹۳۱ء

ذخیرۂ محمد وقار مجید لاہور

Marfat.com

Marfat.com

Sh. MUBARAK ALI,

BOOK-SELLER.

INSIDE LOHARI GATE, LAHORE.

Only title printed at

The Educational Printing Works, Lahore

Marfat.com